ھوالشافی	آنکھ کے مسائل	ھوالکافی

1	عرق گلاب خالص	1 بوتل	2	پھٹکڑی	12 گرام

ترکیب: دونوں کو اچھی طرح ملالیں۔ تیار ہے۔

استعمال: 2/2 قطرے 4 گھنٹے کے بعد استعمال کریں۔

فائدہ: آنکھ کی وباء سمیت ہر تکلیف میں مفید ہے۔

ھوالشافی	کحل افلاطون	ھوالکافی

1	سُرمہ سفید	10 گرام	4	زعفران	2 گرام
2	سُرمہ سیاہ	10 گرام	5	جند بیدستر	125 ملی گرام
3	مامیراں	2 گرام	6	آب سونف	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویہ کو آب سونف میں تین یوم کھرل کریں اور پاوڈر بنالیں۔ جو کہ مثل سرمہ ہو۔

استعمال: روزانہ صبح وشام ایک ایک سلائی آنکھوں کے سپرد فرمائیں۔

فائدہ: بینائی کی کمزوری کے لیے اسے استعمال کرنا نہ بھولیں۔ نہائے جید الاثر ہے۔

ھوالشافی	کاجل الشفاء	ھوالکافی

1	برگِ نیم	50 گرام	2	روغن سرشف	حسبِ ضرورت

ترکیب: برگ نیم کو سکورہ میں گل حکمت کرکے 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں اور راکھ کو خوب کھرل کریں۔ ساتھ ساتھ روغنِ سرشف بھی ملاتے جائیں۔ ایک بہترین مرہم کاجل نما بن جائے گی سنبھال کر رکھیں۔

استعمال: صبح وشام سلائی کی مدد سے آنکھوں میں لگائیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد پانی سے دھولیں۔

فائدہ: ککرے کو ختم کرے، سرخیٔ چشم اور پانی آنے میں نہایت مفید الاثر کاجل ہے۔

ھوالشافی	دوائے ککرے	ھوالکافی

1	سُرمہ سیاہ	10 گرام	4	زعفران	5 گرام
2	افیون	20 گرام	5	آب برگ نیم	250 گرام
3	کشتہ جست	20 گرام	6	آبِ سونف	250 گرام

ترکیب: تمام دواؤں کو آب برگ نیم اور آب سونف میں باری باری کھرل کریں اور خشک کرکے مثل سرمہ بنالیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: ایک سلائی کے ساتھ آنکھوں کو زینت بخشیں۔

فائدہ: ککروں کو ختم کرنے میں مفید ولا جواب ہے۔

ھوالشافی	سُرمہ آشوبِ چشم	ھوالکافی

1	سرمہ سیاہ	12 گرام	4	افیون	6 گرام
2	رسونت	12 گرام	5	پھٹکڑی بریاں	12 گرام
3	نیلا تھوتھا	1-1/2 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو مثل غبار بنالیں اور سنبھال رکھیں۔

استعمال: ایک ایک رتی سلائی آنکھ میں لگائیں۔

فائدہ: ایک یا دو دن میں نہ صرف رطوبات کا اخراج بند ہوجائے گا بلکہ سرخی چشم اور درد وغیرہ بھی ختم ہوجائے گا۔

ھوالشافی	راحت لوشن	ھوالکافی

1	نیلا تھوتھا (طوطیا)	1 رتی	3	عرق گلاب سہ آتشہ	2-1/2تولہ
2	نوشادر	2 رتی			

ترکیب: پہلی دوا دویات کو خوب غبار بنالیں۔ پھر عرق گلاب میں ملا کر ڈراپر میں بھرلیں اور محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال: دو دو قطرے دونوں آنکھوں میں ڈالیں۔ اور ہر چیز بھول جائیں۔

فائدہ: ککرے، سوجن، جالا، پھولا، درد، گرد و غبار اور سُرخی دور ہوجائے گی۔

توجہ: نوشادر کو تھوڑے سے پانی میں جوش دیں۔ جب خشک ہوجائے تو اتار کر نسخہ میں استعمال کریں۔

ھوالشافی	تریاقی لوشن	ھوالکافی

1	کشتہ جست	10تولہ	4	زنگار سبز	1-1/2ماشہ
2	سرمہ سیاہ	10تولہ	5	سمندر جھاگ	2ماشہ
3	سفیدہ کاشغری	2تولہ			

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر مثل غبار بنالیں۔

استعمال: ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ: آشوبِ چشم، جالا و پھولا اور دمعہ کو جڑ سے اکھاڑنے میں اپنی نظیر آپ ہے۔

ھوالشافی	رفیقِ چشم	ھوالکافی

1	زنگار سبز	3 گرام	4	افیون	3 گرام
2	سفیدہ کاشغری	6 گرام	5	کشتہ جست	24 گرام
3	زعفران	2 گرام	6	سمندر جھاگ مصفی	6 گرام

ترکیب: سب کو نہایت باریک کرکے شیشی میں سنبھال رکھیں۔ **استعمال:** 2/2 سلائی رات کو آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ: دھندلا پن، جالا، آشوبِ چشم سرخی اور آنکھوں میں خارش کے لیئے نہات جید الاثر دوا ہے۔

ھوالشافی	عینک توڑ	ھوالکافی

1	سرمہ سیاہ	120 گرام	7	مامیراں چینی	12 گرام
2	سرد چینی	6 گرام	8	ست پودینہ	2رتی
3	قلمی شورہ	4 گرام	9	ست الائچی	2رتی
4	کشتہ جست	6 گرام	10	کافور خالص	1 گرام
5	کف دریا	6 گرام	11	عرق گلاب سہ آتشہ	750ملی لیٹر
6	صدف مروارید ی خالص	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کودس دن تک عرق گلاب سہ آتشہ میں کھرل کریں۔خشک ہونے پر ست پودینہ،ست الائچی اور کافور ملا کر شیشی میں بحفاظت رکھیں۔

خوراک: صبح وشام دونوں آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں۔

فوائد: ضعف بصارت،پانی آنا،ککرے،شب کوری،دھند،جالا،غبار،سُرخی چشم اور آنکھوں کی روشنی بڑھا کرتا عمر قائم رکھنے کے لیے بھروسہ کا نسخہ ہے۔متواتر استعمال کرنے سے عینک کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔بوڑھوں کی نظر نوجوانوں کی مانند ہو جاتی ہے۔نہایت ہی مفید اور لاثانی سرمہ ہے۔دماغی طاقت کے لیے دوا ضرور دیں

ھوالشافی	بھینگا پن	ھوالکافی

1	گل بابونہ	1تولہ
2	مرزنجوش	׳׳
3	سنبل الطیب	׳׳

ترکیب: سب کو 2 کلو پانی میں جوش دیں اور نیم گرم سر پر ہلکی دھار باندھ کر ڈالیں۔انشا اللہ ٹیڑھی نظر کو بہت مفید ہے۔ہفتہ دس دن استعمال کروائیں۔روزانہ 1 مرتبہ

ھوالشافی	کالا / سفید موتیا	ھوالکافی

1	سنریریا مارٹیما اصل جرمن (ہومیو پیتھک دوا)	ایک عدد
2	سرمہ اصفہانی	12 گرام
3	بورک ایسڈ	12 گرام

ترکیب: سنریریا مارٹیما (ہومیو پیتھک دوا) بہت تیز چبھنے والی دوا ہے۔تمام تینوں ادویہ کو کھرل میں باہم ڈال کر اچھی طرح پیسیں۔

استعمال و فوائد: ایک سلائی صبح وشام کالے/سفید موتیئے کے لیے نہایت موثر و مفید ہے۔نظر تیز ہو گی۔

ھوالکافی	کرامتی سُرمہ	ھوالشافی

1	سُرمہ سیاہ	10 گرام		3	عرق ادرک	50 گرام
2	زہرہ گدھ	1عدد				

ترکیب :سرمہ سیاہ کو پہلے زہرہ گدھ میں کھرل کریں ۔پھرعرق ادرک ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں ۔جب عرق ادرک ختم ہو جائے اور سرمہ مثل غبار بن جائے تو مضبوط ڈھکن والی بوتل میں محفوظ کرلیں ۔

نوٹ: ساتھ دو چند سرمہ سادہ ،الگ بنا کر رکھ لیں ۔

ترکیب استعمال : رات کو سوتے وقت ایک سلائی جھاڑ کر آنکھ میں لگائیں ۔بہت ہی تیز ہے لہٰذا کم مقدار میں استعمال کریں اور ایک دن کا ناغہ کر کے دوسرے دن پھر استعمال کریں ۔ناخونہ اور سبل کے علاوہ دیگر امراض میں سادہ سرمہ دو چند ملا کر استعمال کریں ۔

فایدہ : ناخونہ اور سبل کے لیے تمام ادویات اس کے سامنے صفر ہیں ۔چند دنوں میں آنکھ کو صاف شفاف اور نظر کو تیز کر دے گا ۔جب کہ دھند، خارش ،ککرے ، جالا و پھولا ،ضعفِ بصر، پانی آنا ،سُرخی چشم اور آنکھوں کی دیگر امراض میں سادہ سرمہ کے ساتھ ملا کر استعمال تمام امراض کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں لاثانی اور کرامتی ہے ۔

طبی کمالات : الحمدللہ عزوجل طب کے اندر آج بھی ایسے کمال نسخہ جات ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے ۔ڈاکٹری سوچ اختتام پذیر ہو جاتی ہے اور برٹش ذہن لوگ کرامت یا جادو تصور کرتے ہیں ۔جی ہاں ! کرامتی سرمہ واقعی جادو ہے ۔

ھوالکافی	اکسیر کرمانی	ھوالشافی

1	عرق بیدانجیر	10 گرام		7	ہلیلہ سیاہ	25 گرام
2	لودھ پٹھانی	10 گرام		8	اجوائن دیسی	9 گرام
3	شب یمانی شگفتہ	12 گرام		9	ہلدی	9 گرام
4	نیلا تھوتھا	6 گرام		10	کمون سفید	6 گرام
5	رسونت	25 گرام		11	زعفران اصلی	4 گرام
6	ہلیلہ زرد	25 گرام		12	افیون خالص	4 گرام

ترکیب : تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر عرق بیدانجیر ملا کر قوام بنائیں ۔محفوظ کرلیں ۔

استعمال : دوا کا قوام لے کر پلکوں پر لیپ کریں اور عرق گلاب سہ آتشہ میں قوام الگ ملا کر آنکھوں میں 2/2 قطرے ڈالیں ۔

فائدہ : ناخونہ اور سبل ،سرخی چشم میں مجرب ہے ۔

ھوالکافی	تریاق ککرا	ھوالشافی

1	کشتہ جست			3	کوزہ مصری	
2	پھٹکڑی سفید					

ترکیب تیاری: سب ادویات کو خوب کھرل کریں اور مثل غبار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں ۔

ترکیب استعمال: اگر ککرے پرانے اور سخت ہوں تو پلک اُلٹ کر دوائی چھڑکیں نہیں تو سلائی سے لگائیں ۔

فائدہ : ککرے چند دنوں میں نیست و نابود ہو جائیں گے ۔

ھوالکافی	موتیابند	ھوالشافی

1بوتل	سینیریریا (CINERARIA MARTIAMA) (ہومیو پیتھک دوا) امریکن لینی ہے	1
10 گرام	سرمہ اصفہانی	2
10 گرام	بورک ایسڈ	3

ترکیب تیاری: سب کو اچھی طرح پیس کر ملالیں۔ پھر دوبارہ پیس لیں۔

استعمال / فوائد: 1/1 سلائی صبح اور رات کو آنکھوں میں لگائیں آنکھ کی اکثر بیماریاں دور ہو جاتی ہیں موتیا کے لیے اکثیر ہے

ھوالکافی	مقویء دماغ / معدہ / نظر (1)	ھوالشافی

500 گرام	سونف	1
250 گرام	مغز بادام	2
500 گرام	مصری	3
50 گرام	کشنیز خشک	4
25 گرام	دانہ الائچی خورد	5

ترکیب: سونف اور کشنیز کو ہلکا کوٹ کر چھلکا اُتار لیں۔ چاول نکل آئیں گے۔ صاف کرلیں۔ انتہائی باریک کر کے میدہ کی طرح بنا لیں (انتہائی باریک کرنا ضروری ہے)۔ مغز باردام کو پانی میں بھگو کر چھلکا اُتار لیں اور کوٹ لیں۔ سفوف میں شامل کر لیں۔ اس کے بعد مصری اور دیگر اجزاء ملا دیں۔

خوراک: 6 گرام صبح نہار مونہہ دودھ، چائے یا پانی لسی کافی وغیرہ۔ پھر جب بھوک لگے تب ناشتہ کریں۔ بلا ناغہ 41 روز تک استعمال کرائیں۔ **فوائد:** دماغ کو طاقت دے گا۔ معدہ کو طاقت دے گا۔ نظر کی کمزوری اور موٹی عینک تک اُتر جائے گی۔ جن بچوں کا تعلیم میں دل نہیں لگتا۔ ان کے لیے نہایت فائدہ مند ہے۔

ھوالکافی	مقویء دماغ / معدہ / نظر (2)	ھوالشافی

250 گرام	سونف	1
125 گرام	مغز بادام	2
375 گرام	مصری	3

ترکیب: سونف کو ہلکا کوٹ کر چھلکا اُتار لیں۔ چاول نکل آئیں گے۔ صاف کرلیں۔ انتہائی باریک کر کے میدہ کی طرح بنا لیں (انتہائی باریک کرنا ضروری ہے)۔ مغز باردام کو پانی میں بھگو کر چھلکا اُتار لیں اور کوٹ لیں۔ سفوف میں شامل کر لیں س کے بعد مصری ملا دیں۔

خوراک: 6 گرام صبح نہار مونہہ دودھ کے ساتھ۔ پھر۔ اجب بھوک لگے تب ناشتہ کریں دوسری خوراک شام کو کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ لیں۔ پھر صبح تک پانی نہیں پینا۔ چاہے جتنی مرضی پیاس ہو۔ بلا ناغہ 41 روز تک استعمال کرائیں۔

فوائد: دماغ کو طاقت دے گا۔ معدہ کو طاقت دے گا۔ نظر کی کمزوری اور موٹی عینک تک اُتر جائے گی۔

هوالشافی | هوالکافی

اکسیر چشم

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	نوشادر ٹکیہ	50 گرام	4	پرات پیتل	1عدد
2	افیون	1 گرام	5	کٹوری پیتل	1عدد
3	گائے کی چھاچھ	250 گرام			

ترکیب: پہلے دونوں دواؤں کونہایت باریک پیس کرپیتل کی پرات میں ڈال دیں۔پھرگائے کی چھاچھ جوکپڑے سے چھان لی گئی ہو تھوڑی تھوڑی ڈالتے جائیں اور کٹوری سے گھستے رہیں۔ جب لیپ کی صورت ہو جائے تو خشک کر کے نہایت باریک پیس لیں۔

استعمال: آشوبِ چشم ہوتو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں اور ککروں پر بقدرِ ضرورت چھڑک دیں۔

آشوبِ چشم ،پانی بہنا،سرخی اور ککروں میں سریع الاثر دوا ہے

هوالشافی | هوالکافی

تسکینی ڈراپس

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	پھٹکڑی سفید	3 ماشہ	3	عرق گلاب	5 تولہ
2	افیون	4 رتی			

ترکیب: پہلے دونوں دواؤں کونہایت باریک پیس کرعرق گلاب میں حل کرلیں۔ڈراپ تیار ہیں۔

استعمال: 2/2قطرے آنکھوں میں صبح وشام ڈالیں۔

فائدہ : پہلے ہی دن درد ختم ہو جاتا ہے۔ سرخیءِ چشم کے لیے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

عرق چشم

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	پھٹکڑی سفید خام	1 گرام	2	عرق گلاب	60 گرام

ترکیب: پھٹکڑی کونہایت باریک پیس کرعرق گلاب میں حل کرلیں۔ڈراپ تیار ہیں۔

استعمال: 2/2قطرے آنکھوں میں صبح وشام ڈالیں۔

فائدہ : آشوبِ چشم اورسرخیءِ چشم کے لیے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

سرمہ ءِ شفا

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	کشتہ جست	2 گرام	4	افیون	3-1/2 گرام
2	سرمہ سیاہ	2 گرام	5	سفیدہ کاشغری	4 گرام
3	زنگار سبز	3-1/2 گرام	6	سمندر جھاگ	4 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کونہایت باریک مانند سرمہ پیس لیں۔شیشی میں محفوظ کرلیں۔

استعمال : رات کو2/2سلائی آنکھوں میں سجائیں۔

فائدہ : آشوبِ چشم ،نزلی،ککرے،خارش،دھند،جالا اور ضعفِ بصروغیرہ میں اسم بامسمّیٰ ہے

ھوالشافی	نور چشم	ھوالکافی

ست پودنیہ	2 رتی
کافور	2 رتی
ایکری فلیون	2 رتی
گلیسرین	5 تولہ
عرق گلاب	1بوتل

ترکیب : پہلے ست پودنہ اور کافورا یکری فلیون ملا کر کھرل کریں۔جب یک جان ہوجائے تو گلیسرین ملا کر 1 گھنٹہ کھرل کریں۔پھر عرق گلاب ملا کر پن چھان کر بوتل میں ڈال کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : دو دو قطرے آنکھوں میں ڈالیں۔2 بار

افعال و اثرات: آنکھوں پر بوجھ محسوس ہونا، موسم گرما میں نظر کا پھٹ جانا، آشوبِ چشم، ضعف بصر، آنکھوں میں کسی چیز کا پڑ جانے کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	قطور آشوبِ چشم	ھوالکافی

پھکوی سفید	6 ماشہ
افیون	4 ماشہ
چھلکا ہرڑ زرد	1 تولہ
عرق گلاب	1 بوتل
نیلا تھوتھا	1 رتی

ترکیب : چاروں کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے تھوڑے سے عرق گلاب میں کھرل کریں جب حل ہو جائیں تو باقی عرق ملا کر پن چھان لیں۔

ستعمال: آنکھ دکھنا، نزول الماء (سفید/ کالا موتیا)، نظر کا کمزور ہونا، پانی بہنا، سرخیٔ چشم، سوزش چشم، جلن، درد، روشنی کا برداشت نہ ہونا، کان درد، کان بہنا کے لیے فوری اثر دوا ہے۔زخموں پر بھی لگائی جا سکتی ہے۔

ھوالشافی	شربتِ محافظِ نظر	ھوالکافی

گل مُنڈی	1پاؤ
پانی	2 کلو
مصری	3پاؤ

ترکیب : گل منڈی رات 2 کلو پانی میں بھگو دیں۔صبح پکائیں۔پن کر 3 پاؤ پانی رہنے پر مصری ملا کر شربت (پکا کر مصفی کرلیں) بنالیں۔

استعمال و فوائد : 5 تولہ بوقتِ صبح استعمال کریں۔مزکورہ شربت کے استعمال سے رمدِ چشم (آنکھ کا دکھنا)، نظر کی کمزوری بالکل دور ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی	سرمہ پھولا	ھوالکافی

1	نوشادر	12 گرام
2	نمک سیندھا	12 گرام
3	ایلوا	12 گرام
4	سرمہ سیاہ	36 گرام

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو مثل غبار کھرل کر کے شیشی میں بند کرلیں۔

خوراک و استعمال: سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں پھولا پر لگائیں

فوائد: پھولا کو ختم کر دیتا ہے۔

ھوالشافی — عرق العین — ھوالکافی

1	پھٹکوی خام	2رتی		3	زعفران	3ماشہ
2	افیون	3ماشہ		4	عرق گلاب	2تولہ

ترکیب: تمام ادویہ کونہایت باریک پیس کرعرق گلاب میں حل کرلیں۔ڈراپ تیار ہیں۔

استعمال : ہر4 گھنٹے بعد4بوندآنکھ میں ڈالیں۔

فائدہ : دردچشم،سرخی،جالا وغیرہ میں اکسیرالاثرمعمول مطب ہے۔

ھوالشافی — عرق آشوبِ چشم — ھوالکافی

1	پھٹکوی بریاں	10 رتی		3	عرق گلاب سہ آتشہ	5تولہ
2	بورک ایسڈ	5 رتی		4		

ترکیب: تمام ادویہ کونہایت باریک کرکےعرق گلاب میں حل کرلیں۔

استعمال :2/2قطرے صبح وشام آنکھوں میں ڈالیں۔

فائدہ : دردِچشم،سرخی چشم اور جالا وغیرہ میں نہایت مفید ہے

ھوالشافی — عرق شفاء — ھوالکافی

1	پھٹکوی	1 گرام		3	عرق گلاب سہ آتشہ	60 گرام
2	رسونت	3 گرام		4	افیون	3 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کونہایت باریک کرکےعرق گلاب میں حل کرلیں۔

استعمال :2/2قطرے صبح وشام آنکھوں میں ڈالیں۔

فائدہ : آنکھوں کے جملہ امراض مثلاً آشوبِ چشم،دھندلاپن،جالا،ککرے وغیرہ میں جیدالاثر ہے۔

ھوالشافی — پھولا گو — ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	12 گرام		3	برادہ تانبہ	6 گرام
2	نوشادر	12 گرام			رس لیموں	85 گرام

ترکیب: سب کوشیشے کے صاف برتن میں ڈال کررس لیموں بھی ڈال دیں عرق سوکھ جانے پرنہایت اچھی طرح مثل سرمہ پیس لیں

استعمال : ایک ایک سلائی روزانہ سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ : سفیدیٔ چشم پھولا وغیرہ خواہ کتناہی پرانا کیوں نہ ہوایک ہفتہ کے استعمال سے دورہوجاتا ہے۔

ھوالکافی	تریاق العین	ھوالشافی

1	پھٹکڑی سفید	12 گرام	4	سمندر جھاگ	12 گرام
2	قلمی شورہ	12 گرام	5	نمک سینڈھا	12 گرام
3	طوطیا سبز بریاں	6 گرام	6	آب برگ سرس	حسب ضرورت

ترکیب: تمام ادویہ کو آب برگ سرس میں خوب کھرل کریں کہ سرمہ ہو جائے اور محفوظ کرلیں جس قدر کھرل زیادہ ہوگا اتنا ہی مفید ہوگا

استعمال: روزانہ رات کو آنکھوں میں ایک ایک سلائی سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ: جالا و پھولا، دھند، غبار، خارش، سرخی وغیرہ میں نہایت مفید الاثر ہے۔

ھوالکافی	دوائے العین	ھوالشافی

1	زعفران	1 گرام	6	نوشادر	4 گرام
2	افیون	2 گرام	7	نیلا تھوتھا	4 گرام
3	مصری	2 گرام	8	زنگار	4 گرام
4	شب یمانی	4 گرام	9	صمغ عربی	6 گرام
5	کف دریا	4 گرام			

ترکیب: سب ادویات کو نہایت احتیاط سے کھرل کریں کہ مثل سُرمہ ہو جائیں۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال: روزانہ رات کو آنکھوں میں ایک ایک سلائی سوتے وقت آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ: ضعفِ بصارت، ابتدائے نزول الماء (موتیا بند)، شب کوری، بیاض ناخنہ، پڑبال وغیرہ میں اکثیر صفت مجرب کمال ہے۔

ھوالکافی	بیاضِ چشم	ھوالشافی

1	قرنفل	36 گرام		کافور	6 گرام
2	شیر عشر (آک کا دودھ)	حسب ضرورت			

ترکیب: قرنفل کو شیر عشر میں ایک پہر کھرل کریں۔ قرص بنا کر ایک سکورے میں رکھ کر اوپر کافور ڈال دیں۔ پھر گل حکمت کر کے نیچے چراغ جلائیں اور جوہر حاصل کریں۔

استعمال: جوہر بقدر دانہ خشخاش سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ: بیاض چشم کا آخری علاج ہے جو نہایت ہی مجرب ہے۔ کبھی خطا نہیں جاتا۔

ھوالکافی	سرمہ شافعی	ھوالشافی

سرمہ شافعی

1	برادہ مس (تانبہ)	12 گرام
2	نوشادر قلمی	120 گرام
3	طوطیا زنگاری خالص	12 گرام
4	نمک سنگ	1 کلو

ترکیب تیاری: ایک آہنی کڑاہی میں پہلے نمک باریک شدہ 150 گرام فرش کریں۔ پھر اس فرش پر نصف نوشادر باریک شدہ کی تہہ لگا دیں۔ اس تہہ پر طوطیا کی سالم ڈلی رکھ دیں اور باقی نوشادر باریک شدہ کی تہہ لگا دیں۔ بعدہ برادہ مس (تانبہ) کو نوشادر پر لگا دیں۔ پھر ایک پیالہ مٹی کا ان ادویات پر رکھ دیں۔ مگر پیالہ بڑا ہونا کہ دوا سے چسپاں نہ ہو اب باقی نمک کو پیالہ کے اوپر اچھی طرح جما دیں۔ تاکہ پیالہ کا مونہہ اچھی طرح بند ہو جائے اب اس آہنی کڑاہی کو آہنی انگیٹھی پر چڑھا دیں نیچے 2 گھنٹے درمیانی آگ جلائیں۔ بعدہ حفاظت کے ساتھ پیالہ اٹھائیں۔ پیالہ کے ساتھ جو دوا لگی ہوگی نہایت احتیاط سے شیشی میں محفوظ رکھیں اور جو طوطیا کی سفید ڈلی برآمد ہو یہ اکسیر آتشک ہے۔ اس کو الگ باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

خوراک و استعمال: سرمہ شافی رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ اور اکسیر آتشک تین رتی مکھن دو تولہ سے صبح و شام استعمال کریں۔ **فوائد:** سرمہ شافی کے استعمال سے ایک ہفتے کے اندر اندر ان شاء اللہ عزوجل جالا و پھولا ختم ہو کر آنکھیں روشن ہو جائیں گی جبکہ اکسیر آتشک سے آتشک کا مرض ختم ہو جائے گا۔

پرہیز: دوران علاج ترشی اور سرخ مرچ سے پرہیز واجب ہے۔

ھوالکافی	نزول الماء (موتیا بند)	ھوالشافی

نزول الماء (موتیا بند)

تعارف: آنکھ میں پانی اترنا۔ یہ ایک رطوبت ہے جو ثقبہ عنبیہ کے اندر تھوڑی یا ایک ہی بار زیادہ مقدار میں اتر کر ٹھہر جاتی ہے اگر رطوبت غلیظ ہو تو تمام ثقبہ بند ہو جاتا ہے اور بینائی بالکل ضائع ہو جاتی ہے اگر نزول الماء کامل ہو تو پتلی کی حالت میں تغیر واقع ہو جاتا ہے کبھی ایک آنکھ تو کبھی دونوں آنکھ کے لینز دھندلے ہو جاتے ہیں۔ جس سے دیکھنا مشکل ہو جاتا ہے۔

ھوالکافی	سُرمہ موتیا بند	ھوالشافی

سُرمہ موتیا بند

1	سُرمہ سفید	12 گرام	6	پھٹکڑی سرخ	3 گرام
2	مامیراں چینی	12 گرام	7	طوطیا	1 گرام
3	نزلبی	6 گرام	8	ست پودینہ	1-1/2 گرام
4	مرچ سفید	1 گرام	9	ست لیموں	3 گرام
5	نمک شیشہ	3 گرام	10	آب زہرہ مچھلی رہو	5 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر آب زہرہ مچھلی رہو میں کھرل کریں۔ شیشی میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام پہلے ایک سلائی بھر کر پہلے اُلٹی آنکھ میں اور وہی استعمال شدہ سلائی سیدھی آنکھ میں ڈالیں اور سنت کا ثواب کے ساتھ ساتھ شفاء بھی پائیں۔ یعنی کل تین سلائی سرمہ بھریں اور سیدھی آنکھ سے شروع کر کے سیدھی آنکھ پر ہی ختم کریں

فائدہ: ان شاء اللہ الرحمٰن عزوجل سیاہ موتیا بھی دور دور تک نظر نہیں آئے گا۔ نیز جال و پھولا، دھند، خارش، پانی بہنا اور ضعف البصر میں کامل العلاج لاجواب ہے۔

ھوالشافی	ککرے	ھوالکافی

تعارف: اس میں پپوٹوں کی اندرونی جانب چھوٹے چھوٹے سرخ دانے نکل آتے ہیں۔ جو ریت کی مانند آنکھوں میں چبھتے ہیں اور بے حد خارش ہوتی ہے۔ آنکھوں سے پانی آنے لگتا ہے اور متورّم ہو جاتی ہیں۔ روشنی سے بھی نفرت ہونے لگتی ہے۔ اگر مرض پرانا ہو جائے تو بینائی بھی کم ہو جاتی ہے۔ گرد و غبار، زیادہ پڑھنے لکھنے اور باریک چیزوں کو بغور دیکھنے کے علاوہ خشک اشیاء کا بکثرت استعمال اس کے اسباب میں شامل ہیں۔

ھوالشافی	تریاق ککرا	ھوالکافی

#	دوا	مقدار	#	دوا	مقدار
1	افیون	1 گرام	6	لونگ	3 گرام
2	زعفران	1 گرام	7	سونا مکھی	3 گرام
3	زنگار	3 گرام	8	روپا مکھی	3 گرام
4	سرمہ سیاہ	3 گرام	9	سبز کانچ	3 گرام
5	سمندر جھاگ	3 گرام	10	کشتہ جست	60 گرام
			11	عرق گلاب	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: سب ادویات کو عرق گلاب میں تین یوم تک خوب کھرل کریں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ایک ایک سلائی روزانہ رات کو یا بوقت ضرورت دونوں آنکھوں میں لگائیں یا پپوٹے پلٹ کر چھڑکیں۔
فائدہ: ککرے ختم کر کے آنکھوں کی بیماری ختم کرنے میں اپنی مثال آپ ہے۔

ھوالشافی	عرق ککرا	ھوالکافی

#	دوا	مقدار	#	دوا	مقدار
1	گلیسرین	1 اونس	4	زنک سلفاس	50 ملی گرام
2	نیلا تھوتھا	30 ملی گرام	5	کافور	150 ملی گرام
3	پھٹکڑی بریاں	75 ملی گرام	6	بورک ایسڈ	300 ملی گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو شیشے کی بوتل میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ پھر دو گھنٹے بعد نتھار کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: یہ عرق سلائی سے آنکھوں میں لگائیں
فائدہ: ککروں کے لیے درجہ اول کی کامیاب ادویات میں سر فہرست نسخہ ہے۔ جو ککروں کو فوراً ختم کر کے مریض کو سکون عطا کرتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر نزول الماء	ھوالکافی

#	دوا	مقدار	#	دوا	مقدار
1	زعفران	4 رتی	5	نوشادر	2 تولہ
2	افیون	1 ماشہ	6	نیلا تھوتھا	1 ماشہ
3	شب یمانی	2 تولہ	7	زنگار	4 رتی
4	سمندر جھاگ	2 تولہ	8	گوند کیکر	3 ماشہ

ترکیب: تمام ادویہ کو احتیاط کے ساتھ کھرل کریں اور مثل غبار بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک سلائی دونوں آنکھوں کے سپرد کریں۔خصوصاًرات کے وقت۔

فائدہ : ابتدائے نزول الماء میں نہایت جید الاثر ہے۔

ھوالشافی	اکسیر کرمانی	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	عرق بید انجیر	10 گرام	7	ہلیلہ سیاہ	24 گرام
2	لودھ پٹھانی	10 گرام	8	اجوائن دیسی	9 گرام
3	شب یمانی شگفتہ	12 گرام	9	ہلدی	9 گرام
4	نیلا تھوتھا	6 گرام	10	کمون سفید	6 گرام
5	رسونت	24 گرام	11	زعفران اصلی	4 گرام
6	ہلیلہ زرد	24 گرام	12	افیون خالص	4 گرام

ترکیب تیاری : تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر عرق بید انجیر ملا کر قوام بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دوا کا قوام لیکر پلکوں پر لیپ کریں۔عرق گلاب سہ آتشہ میں قوام الگ ملا کر آنکھوں میں دو دو قطرے ڈالیں

فائدہ: ناخونہ اور سبل سرخی چشم اور درد چشم میں مجرب ہے۔

ھوالشافی	روغنِ گوش	ھوالکافی

1	افسنتین	12 گرام		3	روغنِ بادام	180 گرا
2	سرکہ انگوری	180 گرام				

ترکیب:سرکہ میں افسنطین کو بھگودیں۔۔ جوش دے کر چھان لیں۔پھر روغن بادام ڈال کر سرکہ کو جلا کر روغنِ بادام حاصل کریں اور محفوظ کرلیں

استعمال : 2/2 قطرے قدرے گرم کر کے کان میں ڈالیں۔

ھوالشافی	گوشمین	ھوالکافی

1	لہسن کی صاف شدہ ڈلیاں	20عدد		3	روغنِ کنجد	120 گرام

ترکیب:لہسن کو روغن میں جلا کر چھان لیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال : 4/4 قطرے قدرے گرم کر کے صبح شام کان میں ڈالیں۔

فائدہ : درد کان اور ورم کان میں اکسیرالمجر ب ہے۔

ھوالشافی	شافی	ھوالکافی

1	شہد خالص	30 گرام		3	گلیسرین	30 گرام
2	روغنِ بادام	30 گرام		4	امرت دھارا	12 گرام

ترکیب:تمام ادویات کو شیشی میں ڈال کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : قدرے نیم گرم 3/3 قطرے کان میں ڈال دیں۔

فائدہ : پیپ، درد کان، زخم کان، ثقل سماعت، ورم کان وغیرہ میں اکسیر بے نظیر ہے

ھوالشافی	امرت گوش	ھوالکافی

1	مولی خشک	25 گرام		4	قرنفل	2 گرام
2	مشک کافور	4 گرام		5	روغنِ چنبیلی	250 گرام
3	رتن جوت	6 گرام				

ترکیب:پہلے رتن جوت کو 60 گرام پانی میں بھگو دیں پھر روغن چنبیلی ڈال کر آگ پر چڑھا دیں اور 1,3,4 ڈال کر خوب پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو فلٹر کرلیں۔مشک کافور ڈال کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : قدرے نیم گرم 3/3 قطرے 3 مرتبہ روزانہ کان میں ڈال دیں۔

فائدہ : درد کان، بہرہ پن، پھنسی، ورم وغیرہ میں اکسیر لا جواب ہے۔بے مثل بے مثال ہے۔

ھوالکافی	بھرہ پن	ھوالشافی

1	دھتورے کے ڈوڈے	پانی نکال لیں
2	روغن کنجد	

کان میں ڈالیں۔متواتر استعمال سے بہرہ پن دور ہو جاتا ہے۔

ھوالکافی	بہرہ پن/روغن لہسن	ھوالشافی

1	لہسن کی پھاڑیاں	25عدد
2	کڑوے باداموں کا تیل	50 گرام

استعمال وفوائد: حسبِ ضرورت 2,2 قطرے کان میں ڈالیں۔متواتر استعمال سے بہرہ پن دور ہو جاتا ہے۔

ھوالکافی	درد کان	ھوالشافی

1	اسپند (ہرمل)	10 گرام
2	اجوائن	10 گرام
3	مالکنگنی	10 گرام
4	روغن کنجد	75 گرام

ھوالکافی	کان کے امراض	ھوالشافی

1	سپرٹ	1تولہ
2	امرت دھارا	60قطرے
3	گلیسرین	1تولہ

ھوالکافی	روغنِ سماعت کشا	ھوالشافی

1	مولی کا رس	500 گرام	3	رس برگ دھتورہ	100 گرام
2	روغنِ کنجد	250 گرام	4	رس برگ مدار	100 گرام

ترکیب: مولی کے رس اور روغن کنجد کو باہم ملا کر آگ پر پکائیں۔جب پانی جل جائے تو دھتورے کے پتوں کا پانی ڈال دیں۔جب وہ بھی جل جائے تو رس برگ مدار ڈال دیں۔جب صرف تیل رہ جائے تو چھان لیں۔

ھوالکافی	نکسیر	ھوالشافی

1	دال نخود	6 گرام		3	شکر سُرخ	6 گرام
2	شیر گاؤ	36 گرام				

ترکیب: روزانہ رات کو دال کو دودھ میں ڈال دیں۔ صبح دال کو گھوٹ کر شکر ملا کر تیار کر لیں۔

استعمال : صبح نہار مونہہ اس دوا کو مزے مزے سے چاٹیں۔

فائدہ : نکسیر بند ہو جائے گی۔ اگر دو دن استعمال کریں تو ایک سال نکسیر نہ ہو اگر دس یوم استعمال کریں تو پانچ سال تک نکسیر نہ ہو اگر بیس دن استعمال کریں تو اُنیس سال تک نکسیر نہ ہو گی۔ ان شاء اللہ عزوجل تجربہ شدہ میزائل بہدف دوا ہے۔

ھوالکافی	رعافی	ھوالشافی

1	شب یمانی شگفتہ	250 گرام		3	بال شتر	25 گرام
2	آب کیلا	125 گرام				

ترکیب: پہلے شب یمانی کو آب کیلا میں خشک کریں پھر بال شتر جلا کر اس میں شامل کر دیں۔

استعمال : بطور نسوار چند مرتبہ استعمال کیجیے۔

فائدہ : نکسیر کو پہلے دن ہی آرام آجاتا ہے۔

ھوالکافی	ضماد نکسیر	ھوالشافی

1	ملتانی مٹی	12 گرام		3	کشنیز	3 گرام
2	برادہ صندل سفید	3 گرام		4	کافور	1 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو عرق گلاب میں نہایت باریک پیس لیں۔

استعمال : تالو کے مقام سے بالوں کو دور کر کے لیپ کیجیے۔ اور کھدر کے کپڑے کی گدی رکھ دیں اور پانی سے تر کر دیا کریں۔

فائدہ : نکسیر کو بند کرنے میں بے مثل ضماد ہے۔

ھوالکافی	دوائے نکسیر	ھوالشافی

1	کتھہ سفید	برابر وزن		3	کاغذ سوختہ	
2	پھٹکڑی سفید شگفتہ					

ترکیب: تینوں کو ملا کر سنبھال رکھیے۔

استعمال : بطور نسوار استعمال کرائیں۔

فائدہ : نکسیر میں نہایت لاجواب ہے۔ خواہ پرنالے کی طرح خون آرہا ہو۔ فوراً بند ہو جائے گا۔

ھوالکافی	سونگھنے کی قوت کا زائل ہونا	ھوالشافی

1	پوست سہانجنہ	حسبِ ضرورت

ترکیب : پوست سہانجنہ کی چھال کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں۔محفوظ کرلیں۔

استعمال : 6 گرام صبح وشام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ : اس کے استعمال سے قوتِ شامہ لوٹ آتی ہے۔

ھوالکافی	اکسیر پینس	ھوالشافی

اس مرض میں ناک سے چھیچھڑے نکلتے ہیں۔بدبودار رطوبات کا اخراج اور کبھی کیڑے بھی نکلتے ہیں۔

1	کباب چینی	6 گرام		3	روغن کنجد	12 گرام
2	الا ئچی خورد	6 گرام				

ترکیب: پہلی دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیں۔روغنِ کنجد میں ملا کر کریم سی بنا کر رکھ لیں۔

استعمال : دن میں 3 مرتبہ ناک میں لگائیں۔

فائدہ : تمام کیڑے خارج ہو جائیں گے۔بدبو ناک ختم ہو جائے گی۔مجرب ہے۔

☆طغرہ☆

نیاز بو کے پتوں کا رس 2 قطرے ناک میں ٹپکایئے۔تمام کیڑے مر جائیں گے اور خارج ہو جائیں گے۔

ھوالشافی — اکسیر لاثانی — ھوالکافی

اجزاء

1	سفوف ملیٹھی	12تولہ
2	سفوف سونف	15تولہ
3	مغز بادام	5تولہ
4	الائچی خورد	3 تولہ
5	سفوف ہلدی	5 تولہ
6	چینی	500 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک پیس کر یکجان کرلیں تیار ہے

استعمال: خوراک 1 تا 3 ماشہ صبح وشام

فوائد: پرانا دمہ، پرانی اور شدید کھانسی، سانس کی تکلیف، سوزش، خراش، ورم، ٹی بی، سِل، بخار کے لیے لاثانی فوائد کی حامل خوشذائقہ دوا ہے

ھوالشافی — عضلاتی اعصابی ملیّن (بلغم، نزلہ وغیرہ) — ھوالکافی

اجزاء

1	آملے	2تولہ
2	ہلیلہ سیاہ (بریاں)	3تولہ
3	گندھک آملہ سار	3تولہ

ترکیب: ہلیلہ سیاہ کو کسی برتن میں گھی ڈال کر بھی تبدیل ہوکر آگ پر رکھیں اور چمچہ سے ہلائیں۔ ہلیلہ سیاہ پھولنی شروع ہوجائے گی رنگ بھورا ہو جائے گا۔ پھر کوٹ کر پیس لیں۔ پھر آملے کی گٹھلی نکال کر اس کو بھی اسی طرح بھون کر پیس لیں۔ تینوں اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: دن میں 4 مرتبہ۔ قہوہ یا پانی کے ساتھ 1 تا 2 ماشہ

فوائد: زیادتی بلغم، اسہال، زکام، سردرد، موںہہ کا ذائقہ کھاری رہنا، نزلہ وغیرہ۔ ان امراض میں بہت مفید ہے۔

ھوالشافی — عضلاتی اعصابی مسہل (بلغم، نزلہ وغیرہ) — ھوالکافی

اجزاء

1	مغز کرنجوا	1تولہ	ہتھوڑی سے چھلکا اتارنا ہے۔ نکالنے کے ساتھ ساتھ ہی پیستے جائیں۔ (2تولہ لیں)
2	آملہ	1تولہ	گٹھلی نکالا ہوا۔ مقشر (2تولہ لیں)
3	پھٹکڑی سفید	2تولہ	بریاں
4	ہلیلہ سیاہ	4تولہ	بریاں
5	ترُبد	8تولہ	(150 گرام لیں۔ لکڑی کو نکال کر چھلکا استعمال کرنا ہے۔)

ترکیب: تمام اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: دن میں 4 مرتبہ۔ قہوہ یا پانی کے ساتھ۔ چنے برابر

فوائد: خلعتِ بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے، موٹاپا، نزلہ وزکام، کھانسی جبکہ بلغم رقیق ہو، سلسل بول، ذیابطس، بستر پر پیشاب کرنا اور بخار کے لیے لاجواب ہے۔

ھوالشافی	عضلاتی غدی شدید	ھوالکافی

1	لونگ	10 گرام
2	دار چینی	30 گرام
3	جلوتری/رائی/ تارامیرا	20 گرام

ترکیب :سب کا باریک سفوف بنالیں۔

خوراک: 4 رتی تا 1 ماشہ دن میں 4 بار ہمراہ پانی یا قہوہ

فوائد: عضلاتی غدی شدید ہے۔تمام رطوبتی امراض میں فوری اثر ہے۔نزلہ وزکام، دمہ، کھانسی، کالی کھانسی، بخار کی اکثر اقسام میں مفید ہے۔اسہال نئے ہوں یا پرانے حتیٰ کہ سنگرہنی تک کے لیے مفید ہے۔لیکوریا، جریان، ضعفِ قلب بوجہ تسکین (بلغم) میں بھروسہ کی دوا ہے۔

ھوالشافی	دمہ کا علاج	ھوالکافی

1	لعاب گھیکوار	1 کلو
2	اجوائن دیسی	250 گرام
3	شربتِ زوفا	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری: لعاب گھیکوار کی ایک تہہ مٹی کی بڑی ہانڈی میں بچھا کر اس پر اجوائن کی تہہ بچھائیں۔اس طرح لعاب اور اجوائن کی تہہ بچھا کر ہانڈی کا موہنہ سرپوش سے ڈھانپ دیں۔اور آٹے سے گل حکمت کرکے اس ہانڈی کے نیچے متواتر 8 گھنٹے آگ جلائیں۔سرد ہونے پر اجوائن نکال کر باریک کرکے سفوف بنالیں۔

استعمال: روزانہ بقدر دو سے تین گرام مریض کو کھلائیں۔

فوائد : دمہ (ضیق النفس) میں مفید ہے۔اس مرض میں اس سے بہتر کوئی دوا ہوہی نہیں سکتی ہے اور نہ ہے۔

ھوالشافی	دمہ نُور	ھوالکافی

1	ہلیلہ سیاہ	10 گرام		5	ثنا مکی	10 گرام
2	سونف	10 گرام		6	پھٹکڑی سفید بریاں	10 گرام
3	ہلیلہ زرد	10 گرام		7	گودہ اندرائن	10 گرام
4	نوشادر	10 گرام		8	تخم دھتورہ سفید	5 گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر رکھ لیں

خوراک و استعمال: ایک گرام رات کا کھانا کھانے کے 3 گھنٹے کے بعد ہمراہ دودھ نیم گرم بقدر ہضم یا اگر بلغمی کیفیت زیادہ ہو تو پانی کے ساتھ۔

پرہیز : ہر قسم کی قابض اور ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

نوٹ :ایک ماہ تک استعمال کرائیں۔اس کے استعمال کے دوران میں ہر روز ایک دو دست آیا کریں گے۔ان سے گھبرانا نہیں۔زیادہ دست آنے کی صورت میں مقدارِ خوراک کم کردیں۔

ھوالشافی	دمہ / ستو پلادی چورن	ھوالکافی

1	مصری	160 گرام
2	طباشیر	80 گرام
3	پپلی	40 گرام
4	دانہ الائچی خورد	20 گرام
5	دارچینی	10 گرام

ترکیب تیاری: سب کو باریک کر کے کپڑے سے چھان لیں۔
خوراک: 2 تا 4 ماشہ دن میں تین بار ہمراہ شربت بنفشہ یا تازہ پانی دیں
فوائد: ہر قسم کی کھانسی اور سینے کے امراض میں مفید ہے۔

ھوالشافی	دمہ ، کھانسی ، بخار، اپھارہ	ھوالکافی

1	تالیس پتر	10 گرام
2	الائچی خورد	10 گرام
3	دارچینی	10 گرام
4	فلفل سیاہ	20 گرام
5	زنجبیل	30 گرام
6	فلفل دراز	40 گرام
7	طباشیر	50 گرام
8	مصری	250 گرام

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔
ترکیب استعمال: 2 سے 5 گرام شہد یا دودھ نیم گرم کے ساتھ دیں۔
فوائد: بلغمی کھانسی ، دمہ، دق کی کھانسی ، بخار، بھوک کا نہ لگنا، اپھارہ و بدہضمی میں بہت مفید ہے۔

ھوالشافی	کھانسی کا کامیاب علاج	ھوالکافی

1	گودا املتاس	1 کلو	4	منقی چھلی ہوئی	1 کلو
2	کاکڑاسنگی	500 گرام	5	لسوڑیاں	500 گرام
3	ریشہ خطمی	500 گرام			

ترکیب: سب ادویات کو کوٹ کر رات بھر پانی میں بھگو دیں۔ پانی اتنا ڈالیں کہ سب ادویات اچھی طرح بھیگ جائیں۔ پھر آگ پر چڑھا کر خوب جوش دیں۔اس کے بعد کپڑے سے چھان کر دس کلو چینی ڈال کر بطریق معروف شربت تیار کر کے رکھیں۔اب اس شربت میں 250 گرام ستو پلادی چورن، 250 گرام تالیس آدی چورن ملا دیں۔
خوراک و استعمال: بوقتِ ضرورت سب طرح کی کھانسی میں دیں۔انفلوئنزا بخار میں بھی اس کا استعمال مفید ہے۔انفلوئنزا کے لیے اس شربت میں لونگ 50 گرام ، دارچینی 100 گرام سفوف بنا کر شامل کر دیں اور بقدر 20 گرام چٹائیں۔دن میں تین یا چار بار کافی ہے۔
فوائد: شربت چاٹ لینے سے فوراً تسکین ہوتی ہے۔شدت کی کھانسی میں اس کا فوری اثر مریض اور معالج دونوں کے لیے مفید ہے

ھوالشافی — تالیس آدی چورن — ھوالکافی

1	تالیس پتر	10 گرام	5	الائچی خورد	10 گرام
2	دارچینی	10 گرام	6	فلفل سیاہ	20 گرام
3	سونٹھ	30 گرام	7	پپلی (فلفل دراز)	40 گرام
4	طباشیر	50 گرام	8	مصری	320

ترکیب و استعمال: تمام ادویات کو ملا کر سفوف بنائیں۔2 تا 6 گرام شہد یا دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد: گلے کی خراش، بلغمی کھانسی، دمہ، ہتپ دق کی کھانسی، بخار، اپھارہ اور بدہضمی کے لیے مجرب ہے۔

ھوالشافی — نزلہ ، زکام — ھوالکافی

1	دارچینی	2تولہ
2	زنجبیل	2تولہ
3	الائچی کلاں دانے	2تولہ
4	سونف	2تولہ

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: 4رتی ہمراہ چائے صبح وشام یا چاہیں تو جوشاندہ بنالیں۔

فوائد : نزلہ وزکام کی بہترین دوا ہے۔

ھوالشافی — نزلہ ، کھانسی ، بخار — ھوالکافی

1	مصری	160 گرام
2	طباشیر	80 گرام
3	پپلی (مگھاں۔فلفل دراز)	40 گرام
4	دانہ الائچی خورد	20 گرام
5	دارچینی	10 گرام

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔

ترکیب استعمال: 2سے3 گرام شہد میں دیں۔

فوائد: پرانی کھانسی، دق ، گلے کے امراض ، بلغمی بخار اور جسمانی کمزوری میں مفید ہے۔انفلوئنزا اور پرانے نزلہ وزکام میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

ھوالشافی — رُب اجوائن خراسانی — ھوالکافی

1	اجوائن خراسانی	250 گرام	2	چینی	500 گرام

ترکیب : اجوائن خراسانی کو کوٹ کر 2 دین اور 2 رات 1 کلو پانی میں بھگو دیں۔ پھر آگ پر رکھ کر پکائیں حتیٰ کہ ایک پاؤ پانی رہ جائے پھر اس پانی کو پن کر آدھا کلو چینی ڈال کر شربت بنالیں۔

خوراک : ایک چمچ صبح وشام دیں۔ یاد رکھیں کہ یہ نشہ آور ہے۔اسے استعمال کرکے ڈرائیونگ سے گریز کریں۔

احتیاط: بند نزلہ اور خشک کھانسی میں استعمال نہ کرائیں۔

فوائد : مسکن اور منوم ہے نزلہ کھانسی اور دمہ کے لیے مجرب ہے۔

ھوالشافی	شربتِ دمہ	ھوالکافی

اجزاء عرق دمہ

(پہلا مرحلہ)

1	گل بنفشہ	30 گرام	6	تخم خبازی	20 گرام
2	گل نیلوفر	30 گرام	7	گاؤزبان	20 گرام
3	ملٹھی	30 گرام	8	تخم ریحان	10 گرام
4	خشخاش	30 گرام	9	لہسوڑیاں	10 گرام
5	عناب	10عدد	10	بہی دانہ	10 گرام

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو۔۔۔۔۔۔۔۔پانی میں رات کو بھگودیں۔صبح اس کا عرق بطریق کشید کریں

(دوسرا مرحلہ)

1	عناب	5عدد	6	پوست خشخاش	10 گرام
2	لہسوڑیاں	20 گرام	7	بیخ سونف	10 گرام
3	مووییز منقہ	30 گرام	8	گل خطمی	10 گرام
4	بہی دانہ	10 گرام	9	اجوائن خراسانی	10 گرام
5	انجیر	10عدد	10	اصل السوس	10 گرام

کشید شدہ عرق میں درج بالا اجزاء کو شامل کرکے ہلکی آنچ پر 5/6 مرتبہ جوش دیں۔اس کے بعد چھان کر پھر چولہے پر چڑھا دیں آگ ہلکی رکھیں۔جب پانی تقریباً ڈیڑھ کلو رہ جائے تو اتنی ہی چینی ڈال کر قوام بنالیں۔ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال : کھانے کے بعد 2/2 چمچ صبح وشام دیں۔

فوائد : کھانسی ہر قسم چند کے امراض خوراکوں میں، پرانی کھانسی۔کالی کھانسی چند دن کے استعمال سے ختم ہوجائے گی۔30 سال پرانا دمہ ایک ماہ کے استعمال سے ختم ہوجاتا ہے۔سینہ کا درد کو دور کرتا ہے۔بلغم کو رقیق کرکے سینے کو مواد سے پاک کرتا ہے۔اعضائے صدر مثلاً کھانسی دمہ وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

ھوالشافی	عضلاتی غدی شدید	ھوالکافی

1	لونگ	10 گرام	3	جلوتری	20 گرام
2	دارچینی	30 گرام	4		

ترکیب: سب کا باریک سفوف بنالیں۔ **خوراک:** 4 رتی تا 1 ماشہ دن میں 4 بار ہمراہ پانی یا قہوہ

فوائد: عضلاتی غدی شدید ہے۔تمام رطوبتی امراض میں فوری اثر ہے۔نزلہ وزکام، دمہ، کھانسی، کالی کھانسی، بخار کی اکثر اقسام میں مفید ہے۔اسہال نئے ہوں یا پرانے حتیٰ کہ سنگرہنی تک کے لیے مفید ہے۔لیکوریا، جریان، ضعفِ قلب بوجہ تسکین (بلغم) میں بھروسہ کی دوا ہے۔

نوٹ : جلوتری کی جگہ پر رائی یا تارامیرا بھی ملا سکتے ہیں۔

ھوالشافی — شربتِ اعلیٰ دمہ کھانسی — ھوالکافی

1	گل بنفشہ	36 گرام	3	بزرقطونہ (اسپغول)	25 گرام
2	بزرکتان (تخم السی)	36 گرام	4	چینی	450 گرام

ترکیب : بطریق معروف شربت بنالیں۔ **استعمال:** 12 تا 25 گرام صبح، دوپہر، شام۔ **فائدہ :** دمہ کھانسی میں اکشیر شربت ہے۔

ھوالشافی — حبِ احمر — ھوالکافی

1	تخم دھتورہ	12 گرام	5	زعفران	3 گرام
2	افیون	1 گرام	6	فلفل سیاہ	2 گرام
3	جائفل	6 گرام	7	زنجبیل	2 گرام
4	مشک خالص	2 گرام	8	تج	2 گرام

ترکیب : سب ادویات کو نہایت باریک پیس کر نخودی گولیاں بنا کر محفوظ کر لیں۔ **استعمال:** 1/1 گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔ امساک کے لیے 2 گولی ۔۔۔۔۔ سے پیشتر ۔۔۔ ہمراہ دودھ دیں۔ جس قدر افیون کم کرتے جائیں یہ دوا بڑھاتے جائیں۔ حتیٰ کہ افیون ختم ہو جائے۔ پھر دوا کی مقدار بھی بتدریج کم کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ دوا کی مقدار بھی ختم ہو جائے۔

فائدہ : نزلہ و زکام، کھانسی، بخار کی نوبت کو روکتی ہے۔ امراضِ بلغمیہ مسک مقوی باہ ہے۔ نیز افیون کی عادت کو چھڑا دیتی ہے۔

ھوالشافی — شربت کھانسی، نزلہ و زکام ، بلغم — ھوالکافی

1	بہی دانہ	20 گرام	6	خشخاش	20 گرام
2	ریشہ خطمی	20 گرام	7	پوست خشخاش	50 گرام
3	گل بنفشہ	20 گرام	8	گوند کتیرا	3 گرام
4	لسوڑیاں	200 گرام	9	گوند کیکر	3 گرام
5	عناب	200 گرام	10	چینی	1 کلو

ترکیب : سب ادویہ کو رات میں 3 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پانی جب آدھا کلو رہ جائے تو اتار کر تمام ادویہ کو ہاتھوں سے مل چھان کر ململ کے کپڑے سے چھان لیں۔ پھر اس پانی کو ہلکی آنچ پر رکھ کر اس میں چینی ڈال کر قوام بنالیں۔ شربت تیار ہے

خوراک : 2 بڑے کھانے والے چمچ ایک گلاس نیم گرم پانی میں حل کر کے صبح و شام کھانے کے 30 منٹ بعد 15 یوم استعمال کروائیں

ھوالشافی — اکسیر یرقان — ھوالکافی

1	افسنتین	25 گرام	11	خطمی	10 گرام
2	ترنجبین	30 گرام	12	کھوہ بوٹی	10 گرام
3	شیر خشت	6 گرام	13	گل نیلوفر	10 گرام
4	انجیر	8عدد	14	گل سرخ	30 گرام
5	باپھڑ	10 گرام	15	لسوڑیاں	20 گرام
6	خطمی	10 گرام	16	بہی دانہ	10 گرام
7	خبازی	10 گرام	17	تخم خیار	10 گرام
8	سونف دیسی	6 گرام	18	سونف رومی	6 گرام
9	تخم کشوث	10 گرام	19	چینی	2 کلو
10	تخم خیارین	10 گرام			

ترکیب : تمام اجزاء کا بطریق شربت تیار کرلیں۔ **خوراک**:2 سے 3 چمچ صبح ،دوپہر، شام

فوائد: پرانا بخار، ٹی بی، کھانسی، کیرا، دمہ، سانس میں رکاوٹ کا صدری نسخہ ہے

ھوالشافی — دمہ دُور — ھوالکافی

1	ہلیلہ سیاہ	10 گرام	5	ثنا مکی	10 گرام
2	سونف	10 گرام	6	پھٹکڑی سفید بریاں	10 گرام
3	ہلیلہ زرد	10 گرام	7	گودہ اندرائن	10 گرام
4	نوشادر	10 گرام	8	تخم دھتورہ	5 گرام

ترکیب : سب کو کوٹ چھان کر رکھ لیں

خوراک و استعمال و پرہیز: ایک گرام رات کا کھانا کھانے کے 3 گھنٹے کے بعد ہمراہ دودھ نیم گرم بقدر ہضم یا اگر بلغمی کیفیت زیادہ ہو تو پانی کے ساتھ۔ ہر قسم کی قابض اور ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

نوٹ : ایک ماہ تک استعمال کرائیں۔اس کے استعمال کے دوران میں ہر روز ایک دو دست آیا کریں گے۔ان سے گھبرانا نہیں۔زیادہ دست آنے کی صورت میں مقدارِ خوراک کم کردیں

ھوالشافی — نزلہ و زکام — ھوالکافی

1	دارچینی	25 گرام	3	الائچی کلاں (دانے)	25 گرام
2	سونٹھ	25 گرام	4	سونف	25 گرام

ترکیب تمام کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔ **استعمال**:4 رتی ہمراہ چائے صبح و شام یا چاہیں تو جوشاندہ بنالیں۔

فوائد: نزلہ و زکام کی بہترین دوا ہے

هوالشافی	حبِ کرنجوی	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	پوست ہرڑ	ہم وزن	4	فلفل سیاہ	〃
2	مغز تخم کرنجوہ	〃	5	ملٹھی مقشر	〃
3	کاکڑا سنگی	〃			

ترکیب : تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس کر سفوف بنائیں اور پانی میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔

فوائد : ان گولیوں کے استعمال کرنے سے ہر قسم کی کھانسی کو آرام ہوتا ہے۔

هوالشافی	حبِ کاس سنگھار	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	فلفل سیاہ	12 گرام	7	پوست ہرڑ	12 گرام
2	سہاگہ سفید (بریاں)	12 گرام	8	فلفل دراز	12 گرام
3	کاکڑا سنگی	12 گرام	9	نمک خوردنی	12 گرام
4	لونگ	12 گرام	10	زنجبیل	108 گرام
5	پھٹکڑی (بریاں)	12 گرام	11	رس لیموں	حسبِ ضرورت
6	بھارنگی	12 گرام			

ترکیب : تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس کر رس لیموں میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

فوائد : دن میں تین چار گولیاں استعمال کرنے سے ہر قسم کی کھانسی کو فائدہ ہوتا ہے۔

هوالشافی	حبِ کھانسی ، بلغم ، گلا	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	الائچی خورد	6 گرام	5	چینی	50 گرام
2	تیزپات	6 گرام	6	ملیٹھی (چھلی ہوئی)	50 گرام
3	دارچینی	6 گرام	7	کھجور	50 گرام
4	فلفل دراز	25 گرام	8	مویز منقیٰ	50 گرام

ترکیب : سب کو کوٹ پیس کر چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال : یک گولی مونہہ میں رکھ کر چوسیں۔ دن میں چھ سات گولی تک دے سکتے ہیں۔ چار گولی 50 گرام پانی میں گھول کر گرم کر کے جوشاندہ کی صورت میں پلایا جا سکتا ہے۔

فوائد : کھانسی دور کر کے بلغم خارج کرتی ہے۔ حلق و سینہ کو صاف کر کے گلا کھولتی ہے اور بیٹھی ہوئی آواز کو درست کرتی ہے

ھوالکافی	بلغمی کھانسی	ھوالشافی

1	ناگرموتھا	10 گرام	4	فلفل دراز	10 گرام
2	اتمیں	10 گرام	5	شہد	40 گرام
3	کاکڑاسنگی	10 گرام			

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔چار گنا شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال و فوائد: 6 گرام صبح وشام چٹائیں۔اس سے بلغمی کھانسی کو چند روز میں ہی آرام ہو جاتا ہے۔

ھوالکافی	آم اور بڑ کے پتوں کی چائے	ھوالشافی

ترکیب: (1) بڑ کے پتوں کی چائے پینے سے دائمی نزلہ وزکام، کمزوری ءدماغ دور ہوجاتے ہیں۔

(2) آم کے پتوں کی چائے سے نزلہ وزکام، کھانسی، کمزوری ء دماغ، نظر کی کمزوری اور ہچکی دور ہو جاتی ہے۔ یہ چائے دست پیچش، سنگرہنی کے مریضوں کو بغیر دودھ بطور قہوہ استعمال کرنی چاہیے۔اس کے متواتر استعمال سے سیلان الرحم، لیکوریا، حیض کی زیادتی، خونی بواسیر اور سل وغیرہ کے امراض دور ہوجاتے ہیں۔

ھوالکافی	مالش نمونیہ	ھوالشافی

1	روغن کنجد	120 گرام
2	موم خالص	240 گرام
3	روغن تارپین	72 گرام
4	کافوردیسی	4 گرام

ترکیب: پہلے روغن کنجد کو کڑاہی میں گرم کریں بعد میں موم ڈال دیں۔پھر گرم گرم اتار کر کافور ڈال کر کسی چیز سے ڈھانپ دیں۔جب تیل سرد ہو جائے تو روغن تارپین شامل کر کے بوتلوں میں بھر کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت روغن گرم کر کے سینے پر مالش کریں۔اوپر گرم روئی باندھ دیں۔

فوائد: نمونیہ اور ریاحی یا دیگر دردوں میں نہایت ہی جید الاثر دوا ہے۔

ھوالکافی	رُب اجوائن خراسانی	ھوالشافی

اجوائن خراسانی	1 پاؤ
چینی	آدھا کلو

ترکیب: اجوائن خراسانی کو کوٹ کر 2 دن اور 2 رات ایک کلو پانی میں بھگو دیں۔پھر آگ پر رکھ کر پکائیں۔حتیٰ کہ ایک پاؤ پانی رہ جائے۔پھر اس پانی کو پن کر آدھا کلو چینی ڈال کر شربت بنالیں۔

خوراک: صبح وشام 3 ماشہ (ایک چائے کا چمچ) دیں۔یاد رہے کہ یہ نشہ آور ہے۔استعمال کر کے ڈرائیونگ سے پرہیز کریں

فوائد: مسکن اور منوم ہے۔نزلہ، کھانسی اور دمہ کے لیے مجرب ہے۔

نوٹ: بند نزلہ اور خشک کھانسی میں استعمال نہ کرائیں۔

ھوالشافی — شربت کھانسی — ھوالکافی

1	گل بنفشہ	50 گرام	7	اسپغول سالم	10 گرام
2	پھول نیلوفر	50 گرام	8	بہی دانہ شیریں	10 گرام
3	پوست سالم	50 گرام	9	تخم میتھی	5 گرام
4	خبازی	25 گرام	10	تخم ریحان	5 گرام
5	عناب	25 گرام	11	قند سفید	1 کلوگرام
6	تخم السی	25 گرام			

ترکیب تیاری: بدستور معروف شربت تیار کریں۔

استعمال : 20 گرام کی مقدار میں دیں۔

فوائد : کھانسی خشک ونزلہ،نمونیہ کے لیے مفید ہے۔ملین صدر اور مخرج بلغم ہے۔گرم مواد کی تعدیل کرتا اور ان کو تسکین دیتا ہے

ھوالشافی — شربت مرکب برائے دمہ — ھوالکافی

1	عناب	25 گرام
2	لہسوڑے	25 گرام
3	گل بنفشہ	25 گرام

ترکیب تیاری : تینوں اجزاء کورات کو 1-1/2 کلو پانی میں بھگو دیں۔صبح مل کر جوش دیں۔نصف پانی خشک ہونے پر پن لیں۔پھر شربت کا قوام تیار کرلیں۔

خوراک : ایک تا دو چمچ صبح ناشتے کے بعد (طبیعت زیادہ خراب ہوتو مزید خوراک شام کو بھی دے سکتے ہیں۔

فوائد : دمہ،کھانسی،بلغم اور سینے کے دیگر امراض میں مفید ہے۔

ھوالشافی — تریاق وجع الفواد — ھوالکافی

1	ہیرا ہینگ	1/8 گرام (1رتی)
2	مویز منقیٰ	1عدد

ترکیب : گولی بنا کر مریض کو دے دیں۔

استعمال : دواندکورہ (ایک گولی) ہمراہ 60 گرام عرق سونف یا گرم پانی دیں۔

فوائد : پسلیوں کے درد کے لیے،جسمانی دردوں کے لیے،تمام بلغمی امراض میں بہت مفید ہے۔دردِ معدہ میں بے مثل ہے تریاق ہے۔بلاشبہ مفید ہے۔قابل قدر اور لاثانی دوا ہے۔

ھوالشافی	عضلاتی اعصابی ملیّن (بلغم ،نزلہ وغیرہ)	ھوالکافی

1	آملے	2تولہ
2	ہلیلہ سیاہ (بریاں)	3تولہ
3	گندھک آملہ سار	3تولہ

ترکیب : ہلیلہ سیاہ کو کسی برتن میں گھی ڈال کر بھی تبدیل ہو کر آگ پر رکھیں اور چمچہ سے ہلائیں۔ ہلیلہ سیاہ پھولنی شروع ہو جائے گی رنگ بھورا ہو جائے گا۔ پھر کوٹ کر پیس لیں۔ پھر آملے کی گٹھلی نکال کر اس کو بھی اسی طرح بھون کر پیس لیں۔ تینوں اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

فوائد : زیادتی بلغم ، اسہال ، زکام ،سردرد ،مونہہ کا ذائقہ کھاری رہنا ، نزلہ وغیرہ۔ان امراض میں بہت مفید ہے

استعمال: دن میں 4 مرتبہ ہمراہ قہوہ یا پانی 1 تا 2 ماشہ

ھوالشافی	عضلاتی اعصابی مسہل	ھوالکافی

1	مغز کرنجوا	1تولہ	ہتھوڑی سے چھلکا اتارنا ہے۔نکالنے کے ساتھ ساتھ ہی پیستے جائیں۔(2تولہ لیں)
2	آملہ	1تولہ	گٹھلی نکالا ہوا۔مقشر (2تولہ لیں)
3	پھٹکڑی سفید	2تولہ	بریاں
4	ہلیلہ سیاہ	4تولہ	بریاں
5	تروی	8تولہ	(150 گرام لیں۔لکڑی کو نکال کر چھلکا استعمال کرنا ہے۔)

ترکیب : تمام اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال : دن میں 4 مرتبہ۔قہوہ یا پانی کے ساتھ چنے برابر

فوائد : خلعتِ بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔موٹاپا، نزلہ وزکام، کھانسی جبکہ بلغم رقیق ہو ۔کیرا، سلسل بول، ذیابیطس، بستر پر پیشاب کرنا اور بخار کے لیے لاجواب ہے۔

ھوالشافی	دمہ کا علاج	ھوالکافی

1	لعاب گھیگوار	1 کلو
2	اجوائن دیسی	250 گرام
3	شربتِ زوفا	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری: لعاب گھیگوار کی ایک تہہ مٹی کی بڑی ہانڈی میں بچھا کر اس پر اجوائن کی تہہ بچھائیں۔اس طرح لعاب اور اجوائن کی تہہ بچھا کر ہانڈی کا مونہہ سرپوش سے ڈھانپ دیں۔اور آٹے سے گل حکمت کر کے اس ہانڈی کے نیچے متواتر 8 گھنٹے آگ جلائیں۔سرد ہونے پر اجوائن نکال کر باریک کر کے سفوف بنالیں۔

استعمال: روزانہ بقدر دو سے تین گرام مریض کو کھلائیں

فوائد: دمہ (ضیق النفس) میں مفید ہے۔اس مرض میں اس سے بہتر کوئی دوا ہو ہی نہیں سکتی ہے اور نہ ہے۔

شربت دمہ

دمہ ہرقسم۔کھانسی نزلہ وزکام کا حتمی علاج۔

دمہ لفظ دم سے نکلا ہے۔دم سے اس کی اقسام یہ ہیں 1۔نزلی دمہ 2۔قلبی دمہ 3۔گلوی دمہ

اجزاء عرق دمہ **(پہلا مرحلہ)**

1	گل بنفشہ	30 گرام	6	تخم خبازی	20 گرام
2	گل نیلوفر	30 گرام	7	گاؤزبان	20 گرام
3	ملٹھی	30 گرام	8	تخم ریحان	10 گرام
4	خشخاش	30 گرام	9	لہسوڑیاں	10 گرام
5	عناب	10عدد	10	بہی دانہ	10 گرام

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو۔۔۔۔۔۔پانی میں رات کو بھگودیں۔صبح اس کا عرق بطریق کشید کریں

(دوسرا مرحلہ)

1	عناب	5عدد	6	پوست خشخاش	10 گرام
2	لہسوڑیاں	20 گرام	7	بیخ سونف	10 گرام
3	مو ویز منقہ	30 گرام	8	گل خطمی	10 گرام
4	بہی دانہ	10 گرام	9	اجوائن خراسانی	10 گرام
5	انجیر	10عدد	10	اصل السوس	10 گرام

کشید شدہ عرق میں درج بالا اجزاء کو شامل کر کے ہلکی آنچ پر 5/6 مرتبہ جوش دیں۔اس کے بعد چھان کر پھر چولہے پر چڑھا دیں آگ ہلکی رکھیں۔جب پانی تقریباً ڈیڑھ کلو رہ جائے تو اتنی ہی چینی ڈال کر قوام بنالیں۔ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔

ترکیب استعمال : کھانے کے بعد 2/2 چمچ صبح وشام دیں۔

فوائد : کھانسی ہرقسم چند کے امراض خوراکوں میں، پرانی کھانسی۔کالی کھانسی چند دن کے استعمال سے ختم ہو جائے گی۔30 سال پرانا دمہ ایک ماہ کے استعمال سے ختم ہو جاتا ہے۔سینہ کا درد کو دور کرتا ہے۔بلغم کو رقیق کر کے سینے کو مواد سے پاک کرتا ہے۔اعضائے صدر مثلاً کھانسی دمہ وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

هوالشافی — **برائے دمہ** — هوالکافی

1	بیخ مدار	30 گرام	3	گڑ	50 گرام
2	اجوائن	20 گرام			

ترکیب : پہلی دونوں کو باریک پیس کر گڑ میں بقدر نخو دگولیاں بنالیں۔

ترکیب : پہلی دونوں کو باریک پیس کر گڑ میں بقدر نخو دگولیاں بنالیں۔

خوراک : ایک گولی ہر روز صبح کو استعمال کریں۔

ھوالکافی	گلے کے لیے	ھوالشافی

گل اندرانی حسبِ ضرورت لے کر باریک پیس کر صمغ عربی 1/8 حصہ ملا کر حسبِ ضرورت مصری یا چینی شامل کر کے حبوب بنالیں۔
ایک ایک کر کے 4 ے 6 گولی چوسائیں

ھوالکافی	حبِ دمہ	ھوالشافی

اجزاء

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	مٹھا تیلیہ	12 گرام
2	فلفل سیاہ	12 گرام
3	آب ادرک	750 گرام

ترکیب تیاری : دونوں ادویہ کو پیس کر آب ادرک میں کھرل کریں۔حتیٰ کہ جذب ہو کر خشک ہو جائے۔پھر دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک :ایک گولی صبح ایک شام ۔اگر خشک دمہ ہو تو مکھن یا ملائی کے ساتھ۔اگر بلغمی ہو تو شہد کے ساتھ دیں۔

فوائد : دمہ ، کھانسی ، بلغم اور سینے کے دیگر امراض میں مفید ہے۔

ھوالکافی	حبِ دق و سِل	ھوالشافی

اجزاء

1	ہلدی	70 گرام
2	شیر مدار	10 گرام

ترکیب تیاری : دونوں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔پھر گولیاں بقدر مونگ بنالیں

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ عرق گاؤزبان

فوائد : سِل ودق کے لیے لاجواب ہیں

ھوالکافی	حبِ غنچہء مدار	ھوالشافی

اجزاء

1	ان کھلے غنچہ مدار (ڈوڈی مدار)	ہم وزن
2	کتھ سفید	″
3	فلفل سیاہ	″

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس کر سفوف بنائیں اور پانی میں کھرل کر کے نصف نصف رتی کی گولیاں تیار کریں

استعمال و فوائد:مقدار خوراک دو تین گولیاں۔ان گولیوں کے استعمال کرنے سے ہر قسم کی کھانسی کو آرام ہوتا ہے۔

ھوالکافی	کف 1	ھوالشافی

12 گرام	فلفل سیاہ	1
12 گرام	فلفل دراز	2
6 گرام	جوکھار	3
25 گرام	چھلکاانار	4
100 گرام	گڑپرانا	5

ترکیب :خوراک :

پہلے چاروں اجزاء کوباریک پیس کراس میں گڑملادیں۔یکجان کرکے دو دورتی کی گولیاں بنالیں۔

فوائد : ان گولیوں کے استعمال سے ہرقسم کی کھانسی کوآرام ہوجاتا ہے۔

ھوالکافی	کف 2	ھوالشافی

12 گرام	لونگ	1
12 گرام	فلفل سیاہ	2
12 گرام	پوست بلیلہ	3
36 گرام	کتھ سفید	4
حسبِ ضرورت	جوشاندہ چھال کیکر	5

ترکیب : سب اجزاءکونہایت باریک پیس کرکیکر کی چھال کے جوشاندہ میں دوتین روزتک کھرل کرکے بقدردانہ نخودگولیاں بنالیں۔

خوراک وفوائد:اگرخشک کھانسی ہوتو قوزہ مصری کے ہمراہ ایک گولی مونہہ میں رکھ کرچوسیں اوراگرتر ہوتو خالی گولی ہی چوستے رہیں۔دن بھرمیں چارپانچ گولیاں استعمال کرنے سے بڑھی سے بڑھی ہوئی کھانسی کوآرام ہوتا ہے۔مجرب ہے۔

گلے کے لیے

گل اندرانی حسبِ ضرورت لےکرباریک پیس کرصمغ عربی 1/8 حصہ ملاکرحسبِ ضرورت مصری یاچینی شامل کرکے حبوب بنالیں۔
ایک ایک کرکے 4 سے 6 گولی چوسائیں۔

ھوالشافی	حب اکبر ☆نزلہ و زکام☆	ھوالکافی

1	تربد سفید	ہم وزن	4	گوند کتیرہ	
2	مصبر	"	5	روغن بادام	بقدرِ ضرورت
3	ست ملٹھی	"			

ترکیب: تمام ادویات کو خوب باریک کر کے روغن بادام میں چرب کر لیجیے۔اور حبوب 1 گرام برابر بنالیں۔

استعمال: رات سوتے وقت 2 گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: دائمی نزلہ وزکام کے لیے اکسیر ہے۔2/3 خوراک سے ہی فائدہ ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	تریاق کیرا	ھوالکافی

☆نمبر 1☆

1	اسطوخودوس	10 گرام	6	اجوائن خراسانی	80 گرام
2	گل گاؤزبان	50 گرام	7	پوست خشخاش	80 گرام
3	تخم مورد	50 گرام	8	تخم خشخاش	120 گرام
4	کشنیز	50 گرام	9	چینی	1 کلو
5	تخم کاہو	50 گرام			

☆نمبر 2☆

1	گل سُرخ	10 گرام	5	گوند کتیرہ	10 گرام
2	کشنیز	10 گرام	6	گوند کیکر	10 گرام
3	رُب السوس	10 گرام	7	مرمکی	10 گرام
4	نشاستہ بریاں	10 گرام			

ترکیب :سب سے پہلے نمبر 1 والی ادویات کو 4 کلو پانی میں بھگو دیں۔12 گھنٹے بعد جوش دیں۔جب پانی نیم کلو رہ جائے تو اُتار کر پن چھان کر 1 کلو چینی ملا کر قوام پر لے آئیں۔سرد ہونے پر 2 نمبر ادویات کو خوب باریک کر کے مذکورہ قوام میں ملا دیں۔محفوظ کر لیں۔

استعمال: 9 تا 12 گرام دن میں 2 مرتبہ دیں۔

فائدہ: کھانسی،نزلہ وزکام،کیرامیں بے مثال دوا ہے۔آزمودہ ہے کبھی خطانہیں ہوا۔

حلق کے امراض

حلق یا گلا اس خلاء کو کہتے ہیں جہاں سے غذا کی نالی شروع ہوتی ہے اور ہوا کی نالی بھی یہاں سے شروع ہوتی ہے۔ جب کہ آلہ ءآواز یعنی نرخرہ زبان کی جڑ کے نیچے غذا کی نالی کے سامنے والے حصے کو کہتے ہیں۔ نرخرہ کے بالائی سوراخ پر پان کی شکل کی ایک کری ہوتی ہے جو حرکاتِ تنفس میں کھڑی ہو جاتی ہے جبکہ غذا نگلتے وقت ہوا کے سوراخ کو بند کر دیتی ہے۔ لوز تین دو گلینڈز ہوتے ہیں جو حلق کے دونوں جانب تالو کے سانے واقع ہوتے ہیں ان کی شکل بیضوی ہوتی ہے۔

خناق

تعارف: ایسا مرض ہے جس میں سانس لینا، غذا یا کوئی چیز نگلنا دشوار بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے۔ یہ ورم حلق اور متعلقاتِ حلق میں پیدا ہو کر اذیت کا باعث بنتا ہے۔

اسباب: حلق کی سوزش، کوا گرنا، نزلہ وزکام، جسم میں صفرا کی کثرت، گرد وغبار وغیرہ یا کسی خراش دار چیز کا حلق میں چلا جانا وغیرہ۔

علامات: حلق میں خشکی اور کھرکھراہٹ محسوس ہونا، لرزہ سے بخار خفیف ہونا، گلے میں درد اور گرانی، ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے گلے میں کوئی چیز اٹکی ہوئی ہے۔ لعابِ دہن نگلنے میں دشواری، منہ کا ذائقہ تیز کڑوا، بے چینی وغیرہ۔

ھوالشافی	اکسیر خناق				ھوالکافی
1	پوست ریٹھا	12 گرام	2	پانی	250 ملی لیٹر

ترکیب: دونوں کو آپس میں ملا کر گرم کریں۔ **استعمال:** اگر مریض بالکل بے ہوش ہو تو مریض کے مونہہ میں دوا ڈال کر ادھر ادھر ہلائیں ورنہ یہ دوا مونہہ میں ڈال کر غرارے کروائیں۔

فائدہ: اس دوا کے استعمال سے الحمدللہ عزوجل بے ہوش مریض بھی فوراً ہوش میں آجاتا ہے۔ جس کے حلق سے پانی جیسی پتلی چیز نہ گزرے فوراً دودھ یا کوئی سیال غذا کھانے کو تیار ہو جاتا ہے۔ قریب المرگ مریض شفاء یاب ہوئے۔ ہر جگہ کامیابی کا لوہا منوایا بلکہ لوگ ایسے طبیب کی کرامے جانتے ہیں۔ ایک گھونٹ دوا مونہہ میں ڈالتے ہی جبڑے سمیت حلق بھی کھلنا شروع ہو جاتا ہے۔ مریض کے مونہہ سے باافراط لیس دار رطوبت نکلنا شروع ہو جاتی ہے اور آرام آجاتا ہے۔ ☆ **طغرہ** ☆ املتاس کے غرارے معمولی خناق کا خاتمہ کرنے میں مفید ہے۔

شفائی حُقہ

تیاری و استعمال: مغز تخم نیم ایک تولہ لے کر حقی کی چلم میں رکھ کر حقہ تیار کر لیجئے۔ حقہ کھینچئے۔ بعدہ سرنیچے کر لیجئے۔

فائدہ: تمام فاسد رطوبات خارج ہو کر چند مرتبہ میں شفاء کلی حاصل ہو جائے گی

Elongation of the Uvula

تعارف: اس مرض میں کوا ڈھیلا ہو کر لٹک جاتا ہے۔

اسباب: بادی وترش چیزیں کھانے پینے سے کبھی بلغم کی کثرت کے باعث حلق کا کوا ڈھیلا ہو کر لٹک جاتا ہے۔حلق کی پرانی سوزش ،وجع المفاصل وغیرہ کا مادہ جسم میں بکثرت ہونا، بچوں میں سخت گرمی اور سخت سردی سے کوا لٹک جاتا ہے۔

علامات: عموماً کوا لمبا اور ڈھیلا ہو کر خراش پیدا ہوتی ہے۔بار بار خشک کھانسی بھی آتی ہے اور عموماً لیٹ کر زیادہ آتی ہے۔مریض اُٹھ کر بیٹھ جاتا ہے کبھی کھانسی کی شدت سے متلی اور قے بھی ہو جاتی ہے۔بھوک بند ہو جاتی ہے۔چہرے کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔بغیر کسی ظاہری مرض کے مریض کمزور سے کمزور ہوتا چلا جاتا ہے۔اکثر بخار بھی ہو جاتا ہے۔جسے عموماً دق سمجھا جاتا ہے جو غلطی ہے۔

نوٹ: گلے کے تمام امراض میں کوا کا معائنہ لازم کریں۔

ھوالشافی	نسخہ ء لاھوری	ھوالکافی

1	پھٹکری بریاں	ہم وزن		3	فلفل سیاہ	؍
2	مازو	؍				

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: دوا کو انگلی سے لگا کر کوے کو اوپر اٹھا دیں۔

فوائد: کوا گرنے میں بے حد مفید ہے، کھانسی جاتی رہتی ہے۔

ھوالشافی	گلیسرین پلز	ھوالکافی

1	ٹنکچر فرائی پرکلورائیڈ	30بوند		3	گلیسرین	1 اونس
2	روغن پودینہ	5بوند				

ترکیب: تمام ادویہ کو چوڑے مونہہ والی بوتل میں ڈال کر حل کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال: روئی کا پھاپہ لتھڑ کر ٹیوزر سے کوے پر لیپ کریں۔

فوائد: حلق سے بکثرت سے رطوبت خارج ہو کر کوا اصلی حالت پر آجائے گا۔

ھوالشافی	گلیسرین پلز	ھوالکافی

1	گل سُرخ	ہم وزن		5	کاٹھ سیاری	؍
2	مازو	؍		6	سماق دانہ	؍
3	گل سیاری	؍		7	شب یمانی	؍
4	گلنار	؍		8	سہاگہ	؍

جاری ھے

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک چٹکی چھوٹے چمچ میں رکھ کر کوے کے نیچے سے اوپر کو اٹھائیں۔

فائدہ: منٹوں میں فائدہ دینے والی اکسیری دوا ہے۔

ھوالشافی	شفائی غرغرہ	ھوالکافی

1	پھٹکڑی	3 گرام	4	سہاگہ	〃
2	مازوسبز	〃	5	گل سپاری	〃
3	گلنار	〃	6	پانی	750 ملی لیٹر

ترکیب: تمام ادویات کو پانی میں جوش دے کر سنبھال رکھیں۔

استعمال: نیم گرم کے غرارے کریں۔

فائدہ: چند دفعہ کے استعمال سے کوا اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

آواز کا بیٹھ جانا

اُردو نام	طبی نام	انگریزی نام
آواز کا بیٹھ جانا	بحتہ الصوت	Efonia

تعریف مرض: اس مرض میں مریض کی آواز بالکل بیٹھ جاتی ہے۔

اسباب: نزلہ وزکام، نزخرہ کی ساخت میں خرابی، سردی لگنا، حجز کا ورم، زیادہ چیخنا، دھویں میں رہنا، گرد وغبار وغیرہ، زہریلے مادے وغیرہ، سرمہ وسیندور کھالینا، مرض دق کے آخری درجے میں بھی آواز بیٹھ جاتی ہے۔

علامات: اس مرض میں آواز نکلنا بالکل بند ہوجاتی ہے۔ اگر کوشش کی جائے تو معمولی آواز نکلتی ہے اور مریض کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اپنے آپ کو ادھورہ سمجھتا ہے۔ آنکھیں کھول کھول کر دیکھتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر کرشمہ	ھوالکافی

1	شب یمانی	50 گرام	3	آب دھتورہ مروق	100 گرام
2	شیرمدار	150 گرام	4		

ترکیب: پہلے شب یمانی کو شیرمدار پھر آب دھتورہ میں باری باری خوب کھرل کریں۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ میں سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھیے۔

استعمال: ایک رتی نیم گرم حلوے میں رکھوا کر نگلوادیں۔

فائدہ: دوسری، حد تیسری خوراک سے آواز کھل جائے گی۔

کنٹھ مالا

اُردو نام	طبی نام	انگریزی نام
گلہڑ	غر	برانکوسیل

تعارف: ٹھوڑی کے نیچے گردن پر زخرہ کے اردگرد ابھار پیدا ہوجاتا ہے۔ جو بعض مریضوں میں معمولی اور بعض میں زیادہ اور مرتے دم تک قائم رہتا ہے۔ کبھی اتنا بڑھ جاتا ہے کہ ٹھوڑی سینے پر نہیں لگتی۔ بلکہ جھکتی ہی نہیں۔ زیادہ بڑا ہوجانے سے اس کا بوجھ زخرے پر پڑنے لگتا ہے۔ جس کی وجہ سے سانس میں تنگی محسوس ہوتی ہے۔

اسباب: عموماً ایسے لوگ اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں جن کے خون میں پوٹاشیم یا آئیوڈین کی کمی واقع ہوجائے جب کہ فولاد کے مرکبات زیادہ ہوجائیں۔ رولیاں بھی سرد و تر مزاج کی حامل ہوتی ہیں۔ اسی لیے گلہڑ رسولی کی طرح ہی ہوتا ہے۔

علامات: یہ گلٹیاں گردن کے اردگرد اور بغل میں پیدا ہوتی ہیں۔ یہ گلٹیاں گوشت سے جڑی ہوتی ہیں۔ اُنگلی سے بھی اپنی جگہ نہیں چھوڑتی۔ یہی اس مرض کی خاص علامت ہے۔ ہلکا ہلکا بخار رہتا ہے۔ اگر گلٹیاں پک کر پھوٹ جائیں تو رفتہ رفتہ مواد ٹپکتا رہتا ہے۔

ھوالشافی	حبِ شافی	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	شنگرف	10 گرام	4	رائی	30 گرام
2	خولنجاں	30 گرام	5	رسکپور	6 گرام
3	بابچی	30 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک: 1/1 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ اجوائن کھلائیں۔

فوائد: مرض کنٹھ مالا یعنی گلہڑ نابود ہوجائے گا۔ مقوی باہ بھی ہے جسم میں حرارت بکثرت پیدا کرتا ہے۔

ھوالشافی	مرہم کنٹھ مالا	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	فلفل سیاہ	10 گرام	3	برگ حنا	10 گرام
2	طوطیا اخضر	10 گرام	4	مکھن	100 گرام

ترکیب: پہلی تینوں ادویہ کو نہایت اچھی طرح پوڈر بنالیجیے اور مکھن میں ملا کر مرہم بنا کر نگاہ رکھیے۔

خوراک: مقامِ مرض پر ہر روز لیپ کریں اور پٹی کرلیں۔

فوائد: چند ہی روز میں گلٹیاں نیست و نابود ہوجائیں گی۔

ھوالکافی	اکسیر خنازیر	ھوالشافی

1	سم الفار سفید	6 گرام		4	فلفل سیاہ	60 گرام
2	جلوتری	6 گرام		5	برگ مدار	حسبِ ضرورت
3	جائفل	3 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو برگ مدار میں خوب کھرل کر لیں اور حبوب دانہ مسور بنالیں۔

خوراک:1 گولی روزانہ مکھن میں لپیٹ کر کھالیں۔ پیاس لگنے پر نیم گرم دودھ پی لیا کریں۔

فوائد: خنازیر کو ختم کر کے گردن کو اصلی حالے پر لاتی ہے۔آہستہ آہستہ جسم میں طاقت کا پہاڑ پیدا کرتی ہے۔

ھوالکافی	روغنِ کچنار	ھوالشافی

1	چھلکا کچنار	2 کلو		3	برگ کچنار	آدھا کلو
2	پانی	11 کلو		4	تیل بنولہ	2 کلو

ترکیب : پہلے پوست کچنار کو خوب پکائیں کہ پانی 3 کلو رہ جائے پھر اس کو اچھی طرح پن چھان کر روغن بنولہ ڈال دیں۔برگ کچنار کی خوب چٹنی سی بنا کر بھی ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔جب چٹنی جل جائے، پانی جل جائے۔تیل کو فلٹر کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال: روزانہ 12 گرام صبح،12 گرام شام۔دودھ میں ڈال کر پلائیں۔اگر گلٹیاں پھوٹ جائیں تو یہی تیل لگانا شروع کر دیں۔

فوائد:20 یوم میں کنٹھ مالا کو نابود کر دیتا ہے۔لاجواب دوا ہے۔

قلاعی

1	سہاگہ (بریاں)	50 گرام
2	ست پودینہ	5 گرام
3	چینی	150 گرام

تیاری : سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔تیار ہے

فوائد:مونہہ کے چھالوں کے لیے۔

ھوالشافی	کوا گِرنا	ھوالکافی

1	پھٹکری بریاں	10 گرام	3	فلفل سیاہ	10 گرام
2	مازو	10 گرام			

ترکیب: سب ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: اُنگلی سے کوے پر لگا کر اوپر اُٹھا دیں۔

فوائد: کوا گرنے میں بے حد مفید ہے۔کھانسی جاتی رہتی ہے۔

ھوالشافی	کوا گِرنا اکسیری دوا	ھوالکافی

1	گل سُرخ	برابر وزن	5	گلنار	برابر وزن
2	مازو	برابر وزن	6	سماق دانہ	برابر وزن
3	گل سپاری	برابر وزن	7	شب یمانی	برابر وزن
4	کاتھ سپاری	برابر وزن	8	سہاگہ	برابر وزن

ترکیب: سب ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: ایک چٹکی چھوٹے چمچ میں رکھ کر کوے کے نیچے سے اوپر کو اُٹھائیں۔

فوائد: منٹوں میں فائدہ دینے والی اکسیری دوا ہے۔

ھوالشافی	لحن داؤدی (آواز کی خوبصوری کے لیے)	ھوالکافی

1	جوہرلوبان خانہ ساز		6	ملٹھی	
2	کبابہ		7	جڑ پان	
3	زعفران		8	فلفل دراز	
4	قرنفل		9	مغز چلغوزہ	
5	دارچینی		10	کوزہ مصری	

ترکیب: سب ادویہ کو باریک پیس کر پان کے رس میں حبوب نخودی بنالیں۔

استعمال: ایک سے دو گولی مونہہ میں رکھ کر چوسیں۔

فوائد: یہ حبوب زیادہ بولنے والے وکیلوں ،بیرسٹروں ،قاریوں ،مبلغین ،علماء عقلا ،لیکچرار ،پروفیسر ،شاعر ،ایکٹر ،طالب علم اور سنگرز

ھوالشافی	اکسیر نمونیا	ھوالکافی

1	شب یمانی	6 گرام		2	شہد	12 گرام

ترکیب : دوا کو باریک کر کے شہد میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال : مقام درد پر ضماد کر دیں۔

فائدہ : ہتھیلی پر سرسوں جمانے والا لاثانی نسخہ ہے۔صرف 5 منٹ میں نمونیا کا درد ختم ہو جاتا ہے۔انگریزی پلٹس سے بڑھ چڑھ کر زوردار نسخہ ہے۔یہ اکسیری نسخہ سینہ کا راز ہے۔

ھوالشافی	روغن نمونیا	ھوالکافی

1	روغن ارنڈ	60 گرام		5	اجوائن	؍
2	روغن السی	؍		6	مال کنگنی	؍
3	روغن تارامیرا			7	تخم حرمل	؍
4	عقرقرحا	؍				

ترکیب : خشک ادویہ کو ڈیڑھ کلو پانی میں خوب پکائیے۔ جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو روغنیات اس میں ملا کر جوش دیجیے حتیٰ کہ تمام جوشاندہ جل جائے صرف روغن رہ جائے۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال : درد کی جگہ مالش کریں۔

فائدہ : ہر قسم کے دردوں کو ختم کرنے میں مفید ہے۔نمونیا کے لیے بے مثال ہے۔

نوٹ : مالش کرنے کے بعد گرم روئی ضرور لپیٹ دیں۔

ھوالشافی	مغذّی اعصابی مقوی حلوا (1)	ھوالکافی

1	میدہ گندم	5 تولہ		4	گوند کیکر	1 تولہ
2	مغز کدو	1 تولہ		5	دیسی گھی	1 تولہ
3	مغز تربوز	1 تولہ		6	چینی	حسبِ ضرورت

ترکیب : میدہ گندم کو آہستہ آہستہ ہلکی آنچ پر بھونیں۔ جب سرخ ہو جائے تو اس کو اتار کر رکھ لیں پھر کوٹے ہوئے مغزیات بھونے ہوئے میدہ میں ملا کر چینی شامل کرلیں۔

استعمال : 6 ماشہ تا 1 تولہ ۔ 4 مرتبہ روزانہ۔دودھ کے ساتھ

فوائد : سوزشی نزلہ، زکام، کھانسی سوزشِ امعاء (معدہ) بلڈ پریشر نیند نہ آنے کے لیے بے حد مفید ہے۔

ھوالکافی	اطریفل کشنیزی	ھوالشافی

1	پوست ہلیلہ زرد	5تولہ		5	آملہ (مقشر)	5تولہ
2	پوست ہلیلہ کابلی	5تولہ		6	کشنیز (ہلکا کوٹ کر چھلکا اتار لیں)	5تولہ
3	ہلیلہ سیاہ	5تولہ		7	روغن بادام شیریں	5تولہ
4	پوست بلیلہ (بہیڑہ)	5تولہ		8	شہد	1 کلو5چھٹانک

ترکیب و استعمال: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں۔ پھر شہد ملادیں اطریفل تیار ہے۔ رات کو سوتے وقت 9 ماشہ کی مقدار میں نیم گرام دودھ یا عرق گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: دائمی نزلہ، دوران سر (سر چکرانا)، ضعفِ بصارت، ضعفِ دماغ، تبخیرِ معدہ، دردِسر، دردِ گوش، اور تنکیا دماغ کیلیے مفید ہے۔ علاوہ ازیں بواسیر کے مرض کو پیدا ہونے سے روکتی ہے۔

ھوالکافی	عضلاتی اعصابی ملیّن	ھوالشافی

1	آملہ	2تولہ (گٹھلی نکال کے)
2	ہلیلہ سیاہ	3 تولہ (بریاں)
3	گندھک آملہ سار	3 تولہ

ترکیب واستعمال: ہلیلہ سیاہ کو کسی برتن میں 1 چمچ گھی ڈال کر آگ پر رکھ دیں ہلیلہ سیاہ پھولنی شروع ہو جائے گی۔ تھوڑا رنگ بھی تبدیل ہو کر بھورا ہو جائے گا پھر کوٹ کر پیس لیں۔ آملہ کی گٹھلی نکال کر اس کو بھی اسی طرح سے بھون کر پیس لیں۔ سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔ 1 تا 2 ماشہ۔ دن میں 4 مرتبہ استعمال کرائیں۔ پانی یا قہوے کے ساتھ۔

فوائد: زیادتی بلغم، اسہال، زکام ہر درد، مونہہ کا ذائقہ کاری رہنا اور نزلہ۔ ان امراض میں بہت مفید ہے۔

ھوالکافی	عضلاتی اعصابی مسہل	ھوالشافی

1	مغز کرنجوا	1تولہ	ہتھوڑی سے چھلکا اُتارنا ہے۔ نکالنے کے ساتھ ساتھ ہی پیستے جائیں (جلدی پیسنا ہے) (2 تولہ منگوائیں 1تولہ مغز نکلے گا)
2	آملہ	1تولہ	2 تولہ منگوائیں۔ گٹھلی نکالا ہوا۔ مقشر
3	پھٹکڑی سفید	2تولہ	بریاں
4	ہلیلہ سیاہ	4تولہ	بریاں
5	تُروی	8تولہ	150 گرام منگوائیں۔ لکڑی کو نکال کر چھلکا استعمال کرنا ہے

ترکیب و استعمال: سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں چنے برابر دن میں 4مرتبہ استعمال کرائیں پانی یا قہوے کے ساتھ

فوائد: خلطِ بلغم کو بذریعہ اسہال خارج کرتا ہے۔ موٹاپا، نزلہ، زکام، کھانسی جبکہ بلغم رقیق ہو، سلسل بول، ذیابیطس، بستر پر پیشاب کرنا اور بخار کے لیے لاجواب شے ہے۔ نیز سُرعتِ انزال اور جریان کے لیے بہترین عامل ہے۔

ھوالشافی — **بلغم کیرا** — ھوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	مغز ناریل (کدوکش کیاہوا)	1 کلو	5	دیسی گھی	1 کلو
2	کشمش سبز	1 کلو	6	نشاستہ گندم	500 گرام
3	مغز پستہ (نیم کوب)	1پاؤ	7	چینی	حسبِ ضرورت
4	مغز اخروٹ (نیم کوب)	1پاؤ	8		

ترکیب و استعمال: گھی کو نرم آگ پر کڑکڑائیں اور نشاستہ گندم کو اس میں اس قدر بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے پھر چولہے سے اُتار کر اس میں پہلے چینی اور پھر میوہ جات ملا کر سنبھال رکھیں۔ صبح کے وقت 5 تا 7 تولہ بطور ناشتہ ہمراہ دودھ روزانہ کھلاتے رہیں۔

فوائد: بے حد مقوی ءدماغ و مقوی ءحافظہ ہے۔

ھوالشافی — **حبِ دمہ** — ھوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	زعفران	6 گرام	4	ریوند چینی	6 گرام
2	جائفل	6 گرام	5	زردی بیضہ ءمرغ	1عدد
3	جلوتری	6 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو خوب باریک کرلیں اور زردی بیضہ ءمرغ میں کھرل کر کے حبوب دانہ ءمونگ برابر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال :ایک سال کے بچے کے لیا یک گولی، دو سال کے بچے کے لیے دو گولی ہمراہ عرق سونف دن میں دو مرتبہ دیں۔

فوائد: کھانسی، دمہ، ڈبہ، کثرتِ پیاس وغیرہ میں مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی — **دوائے انمول** — ھوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	میٹھا تیلیہ	12 گرام	3	آب ادرک	750 گرام
2	فلفل سیاہ	12 گرام			

ترکیب: آب ادرک تھوڑا تھوڑا ڈال کر دونوں دواؤں کو خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ پانی بالکل خشک ہو جائے۔ پھر دانہ ءمونگ برابر گولیاں بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال :1/1 گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف کھلائیں۔

فوائد: بلغمی کھانسی 4/5 یوم میں ختم ہو جاتی ہے۔ دمہ کے لیے دو ہفتہ کھلا دیں۔ تمام بلغمی امراض میں جید الاثر ہے۔

ھوالشافی — **حبِ خاص** — ھوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	سم الفار سفید	12 گرام	4	زنجبیل	12 گرام
2	شنگرف	12 گرام	5	آب ادرک	1 کلو
3	فلفل دراز	12 گرام			

ترکیب: پہلے تمام ادویات کو پوڈر کرلیں۔ بعدہ تھوڑا تھوڑا آب ادرک ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائے حتیٰ کہ تمام آب جذب ہو

جائے۔پھر فلفل سیاہ برابر حبوب بنالیں۔محفوظ کرلیں۔

استعمال:1/1 گولی صبح وشام ہمراہ ہمراہ شیر گاؤ کھلا دیں۔دوران دوا گھی وغیرہ خوب استعمال کرائیں۔

فائدہ:ضعفِ باہ، نامردی، سستی، امراضِ باردہ، دمہ وغیرہ میں بہت ہی مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	حبِ دمہ	ھوالکافی

1	ہرڑ سیاہ	25 گرام	5	ہلدی	6 گرام
2	نمک گوماں	25 گرام	6	پوست بیخ مدار	12 گرام
3	چرائتہ	25 گرام	7	گودہ کنوار گندل	5 کلو
4	ملٹھی	50 گرام			

ترکیب:تمام ادویات کو گودہ گھیگوار میں خوب کھرل کریں۔نخودی حبوب تیار کرلیں۔

خوراک:2/2 گولی صبح وشام ہمراہ عرق سونف ہفتہ عشرہ استعمال کرائیں۔

فوائد: دمہ کی بیماری رفع ہوجائے گی مگر دوا ایک ماہ تک استعمال کرتے رہیں۔دوبارہ مرض کے حملے کا ڈر نہیں رہتا۔

ھوالشافی	سفوف زرد	ھوالکافی

1	ہڑتال ورقیہ	2 گرام	3	مزید فلفل سیاہ	28 گرام
2	فلفل سیاہ	2 گرام			

ترکیب:پہلے ہڑتال ورقیہ 2 گرام کو فلفل سیاہ 2 گرام میں خوب ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔بعدہ 4 گرام فلفل سیاہ مزید ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کریں۔پھر 8 گرام فلفل سیاہ اور ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کریں۔پھر 16 گرام مزید فلفل سیاہ ڈال کر ایک گھنٹہ کھرل کریں اور محفوظ کرلیں

خوراک:250 ملی گرام تا 1 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد:امراضِ باردہ وعصبیہ، ضیق النفس اور سرفہ وغیرہ میں نہایت ہی مجرب ہے۔آتشک، اٹھرا وغیرہ میں بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔

ھوالشافی	تریاقِ کھانسی	ھوالکافی

1	فلفل سیاہ	6 گرام	9	سہاگہ بریاں	6 گرام
2	فلفل دراز	6 گرام	10	لونگ	6 گرام
3	زنجبیل	6 گرام	11	عنبر اشہب	6 گرام
4	ملٹھی	6 گرام	12	پارہ مصفی	6 گرام
5	کاکڑا سنگی	6 گرام	13	گندھک آملہ سار	6 گرام
6	جوکھار	6 گرام	14	بچھناک مصفا	12 گرام
7	گوند ببول	6 گرام	15	منسل	12 گرام
8	جلوتری	6 گرام			

ترکیب:تمام ادویات کو سرمہ کی مانند باریک کرکے جوار کے دانے کے برابر حبوب بنالیں۔

استعمال: ایک دوحبوب پان میں رکھ کرکھلا دیجیے یا شہد ملی چائے سے دیجیے یا آب ادرک سے دیجیے۔

فائدہ: ہرقسم کی کھانسی کے لیے تریاق ہے۔ضیق النفس کوجڑ سے اکھاڑ دیتی ہے۔کھانسی خواہ کتنی ہی پرانی ہواس کے استعمال سے ہمیشہ کے لیے ختم ہوجاتی ہے۔ایک تجربہ کا حامل نسخہ ہے۔ بنا کر خدمتِ خلق کیجیےاور دعائیں لیجیےاور طبی نسخہ جات کالوہامنوائیے۔

ھوالشافی	شھیقہ (کالی کھانسی)				ھوالکافی
1	جوکھار	3 گرام	4	فلفل سیاہ	3 گرام
2	دار فلفل	3 گرام	5	نمک لاہوری	3 گرام
3	انار دانہ	3 گرام	6	قند سیاہ	12 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے قند سیاہ ملا کرنخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: 1/1 گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فائدہ: کالی کھانسی میں نہایت ہی مجرب ہے۔

ھوالشافی — ایڑیوں کا پھٹنا — ھوالکافی

1	روغن سرشف	500 گرام
2	موم	100 گرام

ترکیب : تیل کو کڑاہی میں گرم کریں۔موم ڈال کر چمچے سے ہلاتے رہیں۔ جب کریم سی بن جائے تو نیچے اتار کر کھلے مونہہ والی شیشی میں محفوظ کرلیں۔

استعمال و فوائد : رات کوسوتے وقت ایڑیوں پر لگائیں اور جرابیں پہن کر سو جائیں۔صبح گرم پانی سے دھولیں۔

ھوالشافی — اکثیر خارش — ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	100 گرام
2	گیرو	100 گرام
3	زیری کالی	100 گرام

ترکیب: سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کریں۔

استعمال: 6 گرام دومرتبہ روزانہ دہی کے ساتھ۔صرف دہی ہی کھانی ہے اور کچھ نہیں کھانا۔ 6 گرام سفوف لے کر 100 گرام سرسوں کے تیل میں ملالیں۔ پن کر جسم پر مالش کریں۔پہلے ہی دن سے افاقہ ہوگا۔ 3 دن میں مکمل خاتمہ ہوگا۔

ھوالشافی — اکسیر اوتاد (برص) — ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	باپچی	برابر	3	گندھک آملہ سار	״
2	گیرو	״			

ترکیب تیاری : تمام ادویات کو خوب کھرل کریں۔پانی سے نخودی حبوب تیار کرلیں۔

خوراک و استعمال : تین گولی صبح تین گولی رات کو ہمراہ عرق منڈی

فوائد: برص میں خوردنی طور پر اعلیٰ اوصاف کا حامل نسخہ ہے متعدد مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے اللہ عزوجل کے اولیا کرام سے منظور شدہ ہے۔

ھوالشافی — اکسیر پھلبھری — ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	سہاگہ (بورک ایسڈ)	12 گرام	4	باپچی	״
2	مٹھاتیلیہ	״	5	فلفل سیاہ	״
3	رسونت	״	6	شیر میش (بھینس کا دودھ)	750 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو شیر میش میں ڈال کر محفوظ رکھ دیں۔روزانہ کسی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔7 یوم تک یہ عمل کرنے کے بعد اس تمام دوا کو محفوظ کرلیں۔ **استعمال:** داغوں پر بطور ضماد لگا دیا کریں۔

ھوالشافی — دوائے پھلبھری (بابچی) — ھوالکافی

1	بابچی	
2	ادرک کا پانی	

ترکیب تیاری: بابچی لے کر ادرک کے پانی میں ایک ہفتہ تک بھگوئے رکھیں۔اس کے بعد خشک کرلیں اور برابر چینی ملا کر سفوف بنائیں۔

خوراک: 1 گرام ہمراہ تازہ پانی

ھوالشافی — برص — ھوالکافی

1	نیل دیسی	25 گرام	3	شیطرج ہندی	25 گرام
2	بابچی	25 گرام	4	سرکہ	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک پیس کر سرکہ خالص میں کھرل کر کے مازو کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح شام

فوائد و پرہیز: پھلبہری کے لیے اچھی دوا ہے۔غذا میں صرف بیسنی روٹی بغیر نمک دیں۔گھی زیادہ دیں۔تیل، گڑ اور سرخ مرچ سے پرہیز کریں۔

ھوالشافی — کرامت (برص) — ھوالکافی

1	چوب چینی	6 گرام	5	مٹھا تیلیہ	6 گرام
2	تخم پنواڑ (جنتر)	6 گرام	6	کونین	6 گرام
3	بابچی	6 گرام	7	عقرقرحا	6 گرام
4	فلفل سیاہ	6 گرام	8	عرق گلاب تازہ	60 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو عرق گلاب تازہ میں خوب کھرل کریں۔نخودی حبوب تیار کرلیں۔

خوراک و استعمال و پرہیز: پہلے کوئی سخت قسم جلاب (جلاب جذام) دیا جائے پھر ایک ایک گولی دن میں دومرتبہ صبح و شام ہمراہ عرق منڈی کھلادے

فوائد: برص کے لیے ایک لاجواب نسخہ ہے۔فوائد کے لحاظ سے ایک طبی کرامت ہے۔

ھوالشافی — الرجی، چھپاکی — ھوالکافی

1	شہد	5 تولہ
2	ناگ کیسر	1تولہ

ترکیب تیاری: ناگ کیسر کو باریک پیس کر شہد میں ملالیں۔

ترکیب استعمال: 6 ماشہ دن میں چار بار دیں ۔ایک ہی دن میں چھپا کی کا تڑپتا ہوا مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔اگر زیادہ دیر کی شکایت ہو تو 2 /3 دن کھلائیں۔غذا میں دودھ گھی زیادہ دیں۔

ھوالکافی	دوائے برص	ھوالشافی

1	کمیلہ شدھ	25 گرام
2	بیج پنواڑ	25 گرام
3	باونچی شدھ	25 گرام
4	کتھ	6 گرام
5	مغز تخم نیم	6 گرام
6	کونپل نیم	6 گرام

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک پیس کر کونپل نیم سبز کے پانی میں خوب کھرل کریں۔ کوکن بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

مقدار خوراک: 1 گولی ہمراہ پانی صبح دیں۔ ان میں سے یازیادہ گولیوں کو (حسب ضرورت) پانی میں گھس کر داغوں پر لیپ کریں۔

پرھیز: سرخ مرچ، گڑ، تیل سے پرہیز کریں۔ بیسنی روٹی گھی کے ساتھ کھائیں۔

ھوالکافی	دوائے خارش	ھوالشافی

1	کتھ سفید	12 گرام
2	رال	12 گرام
3	مردہ سنک	6 گرام
4	توتیا	6 گرام
5	کافور	3 گرام
6	پارہ	3 گرام
7	روغنِ تلخ	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری و استعمال: سب سے پہلے توتیا، کافور اور پارہ کو اس قدر کھرل کریں کہ یک جان ہوجائیں۔ اس کے بعد باقی دوائیں ملاکر اس میں ملائیں۔ روغن تلخ کا اضافہ کر کے خوب حل کریں۔
تمام رات رکھ کر صبح باسی پانی سے 21 مرتبہ خارش زدہ مقام کو دھو کر اس دوا کا ہلکا لیپ کریں۔ آنکھوں پر نہ لگائیں۔ تر خارش کے لیے از حد مفید ہے۔ خارش وسوزش کو فوراً آرام ملتا ہے۔ گندے مواد سے پاک کر کے جلد کو صاف کر دیتا ہے۔

ھوالکافی	دوائے پھلبھری	ھوالشافی

1	سفوف کول ڈوڈہ (کول ڈودہ شدہ کر کے)	1 کلو
2	سفوف الائچی خورد	200 گرام

ترکیب: دونوں کا الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملالیں

خوراک: 3 گرام ہمراہ تازہ پانی صبح وشام لیں۔

بیرونی استعمال

1	سفوف باونچی	250 گرام
2	سرسوں سفید	12 گرام

ترکیب تیاری: دونوں کو ملالیں۔

استعمال: ترش دہی کے ساتھ داغوں پہ لگائیں۔ **فوائد**: اس کے استعمال سے پھلبھری دور ہوجائے گی۔

ھوالشافی	الرجی ، دھپڑ وغیرہ	ھوالکافی

ترکیب تیاری/ استعمال: 1۔ تخم کرس 2۔ اجوائن 3۔ روغن گل

تینوں کو گھوٹ کر مالش کروائیں۔اجوائن کی دھونی دیں۔

ھوالشافی	بیش قیمت منفرد نسخہ برائے الرجی (نوٹ: یہ دوا حاملہ عورت کو نہیں دینی ہے)	ھوالکافی

اجزاء : ریٹھا

ترکیب و استعمال و فوائد:

ریٹھے کو پیس کر شہد میں چنے برابر گولی بنالیں۔ پانی کے ہمراہ صبح و شام دیں۔

(1) دائمی سر درد، بدہضمی ، دردِ شکم ،اپھارہ، درد گردہ، آتشک ،کنٹھ مالا (گلے کی ہیمپرس)،بھگندر، کھجلی ،برص، حیض کی کمی یا زیادتی، بخار، پیشاب کا بار بار آنا، جریان، احتلام، دودھ گھی کا ہضم نہ ہونا، طاعون وغیرہ امراض میں مریض کی جسمانی طاقت اور مرض کی حالت دیکھ کر 2 سے 4 گولی تک صبح و شام آب تازہ سے دیا کریں

(2) ضعفِ دماغ, کمزوری بدن، کمی خون ،مرگی ،بواسیر بادی، افیون، بھنگ شراب کی عادت چھڑانے کے لیے 2 تولہ مکھن یا بالائی میں 2/2 گولی رکھ کر صبح و شام کھلائیں۔

(3) بواسیر خونی، دست، پیچش، سنگرہنی، سیلان الرحم، کثرتِ حیض، ضعفِ جگر، یرقان، ورمِ طحال، دل کی دھڑکن، پیٹ کے کیڑے وغیرہ کے لیے گائے کے دودھ کی دہی یا چھاچھ کے ساتھ 2 / 2 گولی صبح و شام کھلائیں۔

(4) باؤ گولہ، وجع المفاصل، درد پسلی میں صبح و شام۔ہمراہ آب گرم

(5) بلغمی کھانسی, بلغمی دمہ کے لیے 6 ماشہ شہد کے ساتھ، خشک کھانسی، خشک دمہ کے لیے 1 تولہ بالائی کے ساتھ 2/2 گولی صبح و شام کھلائیں۔

ھوالشافی	سفوف بابچی (پھلبھری کیلیے)	ھوالکافی

1	بابچی شدھ	ہم وزن	3	انجیر	؍؍
2	بیج پنواڑ	؍؍	4	چاکسو	؍؍

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

خوراک: 6 گرام سفوف پوٹلی میں باندھ کر رات کو گرم پانی میں بھگودیں۔صبح اس کا نتھار پیئں۔اس کا پھوگ سرکہ میں پیس کر داغوں پر لگائیں۔

فوائد و پرہیز: پھلبھری کے لیے اچھی دوا ہے۔غذا میں صرف بیسنی روٹی بغیر نمک دیں۔گھی زیادہ دیں۔تیل، گڑ اور سرخ مرچ سے پرہیز کریں۔

ھوالشافی	حب برص	ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	زنجبیل	برابر	3	مغز کرنجوا	؍
2	فلفل سیاہ	؍	4	مغز جمال گوٹا (پتہ نکال کر)	؍

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو خوب کھرل کریں۔نخودی حبوب تیار کرلیں:

خوراک و استعمال و پرہیز:ایک تا دو گولی رات کوہمراہ دودھ

فوائد:بادفرنگ،جذام،برص،بہق (سیاہیاں) وغیرہ میں جیدالاثر ہے۔

ھوالشافی	خارش خشک و تَر	ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	6 گرام	5	کتھ	6 گرام
2	باوچی	6 گرام	6	سنگ جراحت	6 گرام
3	مردہ سنگ	6 گرام	7	توتیا	6 گرام
4	ہلدی	6 گرام		روغن تلخ	حسب ضرورت

ترکیب تیاری و استعمال:سب کو باریک پیس کرسفوف بنالیں۔اس میں سے حسب ضرورت لے کرروغن تلخ میں کھرل کرکے خارش زدہ جگہ پرملیں۔صبح گرم پانی سے غسل کریں۔تین سے پانچ دن میں آرام ہوگا۔

خارش کیلئے مکھن

ایک کلو دودھ بھینس میں 12 گرام سفوف گندھک ملا کر ضامن لگا کر دہی بنا کر مکھن نکالیں۔یہ مکھن بدن پر ملیں۔تین روز میں آرام ہوگا

ہٹیلی خارش

1	گندھک آملہ سار	6 گرام	5	نیلا تھوتھا	2 گرام
2	باوچی	6 گرام	6	مکھن	5 گرام

ترکیب تیاری و استعمالی سب کو باریک کپڑ چھان کرکے مکھن (جو ایک سو ایک مرتبہ پانی سے دھلا ہوا ہو) میں ملا کراور تھوڑا سا لے کردس بجے دن کو مالش کریں۔ایک گھنٹہ بعد نیم گرم پانی سے لائف بوائے صابن سے غسل کریں۔بعداز غسل تیل سرسوں کی مالش کرکے صاف کپڑے پہن لیں۔پہلے دن دوا ذرا جسم کو لگے گی،دوسرے دن کم اور تیسرے دن بالکل کم۔آنکھوں اور دیگر نازک حصوں پر نہ لگنے دیں۔ہٹیلی خارش کے لیے مفید ہے۔

جاری ہے

ھوالکافی	گذشتہ سے پیوستہ	ھوالشافی

1۔مناسب مقدار میں گندھک آملہ سار تیل سرسوں میں ملا کر آنکھوں کو بچا کر جسم پر ملیں۔ مفید ہے۔

2۔زیرہ سیاہ 20 گرام, سینڈھورا اصلی 20 گرام. دونوں کو پیس کر نغدہ بنائیں۔اور دوگنا تیل سرسوں اور 20 گنا پانی میں ملا کر برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ پانی خشک ہوجائے تو اتار لیں ۔ اس تیل کو چھان کر لیپ کریں۔ خارش کو آرام آ جاتا ہے ۔

3۔سفوف ہلدی مناسب مقدار پانی میں پیس کر نغدہ بنائیں۔چار گنا تیل سرسوں اور تیل سے چار گنا رس برگ مدار سب کو ایک برتن میں ملا کر پکائیں۔ جب تیل رہ جائے تو چھان کر استعمال کریں۔خارش کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالکافی	**خارش/کھجلی 1(سلفر آئنٹمنٹ)**	ھوالشافی

1	سلفر	10 گرام		2	ویزلین	100 گرام

ہردو اجزاء کو اچھی طرح ملالیں۔نہانے کے بعد خارش والی جگہ پر لگالیں۔لیکن آنکھوں وغیرہ پر نہ لگائیں۔ یہ مرہم صبح اور رات کو تین دن متواتر استعمال کرنی چاہیے۔چوتھے دن گرم پانی سے نہا کر کپڑے تبدیل کر لینے چاہییں۔ تین دن کے استعمال کے بعد گندھک مرہم کا استعمال نہ کیا جائے۔بچوں کے لیے (2%) سے کم طاقت کی استعمال کی جائے۔

خارش/کھجلی 2

(1)اجزاء خوراکی نسخہ:

1	شاہترہ	5 گرام	5	صندل سفید	〃
2	چرائتہ	〃	6	ہرڑ سیاہ	〃
3	منڈی	〃	7	عناب	7 دانے
4	سرپھوکہ	〃	8	شربت عناب	20 گرام

سیریل نمبر 1 تا 7 تمام ادویہ کو 300 گرام رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر شربتِ عناب 20 گرام ملا کر پلائیں

(2) اجزاء نسخہ بیرونی استعمال

1	گندھک آملہ سار	10 گرام	5	مردہ سنگ	10 گرام
2	پارہ	〃	6	نیلا تھوتھا	6 گرام
3	باپچی	〃	7	فلفل سیاہ	6 گرام
4	کمیلہ	〃	8	مکھن گائے	325 گرام

ترکیب تیاری و استعمال: پہلے پارہ و گندھک کی کجلی بنائیں۔پھر دوسری ادویات ملا کر باریک سفوف بنائیں اور مکھن گائے (جسے تین بار دھولیا گیا ہو) میں ملا کر مرہم بنائیں۔تھوڑی سی مرہم جسم پر مل کر چند منٹ بعد بھینس کا گوبر مل کر صابن و نیم گرم پانی سے نہالیں۔اور جسم پر سرسوں کا تیل مل لیں۔دو تین کے استعمال سے مکمل آرام آجائے گا۔

بغلوں کی بدبُو

میٹھا سوڈا صبح دوپہر شام بغلوں میں لگائیں بہت جلد بدبو ختم ہوجائے گی۔

ھوالشافی — پھلبھری (روغن ہڑتال اکسیر برص) — ھوالکافی

ترکیب ہڑتال ورقیہ کو 2 پہر تک 6 گھنٹے تک سفیدی بیضہ ءمرغ میں خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں پھر ایک ہفتہ گھیکوار کیلعاب میں کھرل کرتے رہیں۔ (انشااللہ 100% مجرب ہے)۔پھر ٹکیاں بنا کرخشک کرلیں۔اس کے بعد ایک قلعی دار دیگچی میں روغن گاؤ داخلکریں۔ ٹکیاں اس میں ڈال کرنیچے نرم نرم آگ جلاتے رہیں جس کا شعلہ چراغ کی لو کی مانند ہو۔اسی طرح متواتر صبح وشام آگ جلائیں۔حتیٰ کہ ٹکیہ کا رنگ بالکل سیاہ ہوجائے۔اس کے بعد اُتارلیں اور سرد ہونے پر گھی کو نتھار کر علیحدہ رکھ لیں اور تہہ نشین سیاہ دوا کو علیحدہ کرلیں۔

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	ہڑتال ورقیہ	5تولہ
2	سفیدی بیضہ ءمرغ	1عدد
3	روغن گاؤ	2 کلو

استعمال: روغن مذکور 3 تولہ یا کم وبیش حسب برداشت مریض کو کھلاتے رہیں۔پرانے مریض کو 5 تولہ تک کھلانی چاہیئے اور سیاہ دوا کو اسی گھی میں حل کرکے داغوں پر بھی استعمال کرائیں۔

غذا : چنے کی روٹی ہمراہ روغن گاؤ یا گیہوں کی روٹی ہمراہ دال مونگ دُھلی ہوئی دی جاسکتی ہے۔

پرہیز : کھانے کی باقی ہر چیز سے پرہیز کریں۔

فوائد : برص کے لیے اس سے بہتر کوئی دوا نہیں۔ 40 روز کے استعمال سے بفضلہ مرض کا نام ونشان تک نہیں رہے گا۔ بلکہ اس سے پہلے ہی انشااللہ مرض دور ہوجائے گا۔اور اصلی جلد نمودار ہوجائے گی۔ یہ روغن اپنے خداداد فوائد کے اگر اشرفی تولہ کے حساب سے بھی فروخت کی جائے تو پھر بھی ارزاں ہے۔

ھوالشافی — پھلبھری (01) (پھلے ٹیسٹ ضروری ھے) — ھوالکافی

1	ہرڑ	1 تولہ
2	بھیڑہ	1 تولہ
3	آملہ	1 تولہ
4	مال کنگنی	1 تولہ
5	بابونہ	1 تولہ
6	زردچوب	1 تولہ
7	باوچی	1 تولہ
8	دھتورے کا پھل جو پکنے کے قریب ہو	حسب ضرورت
9	بھنگرابوٹی کا پانی	1پاؤ

ترکیب 1: سب کو باریک کرکے 3 / 2 دن بھنگرابوٹی کے 1 پاؤ پانی میں کھرل کریں پھر جنگلی بیر کے برابر گولی بنالیں

استعمال: 2 گولی صبح وشام سرکہ جامن یا انگوریمیں گھس کر داغوں پر لگائیں۔

ترکیب 2 : دھتورے کا پھل پکنے کے قریب ہوتو لے کر کوزہ میں بند کرکے جلا لیں اور کوئلہ بنالیں۔

استعمال: 1 چاول تا 1 رتی خوراک روزانہ 1 مرتبہ

ضروری ٹیسٹ

ایک عدد سرنج لے کر نشانات پر ہلکا سا چبھو کر دیکھیں۔اگر خون نکلے تو قابلِ علاج ہے اور اگر کوئی رنگ ہو تو قابلِ علاج نہ ہے۔

ھوالشافی	پھلبھری (02) (پہلے ٹیسٹ ضروری ہے)	ھوالکافی

1- لہسن مقشر 1 پاو 2- روغن کنجد 1 کلو

ترکیب: اس کو خوب رگڑ کر لئی سی بنالیں اور تھوڑا تھوڑا روغن کنجد شامل کر کے حل کریں۔ جب 1 سیر روغن مل کر یکجان ہو جائے تو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جس وقت لہسن جل جائے آگ سے اُتار لیں اور چھان کر بوتل میں رکھ لیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت 3 / 2 بار روزروزانہ روئی کے ساتھ داغوں پر لگائیں۔

ضروری ٹیسٹ

ایک عدد سرنج لے کر نشانات پر ہلکا سا چبھو کر دیکھیں۔ اگر خون نکلے تو قابلِ علاج ہے اور اگر کوئی رنگ ہو تو قابل علاج نہ ہے۔

ھوالشافی	پھلبھری (03) (پہلے ٹیسٹ ضروری ہے)	ھوالکافی

1	تخم مولی	2 تولہ
2	گندھک آملہ سار	2 تولہ
3	بابچی	2 تولہ
4	گائے کی دہی	حسبِ ضرورت

ترکیب: تینوں کو کوٹ کر ملالیں۔ 1 تولہ روزانہ رات کو 3 چھٹانک پانی میں بھگوئیں۔ صبح پانی نتھار کر پی لیں اور پھوک کو گائے کی دہی میں خوب کھرل کر کے داغوں پر لیپ کریں۔ انشا اللہ چند ہی روز میں بہتر محسوس کریں گے۔

دیگر

1	گودہ اندرائن	2 تولہ
2	رائی	2 تولہ

ترکیب: خوب باریک پیس کر چنے برابر گولیاں بنا کر 2 گولی صبح وشام ہمراہ پانی دیں

ضروری ٹیسٹ: سرنج لے کر نشانات پر ہلکا سا چبھو کر دیکھیں خون نکلے تو قابلِ علاج ہے اور اگر کوئی رنگ ہو تو قابل علاج نہ ہے

پرکلی ہیٹ پاؤڈر

ٹالکم پاؤڈر 1: کلو ست پودینہ (مینتھول): 10 گرام ان کو مکس کر لیں پاوڈر تیار ہے۔

ھوالشافی	روغنِ خارش	ھوالکافی

عسل بلادر (روغن بھلانواں)	2 قطرے
روغن سرشف (سرسوں کا تیل)	10 تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کو ملا کر رکھ لیں

ترکیب استعمال: اس کی مالش کرنے سے انشا اللہ خارش خشک ہو یا تر اور چھپا کی سے نجات مل جاتی ہے۔

ھوالشافی	سفوف برص	ھوالکافی

1	سمندرسوکھ	12 گرام
2	گل منڈی	24 گرام

ترکیب : تمام ادویہ کو ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

خوراک : 6 گرام ہمراہ دودھ

پرھیز : سرخ مرچ، گڑ، تیل

دواءِ گندھک

1	گندھک آملہ سار	10 گرام
2	کافور	10 گرام
3	نیلہ تھوتھا	10 گرام
4	مردار سنگ	10 گرام
5	کمیلہ	10 گرام
6	روغن زرد	75 گرام

ترکیب : سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ پھر روغنِ زرد 21 مرتبہ پانی سے دھو کر اس میں ملادیں

استعمال: حسبِ ضرورت جسم پر مالش کرائیں۔

فوائد: خشک وتر خارش کو مفید ہے۔

حبِ کرامات

1	کمیلہ	6 گرام
2	چونا	6 گرام
3	نیلا تھوتھا	6 گرام
4	ہلیلہ زرد	6 گرام
5	کتھ پپڑیا	6 گرام
6	گھی	حسبِ ضرورت

ترکیب/استعمال: سب کو کوٹ چھان کر بدستور ہمراہ پانی گولیاں بنالیں۔ ایک گولی گھی میں حل کر کے دانوں پر لگائیں۔

فوائد : جرب آتشک اور دیگر جلدی بیماریوں نیز سوداوی زخموں میں مفید ہے۔

ھوالشافی	چنبل کا بینظیر نسخہ	ھوالکافی

1	باپچی	25 گرام
2	گندھک	12 گرام
3	سم الفار	6 گرام
4	موم	100 گرام
5	سپ کنج سالم	1 عدد
6	روغن کنجد	75 گرام

تیاری : روغن اور موم کو آگ پر رکھیں اور موم پگھلنے پر نیچے اتار لیں بقیہ اشیاء کوٹ چھان کر باہم ملالیں یہاں تک کہ یکجان ہوجائیں

استعمال : بطریق مرہم استعمال کرائیں۔

فوائد : یہ چنبل کے لیے لاجواب چیز ہے

ھوالشافی

عرق مصفیٔ خون

ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	منڈی بوٹی	50 گرام	12	گلو	50 گرام
2	برگ حنا	〃	13	برادہ صندل سرخ	〃
3	پوست ہرڑزرد	〃	14	برادہ صندل سفید	〃
4	افسنتین	〃	15	گل گلاب	〃
5	بانسہ	〃	16	بادیان	〃
6	چرائتہ	〃	17	کاسنی	〃
7	برگ نیم	〃	18	پوست بہیڑہ	〃
8	آکاش بیل	〃	19	آملہ	〃
9	ہرڑ سیاہ	〃	21	کشنیز	〃
10	پاپڑہ	〃	21	عناب	250 گرام
11	کڑو	〃	22	پوست نیم	500 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاءکورات کو 20 کلو پانی میں بھگودیں۔صبح بطرق 10 بوتل عرق حاصل کریں۔

فوائد: دھدر،چنبل،خارش (تروخشک)،جذام، پرانے بخار،پھوڑے پھنسیاں، خرابیٔ خون ہمہ اقسام کے لیے مفید ومجرب ہے۔

ھوالشافی	تریاقِ خارش	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	گندھک آملہ سار	12 گرام	4	آنبہ ہلدی	12 گرام
2	قسط تلخ	12 گرام	5	روغنِ سرشف	200 گرام
3	بابچی	12 گرام	6	پانی	100 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو جوکوب کر کے سولہ گھنٹے تک 100 گرام پانی میں بھگو دیں۔ پھر اس میں 200 گرام تیل سرسوں ڈال کر ہلکی آگ پر رکھ دیں جب پانی جل جائے اور ادویات سیاہ ہو جائیں تو تیل کو فلٹر کر کے سنبھال لیں۔

استعمال: خارش زدہ مقام پر خوب مالش کریں۔

فوائد: خشک وتر خارش میں سو سالہ مجرب نسخہ ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ خارش	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	کالی زیری	ہم وزن	3	گندھک آملہ سار	״
2	گیرو	״			

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پاؤڈر بنا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 2 گرام صبح جبکہ 6 گرام صرف دوپہر کو دہی کے ساتھ دیں۔ مزید 6 گرام دوا 50 گرام روغنِ سرشف میں حل کر کے پورے بدن کی مالش کریں۔

فوائد: پہلے ہی دن فائدہ ہوگا البتہ پرہیز واجب ہے۔ خارش خشک وتر میں مفید ہے۔

پرہیز: صرف دودھ چاول یا میٹھا دہی دیجیے باقی ہر چیز بند کر دیں۔

ھوالشافی	دوائے خارش	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برگ کنیر سفید خشک	25 گرام	3	روغنِ سرشف	50 گرام
2	گندھک آملہ سار	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پاؤڈر بنا کر روغن سرشف میں حل کر کے آگ پر رکھیے تاکہ مرہم سی بن جائے مگر آگ نرم ہو بعد میں اُتار کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 2 گرام صبح جبکہ 6 گرام صرف دوپہر کو دہی کے ساتھ دیں۔ مزید 6 گرام دوا 50 گرام روغنِ سرشف میں حل کر کے پورے بدن کی مالش کریں۔

فوائد: پہلے ہی دن فائدہ ہوگا البتہ پرہیز واجب ہے۔ خارش خشک وتر میں مفید ہے۔

پرہیز: صرف دودھ چاول یا میٹھا دہی دیجیے باقی ہر چیز بند کر دیں۔

ھوالشافی — دوائے ناسور — ھوالکافی

1	الائچی خورد	25 گرام	3	مصطگی رومی	25 گرام
2	چوب چینی	60 گرام	4	عُشبہ	25 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: 3 گرام صبح وشام

ھوالشافی — الرجی ، دھپڑ وغیرہ — ھوالکافی

1	الرجی، دھپڑ وغیرہ	ہم وزن	3	روغن گل	
2	جوائن				

ترکیب /استعمال: تینوں کو گھوٹ کر مالش کروائیں۔اجوائن کی دھونی دیں۔

ھوالشافی — سفوف چوب گر — ھوالکافی

1	پوست ہلیلہ زرد	40 گرام	7	شاہترہ	30 گرام
2	پوست ہلیلہ کابلی	30 گرام	8	گل سرخ	60 گرام
3	پوست بلیلہ	110 گرام	9	ریوند چینی	50 گرام
4	چوب زرد	110 گرام	10	برگ ثناء مکی	20 گرام
5	آملہ	100 گرام	11	شکر سفید	برابر وزن ہمہ ادویہ
6	ہلیلہ سیاہ	100 گرام	12	عرق منڈی+عرق شاہترہ	بدرقہ

ترکیب : سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

استعمال:25 گرام سفوف کو عرق منڈی 75 گرام اور عرق شاہترہ 7 گرام =150 گرام بطور بدرقہ استعمال کرائیں۔

فوائد:داد، خارش اور آتشک وغیرہ میں مفید ہے۔

ھوالشافی — داد چنبل کی دوا — ھوالکافی

1	اجوائن دیسی	50 گرام	3	روغنِ کنجد	100 گرام
2	شیر مدار	100 گرام			

ترکیب : دیسی اجوائن کو کوٹ کر شیر مدار میں گوندھ کو چپٹی ٹکیہ بنالیں۔اب اس کو روغنِ کنجد میں ڈال کر اتنا پکائیں کہ جل کر سیاہ ہو جائے۔تیل ٹھنڈا ہونے پر اس ٹکیہ کو پھینک دیں اور تیل کو چھوٹی چھوٹی شیشیوں میں محفوظ کرلیں۔

استعمال:اس کو لگاتے رہنے سے پرانے سے پرانے داد،چنبل تک دور ہوجاتے ہیں۔

حمیات ...... بخار

تعریف: جب اعضاءِ رئیسہ میں سے کسی عضو کے فعل میں بگاڑ پیدا ہو کر حرارت غریبہ پیدا ہو جائے تو اسے بخار کا نام دیتے ہیں۔ جو حالتِ صحت میں 98.5 فارن ہائیٹ سے تجاوز کر جاتی ہے۔ اعضاءِ رئیسہ کے لحاظ سے بخاروں کی تین بڑی اقسام ہیں۔

1۔ صفراوی بخار 2۔ سوداوی بخار 3۔ بلغمی بخار

مزید تقسیم کرنے پر مزیج کا لحاظ کرتے ہوئے چند مزید اقسام بھی بن جاتی ہیں۔ بیان کر دیا جاتا ہے کہ آسانی رہے۔

اخلاط کی حالتیں

ہر خلط کی تین صورتیں ہوتی ہیں۔ جیسے جو کچھ ہمیں نظر آتا ہے وہ مادہ ہے۔ مگر اس کی تین حالتیں ہوتی ہیں۔ مثلاً پانی کبھی بھاپ کبھی مائع یعنی سیال اور کبھی ٹھوس یعنی برف کی صورت میں ہوتا ہے۔ کبھی خلط گیس کی صورت اختیار کر کے روح کہلاتی ہے۔ کبھی مائع حالت میں اخلاط کہلاتی ہے تو کبھی ٹھوس حالت میں اعضاء کے اندر صلابت کا درجہ رکھتی ہے۔ پتھریاں واماس وتہج وغیرہ۔ یہ تینوں حالتیں فاضل مواد کے رکنے کی مختلف شکلیں ہیں۔ جو اعضائے رئیسہ کے لحاظ سے تقسیم کی گئی ہیں۔

بخار کی مدت کا انحصار مادہ کی مقدار پر ہوتا ہے۔ مثلاً مادہ جس قدر لطیف ہوگا جلد متعفن ہوگا اور جلد اخراج پا کر شفاء کا باعث بنے گا مثلاً ایک روزہ بخار۔ مزید سمجھیئے کہ جب مادہ گیس کی شکل مین ہوتا ہے تو وہ جلد کیفیات میں تبدیل ہونے کی صورت میں ہوتا ہے۔ یا نفسیاتی جذبات سے جلد متاثر ہو جاتا ہے۔ الہٰذا بخاروں کی لطیف اقسام کیفیاتی ونفسیاتی ہوتی ہیں۔

☆ کیفیاتی ونفسیاتی جذبات کے باعث اس کی بے شمار اقسام ہیں۔ چند ایک درج ہیں۔

☆حمی ءغم	☆حمی ءاہتمام	☆حمی ءفکر	☆حمی ءغصہ	☆حمی ءنیند وآرام	☆حمی ءخوف	☆حمی ءتھکاوٹ
☆حمی ءدرد	☆حمی ءبھوک	☆حمی ءپیاس	☆حمی ءبدہضمی	☆حمی ءنزلہ وزکام	☆حمی ءاسہال وپیچش	☆حمی ءسدے وغیرہ

جراثیم اور اچھوت دار بخار کی حقیقت

جب تک اعضائے رئیسہ میں سے کسی عضو میں کمزوری یا خرابی واقع نہ ہو اس وقت تک نہ بدن کے کسی حصے تک میں کوئی مادہ رکتا ہے اور نہ ہی مادہ متعفن ہوتا ہے۔ اور نہ ہی تپ (بخار) ہوتا ہے۔ جب کسی عضو کی کمزوری کے باعث کوئی مادہ رکتا ہے تو آہستہ آہستہ وہاں تعفن پیدا ہوتا ہے۔ جو زہر ہوتا ہے۔ خمیر وتعفن کے فوراً بعد وہاں نہایت باریک باریک مخصوص قسم کے کیڑے (جراثیم) نظر آئیں گے اور یہی متعفن مادہ یا کیڑے جب کسی تندرست شخص کو لگ جاتے ہیں یا تندرست شخص کے جسم میں داخل ہو جاتے ہیں تو تندرست شخص کو بھی بیماری کے رنگ میں رنگ دیتے ہیں۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ ہر شخص تو اس متعفن مادہ سے بیمار نہیں ہوتا؟ جواب یہ ہے کہ ہر شخص کی انفرادی حیثیت ہوتی ہے، انفرادی ترکیب ہوتی ہے۔ اعضائے رئیسہ اور متعلقہ اعضاء جس قدر طاقتور اور صحت مند ہوں گے اتنی ہی قوتِ مدافعت ہوگی۔ جو بیماری لگنے نہیں دیتی۔ کیونکہ کوئی بھی متعفن مادہ جب کسی غریب بدن میں جاتا ہے تو پہلے پہل وہ اعضائے رئیسہ کو کمزور کرتا ہے۔ اگر کامیاب ہو جائے تو پھر وہاں کوئی بیماری پیدا کرتا ہے۔ مزید یہ کہ جو مزاج اخلاط کا ہوگا وہی مزاج متعفن مادہ سے پیدا ہونے والے جراثیم کا ہوگا۔

هوالشافی	حب حمیٰ	هوالکافی

1	کونین	12 گرام	3	صمغ عربی	24 گرام
2	ست گلو	12 گرام	4	طباشیر	24 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کوملا کر دانہ مونگ کے برابر حبوب بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ یا چائے دیں۔

فوائد: موسمی بخاروں میں مفید ہے جبکہ ملیریا بخاروں میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

هوالشافی	کافور پلز	هوالکافی

1	طباشیر نقرہ	12 گرام	4	دانہ الائچی خورد	6 گرام
2	گیرو	12 گرام	5	ست گلو	3 گرام
3	کافور	12 گرام	6	کشتہ ابرک سفید	3 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کونہایت باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 250 ملی گرام ہر 2 گھنٹے بعد دیں ہمراہ شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ و عرق بید مشک۔

فوائد: صفراوی بخار، سرسام، پیاس کی شدت کے لیے، شدید بے چینی، گھبراہٹ میں نہایت مفید الاثر بے خطا نسخہ ہے۔

هوالشافی	حبِ جانبر	هوالکافی

1	فلفل سیاہ	ہم وزن	9	مصبر	۔۔۔۔
2	زنجبیل	۔۔۔۔	10	چرائتہ	۔۔۔۔
3	فلفل دراز	۔۔۔۔	11	زیرہ سفید	۔۔۔۔
4	ریوند چینی	۔۔۔۔	12	زیرہ سیاہ	۔۔۔۔
5	ہینگ خالص	۔۔۔۔	13	گلو	۔۔۔۔
6	لہسن	۔۔۔۔	14	اجوائن دیسی	۔۔۔۔
7	لونگ	۔۔۔۔	15	شنگرف	۔۔۔۔
8	نوشادر	۔۔۔۔			

ترکیب: تمام ادویات کونہایت باریک پاؤڈر کرلیں اور دودھ ملا کر حبوب دانہ مونگ برابر بنالیں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ آب نیم گرم یا چائے دیجیئے۔ بچوں کونصف گولی دودھ کے ہمراہ دیں۔

فوائد: ہرقسم کے بخاروں میں نہائے ہی مفید الاثر لاجواب دوا ہے۔

ھوالشافی	تریاقِ بخار	ھوالکافی

1	زہر مہرہ خطائی	12 گرام	3	دانہ الائچی خورد	12 گرام
2	طباشیر	12 گرام	4	ست گلو	12 گرام
			5	چھلکا اسپغول	حسبِ ضرورت

ترکیب: لعاب اسپغول میں نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: روزانہ تین تین گھنٹے بعد ایک ایک گولی شربتِ نیلوفر یا سادہ پانی سے دیں۔

فوائد: تپ لرزہ ہو یا تپ بغیر لرزہ۔ دونوں میں مفید ہے۔

ھوالشافی	کشتہء گاؤدنتی 1	ھوالکافی

1	گاؤدنتی	24 گرام	3	اوپلے	10 کلو
2	پیاز	1 کلو			

ترکیب: گاؤدنتی نغدہ پیاز میں دے کر دس کلو اوپلوں میں جھونک دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 250 ملی گرام۔ صبح دوپہر شام۔ صفراوی بخاروں میں شربت بنفشہ کے ہمراہ بلغمی بخاروں میں مویز منقیٰ میں رکھ کر اور سوداوی بخاروں میں شربتِ گاؤزبان میں ہتپ پرسوت میں خمیرہ گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں میں بے مثل دوا ہے۔

ھوالشافی	کشتہء گاؤدنتی 2	ھوالکافی

1	گاؤدنتی	60 گرام	3	اوپلے	10 کلو
2	گلو سبز	500 گرام			

ترکیب: گاؤدنتی نغدہ گلو سبز میں دے کر دس کلو اوپلوں میں جھونک دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 250 ملی گرام تا 500 ملی گرام۔ موسمی بخار کے لیے شربتِ بنفشہ کے ساتھ۔ بلغمی بخار کے لیے مویز منقیٰ میں دیں۔ جبکہ سوداوی بخار میں خمیرہ گاؤزبان سادہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: موسمی بخار، تیجہ، چوتھیہ، بلکہ ہر قسم کے بخار میں اکسیر ہے۔ بچہ و بوڑھا استعمال کرسکتا ہے۔

ھوالشافی	کشتہء ھڑتال گاؤدنتی	ھوالکافی

1	گاؤدنتی	25 گرام	3	نغدہ نیم	250 گرام
2	عرق نیم	50 گرام		اوپلے	10 کلو

ترکیب: پہلے گاؤدنتی کو عرق نیم میں کھرل کریں پھر نغدہ میں رکھ کر اوپلوں کی اگ دیں۔ سرد ہونے پر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 125 تا 250 ملی گرام نزف الدم کے لیے ہمراہ طباشیر ضیق النفسکے لیے مسکہ میں یا شربت بنفشہ کے ہمراہ دیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں میں لاجواب ہے نزف الدم ضیق النفس میں اکسیر اعظم ہے

ھوالشافی	بخارین	ھوالکافی

1	کونین سلفاس	12 گرام	2	ریوند چینی	25 گرام

ترکیب: دونوں کو خوب پاؤڈر بنا کر نخودی گولیں بنالیں۔

استعمال: ایک سے دو گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ نیم گرم۔

فوائد: ہر قسم کے بخار کے لیے سوفیصد مفید ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ ملیریا	ھوالکافی

1	ریوند عصارہ	50 گرام	4	چرائتہ	3 گرام
2	مصطگی رومی	50 گرام	5	افسنتین	3 گرام
3	جوشاندہ بادیان	3 گرام			

ترکیب: پہلی دونوں ادویہ کو پیس کر ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ باقی تین ادویہ کا جوشاندہ الگ بنا کر رکھیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ جوشاندہ مذکور دیں۔

فوائد: ہر قسم کے ملیریا بخار کے لیے سوفیصد مفید ہے۔

ھوالشافی	اکسیرفیور	ھوالکافی

1	زیرہ سفید	12 گرام	5	زہر مہرہ	6 گرام
2	کشنیز خشک	12 گرام	6	کونین سلفیٹ	6 گرام
3	کلمی شورہ	12 گرام	7	دانہ الائچی خورد	6 گرام
4	طباشیر	12 گرام	8	ست گلو	12 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو پیس کر شیرہ کاسنی میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت نیلوفر دیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں کے لیے سوفیصد مفید ہے۔

ھوالشافی	اکسیر حمیٰ	ھوالکافی

1	مغز کرنجوہ	180 گرام	5	طباشیر	12 گرام
2	افسنتین	24 گرام	6	ست گلو	12 گرام
3	برگ گاؤزبان	3 گرام	7	الائچی خورد	12 گرام
4	گل سُرخ	3 گرام	8	گلو سبز کا پانی	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویہ کو پیس کر گلو سبز کے پانی میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔ **فوائد**: ہر قسم کے بخاروں کو دفع کرنے میں لاجواب ہے

ھوالشافی	یمانی کمپائونڈ	ھوالکافی

1	شب یمانی	60 گرام	3	گیرو	12 گرام
2	کلمی شورہ	25 گرام			

ترکیب: شب یمانی اور کلمی شورہ کو آگ جلا کر کڑاہی میں ڈال کر خوب ہلائیں حتیٰ کہ بریاں کر کے گیرو ملا کر سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 250 تا 500 ملی گرام مناسب بدرقہ سے دیں۔

فوائد: موسمی بخاروں کے لیے لاجواب دوا ہے۔

ھوالشافی	کرشماتی سرمہ	ھوالکافی

1	نیلا تھوتھا اعلیٰ درجہ	50 گرام	2	آب لیموں مقطر	1 کلو گرام

ترکیب: نیلا تھوتھا کو آب لیموں مقطر سے کوب کھرل کریں کہ پانی ختم ہو کر سرمہ بن جائے تو محفوظ کر لیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت ایک ایک سلائی چھار کر دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: تیز سے تیز بخار بھی 15 منٹ میں اُتر جائے گا۔ یہ ایک وقتی کرشمہ ہے۔ مستقل علاج بعد میں کریں۔

ھوالشافی	دوائے بخار خاص	ھوالکافی

1	الائچی خورد	25 گرام	5	کشتہ ابرق سفید	12 گرام
2	ست گلو	25 گرام	6	کونین سلفاس	12 گرام
3	طباشیر	12 گرام	7	کافور	6 گرام
4	مغز کرنجوا	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر پاؤڈر بنا لیں۔

استعمال: 500 تا 750 ملی گرام ہمراہ تازہ پانی دن میں تین مرتبہ دیں۔

فوائد: خاص الخاص معمول مطب تجربہ شدہ نسخہ ہے جو ہر قسم کے بخاروں میں اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

ھوالشافی	کرنجوا پلز	ھوالکافی

1	مغز کرنجوا	25 گرام	4	پھٹکڑی شگفتہ	12 گرام
2	فلفل دراز	25 گرام	5	زیرہ سفید	12 گرام
3	برگ کیکر	18 گرام			

ترکیب: تمام اجزاء کو پیس کر حبِ نخودی گولیاں بنا لیں۔

استعمال: 2 تا 3 گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: ملیریا کا تریاق ہے۔

هوالشافی	کرشماتی سرمہ	هوالکافی

1	نیلا تھوتھا اعلیٰ درجہ	50 گرام	2	آب لیموں مقطر	1 کلوگرام

ترکیب: نیلا تھوتھا کو آب مقطر میں خوب کھرل کریں حتیٰ کہ آب لیموں ختم ہو جائے اور سرمہ بن جائے تو محفوظ کرلیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت ایک سلائی جھاڑ کر دونوں آنکھوں میں لگائیں۔

فائدہ: تیز سے تیز بخار بھی 15 منٹوں میں اُتر جائے گا۔ یہ ایک وقتی کرشمہ ہے مستقل علاج بعد میں کریں۔

هوالشافی	تریاقِ ملیریا	هوالکافی

1	شب یمانی	50 گرام	2	آب برگ کریلہ	180 گرام

ترکیب: پہلے دونوں کو خوب کھرل کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے 5 کلو اوپلوں کی آگ دے کر سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ کرلیں

استعمال: 2 تا 4 رتی شربت بنفشہ، عرق گاؤزبان کے ساتھ دن میں 3 مرتبہ استعمال کرائیں۔

فائدہ: ملیریا کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

هوالشافی	حبِ صفراوی تپ	هوالکافی

1	کافور	12 گرام	3	طباشیر	12 گرام
2	گیرو	1 گرام	4	دانہ لاچی خورد	12 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو خوب بریک پوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2 تا 4 رتی دن میں 3 مرتبہ ہمراہ شربت صندل یا عرق صندل یا عرق کیوڑہ دیں۔

فائدہ: ان شاء اللہ عزوجل صفراوی بخار پہلے ہی دن میں ختم ہو جائے گا۔ بخار کی حاکت میں ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دینے سے شفاء کامل ہو جاتی ہے۔

هوالشافی	دوائے تپ	هوالکافی

1	زنجبیل	ہم وزن	5	ہلیلہ سیاہ	″
2	لونگ	″	6	فلفل دراز	″
3	اجوائن	″	7	چترہ	″
4	فلفل سیاہ	″			

ترکیب: تمام ادویات کو خوب بریک پوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 3 گرام دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب گرم دیں۔

فائدہ: تپ کہنہ خواہ کیسا ہی ہو، مفید ولا جواب ہے۔

حمیات اخلاط و یوم

تعریف مرض: کیفیات ونفسیات وروحانی کے باعث پیدا ہونے والے بخار کو حمی بخار کے نام سے یاد کرتے ہیں۔

اسباب :جس قدر اسباب اس قدر اقسام ہوتی ہیں مثلاً غم کا بخار، اہتمام کا بخار، فکر کا بخار، خوف کا بخار، ڈر کا بخار، نزلہ وز کام کا بخار، نیند و آرام کا بخار، پیاس اور بھوک کا بخار، بدہضمی کا بخار، چوٹ کا بخار، درد کا بخار، پیچش کا بخار، سدوں کے باعث بخار، تھکاوٹ کا بخار وغیرہ

علامات: اسباب کے مطابق علامات کا اظہار ہوتا ہے۔عموماً ایک دو روز میں ختم ہوجاتے ہیں۔ بسا اوقات چند گھنٹے میں ختم ہوجاتے ہیں۔اس کی حرارت برابر ہی رہتی ہے۔شام کا بخار، آرام کی صورت میں اتر جاتا ہے۔

هوالشافی	سفوف حمیٰ	هوالکافی

1	سنکونا فیری	برابر وزن	3	طباشیر	
2	فیوج کونین سلفاس		4		

ترکیب :تینوں ادویہ کو نہایت اچھی طرح پوڈر بنا کر نگاہ رکھیئے۔

خوراک:6 تا 8 رتی گرم پانی یا چائے سے دن میں 3 مرتبہ دیں۔

فوائد:بخار کی باری فوراً سے رک جائے گی۔موسمی بخار کے علاوہ ہر قسم کے بخاروں میں مفید الاثر ہے۔

هوالشافی	حب حمیٰ	هوالکافی

1	کونین	12 گرام	3	صمغ عربی	25 گرام
2	ست گلو	12 گرام	4	طباشیر	25 گرام

ترکیب :تمام ادویات کو باریک کر کے دانہ مونگ برابر حبوب بنالیں۔

خوراک:1/1 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ یا چائے دیں۔

فوائد:موسمی بخاروں میں مفید الاثر ہے۔جب کہ ملیریا بخاروں میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

هوالشافی	ملیریل پوڈر	هوالکافی

1	برگ نیم	ہم وزن	3	برگ تلسی	
2	شگوفہ ارنڈ		4	برگ سداب	

ترکیب :تمام ادویات کو باریک کر کے نخودی حبوب بنالیں۔

خوراک:مقام مرض پر ہر روز لیپ کریں اور پٹی کرلیں۔

فوائد:1/1 گولی صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد ہمراہ نیم گرم دودھ پتی یا گرم پانی دیں۔

هوالشافی	حبِ تپ	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ست گلو	12 گرام	4	زہرمہرہ خطائی	12 گرام
2	طباشیر	12 گرام	5	کافور	3 گرام
3	دانہ الائچی خورد	12 گرام	6	لعاب اسپغول	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویات کا پوڈر بنا کر لعاب اسپغول میں نخودی گولیاں بنا لیں۔ محفوظ کر لیں۔

خوراک: ایک گولی باری سے 2 یا 3 گھنٹے پہلے کھلائیں۔

فوائد: پہلے دن ہی بخار رفع ہو جائے گا ورنہ دوسری باری پر دوا استعمال کرائیں تو بخار بالکل جاتا رہے گا ہزارہا مرتبہ کا تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

هوالشافی	حبِ تپ	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	کشتہ ابرک سفید	ہم وزن	5	دانہ الائچی خورد	〃
2	اتیس	〃	6	کونین فولادی	〃
3	طباشیر	〃	7	لعاب صمغ عربی	حسبِ ضرورت
4	ست گلو	〃			

ترکیب: تمام ادویات کا پوڈر بنا کر لعاب صمغ عربی میں نخودی گولیاں بنا لیں۔ محفوظ کر لیں۔

خوراک: 1/1 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری یا گرم پانی یا قہوہ دیں۔

فوائد: ہر قسم کے بخاروں خصوصاً کہنہ بخاروں میں نہایت جید الاثر ہے۔

هوالشافی	بنسلوجن پلز	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	بنسلوجن	12 گرام	4	ست گلو	12 گرام
2	دانہ الائچی خورد	12 گرام	5	کافور	3 گرام
3	زہرمہرہ خطائی	12 گرام	6	سبز کونین	3 گرام

ترکیب: تمام ادویات کا پوڈر بنا کر لعاب اسپغول میں نخودی گولیاں بنا لیں۔ محفوظ کر لیں۔

خوراک: 1/1 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیں اگر باری کا بخار ہو تو 3 گھنٹے پہلے 2 گولی کھلا دیں۔

فوائد: موسمی بخار، ملیریا، صفراوی و دیگر بخاروں میں بے مثل دوا ہے۔

هوالشافی	کشتہ صدف	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	صدف مرواریدی	50 گرام	2	بھنگ کا نغدہ	250 گرام

ترکیب: نغدہ بھنگ میں صدف دے کر 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: 2/2 رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ، چائے یا شربت بنفشہ دیں۔

فوائد: یہ کشتہ تپ مزمنہ و کہنہ اور تپ دق میں اکسیر صفت کا حامل ہے۔

ھوالشافی — اکسیر بخار — ھوالکافی

1	چونا ان بجھا	25 گرام		3	طوطیا سبز	1 گرام
2	ہڑتال ورقیہ	25 گرام		4	عرق گھیگوار	حسبِ ضرورت

ترکیب : تمام ادویات کو عرق گھیگوار میں 3 یوم تک کھرل کر کے کوزہ گلی میں 1 کلو اوپلوں کی آگ دیکر سرد ہونے سنبھال رکھیں۔

خوراک:1 گرام بخار چڑھنے سے 1 گھنٹہ پہلے دیں۔اسی طرح روزانہ کیجیے۔

فوائد: بادی والا بخار، تیجہ۔چوتھیا وغیرہ میں کامیاب خاندانی تجربہ شدہ ہیروں کے برابر تولنے والا نسخہ ہے۔

ھوالشافی — دوائے کافوری — ھوالکافی

1	بیش مدبر	12 گرام		5	مصبر	25 گرام
2	فلفل سیاہ	12 گرام		6	ہلدی	25 گرام
3	سہاگہ	12 گرام		7	کافور	12 گرام
4	رسونت	25 گرام				

ترکیب:تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

خوراک:1 گرام تک صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں

فوائد:موسمی بخار جولرزہ سے ہوتا ہے اس کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

ھوالشافی — دوائے مدنی — ھوالکافی

1	سم الفار	12 گرام		3	آب کریلہ صحرائی	بقدرِ ضرورت
2	سنگ بصری	25 گرام		4		

ترکیب : دونوں کو 2 یوم تک آب کریلہ میں خوب کھرل کر کے دانہ ماش برابر حبوب بنا لیں۔

خوراک:1/1 گولی صبح وشام ہمراہ بوڑھوں کو جلاب شکری جبکہ نوجوانوں کو شیرہ خرفہ خیارین ومصری دیں۔

فوائد:2/3 دن کے استعمال سے بخار دور ہو جائے گا۔

پرہیز: دودھ چاول دیں جبکہ ترشی، گوشت، گھی، چربی سے پرہیز لازم ہے۔

ھوالشافی — حب شفاء — ھوالکافی

1	تخم جوز مائل	72 گرام		3	زنجبیل	25 گرام
2	ریوند چینی	50 گرام		4	صمغ عربی	25 گرام

ترکیب : تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے نخودی حبوب بنالیں۔

خوراک:1/1 گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں۔اگر پیاس زیادہ لگے تو شیرہ خرفہ پی لیں۔

فوائد:دردِ دست، نزلہ وزکام، بخار، مزمنہ بخار میں مفید ومجرب ہے۔

ھوالشافی	عرق تریاقِ بخار	ھوالکافی

1	گل بنفشہ	1200 گرام	5	شاہترہ	500 گرام
2	گلوسبز	4 کلو	6	سونف	1 کلوگرام
3	گاؤزبان	500 گرام	7	ملٹھی	100 گرام
4	چرائتہ	500 گرام	8	پانی	25لیٹر

ترکیب نمبر 1

گلو کو باریک کاٹ لیں۔۔دیگر خشک اجزاء کو جوکوب کر لیں اور تمام اجزاء ۔۔۔کے تین حصے۔۔۔ کر لیں

﴾1﴿ ایک حصہ دوا کو۔۔۔25 لیٹر پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔۔ 12 گھنٹے کے بعد عرق کشید کریں۔تقریباً 18 تا 20 لیٹر عرق ہو گا

﴾2﴿ اسی عرق دوسرے حصہ دوا۔۔۔میں ڈال کر مزید اتنا پانی شامل کریں کہ 25 لیٹر ہو جائے ۔12 گھنٹے کے لیے بھگوئیں اور عرق کشید کریں۔

﴾3﴿ تیسری بار پھر دوسری بار والے عرق میں۔۔۔تیسرا حصہ۔۔۔دوا بھگو کر مزید پانی ڈال کر۔۔۔ 25لیٹر پورا کریں اور عرق کشید کریں۔سہ آتشہ عرق۔۔۔بن جائے گا۔

ترکیب نمبر 2

پہلی بار اسی طرح بنائیں۔(اس کے بعد۔۔۔جتنی بار بنائیں)

4 کلو خشک گلو سے۔۔۔40 لیٹر عرق کشید کر کے رکھ لیا۔پانی کی جگہ عرق گلو۔۔۔میں ادویات کو بھگوئیں۔۔۔عرق نکالنے کے بعد جو کمی ہو۔۔۔ وہ عرق گلو سے ہی پوری کریں۔ یقین کریں کہ فوائد اتنے زیادہ ملیں گے کہ دل باغ باغ ہو جائے گا

استعمال و خوراک: 25 ملی لیٹر دن میں۔۔۔4 مرتبہ دیں۔عمر اور مرض کے حساب سے کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

فائدہ: ہر طرح کا بخار چند دن میں جاتا رہتا ہے۔بخار کے متعلقہ۔۔۔تمام امراض بھی۔۔۔اسی سے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ کھانسی،نزلہ وزکام اور بخار کی وجہ سے پیاس کی شدت کے لیے بھی لاجواب ہے۔ بخار کی وجہ سے کمزوری بھی اسی عرق سے دور ہو جاتی ہے۔اسی عرق سے شربت بھی بنایا جا سکتا ہے۔فوائد شربت سے بھی بہتر ملیں گے

ھوالشافی	سفوفِ شفاء	ھوالکافی

1	مصری	160 گرام	4	دانہ الائچی خورد	20 گرام
2	طباشیر	80 گرام	5	دارچینی	10 گرام
3	فلفل دراز	40 گرام	6	شہد	حسبِ ضرورت

تیاری: سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر لیں۔

خوراک: 2 سے 3 گرام ہمراہ شہد استعمال کریں۔

فوائد: دق، پرانی کھانسی، بخار ہر قسم، دمہ، امراضِ گلا، ضعفِ ہاضمہ، جسمانی کمزوری، بلغمی بخار، انفلوئنزا، نمونیہ میں بلغم خارج کر کے تسکین دیتا ہے۔ بہت قابل تعریف نسخہ ہے۔

هوالشافی	شافی ڈراپ	هوالکافی

1	پارہ	3 گرام	5	ست پودینہ	25 گرام
2	گندھک آملہ سار	3 گرام	6	ست اجوائن	25 گرام
3	زعفران	3 گرام	7	ست الائچی	25 گرام
4	کاربالک ایسڈ	25 گرام	8	ٹنکچر کیمفر	25 گرام

ترکیب: پہلے گندھک وپارہ کی کجلی تیار کرلیں۔ پھر زعفران کو ملا کر خوب کھرل کریں اور دیگر ادویات ملا کر 2 ہفتوں کے لیے سنبھال رکھیے۔ بعدہ زرد رنگ کا زلال حاصل کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: اندرونی طور پر 3 قطرے تک چینی یا مصری ڈال کر کھلائیں۔ بیرونی طور پر مالش کریں۔

فائدہ: دردِ سر، سوءِ ہضم، نفخِ شکم، ہیضہ، درد دانت، زنبور کا ڈسنا، ضعفِ معدہ، بخار وغیرہ میں اسم بامسمّٰی ہے۔

هوالشافی	حبِ تپ جدید	هوالکافی

1	کونین سلفاس	4 گرام	4	ست گلو	4 گرام
2	فینسٹین	4 گرام	5	طباشیر	25 گرام
3	دانہ الائچی خورد	4 گرام	6	عرق لیموں	250 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے عرق لیموں میں خوب کھرل کریں اور نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: 1/1 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: نوبتی بخاروں، موسمی بخاروں میں جید الاثر ہے۔

هوالشافی	اکسیرِ ملیریا	هوالکافی

1	طباشیر	2 گرام	5	کونین سلفیٹ	2 گرام
2	دانہ الائچی خورد	2 گرام	6	مغز کرنجوا	12 گرام
3	ست گلو	2 گرام	7	جوشاندہ چرائتہ، برگ نیم، افسنتین تینوں اجزاء برائے جوشاندہ	12/12 گرام
4	ست چرائتہ	2 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے جوشاندہ میں خوب کھرل کریں اور نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولیاں ہمراہ شربت بنفشہ دیں۔

فائدہ: ہر قسم کے موسمی بخاروں میں جید الاثر ہے۔

هوالکافی	اکسیر بخار (1)	هوالشافی

12 گرام	فلفل سیاہ	4	12 گرام	گندھک آملہ سار	1
24 گرام	فلفل دراز	5	12 گرام	بیش (مدبر)	2
24 گرام	شنگرف رومی	6	12 گرام	پارہ (مصفی)	3
120 گرام	ادرک کارس	7			

ترکیب: پہلے گندھک وپارہ کی کجلی کریں بعد میں باقی ادویہ پیس کر کجلی میں ملادیں۔پھر ادرک کارس 120 گرام ڈال کر خوب کھرل کرکے مونگ برابر حبوب تیار کرلیں

خوراک: 1 گولی صبح وشام ہمراہ آب یا مناسب عرق وغیرہ

فوائد: تپ محرقہ اور مرکب بخاروں کی بہترین دوا ہے۔

هوالکافی	اکسیر بُخار (2)	هوالشافی

10 گرام	ہڑتال ورقیہ	1
40 گرام	پھٹکری سفید (خام)	2

ترکیب: دونوں اجزاء کو باہم کھرل کرکے کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر رکھیں۔جب شگفتہ ہوکر خشک ہوجائے تو اُتار کر پیس لیں۔

خوراک و استعمال: ایک رتی چینی میں ملا کر کھلائیں۔

ہمہ اقسام کے بخاروں کے لیے تریاق ہے۔

هوالکافی	اکسیر لرزہ	هوالشافی

4 گرام	پپلا مول	4	20 گرام	صندل سرخ	1
3 گرام	دارچینی	5	4 گرام	لونگ	2
4 گرام	پپلی	6	3 گرام	عقرقرحا	3

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو نہایت ہی باریک کرکے سنبھال لیجئے۔

استعمال و فوائد: آدھا تا 1 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ دیجئے۔

تپ لرزہ، کثرتِ پسینہ، کمزوری و درد، پرسوت (زچگی کے بعد کا بخار) میں نہایت جید الاثر دوا ہے۔

ھوالکافی	عرق پھٹکڑی مرکب	ھوالشافی

1	پھٹکڑی	2 گرام
2	نوشادر	2 گرام
3	قلمی شورہ	2 گرام
4	پانی	150 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر پانی میں ڈال کر ملا لیں۔

استعمال 15 گرام دن میں 3 بار

فوائد: دافع بخار ,پسینہ آور، مفر بول ہے۔ پیشاب آور ہے۔

ھوالکافی	بخار	ھوالشافی

1	پھٹکڑی سفید	25 گرام
2	پتاشا	50 گرام

ترکیب: دونوں کو باریک پیس کر توے پر ڈال کر نیچے آگ جلا دیں۔ جب دونوں کی رنگت سیاہ اور ٹکی کی شکل میں ہو جائے (مگر بہت جل نہ جائے) تو اُتار کر باریک کر لیں۔ شیشی میں سنبھال کر رکھ لیں۔

استعمال :4 رتی تا 1 ماشہ۔ 2 مرتبہ روزانہ۔ ہمراہ پانی /عرق سونف/عرق مکوہ

فوائد: بخار ہر قسم کے لیے مفید ہے۔

ھوالکافی	حب بِخار (ملیریا و موسمی بخار)	ھوالشافی

1	کونین	6 گرام
2	بنسلوجن	12 گرام
3	گوند ببول	3 گرام
4	ست گلو	6 گرام

ترکیب تیاری: گوند کو کھرل کر کے سفوف تیار کریں۔ کونین اور بنسلوجن کا بھی علیحدہ علیحدہ سفوف تیار کر کے سارے سفوف کو آپس میں اچھی طرح باہم ملا کر حسب ضرورت پانی ملا کر مٹر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

فوائد: خصوصی طور پر تپ لرزہ (ملیریا) میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ موسمی بخاروں میں بھی مفید ہے۔

مقدارِ خوراک: ایک تا دو گولی صبح دوپہر اور شام کو دودھ یا پانی کے ساتھ کھلائیں۔

ھوالکافی	ٹائیفائڈ فیور	ھوالشافی

1	منقیٰ	9عدد	3	عناب	9عدد
2	انجیر زرد	2عدد	4	خاکسی	7 گرام

تیاری: تمام اجزاء کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان لیں

ترکیب استعمال: 20 گرام چینی ملا کر پلا دیں۔ گھبراہٹ اور بے چینی میں عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیں۔

ھوالشافی — ہر قسم کے بخاروں کے لیے لاجواب دوا — ھوالکافی

1	مغز کرنجوا	12 گرام	9	نوشادر	12 گرام
2	کڑو	12 گرام	10	برگ تلسی خشک شدہ	12 گرام
3	فلفل دراز	12 گرام	11	چرائتہ	12 گرام
4	ست گلو	12 گرام	12	کشتہ سنکھ	12 گرام
5	زیرہ سفید	12 گرام	13	کشتہ گاؤدنتی	12 گرام
6	سہاگہ (بریاں)	12 گرام	14	کشتہ ابرک سیاہ	12 گرام
7	شنگرف (مدبر در آب لیموں)	12 گرام	15	کشتہ زرنیخ مرکب (نیچے نوٹ درج ہے)	12 گرام
8	اجوائن دیسی	12 گرام			

ہر ایک 12 / 12 گرام لے کر خوب باریک پیس کر 2 / 2 رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک : 1 تا 2 گولی صبح وشام ہمراہ آب یا مناسب عرق وغیرہ

فوائد : ملیریا ، میعادی بخار ، ہر قسم کے بخاروں کے لیے تیر بہدف ثابت ہوگی۔انشاللہ۔

نوٹ : (کشتہ زرنیخ مرکب: ہڑتال ورقیہ 1 تولہ ، پھٹکڑی سفید 4 تولہ دونوں کو باہم کھرل کر کے کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ پر رکھیں۔ جب شگفتہ ہو کر خشک ہو جائے تو اُتار کر پیس لیں۔ کشتہ زرنیخ مرکب تیار ہے۔)

ھوالشافی — ملیریا بُخار (موسمی بُخار) 1 — ھوالکافی

1	پھٹکڑی بریاں	3 گرام
2	سہاگہ بریاں	3 گرام
3	نوشادر ٹھیکری	3 گرام
4	قلمی شورہ	6 گرام
5	کڑو (سفوف بنالیں)	18 گرام

ترکیب : تمام ادویہ کو تقریباً 10 گھنٹہ تک باریک پیستے رہیں۔ پھر سنبھال رکھیں۔ **استعمال** :3 تا 4 رتی روزانہ 2 مرتبہ پانی ، عرق سونف یا دودھ کے ساتھ **فوائد**: چڑھے ہوئے بخار کو اتارتی ہے اور اترے ہوئے بخار کو چڑھنے سے روکتی ہے۔

ھوالشافی — ملیریا بُخار (موسمی بُخار) 2 — ھوالکافی

1	پھٹکڑی بریاں	25 گرام
2	شکر سرخ	60 گرام

ترکیب: باریک پیس کر ملا لیں۔ پھر سنبھال رکھیں۔

فوائد: بخار ہونے سے گھنٹہ دو گھنٹے پہلے دینے سے بخار نہیں ہوگا۔ چڑھے ہوئے بخار کے لیے سونف کے جوشاندے کے ساتھ دن میں تین بار دیں۔

استعمال: 1 تا 3 گرام

ھوالشافی — ملیریا پاوڈر — ھوالکافی

1	شنگرف رومی	10 گرام
2	سم الفار	10 گرام

ترکیب: دونوں اجزاء کو پانی کی مدد سے رگڑ کر ٹکیہ بنالیں۔ اور توے پر رکھ کر اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا مار دیں۔ توے کے نیچے آگ روشن کریں۔ ایک گھنٹہ تک نرم آگ جلائیں۔ ازاں بعد باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

خوراک و استعمال: لرزہ سے کچھ وقت پہلے یا لرزہ شروع ہوتے ہی ایک تنکا منقہ میں رکھ کر دیں۔

ھوالشافی — موسمی بخار 1 — ھوالکافی

1	اتیس	12 گرام
2	کرنجوا	12 گرام
3	فلفل سیاہ	3 گرا
4	فلفل دراز	3 گرام

تیاری: کوٹ چھان کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 2 گولی صبح 2 گولی شام ہمراہ پانی

فوائد: موسمی بخار کے لیے بے حد مفید/تجربہ شدہ ہے۔

ھوالشافی — تپِ محرقہ / نسخہ بخار — ھوالکافی

1	طباشیر	10 گرام		4	ست گلو	10 گرام
2	الائچی خورد	10 گرام		5	گری کرنجوا	10 گرام
3	اتیس	10 گرام				

ترکیب: تمام ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملا لیں۔

خوراک: ایک ایک گرام صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔ موسمی بخار کے لیے پانی یا چائے سے دیں۔

فوائد: بخار، بدہضمی، کھانسی، قبض، بندش حیض، درد کمر، ضعفِ باہ، گنٹھیا اور جوڑوں کے دردوں میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

هوالشافی — سفوفِ شفاء 2 — هوالکافی

نمبر	نام	مقدار		نمبر	نام	مقدار
1	تالیس پتر (تیزپات)	10 گرام		6	فلفل دراز	40 گرام
2	الائچی خورد	10 گرام		7	طباشیر	50 گرام
3	دارچینی	10 گرام		8	مصری	320 گرام
4	فلفل سیاہ	20 گرام		9	شہد	حسبِ ضرورت
5	زنجبیل	30 گرام				

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے ملا لیں۔

خوراک: 2 سے 6 گرام ہمراہ شہد یا دودھ استعمال کریں

فوائد: بلغمی کھانسی، گلے کی خراش، دمہ، دق کی کھانسی، بخار، بھوک کا نہ لگنا، غذا سے نفرت، پیٹ کی گیس اور بدہضمی میں یہ دوا عجیب اثر رکھتی ہے۔

هوالشافی — تریاقِ تپ — هوالکافی

نمبر	نام	مقدار		نمبر	نام	مقدار
1	طباشیر	12 گرام		5	کافور	36 گرام
2	الائچی خورد	12 گرام		6	کونین	3 گرام
3	ست گلو	12 گرام		7	چھلکا اسپغول	حسبِ ضرورت
4	زہر مہرہ خطائی	12 گرام				

ترکیب: سب کو باریک پیس کر لعابِ اسپغول سے نخودی گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: 1 گولی صبح وشام ہمراہ آب یا مناسب عرق وغیرہ

فوائد: ہر قسم کے بخار بلغمی۔صفراوی۔نوبتی۔ملیریا کے لیے ازحد مفید ہے۔خصوصاً ملیریا کے لیے نہایت مفید ہے۔

هوالشافی — ٹائیفائڈ فیور — هوالکافی

نمبر	نام	مقدار		نمبر	نام	مقدار
1	منقّیٰ	5عدد		5	عناب	7 گرام
2	خوب کلاں	6 گرام		6	گاؤزبان	4 گرام
3	پرسیاؤں شاں	3 گرام		7	پانی	1 کلو
4	انجیر ولائتی	2عدد				

ترکیب: تمام ادویہ کا پانی میں کاڑھا بنائیں۔آدھا حصہ رہنے پر اُتار لیں۔

ترکیب استعمال: خوب مل چھان کے صاف کر کے دن میں تین بار مصری ملا کر پلائیں۔

فوائد: ٹائیفائیڈ بخار کے لیے لاجواب دوا ہے۔

ھوالکافی	اطریفل کشنیزی	ھوالشافی

1	پوست ہلیلہ زرد	50 گرام	5	آملہ مقشر	50 گرام
2	پوست ہلیلہ کابلی	50 گرام	6	کشنیز	50 گرام
3	ہلیلہ سیاہ	50 گرام	7	روغن بادام خالص	50 گرام
4	پوست ہلیلہ	50 گرام	8	شہد خالص	تمام ادویہ کے مجموعی وزن سے تین گنا

ترکیب تیاری: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں پھر شہد میں ملا کر اطریفل تیار کریں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت 9 گرام کی مقدار میں نیم گرم دودھ یا عرق گاؤزبان کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: دائمی نزلہ، دوران سر (سر چکرانا)، ضعفِ دماغ، ضعفِ بصارت، تبخیر معدہ، درد سر، دردِ گوش، تنقیہ دماغ (صفائی) کے لیے مفید ہے۔اس کے علاوہ بواسیر کے مرض کو پیدا ہونے سے روکتی ہے۔

ھوالکافی	دماغ کی خشکی/ نیند	ھوالشافی

اگر کسی باعث دماغ میں خشکی ہو جائے اور نیند نہ آتی ہو، کروٹیں بدل کر پریشانی کے عالم میں اختر شماری میں رات کٹتی ہو۔اسگندھ ناگوری کے بیجوں کا سفوف 4 گرام کی مقدار میں نیم گرم دودھ کے ہمراہ پھانک لینے سے آپ کی یہ شکایت دور ہو جائے گی۔آپ گہری اور خوشگوار

نیند سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔دل و دماغ اور جگر کو تقویت ملے گی۔

ھوالکافی	دماغی و جسمانی طاقت	ھوالشافی

1	اسگندھ ناگوری	2 کلو		گائے کا گھی خالص	2 کلو
2	گائے کا دودھ	8 کلو		پانی	22 کلو

ترکیب تیاری: اسگندھ ناگوری کو جوکوب کر کے 22 کلو پانی میں خوب پکائیں۔جب چوتھائی حصہ پانی رہ جائے تو اس میں آٹھ کلو گائے کا دودھ شامل کر دیں اور نصف کلو اسگندھ ناگوری کو سل بٹہ پر پیس کر نغدہ سا بنا لیں (یہ نسخہ اسگندھ ناگوری کے جوشاندہ سے تیار کرنا ہوگا)۔اس نغدہ کو باقی ماندہ جوشاندہ میں حل کر کے کسی قلعی دار دیگچہ میں ڈال دیں۔اور اس میں 2 کلو گھی خالص دیسی (گائے کا) ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔جب پانی اور دودھ اچھی طرح خشک ہوجائے اور صرف گھی باقی رہ جائے تو اسکو صاف کپڑے سے چھان کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال و فوائد: اس کی خوراک 10 تا 40 گرام مقرر ہے۔یہ شدھ گھی روزانہ گائے کے گرم گرم دودھ کے ساتھ ملا کر پیتے رہنے سے ہر قسم کے امراضِ بادی و ریاحی کا قلع قمع ہوجاتا ہے۔قوتِ حافظہ کو تقویت ملتی ہے۔بدن فربہ اور چست ہوتا ہے ۔نہایت مستند اور بھروسے کی چیز ہے۔

ھوالشافی — دوائے جنون — ھوالکافی

1	اسطخودوس	10 گرام	4	اجوائن	10 گرام
2	سنبل طیب	10 گرام	5	چھوٹی چندن	50 گرام
3	فلفل سیاہ	10 گرام	6	دانہ الائچی خورد	5 گرام

ترکیب : سب کو پیس کر بار یک سفوف بنالیں

استعمال :ایک رتی صبح وشام کھانے کے بعد ہمراہ آب

فوائد : دماغی امراض کے علاوہ ہر مرض میں مفید

ھوالشافی — ڈپریشن — ھوالکافی

1	چاندبوٹی (چھوٹی چندن)	60 گرام
2	فلفل سیاہ	15 گرام
3	سنبل طیب	15 گرام
4	استخودس	15 گرام
5	اجوائن خراسانی	15 گرام

ترکیب: سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر 2 / 2رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 تا2 گولی ہمراہ پانی رات کوسونے سے پہلے

فوائد: سر دور، بخار، نزلہ وزکام، کمر درد، دم کشی، نیندنہ آنا، گنٹھیا، مرگی، جنون، ہسٹیریا، تشنج، ایام کادیر سے آنا، بلڈ پریشر وغیرہ

ھوالشافی — حبِ مرگی 1 — ھوالکافی

1	جدوار خطائی	10 گرام		5	تروی	10 گرام
2	ہلیلہ سیاہ	5 گرام		6	سونف	15 گرام
3	عود صلیب کلاں	5عدد		7	اسطوخودوس	50 گرام
4	منقی مویز	150 گرام				

ترکیب:عرق گلاب خالص میں کھرل کرکے جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں

استعمال:ایک گولی صبح۔ایک شام

فوائد: مرگی کے لیے نہایت مفید ہے۔

هوالشافی | **حب مرگی** | هوالکافی

1	کندر	ہم وزن		3	عودصلیب	ہم وزن
2	مصبر	ہم وزن		4	جند بیدستر	ہم وزن

ترکیب: کوٹ چھان کر پانی کے ساتھ مونگ برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: بچے کے لیے ایک گولی صبح ایک شام ۔ بڑوں کے لیے 3/3 گولی صبح شام

فوائد: مرگی کے لیے نہایت مفید ہے۔

هوالشافی | **حبِ مقویء دماغ و خون** | هوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	ہیرا کسیس یا کشتہ فولاد	10 گرام
2	فلفل سیاہ	30 گرام
3	ریوند خطائی	40 گرام

ترکیب: سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولی دن میں 4 مرتبہ ہمراہ پانی

فوائد: محرک، مقوی دماغ و اعصاب و خون، مخرج رطوبات (زہر صالح)، ہاضم وملین ہے دافع ریاح ہمولدِ رطوباتِ صالح، کمی خون، یرقان، استسقاء، تو ند کا بڑھ جانا، جسم کا سو جانا اور سُن ہو جانا، ضعفِ حرکاتِ جسم کے لیے مفید ہے

هوالشافی | **اِنتہائی مقویء دماغ نسخہ** | هوالکافی

1	خشک ناریل کدوکش کیا ہوا	1 کلو
2	کشمش	1 کلو
3	مغز پستہ نیم کوب	250 گرام
4	مغز اخروٹ	250 گرام
5	گھی دیسی	1 کلو
6	نشاستہ گندم	500 گرام
7	چینی	حسبِ ضرورت

ترکیب: گھی کو نرم آگ پر کڑکڑائیں اور نشاستہ گندم کو اس میں اس قدر بریاں کریں کہ سرخ ہو جائے پھر چولہے سے اُتار کر اس میں پہلے چینی پھر میوہ جات ڈال کر سنبھال لیں۔

استعمال: بوقت صبح 5 تا 7 تولہ بطور ناشتہ ہمراہ دودھ

فوائد: بفضلہٖ تعالیٰ بے حد مقوی دماغ اور مقوی حافظہ ہے دوا اور غذا ہے

ھوالشافی	کمزوریء دماغ	ھوالکافی

1	اسگندھ ناگوری	80 گرام	6	مصری	1 کلوگرام
2	برگ تلسی	70 گرام	7	مغزبادام	20 گرام
3	شنکھ پشپی	70 گرام	8	دانہ ہیل خورد	10 گرام
4	پانی	4 کلوگرام	9	زعفران کشمیری	2 گرام
5	انگوروں کارس	1 کلوگرام	10	سپرٹ ریکٹی فائیڈ	3 %

ترکیب: پہلے تینوں اجزاء کو پانی میں بھگو رکھیں۔صبح کسی قلعی دار برتن میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی 1 کلوگرام رہ جائے تو مل چھان کر محفوظ رکھیں۔پھر اس جوشاندہ میں انگوروں کارس ،مصری ،مغزبادام ، دانہ ہیل خورد اور زعفران ملا کر دوبارہ آگ پر چڑھا دیں اور خوب پکائیں۔پھر اتار کر سرد کریں۔ جب جوشاندہ اچھی طرح ٹھنڈا ہو جائے تو اس میں 3% کی مقدار میں سپرٹ ریکٹی فائیڈ ملا دیں اور بوتلوں میں نگاہ رکھیں۔بوتلوں کا مونہہ مضبوطی سے بند کر دیں۔انہیں 10 دن پڑا رہنے دیں۔دس دن کے بعد اس کا استعمال شروع کر دیں۔

استعمال: اس مشروب کی مقدار خوراک 20 گرام سے 40 گرام تک ہے۔حسبِ ضرورت مقدار خوراک میں دودھ یا تازہ پانی ملا کر صبح وشام پیتے رہنے سے آپ کے جسم کی کایا کلپ ہو جائے گی۔اس کے دوران استعمال میں دودھ ،گھی، انڈا،جی خوراک اور مقوی غذائیں خوب کھائیں۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے آپ کے اعضائے رئیسہ وشریفہ میں لا انتہا طاقت بھر جائے گی۔کھویا ہوا شباب ایک دفعہ پھر عود کر آئے گا۔آپ اپنے اندر ایک نئی تبدیلی محسوس کریں گے

ھوالشافی	مقویء دماغ/معدہ/نظر	ھوالکافی

1	سونف	250 گرام
2	مغزبادام	125 گرام
3	مصری	375 گرام

ترکیب: سونف کو ہلکا کوٹ کر چھلکا اُتار لیں۔چاول نکل آئیں گے۔صاف کر لیں۔انتہائی باریک کر کے میدہ کی طرح بنا لیں (انتہائی باریک کرنا ضروری ہے)۔مغزبادام کو پانی میں بھگو کر چھلکا اُتار لیں اور کوٹ لیں۔سفوف میں شامل کر لیں۔اس کے بعد مصری ملا دیں۔

استعمال: 6 گرام صبح نہار مونہہ دودھ کے ساتھ۔پھر جب بھوک لگے تب ناشتہ کریں۔ دوسری خوراک شام کو کھانے کے بعد دودھ کے ساتھ لیں۔پھر صبح تک پانی نہیں پینا۔چاہے جتنی مرضی پیاس ہو۔ بلاناغہ 41 روز تک استعمال کرائیں۔

فوائد: دماغ کو طاقت دے گا۔معدہ کو طاقت دے گا۔نظر کی کمزوری اور موٹی عینک تک اُتر جائے گی۔

ھوالشافی	مقوی دماغ مجی حلوا کوار گندل	ھوالکافی

نمبر	جزو	وزن	نمبر	جزو	وزن
1	گودا گھیکوار	1پاؤ	6	مغز اخروٹ	1پاؤ
2	شیر گاؤ	2 کلو	7	مغز چلغوزہ	1پاؤ
3	چھوہارے	1پاؤ	8	موصلی سیاہ	1پاؤ
4	ناریل	1پاؤ	9	تخم الائچی خورد	1تولہ
5	پستہ	1پاؤ			

ترکیب: دودھ آگ پر رکھیں جب گرم ہو جائے تو گودے کو مٹھ کر ڈال دیں اور ہلاتے رہیں۔حتیٰ کہ بالکل سخت ہو جائے پھر قدر چینی ڈال کر خشک کریں اور مغزیات باریک کر کے ڈال دیں۔جن کو معدہ کی کمزوری ہو وہ الائچی خورد پیس کر شامل کرلیں۔ جن اصحاب کو گرمی زیادہ محسوس ہوتی ہو وہ اس میں 200 عدد ورق نقرہ شامل کرلیں۔ایک ایک ورق لے کر کوٹتے جائیں حتیٰ کہ اس کی چمک ختم ہو جائے یا تھوڑا سا شہد لے کر ایک ایک ورق کو لے کر رگڑیں حتیٰ کہ جذب ہو جائے پھر شہد کو اس میں مکس کردیں۔

استعمال 2 تا 4 تولہ 1 مرتبہ

فوائد: اس کے استعمال سے کمر درد ،بلغم کا اثر زائل ہو جاتا ہے نیز اس میں خون زیادہ تیار ہوتا ہے۔

ھوالشافی	تریاق دماغ (بایوکیمک)	ھوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	کلکیریا فاس	تمام ادویات ہم وزن اور	4	نیٹرم فاس	"
2	میگنیشیا فاس	x 6 طاقت کی لیں۔	5	کالی فاس	"
3	فیرم فاس	"	6	گلوکوز	تمام 5 اجزاء کے وزن کے برابر

تیاری : سب کا سفوف بنا کر ہم وزن گلوکوز ملالیں۔دوا تیار ہے۔

استعمال : 5 گرین دن میں 2 مرتبہ صبح شام مونہہ میں ڈال لیا کریں۔

فائدہ: کمزوری دماغ اور تھکاوٹ اسکے استعمال سے دور ہو کر دماغ تر و تازہ اور بدن میں چستی و چالاکی پیدا ہو جاتی ہے۔خون بے حد پیدا کر کے دماغ کو طاقت ور بناتی ہے۔بدن موٹا تازہ ،سرخ و سفید اور طاقت ور ہو جاتا ہے۔جہاں کسی سبب سے معدہ، جگر اور اعصاب میں کمزوری واقع ہو یہ دوا استعمال کریں۔بچوں کے دانت نکلنے کے وقت کے عوارضات کے لیے ایک تیر بہدف اکسیر ہے۔پہلی خوراک سے فائدہ، عضلاتی کمزوری ، ہڈیوں کی کمزوری اور دوسرے عوارضات دور ہو کر بچہ تندرست سرخ و سفید اور صحت مند ہو جاتا ہے۔

هوالشافی	حبِ دماغون	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برہمی بوٹی	100 گرام	4	فلفل سیاہ	10 گرام
2	روغن بادام	100 گرام	5	الائچی خورد	10 گرام
3	مغز اخروٹ	50 گرام			

تیاری : برہمی بوٹی کو پاوڈر بنا کر روغن بادام میں چرب کریں۔ پھر دیگر ادویات باریک کر کے ملا حبوب کنار دشتی بنالیں۔

استعمال : ایک گولی صبح و شام نہار مونہہ مکھن میں لپیٹ کر دیں۔

فائدہ : دماغی کمزوری اور دائمی نزلہ وزکام میں نہایت ہی مفید دوا ہے۔

هوالشافی	حبِ ازراقی	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ازراقی مدبر	100 گرام	5	الائچی کلاں	40 گرام
2	زعفران	5 گرام	6	سورنجاں شیریں	30 گرام
3	جاوتری	10 گرام	7	زنجبیل	100 گرام
4	دارچینی	10 گرام			

تیاری: تمام ادویات کو باریک کر کے نخودی حبوب بنالیں۔ **استعمال** : ایک گولی صبح وشام ہمراہ مناسب بدرقہ دیں۔

فائدہ : اعصابی کمزوری ،لقوہ، فالج ،قبض دائمی ،خرابیءمعدہ وجگر، ضعفِ دماغ اور ضعفِ اعضائے رئیسہ میں نہایت ہی کام کی چیز ہے

هوالشافی	مقوی دماغ	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	چاول سونف	ہم وزن	4	مغز بادام	ً
2	کشنیز	ً	5	کالپی مصری	ً
3	دانہ الائچی کلاں				

تیاری: تمام ادویات کو خوب باریک کر کے محفوظ کرلیں۔ **استعمال** : 12 گرام رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ لیں۔

فائدہ : دماغی طاقت کے لیے ہیروں کے بھاؤ نسخہ ہے۔ دائمی نزلہ وزکام کا خاتمہ کرتا ہے۔

هوالشافی	سفوف مقوی ء دماغ	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برنج بادیان	50 گرام	4	مغز بادام مقشر	ً
2	برنج کشنیز	ً	5		ً
3	دانہ الائچی کلاں	ً			مصری

تیاری:**ترکیب**: تمام ادویہ کو نہایت باریک کر کے سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 10 گرام رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ نیم گرم **فوائد** : یہ دوا مقوی دماغ ،مقوی حافظہ، ہاضمہ کو درست کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے۔ ایسے لوگ جو دماغی کام کرتے ہیں۔ ان کے لیے ایک نعمتِ غیر مترقبہ ہے

هوالشافی	دماغی	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	پوست ہلیلہ زرد	30 گرام	6	لونگ	10 گرام
2	پوست بلیلہ	〃	7	دار چینی	〃
3	پوست آملہ	〃	8	قلمی شورہ	〃
4	اسطوخودوس	〃	9	مصطگی رومی	〃
5	ناگرموتھا	10 گرام	10	شہد	سب کا تین گنا

تیاری : تمام ادویات کو خوب باریک کر کے شہد ملا کر بطریق معروف معجون بنالیں۔

استعمال : 6 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

فائدہ : تقویتِ دماغ اور تقویتِ معدہ کے لیے بہت ہی مفید ہے۔اعصابی کمزوری کو دور کر کے جنسی طاقت بھی پیدا کرتی ہے۔

هوالشافی	اکسیر دماغی	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	چاول بادیان	50 گرام	4	مغز بادام مقشر	〃
2	چاول کشنیز	〃	5	کوزہ مصری	〃
3	دانہ الائچی کلاں	〃			

تیاری: تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پاوڈر بنالیں۔

استعمال : 10 گرام رات سوتے وقت روزانہ ہمراہ دودھ

فائدہ: دماغی تقویت وحافظہ کے لیے نہایت مفید ہے۔لمبا عرصہ استعمال کریں۔

هوالشافی	سفوف دماغی	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	مغز کدو	25 گرام	5	خشخاش	25 گرام
2	مغز کشنیز	〃	6	دانہ الائچی خورد	10 گرام
3	مغز بادام	〃	7	کشتہ نقرہ	2-1/2 گرام
4	مغز بادیان	35 گرام	8	کوزہ مصری	125 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو خوب باریک کر کے پاوڈر بنالیں۔

استعمال: 10 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ۔

فائدہ: مقوی دماغ وحافظہ ،نزلہ وزکام دائمی پیوست دماغ اور نسیان کے لیے مجرب دوا ہے۔

هوالشافی — دماغی نیچرل برین ٹانک — هوالکافی

1	مغز بادام شیریں	150 گرام	9	چہار مغز ململ	100 گرام
2	مغز پستہ	100 گرام	10	کشنیز	50 گرام
3	مغز اخروٹ	100 گرام	11	گل سرخ	25 گرام
4	ناریل گری	100 گرام	12	فلفل دراز	20 گرام
5	سونف	100 گرام	13	الائچی خورد	10 گرام
6	خشخاش	100 گرام	14	ورق نقرہ بڑی دستی 100 ورق والی	1 عدد
7	برہمی بوٹی	100 گرام	15	چینی	1500 گرام
8	اسطوخودوس	100 گرام	16	شہد	1 کلو

ترکیب: تمام مغزیات کو ہاون دستے میں کوٹ لیں۔ادویات کو گرائنڈ کرلیں۔موٹی چھاننی سے چھان لیں۔چینی اور شہد کا قوام بنا کر معجون بنالیں۔

استعمال: 1/1 چمچ چاول والی خالی پیٹ صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔بچوں کو عمر کے حساب سے دیں۔شوگر کے مریض صرف سفوف بنا کر استعمال کرسکتے ہیں۔

فائدہ: دماغ کی مکمل ریپئرنگ کردے گی۔یہ دوا کمپیوٹر سے بھی زیادہ تیز دوڑے گی۔دماغ اور اعصاب کے لیے بہترین ٹانک ہے۔یاداشت کو بہتر بناتا ہے۔دماغ کو تروتازہ، چاک وچوبند رکھتا ہے۔پڑھنے والے طالبعلم کے لیے بہترین تحفہ ہے۔جن کو یاداشت کی کمی کا سامنا ہے ان کے لیے لاجواب دوا ہے۔

هوالشافی — کشتہ مروارید / سچے موتی — هوالکافی

1	مروارید موتی	10 گرام	3	عرق گلاب اور یجنل	50 گرام
2	عرق لیموں کاغذی	100 گرام			

ترکیب: مروارید کو کھرل کرکے پاوڈر بنالیں۔اس کے بعد تھوڑا تھوڑا عرق لیموں ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔اسی طرح عرق لیموں ختم ہونے کے بعد عرق گلاب سے کھرل کریں۔دونوں تمام عرق مروارید کو پلانے ہیں۔اس کے بعد آپ کا کشتہ مروارید تیار ہے۔

استعمال: 2 چاول ہمراہ مکھن میں استعمال کریں صبح نہار منہ۔پھر قوت وطاقت کا کرشمہ دیکھیں۔

فوائد: مقوی دل ودماغ، دل کی گھبراہٹ کے لیے اکسیر اعظم ہے، بے چینی، وہم، وسوسے، ڈپریشن، سٹریس، قوتِ ارادی کا کمزور ہونا، جنونی کیفیت، دل کی دھڑکن کا تیز رہنا یا اچانک بیٹھے بٹھائے تیز ہوجانا، لڑائی جھگڑا ہوتے دیکھتے وقت جسم، ہاتھوں اور ٹانگوں کا کانپنا، شدید ڈر خوف مسلط ہونا، بے جا لوگوں کا خوف، منفی خیالات آنا، مثبت خیالات سوچنے کی حس ختم ہوجانا، نیم پاگل، جگر کی کمزوری، معدہ خراب رہنا، نظر کی کمزوری، ضعفِ قلب، وسوسے آنا، جنونی حالت کے لیے لاجواب تحفہ ہے۔مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔عورتوں میں سیلان الرحم کا مسئلہ، مدر حیض ہے۔حیض کے دورانیئے کی زیادتی کی وجہ سے شدید کمزوری، چڑچڑاپن، بوجھل طبیعت۔مقوی بصر ہے۔ان تمام امراج میں بڑا کاریگر ہے۔آزمائش شرط ہے۔

ھوالشافی	شربتِ مرگی	ھوالکافی

1	گل بنفشہ	6 گرام		7	مویز منقیٰ	9 دانے
2	زوفا خشک	5 گرام		8	انجیر	3عدد
3	گاؤزبان	5 گرام		9	جدوار خطائی	3 گرام
4	اسطوخودوس	5 گرام		10	پرسیاؤشاں	5 گرام
5	بادرنجبویہ	5 گرام		11	چینی	2 کلو
6	عودصلیب	5 گرام		12	سوڈیم بینزوویٹ	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری : تمام ادویات کورات کو 2 کلو پانی میں بھگودیں۔صبح آگ پر چڑھدیں جب آدھارہ جائےتو بطریق سوڈیم بینزوویٹ ملاکر شربت تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال :5تولہ دن میں تین مرتبہ۔ساتھ مسہل بھی دیں۔

فائدہ : مرگی کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	اکثیر بواسیر	ھوالکافی

1	پوست ریٹھا (سوختہ)	25 گرام		کتھ سفید	25 گرام
2	تخم ستیاناسی	25 گرام		کشتہ فولاد	12 گرام

ترکیب: سب کو باریک پیس کر کشتہ ملا کر پھر پیسیں۔

استعمال: 1 گرام صبح کھانے کے بعد 3 تولہ مکھن کے ہمراہ 1 گرام بوقتِ عصر 3 تولہ مکھن کے ہمراہ

فوائد: 20 سالہ مرض بھی ہوگا تو پہلی ہی خوراک اثر کرے گی۔ خون کا بہاؤ رک جائے گا۔ مسّے چند دنوں میں خشک ہو جائیں گے۔

ھوالشافی	اسگندھ برائے بواسیر ہمہ اقسام	ھوالکافی

1	اسگندھ	75 گرام	3	تخم گاجر	75 گرام
2	تخم شلجم	75 گرام			

ترکیب: تینوں ادویہ کو پیس کر سفوف بنالیں۔ **خوراک:** روزانہ بوقت صبح ہمراہ آب تازہ 12 گرام کھایا کریں۔

فوائد: انشاءاللہ 21 روز میں متواتر ستعمال سے بواسیر کا خاتمہ ہو جائے گا۔

ھوالشافی	حبِ مقل ﴿بواسیر بادی﴾	ھوالکافی

1	مقل (گوگل)	180 گرام	5	سکبنچ	60 گرام
2	پوست ہلیلہ زرد	180 گرام	6	خردل (رائی)	24 گرام
3	پوست ہلیلہ کابلی	180 گرام	7	آب گندنا / پیاز/لہسن	حسبِ ضرورت
4	تربد سفید	120 گرام			

ترکیب: مقل اور سکنجبین کو پہلے آب گندنا یا آب پیاز یا آب لہسن میں اچھی طرح حل کریں۔ تربد، خردل، پوست ہلیلہ زرد اور پوست ہلیلہ کابلی کو کوٹ پیٹش چھان کر آب گندنا ۔۔۔ میں حل کی ہوئی دوا میں اچھی طرح شامل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک: 2 تا 4 گولی رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ کھلائیں یا ہمراہ سبوس اسپغول 5 گرام

فوائد: بادی بواسیر کے لیے مفید ہے۔ قبض کو دور کرتی ہے۔

ھوالشافی	مرہم بواسیر	ھوالکافی

1	زنک اوکسائیڈ	6 گرام	3	کافور	2 گرام
2	ویزلین	30 گرام			

ترکیب: تینوں اجزاء کا مرہم بنالیں۔

استعمال: حسبِ ضرورت مرہم کو بواسیری مسوں پر لگائیں۔ اس سے درد اور جلن کو آرام آجاتا ہے۔

فوائد: حسبِ ضرورت مرہم کو بواسیری مسوں پر لگائیں۔ اس سے درد اور جلن کو آرام آجاتا ہے۔

ھوالشافی	بواسیر 1	ھوالکافی

اجزاء

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	ککو چھڈی	2 حصے
2	تمباکو	1 حصہ

ترکیب , استعمال و فوائد : دونوں کو ملا کر تمباکو کی طرح حقے میں یا سگریٹ میں ڈال کر 1 ہفتہ پلائیں۔ % 100 مجرب ہے۔

ھوالشافی	بواسیر (گلقند مدار)	ھوالکافی

اجزاء

1	پھول مدار صاف شدہ	500 گرام
2	چینی	1500 گرام

ترکیب: پھول مدار کو صاف کر کے تین گنا چینی ملا کر ہاتھوں سے خوب ملیں۔ جب یک جان ہو جائے تو مرتبان میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ گل قند تیار ہے

استعمال و فوائد : یہ گلقند بلغمی کھانسی، دمہ، جوڑوں کے درد اور بواسیر کے لیے مفید ہے۔ خوراک 1 تا 2 گرام استعمال کریں۔

ھوالشافی	حب بواسیر بواسیر اور تمام خونی بیماریوں کی شافعی دوا	ھوالکافی

حب بواسیر وریدون میں اجتماع خون ختم کر دیتی ہے۔ جسم کے کسی بھی حصے میں اجتماع خون کو پاش پاش کر دیتی ہے۔ نکسیر، قے الدم، بول الدم، کثرت طمث اور کثرت نفاس کے لیے مفید ہے۔ بالخصوص خونی و بادی بواسیر کے لیے بے حد نفع رساں ہے۔ نہ صرف مقعد کے درد کو کم کر دیتی ہے بلکہ جلن اور ثقل صفرا کو رفع کر کے آرام اور راحت بخشتی ہے۔ اس کے علاوہ جب وریدیں پھول کر گرہ بن جائیں تو ان کی گرہ کشائی کرتی ہے۔ علاوہ ازیں پرانی تلی (بڑھنا) کو بھی تحلیل کرتی ہے۔

اجزاء

1	پوست ہلیلہ زرد	36 گرام	4	تربد سفید (مجوف)	24 گرام
2	پوست ہلیلہ کابلی	36 گرام	5	سکنجبین	12 گرام
3	گوگل بھینسا	36 گرام	6	رائی	6 ماشہ

ترکیب تیاری : گوگل اور سکنجبین کو آب گندھنا (بھوکل/ پیازی) میں حل کریں اور تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر اس میں ملا دیں۔ چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال : 2 تا 3 گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب تازہ ایک ماہ تک استعمال کرائیں۔

هوالکافی	مسّوں کو خشک کرنے والا روغن	هوالشافی

1	روغن کنجد	50 گرام	3	منسل	12 گرام
2	بھلانواں	10عدد	4	پانی	4 کلو

یہ روغن ہرقسم کے بدنی مسّوں کو بالعموم اور بواسیری مسّوں کو بالخصوص خشک کرنے کے لیے نہایت درجہ مفید ہے۔اگر چندروز اس کو مسّوں پر لگایا جائے تو مسّے بغیر کسی تکلیف کے بالکل خشک ہرکر رفع دفع ہو جاتے ہیں۔ روغن کنجد کسی پیتل کی بڑی دیگچی میں ڈالکر ہلکی آنچ پر جلائیں۔ جب جوش آچکے تو بھلانواں کی ٹوپی اُتار کر دوٹکڑے کر لیے ہوں تیل کے اندر ڈال دیں۔ جب بھلانواں جل جائیں تو نیچے اُتار کر ٹکڑے نکال دیں۔تیل کے سرد ہونے پر منسل باریک شدہ ڈال کر لوہے کے دستے سے خوب رگڑیں پھر پانی اس میں ڈال دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد جو تیل پانی کے اوپر آجائے وہ تیل اُتار کر شیشی میں بھرلیں۔ دن میں دو تین مرتبہ مسّوں پر لگائیں۔

هوالکافی	شورہ کبدتی	هوالشافی

1	گندھک آملہ سار	10 گرام	3	فلفل سیاہ	3 گرام
2	قلمی شورہ	10 گرام	4		

ترکیب : سب کو باریک سفوف بنا کر رکھ لیں

استعمال : 1 تا3 گرام دن میں 4مرتبہ۔

فوائد: ہرقسم کی بواسیر،سوزش جگر،سوزاک۔پیچش،نزلہ وزکام،کھانسی،بندش بول،چھپا کی کثرتِ طمث ،دردگردہ ،ریگ گردہ و مثانہ وپتہ،درددل وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

هوالکافی	تریاقِ بواسیر	هوالشافی

1	سونامکھی	1 تولہ	3	اوپلے	4 کلو
2	برگِ حنا	1 تولہ	4		

ترکیب : سونامکھی کو باریک پیس کر پتلی سی ٹکی یا ٹکیاں پانی سے بنالیں۔مہندی کے پتے کوٹ کر نگدا بنا کر ٹکیوں کو درمیان میں رکھ دیں۔ جہاں ہوا نہ لگے وہاں پر اوپلوں کی آگ دے دیں۔صبح سرخ رنگ کی دوا برآمد ہو گی۔

استعمال : 2چاول ہمراہ مکھن صرف ایک مرتبہ روزانہ **یا**1۔دوائی مذکورہ 1 تولہ ۔2 رسونت 5 تولہ

فوائد: دونوں کو ملا کر تھوڑا پانی مکس کر کے کوٹ لیں اور نخودی گولیاں بنالیں۔صبح نہار مونہہ ہمراہ باسی پانی 1 تا2 گولی بواسیر خونی ہو یا بادی دونوں کے لیے سریع الاثر ہے۔

ھوالشافی

بلڈ پریشر کنٹرول

ھوالکافی

	صندل سفید	2 تولہ		4	الائچی خورد	1 تولہ
2	چندن	2 تولہ		5	زیرہ سفید	1 تولہ
3	دھنیا	1 تولہ		6	فلفل سیاہ	1 تولہ
	گل سرخ ایرانی	2تولہ				

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

خوراک: چائے والا 1 چمچ روزانہ ایک مرتبہ

فوائد: بلڈ پیشر کو کنٹرول کرنے کے لیے لاجواب دوا ہے۔

ھوالشافی

غدّی اعصابی بلڈ پریشر کے لیے

ھوالکافی

1	کشنیز	6تولہ		3	خشخاس	2تولہ
2	زیرہ سفید	2تولہ		4	تخم کدو	3تولہ

ترکیب: کشنیز اور تخم کدو کو کوٹ لیں۔اس میں زیرہ سفید اور خشخاس پیس کر ملادیں۔

خوراک : خوراک:6تا12 گرام۔دودھ یا پانی کے ساتھ

فوائد: ہائی بلڈ پریشر،نزلہ وزکام،نیند کا نہ آنا،خشکی کی زیادتی،سوزاک وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے،کاذب بھوک،پیچش،عطاش کے لیے نہایت مفید ہے

ھوالشافی

بلڈپریشر و معدہ کے لیے

ھوالکافی

1	مغز بادام	100 گرام		4	چھلکا اسپغول	100 گرام
2	سونف	100 گرام		5	مصری	100 گرام
3	الائچی خورد	100 گرام				

ترکیب: چھلکا کے علاوہ سب کو پیس کر سفوف تیار کریں۔پھر چھلکا ملادیں۔

خوراک: 1ٹی سپون ہمراہ پانی

فوائد : بلڈ پریشر اور معدہ کے لیے مفید ہے

چلنا پھرنا وغیرہ)، ضعفِ دماغ، پراگندگی خیالات کے لیے بھی تریاقِ کامل اور نہایت موئثر دوا ہے

ھوالشافی	اکسیر شبیری	ھوالکافی

اجزاء

1	گندھک آملہ سار	250 گرام
2	آبِ زقوم (ڈنڈا تھور)	4 کلوگرام

ترکیب : گندھک آملہ سار کے ٹکڑے کو کن بیر کے برابر بنالیں۔کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔اس پر آبِ زقوم چمچہ سے چویا دیں۔حتیٰ کہ تمام آبِ زقوم جذب ہوجائے۔گندھک کو لوہے کی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔خشک ہونے پر اُتار کر آبِ تازہ سے چار پانچ مرتبہ اچھی طرح دھوکر سیاہی وغیرہ دور کرکے خشک کرکے باریک پیس لیں۔

خوراک : 1 گرام ہمراہ دودھ ایک مرتبہ روزانہ

غذا : مرغن غذادیں اگر غذا صرف چوری دی جائے اور نمک مرچ سے پرہیز کرایا جائے تو تمام مصفی خون ادویہ اس کے سامنے ہیچ ہیں

فوائد : عمل جراہی سے بچاتی ہے۔امراض خبیثہ مثل جذام، آتشک، خارش خشک وتر، خنازیر، ناسور، گھمبیر، بواسیر وغیرہ کو بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکتی ہے۔موسمی پھوڑے پھنسیوں سے بچاتی ہے۔خون کی اصلاح کرکے تازہ اور صاف خون پیدا کرتی ہے۔ فاسد مادوں کو ختم کر دیتی ہے۔معدہ اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ دائمی قبض کو دور کرتی ہے اور بھوک خوب لگاتی ہے۔

احتیاط : آب زقوم سے بچیں۔ جسم پر لگ جانے کی صورت میں خوب دھو کر کوئی تیل لگا لیں۔

ھوالشافی	اسگندھ مصفیٔ خون	ھوالکافی

اجزاء

1	گندھک آملہ سار	250 گرام
2	آبِ زقوم (ڈنڈا تھور)	4 کلوگرام

ترکیب : پہلی دونوں ادویہ کو پیس کر سفوف بنالیں۔

خوراک : روزانہ 6 گرام سفوف شہد کے ہمراہ چٹایا کریں۔

فوائد : خون کی خرابی کو دور کرکے خون کو بہت جلد صاف کرتا ہے۔فسادِ خون سے پیدا ہونے والی جملہ امراض کو دور کرتا ہے۔ داد ، چنبل ، خارش کو بہت مفید ہے۔خون کے بگاڑ کی بیماریوں میں قبض کشائی کی ضرورت ہوتی ہے اس میں یہ خوبی بھی بدرجہ اتم موجود ہے۔اسگندھ کا سفوف 2 گرام صبح وشام ہمراہ نیم گرم پانی کھانے سے کمر درد تمام قسم کے دردوں کو آرام ہوجاتا ہے۔

هوالشافی	غایت درجہ مصفیٔ خون	هوالکافی

اجزاء

1	تخم ستیاناسی	ہم وزن
2	کالادانہ	؍؍
3	مصری	؍؍

ترکیب : تینوں کوباریک کر کے سفوف بنالیں۔

خوراک : صبح وشام 6 گرام پانی کے ساتھ استعمال کریں

فوائد : بے حد مصفیٔ خون ہے داد ۔چنبل ۔خارش۔آتشک وغیرہ خونی بگاڑ کی تمام امراض کے لیے بیحد موثر ومفید ہے۔

هوالشافی	حبِ مصفیٔ خونِ	هوالکافی

1	سرپھوکہ	10 گرام	9	صندل سرخ	10 گرام
2	رسوت مصفیٰ	10 گرام	10	صندل سفید	10 گرام
3	چاکسو	10 گرام	11	برگ شاہترہ	10 گرام
4	گل مُنڈی	10 گرام	12	جوانسہ	10 گرام
5	برہمڈنڈی	10 گرام	13	برگ نیم	10 گرام
6	نیل کنٹھی	10 گرام	14	برگ بکائن	10 گرام
7	نیلوفر	10 گرام	15	کشنیز	10 گرام
8	برگِ حنا	10 گرام	16	گل کچنال	10 گرام

ترکیب تیاری: سبھی دواؤں کوکوٹ چھان پیس کرپانی میں گوندھ کرنخودی گولیاں بنالیں۔

فوائد: فسادِخون کی تمام بیماریوں اورجلدی امراض جیسے خارش، پھوڑے، پھنسی، چھائیں، چھیپ اور پتی وغیرہ میں مفید ہے

مقدارِ خوراک : (1) 6 ماہ تک کے بچوں کونصف گولی پانی میں گھس کرپلائیں۔(2) ایک سال سے دس سال تک کے بچوں کوایک گولی صبح دوپہر شام کھلائیں اوپر سے شربتِ عناب 25 ملی لیٹر پلائیں۔(3) بڑوں کودو سے چار گولی تک صبح دوپہر شام 50 ملی لیٹرشربت عناب کے ساتھ کھلائیں۔

(نکسیر)

سفید شیشہ لے کر سرکہ میں باریک پیس لیں۔مریض کی ٹنڈ کروا کر سر پر شیشہ کی لیپ کریں۔خشک ہونے پر سرکہ سے ترکرتے رہیں۔ پانچ چھ مرتبہ یہی عمل دہرائیں۔انشاءاللہ نکسیر کے لیے تریاق کا کام کرے گی۔

ھوالشافی	مصفیٔ خون ٹنکچر	ھوالکافی

1	زخم حیات تازہ	125 گرام		2	سپرٹ ریکٹی فائیڈ	250 گرام

ترکیب :بوٹی مذکورہ کو جوکوب کر کے دونوں کو ملا کر بوتل میں بھر لیں ڈھکن مضبوطی سے لگا ئیں ایک ہفتہ بعد فلو کر کے محفوظ کر لیں.

خوراک: صبح وشام 25/25 بوند پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد :انشاءاللہ العزیز 15 یوم کے بلاناغہ استعمال سے آتشک ,جذام ,گندے سے گندے زخم بغیر مرہم کے بھر جاتے ہیں۔علاوہ ازیں خرابیٔ خون سے جو بھی بیماری پیدا ہو اس کے لیے تیر بہدف ثابت ہوگی۔

ھوالشافی	نکسیر	ھوالکافی

1	ست پودینہ	12 گرام		3	کافور	1 گرام
2	سنگ جراح	12 گرام				

تیاری:تینوں کو پیس کر باہم ملالیں **استعمال** : بطور نسوار استعمال کرائیں **فوائد** : نکسیر کے لیے بے حد مفید/تجربہ شدہ ہے

ھوالشافی	حِدّتِ خون / شربتِ انجبار	ھوالکافی

1	انجبار	250 گرام		3	کہربا	10 گرام
2	مصری	500 گرام				

ترکیب:انجبار کو کوٹ کر رات کو 1 کلو پانی میں بھگو دیں۔صبح ہلکی آگ پر پکائیں جب پانی نصف رہ جائے تو پن چھان کر مصری ملائیں اور شربت کا قوام تیار کر لیں۔ **استعمال و فوائد**: 3 تولہ شربت پانی میں ملاکر دن میں 3 مرتبہ پلائیں۔تین میں سے ایک خوراک کے ساتھ 1 گرام کہربا کا سفوف بنا کر دیں۔

ھوالشافی	سوداوی امراض (درد، جلن وغیرہ)	ھوالکافی

1	رائی	4تولہ		4	گندھک آملہ سار	12تولہ
2	اجوائن دیسی	4تولہ		5	جمال گوٹا مصفی	1تولہ
3	باپچی	4تولہ				

جسم میں ترشی تیزابیت کے بڑھ جانے سے ہونے والی جلن اور درد کے لیے

ترکیب : سب کو پاؤڈر کی طرح باریک کر لیں۔نخود برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال:ایک تا دو گولی ، تین تا چار مرتبہ ہمراہ پانی دیں۔

فوائد اس کے استعمال سے جسم میں صفراء پیدا ہو گا اور اس کو روکے گا۔سوداوی مادے کو خارج کرے گا۔خارش، چنبل، پھوڑے، پھنسی، دھدر، سوزشی نزلہ زکام کھانسی دمہ، بخار، بواسیر، سرطان، کینسر وغیرہ ان کے لیے اعلیٰ قسم کی دوائی ہے۔بہترین مسہل بھی ہے۔نیز مصفی خون استعمال کرائیں۔زیادہ مقدار کے استعمال سے اگر بہت زیادہ اسہال آرہے ہوں، پیٹ میں دست یا مروڑ پیدا ہوں ت اور یہ شدت اختیار کر جائے تو گوند کتیرا باریک پیس کر لسی میں حل کر کے پلائیں فوراً افاقہ ہوگا۔

ھوالشافی	شربتِ انجبار برائے نکسیر	ھوالکافی

1	انجبار	250 گرام
2	مصری	500 گرام
3	کہربا	حسبِ ضرورت

ترکیب: انجبار کو موٹا موٹا کوٹ کررات کو 1 کلو پانی میں بھگو دیں۔صبح جوش دیں۔جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو چھان لیں۔آدھا کلو مصری ملا کر شربت کا قوام تیار کر لیں۔

استعمال: 3تولہ شربت کو پانی میں ملا کر دن میں تین بار پلائیں۔صرف ایک خوراک کے ساتھ 1 ماشہ کہربا کا سفوف بنا کر دیں۔

فوائد: شدید سے شدید نکسیر کے لیے بہترین اثر رکھنے والی دوا ہے۔

ھوالشافی	سنیاسیانہ اکسیرِ مصفیٔ خون	ھوالکافی

1	ہڑتال ورقیہ یا گندھک آملہ سار	30 گرام
2	آبِ لیموں	500 گرام

ترکیب: ہڑتال ورقی قسم اول 30 گرام آب لیموں 250 گرام تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں۔یہاں تلکہ پاؤ بھر آب لیموں جذب ہو کر خشک ہو جائے۔اس وقت ہڑتال کو آب تازہ سے دھو کر سیاہی دور کریں۔اسی طرح تازہ آب سے پانچ مرتبہ دھوئیں۔ پھر ہڑتال کو خشک کھرل میں ڈالیں اور بدستور سابق پاؤ بھر آب لیموں بذریعہ کھرل جذب کریں۔پھر تازہ پانی سے دھوئیں۔ اسی طرح یہی عمل پانچ مرتبہ دہرائیں۔پھر خشک کر کے سنبھال رکھیں۔

استعمال و فوائد: ایک رتی مکھن یا کیپسول میں بند کر کے دیں۔پھوڑے، پھنسی، خارش، داد، چنبل، ناسور، بھگندر، مصفیٔ خون اول درجہ کی ہے۔ ہڑتال کی بجائے گندھک آملہ سار میں بھی مرقومہ بالا عمل کریں۔یہی فوائد ظہور میں آئیں گے۔

ھوالشافی	شربت مرکب مصفیٔ خون	ھوالکافی

1	چوب چینی	36 گرام	6	برگ ثنا مکی	30 گرام
2	برگ شیشم	36 گرام	7	ترنجبین	480 گرام
3	عناب	6 گرام	8	شیرخشت	480 گرام
4	پوست ہلیلہ کابلی	6 گرام	9	شہد خالص	480 گرام
5	پوست ہلیلہ زرد	6 گرام			

ترکیب: سیریل نمبر 1 تا 6 کو رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔صبح جوش دے کر مل چھان کر سیریل نمبر 7 تا 9 ملا کر قوام تیار کریں 50 گرام ہمراہ عرق مصفیٔ خون 144 گرام یا پانی

ھوالکافی	شربت مصفیء خون	ھوالشافی

15 گرام	گل نیلوفر	7		50 گرام	عناب	1
15 گرام	مکوہ خشک	8		15 گرام	برادہ صندل سرخ	2
15 گرام	تخم کاسنی	9		15 گرام	برادہ صندل سفید	3
15 گرام	برادہ شیشم	10		15 گرام	سرپھوکہ	4
15 گرام	گل منڈی	11		15 گرام	برگ مہندی	5
آٹھ گنا	پانی	12		15 گرام	شاہترہ	6

ترکیب: جملہ ادویات کو رات کے وقت آٹھ گنا پانی میں بھگو دیں۔صبح جوش دیں۔یہاں تک کہ پانی صرف ایک تہائی رہ جائے تو تین گنا چینی ملا کر شربت کا قوام تیار کریں۔ **استعمال:** 20/20 گرام صبح وشام پانی میں ملا کر دیا جائے۔
فوائد : آتشک ,پھوڑا, پھنسی, جزام, خارش, چنبل, داد, شبورا اور زہریلے زخموں کے لیے مفید ہے۔

ھوالکافی	شربت مصفیء خون (2)	ھوالشافی

50 گرام	پوست درخت سرس (شیریں)	4		250 گرام	زخم حیات	1
750 گرام	چینی	5		50 گرام	پوست درخت نیم	2
50 گرام	جڑ تمہ	6		50 گرام	پوست درخت شیشم	3

ترکیب: جملہ ادویات کو جوکوب کر کے پانچ کلو پانی میں بھگو دیں۔بعدہ جوش دیں۔یہاں تک کہ پانی صرف ایک کلو رہ جائے تو اتار کر مل چھان کر چینی ڈال کر شربت تیار کریں۔ **استعمال:** 25/25 گرام صبح وشام پانی میں ملا کر دیا جائے۔
فوائد : آتشک ,پھوڑا, پھنسی, جزام, خارش, چنبل, داد, شبور وغیرہ۔غرضیکہ دنیا بھر کی مصفیءخون ادویات سے بہتر اور افضل ہے۔
قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔

ھوالکافی	جلاب : بے شمار بیماریوں کے لیے	ھوالشافی

50 گرام	قلمی شورہ			50 گرام	حب الملوک مدبر	1
50 گرام	گیرو			50 گرام	نوشادر	2

ترکیب: پہلے حب الملوک مدبر کو کھرل میں ڈال کر اس حد تک کھرل کریں کہ اس میں سے تیل برآمد ہو جائے۔اس وقت نوشادر ملا کر کھرل کریں پھر جب تیل برآمد ہو تو قلمی شورہ ملا کر کھرل کریں اسی طرح جب پھر تیل برآمد ہو جائے تو اس وقت گیرو ملا کر کھرل کریں یہاں تک کہ تیل برآمد ہو جائے۔پس اس وقت اس کا پیڑا سا بنا کر کسی ڈبیہ میں بند کر کے رکھ لیں۔اکسیری جلاب تیار ہے
خوراک : مریض کو پہلے کم از کم تین وقت چاول مونگ کی کھچڑی دیں۔یا ایسی نرم غذائیں کھلائیں کہ معدہ نرم ہو جائے۔اس کے بعد مریض کو 1 سے 2 رتی تک گرم دودھ سے بوقتِ صبح جلاب دیں۔جب تک جلاب چلانا مقصود ہو گرم پانی یا عرق سونف دیتے رہیں۔
فوائد: مرگی, جلودھر, بواسیر خونی وبادی, آنتوں کے چھوٹے بڑے کیڑے, باؤ گولہ, خرابیءخون ہر قسم, پھوڑا پھنسی, داد چنبل,

ھوالشافی	شودھک	ھوالکافی

1	ست چرائتہ	ہم وزن		3	ریوند خطائی	؍؍
2	ست چھال نیم	؍؍		4	رسونت شدہ اصلی	؍؍

ترکیب : چرائتہ 250 گرام لے کر 2 کلو پانی میں جوش دیں۔ جب آدھا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر پانی کو پھر آگ پر چڑھا دیں۔اس قدر پکائیں کہ گولی بنانے کے لائق ہوجائے۔ ست چرائتہ تیار ہے۔اسی طرح چھال نیم کا ست تیار کریں۔ریوند خطائی، رسونت شدہ اصلی، ست چرائتہ، ست نیم ہم وزن لے کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی کھلائیں۔

فوائد: آتشک، پھوڑا، پھنسی، جزام، خارش، چنبل، داد، شبوراور زہریلے زخموں کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	صفراوی مادہ کی زیادتی	ھوالکافی

چاول باسمتی لے کر پیالی میں ڈال لیں۔پھر دودھ مدار اس میں اس قدر ڈالیں کہ ایک اُنگل تک اوپر چڑھ جائے۔اس کو خشک کرنا ہے چاہے دھوپ میں ہی کیوں نہ کریں۔ اس دوران اسے دن میں تین چار بار کسی لکڑی وغیرہ سے ہلاتے رہیں۔ یہی عمل اس پر تین بار دہرائیں۔تیسری بار خشک ہونے پر باریک پیس کر رکھ لیں۔اس کی ایک چٹکی نسوار دے دیں۔صرف ایک مرتبہ روزانہ کھانے کے بعد۔ ساتھ اطریفل کشنیزی کھلائیں۔ایک چمچ صبح شام کھانے کے بعد ہمراہ دودھ۔ ماغ کو طاقت ملے گی۔صفراوی مادہ خارج ہوجائے گا۔رکا ہوا صفراوی مادہ اور سودا خارج ہوجائے گا۔(چھنکیں آئیں گی) اگر چھینکیں زیادہ ہی آرہی ہوں اور برداشت سے باہر ہو یا مریض ناک پر جلن محسوس ہو تو نتھنوں کو گھی سے تر کردیں۔

ھوالشافی	حبِ مُصفیء خون	ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	250 گرام		3	کیلے کے درخت کا پانی	250 گرام
2	ریٹھا	250 گرام		4	گیرو	حسبِ ضرورت

ترکیب: لوہے کی ایک کڑاہی لیں۔چولہے پر چڑھا دیں۔ پہلے گندھک آملہ سار پھر ریٹھا اس کے بعد کیلے کا پانی ڈال کر ہلکی آگ پر پکائیں۔لکڑی سے ہلاتے رہیں۔جب تقریباً خشک ہوجائے تو لوہے کے دستے سے اچھی طرح رگڑائی کریں۔ کچھ دیر دھوپ میں رکھ کر نمی ختم کریں گولیاں بنانے کے قابل ہوجائے تو نخود برابر گولیاں بنالیں گیرو لے کر باریک پیس لیں۔ کسی پلیٹ میں ڈال کر اوپر گولیاں پھیلا دیں اور ہلائیں کہ گیرو گولیوں پر چڑھ جائے تاکہ گولیاں محفوظ ہوجائیں

استعمال و خوراک: پہلے ہلکا جلاب 3/4 دن استعمال کرا کے یہ گولیاں شروع کرائیں۔ایک گولی صبح دوپہر شام۔

فوائد: رسولیاں، گلٹیاں، کینسر، جلد کا کینسر، دھدر، چنبل، خارش، تمام امراضِ خبیثہ، سوداوی امراض، خشکی، خرابیء خون، بواسیر خونی و بادی، جلد کے مسائل سانپ کے کاٹے، جسے بار بار سانپ کاٹنے سے سکن الرجی اور ہر قسم کی الرجی کے لئے بہترین دوا ہے۔

ھوالکافی	سفوف فولاد	ھوالشافی

1	نوشادر	1تولہ
2	گندھک آملہ سار	1تولہ
3	ہیرا کسیس	1تولہ

ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر یکجان کرلیں۔

استعمال: صبح وشام 4 رتی ہمراہ عرق سونف استعمال کریں۔

فوائد: آنتوں اور دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ بدن میں صالح خون پیدا کرتا ہے۔ 7 دن میں اپنا اثر دکھاتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کی جلن کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

ھوالکافی	ھاتھ پائوں کی جلن کے لیے	ھوالشافی

1	تج	5 گرام
2	مصری	80 گرام
3	الائچی خورد	20 گرام
4	فلفل دراز	20 گرام
5	طباشیر	40 گرام

ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر یکجان کرلیں۔

استعمال: 4 گرام روزانہ مکھن یا شہد میں ملا کر چٹائیں۔

فوائد : ہاتھ پاؤں کی جلن کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔

ھوالکافی	حدّتِ خون شربتِ انجبار	ھوالشافی

1	انجبار	250 گرام
2	مصری	500 گرام
3	کہربا	10 گرام

ترکیب: انجبار کو کوٹ کرر ات کو 1 کلو پانی میں بھگودیں۔ صبح ہلکی آگ پر پکائیں جب پانی نصف رہ جائے تو پن چھان کر مصری ملائیں اور شربت کا قوام تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال :3تولہ شربت پانی میں ملاکر دن میں 3 مرتبہ پلائیں۔ تین میں سے ایک خوراک کے ساتھ 1 گرام کہربا کا سفوف بنا کردیں۔

ھوالکافی	ٹھنڈک	ھوالشافی

1	گل سرخ (خود خشک کرلیں)	1تولہ	3	سنگ جراح (سوپ سٹون)	1تولہ
2	کشنیز (خشک دھنیا)	1تولہ	4	ٹکی پودینہ	1تولہ

ترکیب: تمام اشیاء کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔

استعمال: 1ماشہ دن میں 3 / 2 مرتبہ پانی کے ساتھ۔

فوائد : گرمی کی تقریباً ہر بیماری میں استعمال کریں۔ قے, دست, دل دھڑکنا, لُولگنا, پیاس کی زیادتی, جریان, احتلام, قبض کی زیادتی, ہاتھ پاؤں کی جلن۔

ھوالشافی	بچوں کی بیشمار امراض (مسلمہ تریاق شربت)	ھوالکافی

اجزاء و ترکیب: چونا قلعی 5 تولہ کو سوا سیر پانی میں بھگو دیں اور خوب حل کریں۔ جب چونا نیچے بیٹھ جائے تو ایک دو بار پھر ہلا دیں تا کہ اس کا اثر اچھی طرح پانی میں نکل آئے۔ پھر آہستہ آہستہ پانی کو نتھار لیں اور اس پانی کے اندر حسبِ ضرورت چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ اس کی رنگت سفید بنانے کے لیے تھوڑا تھوڑا کریم آف ٹارٹر ڈالتے جائیں جب معلوم ہو کہ چاشنی خوب سفید ہوگئی ہے تو اس میں سرخ رنگ خوبصورت بنانے کے لیے روز کلر چند قطرے ملا دیں بس شربت تیار ہے

خوراک: یک سال سے دو سال کے بچہ کو 2 گرام ہم وزن پانی میں ملا کر پلائیں۔ تین سے چار سال کے بچہ کو چار گرام اور پانچ سال سے آٹھ سال کے بچہ کو چھ گرام صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد: بچوں کے لیے بے حد مفید اور خوش رنگ/خوش ذائقہ شربت بے شمار امراض کا مسلمہ تریاق ہے۔ یہ شربت بچوں کی اکثر امراض سوکھا، پیاس، دست، قے، دودھ الٹنا، بدہضمی خرابیٔ خون وغیرہ کو دور کر کے بچہ کو بفضلہٖ موٹا تازہ بناتا ہے۔ اگر تندرست بچہ کو استعمال کرائیں تو اس کی صحت بنی رہتی ہے اور بچہ بہت سی بیماریوں سے بچا رہتا ہے

ھوالشافی	بچوں کے آبلے	ھوالکافی

1	موم	7 گرام	3	سفیدہ کاشغری	21 گرام
2	روغن گل	14 گرام	4	کافور	حسب ضرورت

ترکیب: سفیدہ کاشغری چھان کر دیگر اجزاء کے ساتھ ملا کر قدرے کافور ملا کر آبلوں پر لگائیں۔

ھوالشافی	بچوں کے معدہ کیلیے	ھوالکافی

1	سہاگہ (بریاں)	50 گرام	3	پھٹکڑی سفید (بریاں)	50 گرام
2	نوشادر ٹھیکری	50 گرام	4	نمک سیاہ	50 گرام

ترکیب: میدہ کی طرح باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: بوقتِ حاجت ایک رتی بچے کو پانی میں حل کر کے پلائیں۔ 2 مرتبہ روزانہ

فوائد: بچوں کے پیٹ کی خرابی کو بے حد مفید ہے۔ ڈبہ (نمونیہ)، کھانسی، دست، بدہضمی، دودھ کا الٹنا اور بچوں کی دیگر امراض کے لیے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	بچوں کے نل	ھوالکافی

1	کالی زیری	حسبِ ضرورت	3	روغن، کنجد	
2	مصر	تھوڑا سا			

ترکیب و استعمال تمام اجزاء کو روغن کنجد میں پکا کر نلوں پر ضماد کرائیں۔

ھوالشافی — بچوں کی کھانسی — ھوالکافی

ترکیب: کاکڑا سنگی حسبِ ضرورت کو پیس کرر کھ لیں

استعمال: شہد کے ساتھ 1 رتی چٹائیں۔

فوائد: بخار، بلغی کھانسی، کالی کھانسی میں مجرب ہے۔

ھوالشافی — حبوب کھانسی بچوں کی کھانسی کے لیے — ھوالکافی

1	سہاگہ نیم بریاں	ہم وزن	3	گودہ گھیکوار	حسبِ ضرورت
2	فلفل سیاہ				

ترکیب: دونوں کو گھیکوار میں باریک پیس کر جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: 1 سے 2 گولی تک گرم پانی میں گھس کر پلائیں۔

فوائد: بچہ کی کھانسی کو بیحد مفید ہے۔

ھوالشافی — سفوف تریاقِ اطفال — ھوالکافی

1	تروی سفید عمدہ مقشر	ہم وزن	3	پودینہ باغی	
2	پوست ہلیلہ زرد				

ترکیب: تینوں کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

خوراک: 1 سال کے بچہ کو 1 گرام۔2 سال کے بچہ کو 2 گرام۔یعنی جتنے سال کا بچہ ہو اتنے گرام کی دوا کی خوراک گرم پانی میں حل کر کے پلائیں۔:

فوائد: سوکڑا، ڈبہ (نمونیہ)، سرسام، دردِسر، پیچش، قبض، قولنج، بدہضمی وغیرہ امراض کے لیے ایک ہی دوا از حد مفید ہے۔

ھوالشافی — تریاقِ اطفال — ھوالکافی

1	پودینہ خشک پتے	8 گرام	4	ریوند خطائی	2 گرام
2	تربد سفید منصفی۔لکڑی نکال کر	8 گرام	5	مروارید	1 گرام
3	ہلیلہ زرد مصفی	6 گرام			

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک پیس لیں۔

استعمال: 1 سال سے کم عمر بچے کو ڈیڑھ رتی۔بڑے کو 2 تا 3 رتی تک پانی میں حل کر کے پلائیں۔صرف 1 مرتبہ

فوائد: بدہضمی، ہرے پیلے دست، قے، قبض اور سوکڑا کے لیے یہ سفوف تریاق ہے۔

ھوالشافی	لاجواب گھٹی	ھوالکافی

1	گل بنفشہ	60 گرام	4	سناء مکی	25 گرام
2	مغز املتاس	60 گرام	5	چینی	1 کلو
3	گل سرخ	60 گرام	6	پانی	2 کلو

ترکیب: تمام ادویہ کو پانی میں بھگو کر جوش دیں۔ جب پانی آدھارہ جائے تو چھان لیں۔ چینی ملا کر قوام بنائیں۔

استعمال: 1 تا 2 چمچ عمر کے حساب سے دیں۔ **فائدہ:** بچوں کی قبض کے لیے سپیشل بے ضرر شربت ہے۔ نیز اپھارہ، نزلہ، زکام، کھانسی، مروڑ کو دور کرتا ہے۔ کھائی ہوئی مٹی جمع ہو جائے تو اسے بھی خارج کرتا ہے۔

ھوالشافی	بچوں کے سینہ کی جکڑن	ھوالکافی

1	دانہ الائچی کلاں	10 گرام	2	شہد خالص	30 گرام

ترکیب: دانہ الائچی کلاں کو خوب باریک پیس لیں اور شہد میں ملا کر محفوظ کر لیں۔ **استعمال:** رات کو تھوڑا سا لے کر بچے کو چٹا دیں۔ اگر طبیعت زیادہ خراب ہو تو دن میں 2 بار استعمال کرائیں۔ **فائدہ:** موسم کی تبدیلی یا سردی کی وجہ سے بچوں کی چھاتی جکڑی جاتی ہے اور سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے اس کے لیے ان شاء اللہ پہلی خوراک ہی اپنا اثر دکھائے گی۔

ھوالشافی	بچوں کی قبض کے لیے شربت	ھوالکافی

1	گل بنفشہ	50 گرام	3	گل سرخ	50 گرام
2	املتاس	50 گرام	4	سنا مکی	25 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو 3 کلو پانی میں بھگو کر جوش دیں۔ جب پانی 1 کلو رہ جائے تو چھان لیں۔ 2 کلو چینی ملا کر قوام تیار کریں۔ **استعمال:** 1 تا 2 چمچ بچے کی عمر کے حساب سے دیں۔ **فائدہ:** بچوں کی قبض کے لیے سپیشل شربت ہے۔ بغیر کسی ضرر کے اپھارہ، نزلہ، زکام، کھانسی، مروڑ کو دور کرتا ہے۔ کھائی ہوئی مٹی جمع ہو جائے تو اسے بھی خارج کرتا ہے۔

ھوالشافی	بچوں کے جسم پر چھالوں کی دوا	ھوالکافی

1	رسکپور	1 تولہ	روغن سرسوں	15 تولہ
	سہاگہ	10 تولہ		

ترکیب: سہاگہ کو توے پر کھِل کر لیں۔ اس میں سے 5 تولہ لے لیں۔ اب رسکپور اور 5 تولہ سہاگہ بریاں کو باریک کر لیں۔ 15 تولہ روغن سرسوں میں ملا دیں اور اچھی طرح کھرل کر لیں۔ بوتل میں محفوظ کر لیں۔

استعمال: روئی کے ساتھ چھالوں پر لگائیں۔ انشاء اللہ خشک ہو جائیں گے۔ بدن کی جلد صاف ہو جائے گی۔ دھدر، ایگزیما (پیروں کی انگلیوں کے زخم)، پھنسیوں کے لیے عمدہ اور فوری اثر انگیز ہے۔

هوالشافی	اکسیرِ اطفال	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	مروارید ناسفتہ	6 گرام	4	پودینہ جنگلی	50 گرام
2	ریوند خطائی	50 گرام	5	تربد سفید	50 گرام
3	ہلیلہ زرد	50 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کر کے پاوڈر بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 250 ملی گرام (2 رتی) تا 1 گرام (1 ماشہ) ہمراہ آب خالص دن میں 2 بار دیں۔

فائدہ: بدہضمی، قبض، ہرے پیلے اسہال، سوکھڑا وغیرہ میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

هوالشافی	سفوف بخشی	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برنج ساٹھی	50 گرام	4	برگ نیم	10 عدد
2	ناریل دریائی	25 گرام	5	سونف	50 گرام
3	زہر مہرہ خطائی	25 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کر کے پاوڈر بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 125 ملی گرام (1 رتی) دن میں 3 مرتبہ ہمراہ شیر مادر

فائدہ: بچوں کے سبز دستوں کو روکتا ہے۔ پیاس اور کمزوری کے لیے خاص چیز ہے۔

هوالشافی	تریاقِ اطفال	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برگ بانسہ	ہم وزن	3	چھچڑ	〃
2	ملٹھی	〃			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کر کے پاوڈر بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال:250 ملی گرام تا 1 گرام ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

فائدہ: بخار، کھانسی، اسہال، عطاشہ اطفال میں اسم با مسمیٰ ہے۔

هوالشافی	سفوف بال	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	زہر مہرہ خطائی	ہم وزن	5	زیرہ سیاہ	〃
2	ماجو	〃	6	الائچی کلاں	〃
3	کتھ گلابی	〃	7	طباشیر	〃
4	ناریل دریائی	〃	8	ست گلو	〃

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کر کے پاوڈر بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال و فوائد: ڈیڑھ سال کی عمر تک آدھا گرام، 3 سال کی عمر کیلیے 1 گرام تک ہمراہ پانی ۔بچوں کے تمام امراض کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	طفلی تریاق	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برگ نیم	1 گرام	4	فلفل سیاہ	〃
2	کیسر	〃	5	قرنفل	〃
3	فلفل دراز	〃	6	آملہ	1 دانہ

ترکیب: سب ادویات کو باریک پیس لیں اور آب حنا کے ساتھ گولیاں دانہ ءموٹھ بنالیں۔

خوراک: ایک گولی شیر مادر میں گھس کر پلائیں۔

فائدہ: تمام امراضِ اطفال میں اکسیر ہے۔

ھوالشافی	دوائے بال	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	تربد مصفی	ہم وزن	3	ہلیلہ زرد	〃
2	پودینہ باغی	〃			

ترکیب: سب ادویات کو باریک پیس لیں

خوراک: ایک سال کے بچے کو 1 گرام، 2 سال کے بچے کو 2 گرام علیٰ ہذالقیاس ہمراہ عرق سونف یا شیر مادر دیں۔

فائدہ: ام الصبیان، ڈبہ، سرسام، دردسر، پیچش، قبض، قولنج، بدہضمی، اسہال وغیرہ میں مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	چائلڈ کیئر	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ہینگ	12 گرام	4	فلفل سیاہ	12عدد
2	کتھہ سفید	7 گرام	5	برگ نیم	12عدد
3	افیون	3 گرام	6		

ترکیب: ہینگ کو روغن گاؤ میں بریاں کریں اور دیگر ادویات کو پاوڈر بنا کر مکس کر لیں۔

خوراک: 6ماہ کے بچے کو نصف رتی (کالی مرچ کے برابر)، ایک سال کے بچے کو 1 رتی، اسی طرح عمر کے لحاظ سے مقدار خوراک بڑھائیں۔
ہمراہ شیر مادر۔

فائدہ: اسہال، چھارو، پاکہ، سرخ بادہ، وجملہ امراض جو فسادِ خون وفسادِ معدہ سے ہوں نہایت مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	حب ڈبہ	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ثمر حنظل پختہ	4 کلو	2	سہاگہ سیاہ	60 گرام

ترکیب: ثمر حنظل کو اس قدر پکائیں کہ گداز ہو جائیں پھر سرد ہونے پر مل کر صاف کریں۔ پھر دوبارہ اس رس کو آگ پر غلیظ کریں تو سہاگہ سیاہ بھی ملادیں۔ جب گولیاں باندھنے کے لائق ہو تو گولیاں دانہ ماش برابر باندھ لیں۔

خوراک: 1 گولی سادہ پانی سے دیں۔

فائدہ: اسہال ہو کر مرض ڈبہ نیست ونابود ہو جائے گا۔ اکسیر لاجواب ہے۔

ھوالشافی	شربت مسیحا	ھوالکافی

1	بادیان	60 گرام	3	قند سفید	250 گرام
2	سہاگہ بریاں	6 گرام			

ترکیب: بادیان کو ایک کلو پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو قند سفید ڈال دیں۔ جب پھر نصف رہ جائے تو سہاگہ بریاں ملا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 2 چمچ صبح و شام بچے کو پلا دیا کریں۔

فائدہ: بچوں کی جملہ امراض میں نہایت مفید ہے۔ بچے کو مضبوط، قوی اور فربہ کرتا ہے۔ بنائیں اور دعائیں دیں۔

ھوالشافی	تریاق اطفال	ھوالکافی

1	دانہ الائچی خورد	برابر وزن	4	کاکڑا سنگی	″
2	طباشیر	″	5	اتیس/ میٹھا تیلیہ/ بیش۔ کوئی ایک	″
3	فلفل دراز	″			

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: ایک چٹکی شہد میں ملا کر چٹائیں۔

فائدہ: بچوں کی کھانسی، دمہ، بخار کے لیے لاجواب ہے۔

ھوالشافی	اکسیر ام الصبیان	ھوالکافی

1	سیماب	ہم وزن	4	حب السلاطین	″
2	گندھک	″	5	مغز تخم بیدانجیر	″
3	گوکھرو	″	6	تربد سفید	″

ترکیب: سب سے پہلے سیماب و گندھک کی کجلی تیار کریں۔ پھر دیگر ادویات ڈال کر خوب باریک پاوڈر بنالیں۔ مونگ کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ماہ کے بچے کے لیے آدھی گولی، چار ماہ کے بچے کے لیے ایک گولی، اسی طرح عمر کے مطابق بڑھائیں۔ مگر 2 گولی سے زائد بالکل نہ دیں۔ ہمراہ مادر شیر۔

فائدہ: ڈبہ اطفال میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	حب مرگی	ھوالکافی

1	صبر زرد	برابر وزن	3	جند بیدستر	″
2	کند				

ترکیب: سب کو پیس کر مونگ برابر گولیاں بنالیں۔ **استعمال**: 1 گولی شیر مادر میں گھس کر دیں۔ **فائدہ**: بچوں کی مرگی اور ڈبہ میں مفید ہے

ھوالشافی	اکسیر ڈبہ	ھوالکافی

1	پھلی املتاس	1عدد		2	شہد	حسبِ ضرورت

ترکیب :املتاس کی پھلی جلا کر پیس لیں اور محفوظ کرلیں۔

خوراک:شہد میں ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔

فائدہ: جس وقت بچے کی پسلی چلنے لگے اور گڑ ھا پڑ کر موت کا خوف ہو تو اس وقت اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔ بنائیے اور دعائیں دیجئے۔

ھوالشافی	مشتاق اطفال	ھوالکافی

1	سہاگہ بریاں	6 گرام		4	قلمی شورہ	ڈیڑھ گرام
2	نوشادر	3 گرام		5	نمک سینڈھا	4 گرام
3	ہینگ بریاں	2 گرام		6	زنجبیل	3 گرام

ترکیب :تمام ادویات کا پاوڈر بنالیں۔محفوظ کرلیں۔

خوراک:بچے کی عمر کے مطابق 125 ملی گرام (1رتی) سے 1 گرام تک دیں۔

فائدہ:بچوں کی قبض، درد شکم، بدہضمی، کالرریاح غرض ہر مرض کے لیے مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	دوائے سعال	ھوالکافی

1	نوشادر	25 گرام		4	نمک سوچل	25 گرام
2	جوکھار	25 گرام		5	اجوائن خراسانی	12 گرام
3	سہاگہ بریاں	25 گرام		6	ثمر کٹیلی خورد	250 گرام

ترکیب :تمام ادویات کو پیس کر ایک ہنڈیا میں ڈال کر گل حکمت کریں۔خشک ہونے پر 10 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔سرد ہونے پر نکال کر محفوظ کرلیں۔

خوراک:125 تا 250 ملی گرام ہمراہ مناسب بدرقہ بمطابق عمر دیں۔

فائدہ:کالی کھانسی کو دور کرنے میں سوء ہضم قبض، گیس، بدہضمی عسر البول اور پیٹ کے کیڑوں کو مار کر خارج کرنے میں سریع الاثر بے نظیر ہے۔

ھوالشافی	حبِ اُم الصبیان	ھوالکافی

1	مغز جمال گوٹا	برابر وزن		3	فلفل اسود	″
2	مغز کرنجوا	″		4	زنجبیل	″

ترکیب :تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس کر لعاب اسغول سے فلفل سیاہ برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک:روزانہ ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر مادر دیں۔

فائدہ:اس سے اسہال بافراغت آکر مرض رفع ہو جاتا ہے۔

هوالشافی	قلندری پاوڈر	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	مصطگی رومی	ہم وزن	4	الائچی خورد	″
2	طباشیر	″	5	پودینہ خشک	″
3	کیود	″			

ترکیب: سب کو پیس کر پاوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 تا 3 رتی تک دیں۔

فائدہ: ہمہ اقسام کے دست، قے، اپھارہ، سوکھا مسان کا اعلیٰ درجہ کا کم خرچ بالانشین اور سریع الاثر نسخہ ہے۔

هوالشافی	حبِ صافی	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	نرکچور	ہم وزن	8	برگ شاہترہ	″
2	رسونت	″	9	منڈی	″
3	چاکسو	″	10	بریم ڈنڈی	″
4	مردار سنگ	″	11	گنٹھی نیل	″
5	دھماسہ	″	12	برگ نیم	″
6	صندل سرخ	″	13	برگ بکائن	″
7	ہلیلہ سیاہ	″			

ترکیب: سب کو پیس کر پاوڈر بنا کر برگ حنا کے پانی سے حب دانہ فلفل سیاہ کے برابر بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک گولی صبح وشام شیر مادر میں گھس کر دیں۔

فائدہ: پھوڑے، پھنسیوں اور دانوں کے لیے، سرخبادہ اطفال میں نہایئ ہی جید الاثر، بے خطا، یقینی مجرب نسخہ ہے۔

هوالشافی	عرق جادُو والا	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	ست پودینہ	10 گرام	2	کافور	20 گرام

ترکیب: دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر، کارک لگا کر چند منٹ دھوپ میں رکھیں۔ پانی کی طرح ہو جائے گا۔ اس کا نام عرق جادو والا مشہور ہے۔

خوراک: 6 ماہ کی عمر تک 5 بوند، ایک سال تک 10 بوند، 2/3 سال کے بچہ کے لیے آدھی چمچی ہمراہ عرق سونف یا شیر مادر دیں۔

فوائد: ولائتی گرائپ واٹر سے ہزار درجہ بہتر ہے۔ دواخانہ کا پیٹنٹ شربت ہے۔

ھوالشافی	جسم کی گلٹیاں (LIPOMAs)				ھوالکافی
1	ادرک	ہم وزن	4	انار دانہ	"
2	لہسن	"	5	کالی مرچ	حسب ذائقہ
3	پودینہ	"		سبز مرچ	"

ترکیب: سب کو ملا کر چٹنی بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک بڑا چمچ ہر کھانے کے، ہر لقمے کے ساتھ صبح دوپہر شام کھائیں۔

فائدہ: جسم میں کسی بھی قسم کی گلٹیاں ہوں۔ بالکل نابود ہوجائیں گی۔ ڈیڑھ ماہ استعمال کریں۔ جسم میں سوئیاں چبھتی ہوں تو اس کے لیے بھی نہایت اعلیٰ دوا کا درجہ رکھتی ہے۔

ھوالشافی	جسم کی بغیر درد گلٹیاں (LIPOMAs)				ھوالکافی
1	رائی سرخ	40 گرام	3	تیزپات	40 گرام
2	گندھک آملہ سار	120 گرام	4	اجوائن دیسی	40 گرام

ترکیب: سب کو پیس کر پاوڈر بنالیں۔

استعمال: آدھی چمچی صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی۔ ایک تا ڈیڑھ ماہ استعمال کریں۔

فائدہ: جسم میں موجود تمام گلٹیاں پگھل کر تحلیل ہوجائیں گی۔

ھوالشافی	بغل کے دانے / گِلٹیاں				ھوالکافی
1	پینسلین انجکشن یا پاوڈر	حسب ضرورت	2	گریس	حسب ضرورت

ترکیب و استعمال: دونوں کو ملالیں۔ متاثرہ جگہ پر رات کو لگا کر پٹی باندھ دیں۔ 3/4 دن استعمال کریں۔

ھوالشافی	گِلٹیاں				ھوالکافی
1	ریوند چینی	ہم وزن	2	برگ سداب	ہم وزن

ترکیب و استعمال: دونوں کو باریک پیس لیں۔ آدھی چمچی صبح شام پانی کے ساتھ لیں۔ کھانے آدھ گھنٹہ پہلے یا آدھ گھنٹہ بعد

ایک تا ڈیڑھ ماہ استعمال کریں۔

ھوالشافی	گِلٹیاں / شریانوں کا گچھا				ھوالکافی
1	سنگی	برابر وزن	2	چرائتہ	برابر وزن

ترکیب: پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: آدھی چمچی صبح و شام لیں۔ **فوائد:** مصفیٔ خون ہے۔ چربی کی گلٹیوں کو تحلیل کرتی ہے

ھوالکافی	درد گردہ	ھوالشافی

1 تولہ	سہاگہ	4	1 تولہ	ریوند خطائی	1
1 تولہ	دیسی شکر/چینی	5	1 تولہ	نوشادر ٹھیکری	2
			1 تولہ	مقمر	3

ترکیب: سیریل نمبر 1 تا 4 کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر باریک سفوف بنالیں اس میں دیسی شکر یا چینی ملالیں اور شیشے کی بوتل میں بند کرلیں

استعمال: دردِ گردہ کے لیے انتہائی موئثر دوا ہے۔ خوراک 1 ماشہ نیم گرم پانی کے ساتھ۔

فوائد: انشاءاللہ 20 منٹ کے اندر اندر آرام آجائے گا۔ آرام نہ آنے کی صورت میں دوسری خوراک دیں۔ وگرنہ ضرورت نہیں۔

ھوالکافی	پتھری و درد گردہ 1	ھوالشافی

؎	جوکھار	3	برابر وزن	قلمی شورہ	1
؎	کلتھی	4	؎	سنگ یہود	2

ترکیب: برابر وزن لے کر باریک سفوف بنالیں.

استعمال: 5 تا 6 گرام روزانہ ہمراہ لسی یا پانی

ھوالکافی	پتھری و درد گردہ 2	ھوالشافی

؎	کباب چینی	4	برابر وزن	سنگ سرماہی	1
؎	لوٹا سجی	5	؎	دانہ الائچی خورد	2
			؎	قلمی شورہ	3

ترکیب: برابر وزن لے کر مولی کے پانی میں کھرل کر کے سفوف بنالیں.

استعمال: 5 گرام صبح و شام ہمراہ شربت بزوری

ھوالکافی	حبِ بیش (مٹھا تیلیہ)	ھوالشافی

90 گرام	سرنجان شیریں	3	12 گرام	بیش (مٹھا تیلیہ)	1
			90 گرام	سوڈا بائی کارب	2

ترکیب: تینوں اجزاء کا الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولیاں دن میں 4 مرتبہ۔

فوائد: خشکی کی زیادتی کے درد کو فوری آرام دیتا ہے۔ زیادہ بخار کی شدت کم ہوجاتی ہے۔ الرجی کے لیے بہترین ہے۔ بلڈ پریشر، خارش، ریح کا درد، پتہ اور جگر کے درد کی بہترین دوا ہے۔

هوالشافی — **جوشاندہ پتھری توڑ** — هوالکافی

1	کلتھی	9 گرام		3	ترپھوکا	1-3/4 گرام
2	نمک سیندھا	3 گرام				

ترکیب و استعمال: تینوں کو نیم کوب کر کے 750 گرام پانی میں جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو مل چھان کر مریض کو اسی طرح دن میں تین مرتبہ پلائیں

نوٹ: پیشاب کسی صاف بوتل میں کریں۔ دوسرے روز پتھری نتھر جانے کے بعد نیچے بیٹھی ہوئی نظر آئے گی اسی طرح 4/5 روز تک دوا کا استعمال کرائیں انشا اللہ تمام پتھری ریزہ ریزہ ہو کر خارج ہو جائے گی

هوالشافی — **غدی اعصابی مقوی لبوب** (کمزوری گردہ) — هوالکافی

1	مغز چلغوزہ	20 گرام		7	مغز خیارین	20 گرام
2	مغز پستہ	20 گرام		8	مغز پنبہ دانہ (بنولہ)	20 گرام
3	مغز اخروٹ	20 گرام		9	کنجد	20 گرام
4	مغز فندق	20 گرام		10	ثعلب مصری	20 گرام
5	مغز بادام	20 گرام		11	تخم پیاز	20 گرام
6	مغز خربوزہ	20 گرام		12	شہد	220 گرام

ترکیب: سب کا سفوف کر کے شہد میں ملا دیں۔ **استعمال:** 6 تا 9 گرام دن میں تین بار

فوائد: جگر اور گردوں کو مشینی طور پر تحریک دیتا ہے اور قوتِ باہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

هوالشافی — **لعوقِ گردہ** — هوالکافی

1	جوکھار	100 گرام		رمک سیندھا	100 گرام
2	لوٹا سجی	100 گرام		نمک سفید	100 گرام
3	سہاگہ (خام)	100 گرام		ہیرا ہینگ	100 گرام
4	نوشادر	100 گرام		قلمی شورہ	100 گرام
5	فلفل سیاہ	100 گرام		سرکہ سفید	حسبِ ضرورت

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔ سرکہ سفید ملا کر چٹنی کی طرح بنا لیں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال: 15 / 15 منٹ کے بعد 3 / 3 گرام چٹائیں۔

فوائد: پہلی خوراک سے ہی درد گردہ غائب ہو جائے گی۔ ورنہ دوسری یا تیسری خوراک سے ضرور زائل ہو جائے گی 45 منٹ کے اندر اندر مثانہ، گردہ کی درد غائب ہو جائے گی۔

ھوالشافی	پتّہ کی پتھری	ھوالکافی

1	نوشادر	90 گرام		5	فلفل دراز	90 گرام
2	جوکھار	120 گرام		6	قلمی شورہ	180 گرام
3	نمک مولی	10 گرام		7	پھٹکڑی	20 گرام
4	حجرالیہود	180 گرام		8		

ترکیب: پھٹکڑی کو پیس کر ایک کلو پانی میں حل کر کے آگ پر رکھ کر پانی قدرے خشک کر لیں جب جمنے کے قریب ہو تو پھر اس میں نوشادر، قلمی شورہ، جوکھار بھی پیس کر ملا دیں اس کے بعد آگ کو تیز کر دیں اس کو لوہے کے ہاون دستے سے ہلا کر رگڑتے رہیں جب ہر چیز موم کی طرح ہو جائے تو باقی ادویات کا سفوف بنا کر ڈال دیں۔ جب مکمل خشک ہو جائے تو آگ سے اتار کر باریک پیس لیں۔

خوراک: سب کو ملا کر ایک گرام دوا کی خوراک دیں۔

ترکیب استعمال: 1 گرام روزانہ ہمراہ درج ذیل بدرقہ جات دیں۔

1۔شیرہ ڈوکو (جنگلی گاجر کی جڑ) 3 گرام کو پانی میں رگڑ کر شیرہ سا بنا لیں۔ 2۔شیرہ آلوبالو 3 گرام تھوڑے پانی میں بھگو کر رگڑ لیں پھر نچوڑ لیں۔ شیرہ بن جائے گا۔ 3۔شیرہ کاکنج 3 گرام۔ تھوڑے پانی میں بھگو کر رگڑ لیں۔ پھر نچوڑ لیں۔ شیرہ بن جائے گا۔ 4۔شربت بزوری معتدل 4 تولہ

فوائد: پتھری مرارہ اور گردہ، مثانہ کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دے گی۔

ھوالشافی	سفوف پتھری توڑ	ھوالکافی

1	سوڈا بائی کارب (میٹھا سوڈا)	10 تولہ		3	سنگ دانہ مرغ	10 تولہ
2	نمک خوردنی	10 تولہ		4	مغز جمال گوٹہ	3 ماشہ

ترکیب: جمال گوٹہ کو چھیل کر مغز نکال لیں۔ پھر اس میں سے پتہ نکال کر ضائع کر دیں (ضروری ہے)۔ باقی مغز جمال گوٹا کو باریک کر کے دوسری پسی ہوئی ادویہ میں ملا کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: 1 تا 2 ماشہ خوراک ہمراہ شربت بزوری دن میں 4 مرتبہ دیں۔

فوائد پتھری خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں، پتہ میں ہو یا جگر میں۔ ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتا ہے۔ پیٹ کے درد، ریاح شکم، قبض، بد ہضمی کے لیے لاجواب دوا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر پتھری	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	جوکھار	ہم وزن	4	قلمی شورہ	〃
2	ٹنکن کھار	〃	5	حجر الیہود	〃
3	شب یمانی	〃	6		

ترکیب :تمام ادویات کونہایت باریک پیس لیں اور محفوظ کرلیں۔

خوراک:3 گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت بزوری یا کچی لسی دیں۔

فوائد :سنگ گردہ ومثانہ میں نہایت مفید ہے تجربہ شدہ ہے۔چند دنوں میں فائدہ ہوجاتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر گردہ	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	تخم کونچ (مدبر شدہ شیر گاؤ)	12 گرام	8	مغز چلغوزہ	〃
2	موصلی سفید	12 گرام	9	پوست ہلیلہ زرد	〃
3	گوند ببول	〃	10	پوست آملہ	〃
4	مغز بادام شیریں	6 گرام	11	پوست بلیلہ	〃
5	مغز فندق	〃	12	روغنِ زرد	حسبِ ضرورت
6	مغز پستہ	〃	13	شہد	〃
7	مغز اخروٹ	〃			

ترکیب :سیریل نمبر 1 تا 3 کو روغنِ زرد میں ڈال کر اچھی طرح بریاں کریں۔بعد میں سب اشیاء کو کوٹ چھان کر باریک کرلیں۔
تمام کو آپس میں اچھی طرح یک ذات کرکے شہد ملا کر معجون بنالیں۔

خوراک : ایک چمچ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

فوائد: یہ معجون گردوں پر خاص اثر رکھتی ہے۔اور معدہ، جگر، دماغ کو بہت طاقت پہنچاتی ہے۔مادہ منویہ بکثرت پیدا کرتی ہے اور گاڑھا بناتی ہے۔کمر کو مضبوط بناتی ہے۔طبعی امساک پیدا کرتی ہے۔

ھوالشافی	سٹون کرش	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	قلمی شورہ	120 گرام	3	مولی کھار	25 گرام
2	گندھک آملہ سار	6 گرام	4	جوکھار	25 گرام

ترکیب:قلمی شورے کو کڑاہی میں ڈال کر گندھک آملہ سار کے چٹکی دیتے جائیں۔ختم ہونے پر مٹی کے برتن مین ڈال دیں۔جم جانے پر تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : 1/2 تا 1 گرام آبِ گرم میں دن میں تین مرتبہ دیں۔

فائدہ : سنگ گردہ ومثانہ میں نہایت کارآمد ہے۔مجرب نسخہ ہے۔

ھوالکافی	سفوف پتھری پھوڑی	ھوالشافی

1	قلمی شورہ	برابر وزن	4	جوکھار	؍
2	سنگ یہود	؍	5	مولی کھار	؍
3	سنگ سرماہی	؍			

ترکیب: تمام ادویات کا پاوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : 3 گرام صبح شام ہمراہ شربت بزوری دیں۔

فائدہ : پتھری اور ریگ میں معمول مطب ہے۔

ھوالکافی	سفوف پتھری پھوڑی	ھوالشافی

1	قلمی شورہ	50 گرام	2	فلفل سیاہ	12 گرام

ترکیب: گرم توے پر کالی مرچ کا پاوڈر بنا کر بچھا دیں، پھر اس کے اوپر قلمی شورہ کی تہہ لگا دیں۔ جب شورہ پگھل جائے تو مٹی کے برتن میں اُلٹ دیں تا کہ جم جائے پھر پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : 2 گرام صبح دوپہر شام ہمراہ لسی شیر گاؤ دیں۔

فائدہ : 2 گھنٹے کے اندر اندر ذرّے وغیرہ بغیر تکلیف کے پیشاب کے ذریعے خارج ہو جائیں گے۔

ھوالکافی	دوائے مثانہ	ھوالشافی

1	ست گلو	12 گرام	5	ست سلاجیت	2 گرام
2	گڑمار بوٹی	12 گرام	6	زنجبیل	2 گرام
3	مغز جامن	12 گرام	7	آب گلو سبز	بقدر مناسب
4	کشتہ فولاد				

ترکیب: تمام ادویات کو آب گلو سبز میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنا کر محفوظ کرلیں **استعمال**: 3/3 گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں

فائدہ: ضعفِ مثانہ، کثرتِ بول، گردہ و مثانہ کو قوت بخشتی ہے۔ شکر کی آمد کو بند کرتی ہے۔

ھوالکافی	گردہ و مثانہ کی پتھری ☆6 خوراک صرف☆	ھوالشافی

حصہ اول

1	نوشادر ٹھیکری	ہم وزن	4	قلمی شورہ	؍
2	جوکھار	؍	5	سہاگہ بریاں	؍
3	پھٹکری سفید بریاں	؍	6	نمک کچری	؍

ترکیب: سب کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1000 ملی گرام کیپسول صبح و دوپہر، شام ہمراہ قہوہ درجِ ذیل سے دیں۔ **جاری ھے**

حصہ دوم

1	جوں کلتھی	100 گرام			مکئی کے بال	
2	چھلکا خربوزہ					

ترکیب: سب کوکوٹ کردردرہ کرلیں 4 کلو پانی ڈال کرآگ پر چڑھادیں۔ جب پانی 2 کلورہ جائے تو چھان کرمحفوظ کرلیں۔
استعمال: روزانہ صبح مذکورہ بالا ایک کپسول خالی پیٹ دیں۔

هوالشافی	سنگ گردہ و مثانہ	هوالکافی

1	سنگ یہود	60 گرام		3	آب مولی	3 کلو
2	قلمی شورہ	120 گرام		4		

ترکیب: ایک مٹی کے کوزہ میں 60 گرام قلمی شورہ، اسکےاوپر سنگ یہود اور پھراس کے اوپر بقایا 60 گرام قلمی شورہ دے کراوپر سے نصف کلومولی کا پانی ڈال کر 5 کلواوپلوں کی آگ دیں۔ سردہونے پر بدستور آگ دیں علیٰ ہذالقیاس پوری 6 آگ دیں۔(قلمی شورہ نیا ڈالتے جائیں) گردہ ومثانہ کی پتھری اورریت مثانہ باآسانی نکال دینااس کاخاص کام اورکرشمہ ہے۔1۔جوکامکمل نیم پختہ پودہ لاکر کھلی جگہ پر جلادیں۔اورکسی گھڑے میں پانی میں بھگودیں۔ راکھ کو 3/4 دن بعدنکھار کریں۔2۔مولی کو پتوں سمیت لاکر کھلی جگہ پر جلا دیں۔
اورکسی گھڑے میں پانی میں بھگودیں۔ راکھ کو 3/4 دن بعدنکھار کریں۔
استعمال: دوائے مذکورہ کی 1 رتی جوکھار 1 رتی مولی کھار 1 رتی سب کوملا کرشربت بزوری کے ہمراہ دن میں 3 مرتبہ روزانہ دیں.

هوالشافی	تریاقِ گردہ	هوالکافی

1	نوشادر	1 تولہ		6	سنگ یہود	3تولہ
2	سہاگہ (بریاں)	1 تولہ		7	سنگ دانہ مرغ	8تولہ
3	سجی	1 تولہ		8	تخم بکائن	2تولہ
4	قلمی شورہ	3 تولہ		9	تخم نیم	2تولہ
5	الائچی کلاں	3تولہ				

ترکیب: سب کوالگ الگ باریک کرکے ملالیں۔
استعمال و فوائد: 1تا3 ماشہ خوراک ہمراہ نیم گرم پانی دن میں 4 مرتبہ دیں۔ دردِگردہ، مثانہ، پتھری خواہ جگرمیں ہویاپتہ میں یاگردہ مثانہ میں توفوراً ٹکڑے ٹکڑے ہوکرخارج ہوجاتی ہے۔بندش بول،سوزش وجلن بول اورتقطیر البول کے لیے بے حدمفید ہے

ھوالشافی	کشتہ مرجان	ھوالکافی

1	مرجان	60 گرام		2	نبات سفید	120 گرام

ترکیب: نبات سفید کو نیچے اوپر دے کر مرجان 60 گرام درمیان میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس کلو اوپلو کی آگ دیجئے سفید کشتہ برآمد ہوگا پیس کر سنبھال کر رکھیں۔

استعمال: چار رتی مکھن میں رکھ کر دیجئے جریان کے لیئے معجون آرد خرما ایک تولہ میں استعمال کیجئے۔

فائدہ: معمول مطب دل دماغ میں تقویت پیدا کرنے کے لئے مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	دوائے خیر	ھوالکافی

1	عقرقرحا	12 گرام		7	زنجبیل	12 گرام
2	قرنفل	12 گرام		8	زعفران	6 گرام
3	جائفل	12 گرام		9	مشک خالص	250 ملی گرام
4	جلوتری	12 گرام		10	مویز منقیٰ	120 گرام
5	دارچینی	12 گرام		11	ازراقی سوختہ	8 عدد
6	فلفل دراز	12 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو الگ الگ باریک پیس کر منقیٰ مویز میں کھرل کریں۔ بالکل باریک پاوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 تا 2 گرام نیم گرم پانی سے یا چائے سے کھلا دیں۔

فائدہ: جملہ امراض بارد کے لیے نہایت مفید ہے۔ فالج لقوہ، ریح، برسوت، ضعفِ قلب وغیرہ میں سینکڑوں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔

ھوالشافی	دل کی کمزوری کیلیے	ھوالکافی

1	کافور	3 ماشہ		3	طباشیر	6 ماشہ
2	کہربا	6 ماشہ		4	گِل اِرمنی	6 ماشہ

ترکیب: تمام کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت صبح نہار مونہہ 1 تا 3 ماشہ ہمراہ آب سرد استعمال کریں۔

فوائد: انشاءاللہ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے کہنہ سے کہنہ مرض دور ہوجائے گا۔

ھوالشافی	دل کے والو بند ہونا	ھوالکافی

رکیب: تخم مولی کا سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: یک تا تین گرام صبح شام ہمراہ جوشاندہ سونف و الائچی خورد 10/10 گرام (چھان کر) شہد حسبِ ذائقہ ملا کر دیں۔ ترشی والے پھل، مولی/میتھی کا سالن استعمال کرائیں۔ مولی کھلائیں۔

فوائد: شریانوں کا کولیسٹرول صاف ہوجائے گا۔ دل کے والو کھل جائیں گے۔ گردہ، مثانہ و پتہ کی پتھری گھل کر خارج ہوجائے گی۔

ھوالکافی	مرواریدی پلز	ھوالشافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	طباشیر	
2	ورق چاندی	
3	مروارید ناسفتہ	
4	روح کیوڑہ	

ترکیب: تمام ادویات کو روح کیوڑہ تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کیا جائے۔پھر بقدر دانہ مسور گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: حسبِ ضرورت

فوائد: دل کی طاقت کے لیے سیکنڈوں میں فائدہ دینے والی نہایت مفید گولیاں ہیں۔

ھوالکافی	سنھری عرق	ھوالشافی

1	گندھک آملہ سار	100 گرام
2	سوڈا کاسٹک	150 گرام

ترکیب: دونوں کے علیحدہ علیحدہ ٹکڑے کرکے چینی کے کھرل میں ڈال کر آپس میں مکس کریں۔پھر تھوڑا سا ترچھا کر کے دھوپ میں رکھ دیں۔خیال رہے کہ برتن کو دھوپ کے رُخ پر رکھیں۔خود ہی تیل بن کر نیچے آنا شروع ہوجائے گا۔کسی کانچ کی بوتل میں محفوظ کرلیں۔

1	سفوف ارجن			3	اندرائن کیپسول	
2	شکر			4	دیسی گھی	

ترکیب استعمال: ایک تا دو بوند سنہری عرق کسی پتاشے یا کسی عرق 1 کپ میں ڈال کر کھانا کھانے کے بعد پلائیں۔

سفوف

ارجن 5 گرام، شکر 5 گرام، دیسی گھی 5 گرام اور اندرائن کیپسول ہمراہ صبح وشام استعمال کرائیں۔

فوائد: جو بھی دل کا والو بند ہو گیا دل کو بڑھنا، دل پر چربی چڑھنا، دل کی دھڑکن کے لیے لاجواب اکثیر ہے۔کینسر پر کام کرے گا نیز گھمبیر کے لیے بھی نہایت موثر ہے۔

ھوالکافی	دل کے والو بند ھونا	ھوالشافی

1	بھنگرہ	20 گرام

ترکیب: بھنگرہ کا جوشاندہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: جوشاندہ صبح دوپہر شام (چھان کر) شہد حسبِ ذائقہ ملا کر دیں۔دس پندرہ روز استعمال کرائیں ترشی والے پھل، مولی/میتھی کا سالن استعمال کرائیں۔مولی کھلائیں۔

فوائد: شریانوں کا کولیسٹرول صاف ہوجائے گا۔دل کے والو کھل جائیں گے۔گردہ، مثانہ و پتہ کی پتھری گھل کر خارج ہوجائے گی۔

☆ جگر کے امراض ☆

جگر کی مختصر تشریح: جگر اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو ہے جو سرخ مائل بہ سیاہی بینگنی شکل کا عضو ہے۔ جسم میں دائیں جانب پسلیوں کے نیچے اور معدے کے اوپر ہوتا ہے اس وزن عموماً تندرست جوان آدمی میں ڈیڑھ سے 2 سیر ہوتا ہے۔

جگر کے اندر شریانیں، وریدیں اور صفراوی نالیوں کا جال بچھا ہوتا ہے اس کے علاوہ اعصاب و عضلات بھی ہوتے ہیں۔ اخلاط مثلاً بلغم، سودا، صفرا وغیرہ جگر ہی میں بنتے ہیں۔ جو صفرا پیدا ہوتا ہے پتہ میں سٹور ہوتا رہتا ہے اور بوقتِ ضرورت آنتوں پر گرتا رہتا ہے۔ خون میں شامل ہو کر مختلف اعضاء کی خوراک بنتا ہے وغیرہ۔ حالتِ صحت میں چوبیس گھنٹے میں صفرا تقریباً 100 سے 120 گرام آنتوں پہ گرتا رہتا ہے۔ جگر کی اہمیت مسلمہ ہے۔ اگر اس میں خرابی آ جائے تو تمام اعضائے جسم کے افعال میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔ کیونکہ جسم کی پرورش اور تقدیر کے افعال اس کے ذاتی افعال ہیں۔

ضعفِ جگر: جب جگر کے افعال میں سستی آ جائے تو اس ضعفِ جگر کا نام دیں گے۔ اطباء کرام کے نزدیک جگر کی چاروں یا کوئی ایک قوت مثلاً قوتِ ماسکہ، قوتِ دافعہ، قوتِ جاذبہ یا قوتِ ہاضمہ میں سستی یا خرابی ضعفِ جگر واقع ہو جاتا ہے۔

اسباب: مباشرت اور شدید محنت و مشقت اور دھوپ میں زیادہ رہنے کے فوراً بعد پانی پی لینا، ٹھنڈے مشروب یا برف کا کثرتِ استعمال، مرطوب غذاؤں کی زیادتی، بندشِ حیض، سدہ جگر، ورم جگر، مدرات و مسہلات کا کثرتِ استعمال وغیرہ ضعفِ جگر کے اسباب میں شامل ہے۔

علامات: بدن کمزور، جسم کا رنگ سفیدی مائل یا زردی مائل نیلگوں، بلغم کی کثرت، ہونٹ اور زبان کی رنگت سفیدی مائل، بدن میں سُستی اور ڈھیلا پن، چہرے پر بھر بھراہٹ، پیشاب گاڑھا، نبض قدرے مشرف اور عریض۔ بعض اوقات نبض سُست اور آہستہ چلتی ہے پاخانہ غسالی یعنی گوشت کے دھوئیں جیسا وغیرہ۔ پیشاب سرخ زردی یا سفیدی مائل، مونہہ کا ذائقہ قدرے تلخ، خون قدرے گاڑھا ہوگا

ھوالشافی	جگری مطبوخ					ھوالکافی
1	بنفشہ	6 گرام		6	بیخ کاسنی	6 گرام
2	مکو	6 گرام		7	گاؤزبان	6 گرام
3	ملٹھی	6 گرام		8	بیخ بادیان	6 گرام
4	تخم کشوث	6 گرام		9	مویز منقیٰ	6 گرام
5	سونف	6 گرام		10	بادیان خطائی	6 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو اچھی طرح ایک پاؤ پانی میں اُبال لیں۔ پھر اس جوشاندہ میں گلقند ملا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: روزانہ صبح و شام نوش فرمائیں۔

فائدہ: اس جوشاندے سے سُدا چاہے جگر میں ہو یا ماساریقا میں ہو، تحلیل ہو جاتا ہے۔ سوالقنیہ اور استسقاء میں بھی جید الاثر ہے

سفوف ریوندی

اجزاء: ریوند چینی حسبِ حاجت لے کر اسے باریک پاؤڈر بنا لیں۔ **ترکیب استعمال:** 2 گرام پاوڈر 12 گرام گلقند میں ملا کر عرق سونف کے ہمراہ لیں۔ **فائدہ:** ابتدائے استسقاء اور ضعفِ جگر میں مفید الاثر کامیاب دوا ہے۔

ھوالشافی	معجون کبد	ھوالکافی

1	پوست آملہ	28 گرام	7	نمک سنگ	7 گرام
2	پوست ہلیلہ	28 گرام	8	طباشیر	14 گرام
3	پوست بلیلہ	14 گرام	9	فاسفیٹ آف لائم	14 گرام
4	فلفل سیاہ	14 گرام	10	روغنِ گاؤ	84 گرام
5	فلفل سفید	14 گرام	11	شہد	144 گرام
6	ملٹھی	56 گرام	12	مصری	180 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کریں روغنِ گاؤ میں چرب کریں۔ مصری کا قوام بنائیں۔ پھر اس قوام میں شہد ڈال کر باقی چرب شدہ پاوڈر ملا کر معجون بنالیں۔

خوراک: 3/3 گرام صبح وشام ہمراہ شیر شتر جوشیدہ دیں۔

فوائد: مولدِ خون ہے مقوی دل و دماغ، جگر و معدہ ہے۔ بھوک خوب لگاتی ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ کسی تحفے سے کم نہیں۔

ھوالشافی	اکسیر جگر	ھوالکافی

1	خبث الحدید مصفی	250 گرام	3	دودھ کی لسی	5 کلو
2	شیر مدار	1 کلوگرام	4	سرکہ انگوری	2 کلوگرام

ترکیب: پہلے خبث الحدید کو کڑاہی میں ڈال کر شیر مدار ڈال دیں اور ہلکی ہلکی آنچ دیں کہ خشک ہو جائے پھر دودھ کی لسی ڈال کر خشک کریں۔ اس کے بعد سرکہ انگوری ڈال کر کے بعد دیگر خشک کریں۔ مگر لسی اور سرکہ انگوری تھوڑا تھوڑا ڈال کر خشک کرنا ہے۔ پھر محفوظ کرلیں

خوراک: 125 تا 250 ملی گرام (1 تا 2 رتی) مکھن میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد: ضعفِ جگر کے لیے انمول تحفہ مجرب ہے

ھوالشافی	اکسیرِ اعظم	ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	72 گرام	3	دودھ گائے	1 کلو
2	روغن زرد	100 گرام			

ترکیب: گندھک آملہ سار کو آگ پر پر پکائیں۔ پھر چھوٹا چمچ دیسی گھی ڈال دیں۔ جب گندھک چرخ کھائے تو اٹھا کر ایک پاؤ دودھ میں ڈال دیں۔ پھر نکال کر یہی عمل دہرائیں۔ ہر تین مرتبہ کے بعد دودھ پاؤ تبدیل کریں۔ اس طرح یہ عمل 12 مرتبہ کریں اور محفوظ کرلیں

خوراک: 125 تا 250 ملی گرام (1 تا 2 رتی) مکھن میں ملا کر صبح نہار مونہہ کھلائیں۔

فوائد: مقوی معدہ وجگر ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مصفی خون ہے۔ سرعتِ انزال کا مرض دور کرنے میں کامیاب دوا ہے نیز دافع ریاح بھی ہے۔ اکسیر الاثر معمول مطب نسکہ ہے۔ بنائیے اور دعا دیں۔

ھوالشافی — تریاقِ لیور — ھوالکافی

1	گل سُرخ	12 گرام	4	تخم حماض	5 گرام
2	زرشک	3 گرام	5	زعفران (4 رتی)	600 ملی گرام
3	لک مغسول	3 گرام	6	کافور	1 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2 گرام دن میں 2 یا 3 مرتبہ ہمراہ عرق مکوہ دیں۔

فائدہ: صفرا کی کثرت کو روکتا ہے اور جگر کو تقویت دیتا ہے۔

ھوالشافی — لیور ایکس ٹیب — ھوالکافی

1	برگ مکو سبز	12 گرام	3	برگ کسوندی سبز	12 گرام
2	برگ سنبھالو	12 گرام	4	فلفل سیاہ	12 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: پہلے دن صبح نہار مونہہ ایک گولی ہمراہ آب تازہ دیں۔ دوسرے دن 2 گولی، اسی طرح 14 ویں دن تک بڑھاتے ہوئے 14 گولیاں کھلادیں پھر ایک ایک گولی اسی طرح کم کرتے جائیں۔ 28 روز کے بعد دوا کھلانا موقوف کردیں۔

فائدہ: ہر قسم کا استسقاء خاک میں مل جائے گا۔ ضعفِ جگر کا قلع قمع کردینے میں سریع الاثر ہے۔

پرہیز: موٹھ کی روٹی، موٹھ اور مونگ کی دال دیں۔

ھوالشافی — جگری — ھوالکافی

1	ریوند خطائی	12 گرام	3	قلمی شورہ	25 گرام
2	نوشادر	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: آدھا گرام، صبح و شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: جگر کا شافی علاج ہے۔

ھوالشافی — روغنِ اکسیری — ھوالکافی

1	سم الفار	12 گرام	3	مہوکڑی	25 گرام
2	رتیاں سفید	25 گرام	4	شیر گاؤ	10 کلو

ترکیب: پہلی تینوں ادویہ کو نہایت باریک کرکے شیر گاؤ میں ہلکی ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب دودھ آدھا حصہ رہ جائے تو اتارلیں۔ جغرات لگادیں۔ صبح مکھن نکال کر گھی حاصل کریں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: روزانہ صبح نہار مونہہ 2 قطرے مکھن میں لپیٹ کر نگل جائیں۔

فوائد: دافع جریان واحتلام ضعفِ جگر اور ضعفِ معدہ ومثانہ وغیرہ کے لیے اکسیری دوا بے نظیر ہے۔

ھوالشافی	لیورین	ھوالکافی

1	نوشادر	25 گرام		2	افسنتین	12 گرام

ترکیب: دونوں ادویہ کو نہایت باریک کرلیں۔

استعمال: ایک تا ڈیڑھ گرام ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم دیں۔

فائدہ: صلب جگر و طحال، سوالقنیہ، ضعفِ جگر وغیرہ میں نہایت جید الاثر ہے۔ نیز جگری بخار کا خاتمہ کرتی ہے۔

ورمِ جگر / ہیپاٹائٹس

اسباب: اس مرض میں جگر میں ورم پیدا ہو کر افعالِ جگر کو متاثر کرتا ہے عموماً سانپ کا زہر، سینٹونین، ایٹوفان، سنکھیا وغیرہ کا کثرتِ استعمال، شدید بخاروں مثلاً ملیریا، کالا آزار، محرقہ، انفلوئنزہ، پیچش، شدید آتشک، جگر کو چوٹ، شدت گرمی، شراب نوشی کی کثرت، گوشت و مصالہ جات کا کثرت سے استعمال، تیز گرم ادویات کی بھرمار وغیرہ سے یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے۔

اقسام: ورمِ جگر کی دو اقسام ہے ☆ ورمِ جگر ☆ ورمِ غلافِ جگر

علامات: اگر ورم غلافِ جگر میں تنہا ہو تو جگر کے مقام پر درد ہو گا۔ سانس میں تنگی، افعال جگر میں نقص ہو گا۔ اگر جگر میں ورم ہو تو بخار لازم ہوتا ہے۔ جگر کے مقام پر دائیں جانب درد ہو گا۔ سانس لینے سے درد میں اضافہ ہوتا ہے۔ ورم جگر اگر گہرا ہو تو قبض ہوتی ہے۔ ہچکیاں آتی ہیں۔ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جاتے ہیں۔ کبھی کبھی غشی ہو جاتی ہے۔ اگر ورم اُبھرے حصے میں ہو تو سانس میں مشکل ہو گی۔ بسا اوقات پیشاب بند ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	حبِ ورم	ھوالکافی

1	صبر سقوطری	ہم وزن		4	مصطگی رومی	″
2	بزرالبنج سفید	″		5	فلفل سیاہ	″
3	جوکھار	″				

ترکیب: تمام ادویہ کو الگ الگ باریک کرکے عرق گلاب میں نخودی حبوب تیار کرلیجیے۔

استعمال: ایک تا چار گولی نیم گرم پانی سے دن میں تین مرتبہ دیں۔

فائدہ: مفاصلی اورام میں مفید ہے۔ نیز ورمِ جگر و طحال میں نہایت کامیاب ہے۔

ھوالشافی	دوائے لیور	ھوالکافی

1	ریوند خطائی	ہم وزن		3	قلمی شورہ	″
2	نوشادر	″				″

ترکیب: سب کا سفوف بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: آدھے سے ایک گرام تک سادہ پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد: جگر کی خرابی، کہنہ پتوں میں اور یرقان کے لیے نہایت مفید اور مجرب نسخہ ہے لاجواب ہے۔

ھوالشافی	جگرین	ھوالکافی

1	گل سرخ	12 گرام	4	مصطگی رومی	12 گرام
2	قسط تلخ	12 گرام	5	ریوند چینی	25 گرام
3	سنبل الطیب	12 گرام	6	لک مغسول	25 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 6/6 گرام صبح و شام ہمراہ عرق بادیان دیں۔

فائدہ: جگر کے امراض میں نہایت مفید ہے۔

اس مرض میں احشاء کی وجہ سے کسی بھی وجہ سے پانی جمع ہو جاتا ھے

اقسام: اس کی تین اقسام ہیں۔ ☆استسقاء زقی ☆استسقاء لحمی ☆استسقاء طبلی

استسقاء زقی: حقیقت میں یہی استسقاء ہے۔ایسے مریض کو پہلے پہل یرقان ہوتا ہے پھر تھوج واماس اور بعد میں پانی بھرنا شروع ہو جاتا ہے۔استسقاء زقی کے مریض کا پیٹ پھول کر مشک کی مانند پھولا ہوا اور کھچا ہوا ہوتا ہے۔حرکت کرنے سے پانی چھلکتا ہے۔یہ پانی صفاق اور ثرب پردوں کے درمیان ہوتا ہے۔چونکہ یہ خالص صفراوی رطوبت ہوتی ہے اسی لیے اس کا رنگ قدرے زرد ہوتا ہے او گرمی وخشکی کی انتہا کی وجہ سے ہوتا ہے۔استسقاء زقی خطرناک ہوتا ہے۔

استسقاء لحمی: یہ بھی استسقاء کی قسم ہے۔اس میں پانی پردوں میں جمع نہیں ہوتا۔بلکہ سیلز اور ٹشو میں یعنی گوشت کے ذروں میں ہوتا ہے۔جس کی وجہ سے خلیات وغیرہ پھول کر بڑھ جاتے ہیں۔یہ قسم خطرناک نہیں ہوتی۔

استسقاء طبلی: یہ بھی استسقاء کی قسم ہے۔اس میں نہ ہی پانی پردوں میں ہوتا ہے اور نہ ہی خلیات میں ہوتا ہے۔بلکہ ریاح ہوتی ہے۔یہ خلیاتِ پیٹ میں رطوبت کی نسبت زیادہ ہوتی ہے۔اور اکثر رطوبت میں عملِ تبخیر ہونے سے پیدا ہوتی ہے۔اسی وجہ سے پیٹ پھول کر ڈھول کی مانند ہو جاتا ہے اور ہاتھ مارنے سے ڈھول جیسی آواز دیتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ یرقان	ھوالکافی

1	پھٹکڑی سفید	36 گرام	2	گودہ بینگن	120 گرام

ترکیب: دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس کر نخودی حبوب تیار کر لیں۔

استعمال: ایک گولی تین مرتبہ روزانہ ہمراہ شربتِ بزوری دیں۔

فائدہ: یرقان میں نہایت مفید الاثر ہے۔مرض استسقاء کا خاتمہ کرنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے۔

پرہیز: تمام آئل والی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ استسقاء	ھوالکافی

1	سیماب	12 گرام	5	نمک تلی	12 گرام
2	گندھک آملہ سار	12 گرام	6	بیخ خظل	25 گرام
3	تربد سفید	12 گرام	7	جمال گوٹا	50 گرام
4	کمیلا	12 گرام			

ترکیب: پہلے سیماب و گندھک کی کجلی بنالیں۔ پھر دیگر ادویات کو نہایت باریک پیس کر ملالیں اور آب گھیگوار سے حبوب ل کودی بنالیں۔

خوراک:1 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق مکو دیں۔

فوائد: مرض استسقاء کا قلع قمع کرنے میں اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں ہے۔

ھوالشافی	تریاقِ استسقاء	ھوالکافی

1	کمیلا	6 گرام	3	شیر تھوہر	بقدر حاجت
2	تربد سفید	6 گرام			

ترکیب: دونوں دواؤں کو شیر تھوہر میں کھرل کریں اور دانہ ماش برابر حبوب تیار کرلیں

خوراک:1 گولی روزانہ رات ہمراہ عرق سونف، عرق گلاب اور عرق مکو 40/40 گرام سے دیں۔

فوائد:ان شاءاللہ رب عزوجل چند دنوں میں استسقاء زقی و لحمی نابود ہو کر کلی صحت ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی	حبِ استسقاء	ھوالکافی

1	دارچینی	ہم وزن	4	سعد کوفی	؍
2	مقل ہندی	؍	5	خردل	؍
3	جوز بوا	؍	6	زیرہ سفید	؍

ترکیب: تمام ادیات کو نہائت باریک پیس کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنالیں۔

خوراک:روزانہ صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی ہمراہ عرق مکو دیں۔

فوائد:استسقاء میں مفید الاثر دوا ہے۔

ھوالشافی	دافع استسقاء زقی	ھوالکافی

1	فلفل احمر کے سبز پتے	25عدد	3	نوشادر	1 گرام
2	فلفل سیاہ	11 دانے	4	نمک	بقدر ضرورت

ترکیب: سب چیزوں کو مانند سردائی کے گھوٹیں اور چھان کر محفوظ کرلیں۔

خوراک:صرف ایک وقت کی خوراک ہے۔ صبح و شام تازہ بنا کر پلائیں۔

فوائد:ا استسقاء زقی میں اسمِ بامسمی ابدرجہ اولی ہے۔

ھوالشافی — تریاقِ استسقاء طبلی — ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	بلیلہ سبز	50 گرام	4	سونف	//
2	ہلیلہ سیاہ	//	5	سونٹھ	//
3	اجوائن دیسی	//	6	جائفل	//

ترکیب: تمام ادویہ کو نہائت باریک پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال: 6 گرام صبح وشام ہمراہ آب دیں۔

فائدہ: استسقاء طبلی میں اعلیٰ درجہ کی مفید دوا ہے۔

ھوالشافی — تریاقِ استسقاء لحمی — ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	پوت کیکر	10 گرام	2	پانی 2 کلو	//

ترکیب: چھلکے باریک باریک ٹکڑے کر کے پانی میں اچھی طرح پکالیں۔ جب پانی 100 گرام رہ جائے تو اتار کر 250 گرام گائے کی چھاچھ ملا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: یہ ایک خوراک ہے۔ اسی طرح روزانہ دن میں 2 مرتبہ یونی صبح وشام دیں۔

فائدہ :جسم کے کسی حصہ میں سوجن ہو، گلٹیاں ہوں یا استسقاء لحمی ہو تمام علامات کو جڑ سے اکھاڑ کر دور پھینکنے میں کمال کا درجہ رکھتی ہے۔

ھوالشافی — تریاقِ استسقاء طبلی — ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	سہاگہ بریاں	3 گرام	9	آملہ	3 گرام
2	فلفل سیاہ	3 گرام	10	لوٹا کھار	3 گرام
3	گندھک آملہ سار	3 گرام	11	نمک سیاہ	3 گرام
4	لک مغسول	3 گرام	12	زنجبیل	3 گرام
5	پارہ	3 گرام	13	نمک لاہوری	3 گرام
6	ہلیلہ کلاں	3 گرام	14	نمک سانبھر	3 گرام
7	بلیلہ	3 گرام	15	جمال گوٹا مدبر	72 گرام
8	جوکھار	3 گرام	16	عرق لیموں	حسب ضرورت

ترکیب: پہلے گندھک و پارہ کی کجلی بنالیں۔ پھر دیگر ادویات ڈال کر عرق لیموں میں ڈال کر 41 دن تک خوب کھرل کریں اس کے بعد دانہ مونگ برابر گولیوں کی شکل دے دیں۔

استعمال: 2/2 گولی صبح وشام ہمراہ شیر بکری شہد ملا دیں۔

فائدہ: صرف 5 دن کے استعمال سے استسقاء جسم انسانی سے کوسوں اس طرح دور ہو کہ نظر نہ آئے۔

ھوالشافی	مطبوخ اعلیٰ	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	مکو خشک	5 گرام		6	گل غافث	5 گرام
2	مویز منقہ	9 دانے		7	سونف تخم خیارین	5 گرام
3	بیخ کاسنی	7 گرام		8	ملٹھی	5 گرام
4	بیخ سونف	7 گرام		9	تخم کشوث	5 گرام
5	ہنس راج	7 گرام				

ترکیب: رات کو تمام ادویہ کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس کا زلال حاصل کریں۔

خوراک: روزانہ دن میں 3 بار یہ زلال لے کر شربتِ دینار سے میٹھا کر کے پلائیں۔

ھوالشافی	شربتِ دینار	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	بسفائج	6 گرام		9	گل بنفشہ	14 گرام
2	تربد سفید	6 گرام		10	گل گاؤزبان	14 گرام
3	گل سرخ	5 گرام		11	افتیمون	14 گرام
4	بیخ کاسنی	5 گرام		12	اسطوخودوس	14 گرام
5	تخم کاسنی	30 گرام		13	سنا مکی	30 گرام
6	پوست بیخ سونف	25 گرام		14	کالادانہ	30 گرام
7	سونف	15 گرام		15	تخم کشوث	20 گرام
8	گل نیلوفر	14 گرام		16	ریوند خطائی	120 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو نیم کوب کر کے 4 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب پانی ڈیڑھ کلو رہ جائے تو چھان کر 1 کلو چینی ڈال کر قوام تیار کر لیں۔ آخر میں ریوند خطائی نہایت باریک شدہ ملا دیں۔ محفوظ کر لیں۔

خوراک: 40 تا 50 گرام شربت ہمراہ عرق مکو دن میں 2 مرتبہ دیں۔

فائدہ: اس دوا سے مادہ بذریعہ اسہال خارج ہو کر مریض صحت یاب ہو جاتا ہے۔ استسقاء ہر قسم میں مفید ہے۔ جگر کی اصلاح میں جید الاثر ہے۔

ھوالشافی	کیمیائے استسقاء	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	سنا مکی مصفی	12 گرام		3	شہد	12 گرام
2	لونگ	12 گرام				

ترکیب: پہلی دونوں دواؤں کو باریک پیس کر شہد ملا لیں۔ پھر 12/12 گرام کی 3 خوراکیں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: مریض کو مغرب سے پہلے غذا دیں۔ پھر شام کے وقت ایک خوراک دے دیں۔ دوا کھانے کے بعد مریض کو صبح تک پانی یا کوئی بھی دوسری چیز کھانے کو نہ دیں۔ مریض کو رات اسہال آئیں گے۔ کسی مریض کو کم آتے ہیں تو کسی کو زیادہ۔ پریشانی والی کوئی

جاری ہے

نہیں ہے۔اس سے مادے کا اخراج ہوتا ہے اور مریض کو پیاس یا گھبراہٹ بھی نہیں ہوتی۔اس سے صبح تک ان شاءاللہ عزوجل نصف ورم زائل ہو چکا ہوگا۔صبح کو سوکھی روٹی اور کباب کھانے کو دیں۔ پینے کو گرم پانی اور شام کر پھر یہی کباب اور سوکھی روٹی دیں۔شام کو دوسری خوراک دے دیں۔اسی طرح 3 دن کریں۔

فائدہ: اس نسخہ کی شان یہ ہے کہ یہ دوا ایسے مریضوں کے لیے پیام زندگی ہے جن کے بدن پر ورم کو دبانے سے گڑھا پڑ جائے۔ایسے استسقاء کے مریض صرف تین خوراک یا کم و بیش خوراک سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔

پرہیز: تین دن تک پرہیز واجب ہے۔

نوٹ: تین دن کے بعد مریض کو معجون خبث الحدید یا کشتہ فولاد تقریباً 15 یوم تک کھلائیں تا کہ مرض عود نہ کرے نیز جو لوگ گوشت پسند نہ کریں ایسوں کو ارہر کی دال اور سوکھی روٹی کھلا سکتے ہیں۔

هوالشافی — اکسیرِ استسقاء — هوالکافی

1	گندھک آملہ سار	12 گرام	5	ہلیلہ زرد	12 گرام
2	پارہ	12 گرام	6	نمک نلی	12 گرام
3	کمیلا	12 گرام	7	جمالگوٹا	25 گرام
4	شحم حنظل	12 گرام			

ترکیب: پہلے پارہ و گندھک کی کجلی بنالیں۔باقی ادویہ کا باریک پاوڈر بنا کر مکس کر کے شیر زقوم میں ایک گھنٹہ خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی بنالیں۔

استعمال: روزانہ 1 تا 4 گولی ہمراہ شیر شتر استعمال کرائیں۔

فائدہ: اس سے اسہال آکر استسقاء زقی کی تمام رطوبات ردیہ کا اخراج ہو کر مریض ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے۔

نوٹ: شیر شتر کی بجائے عرق مکو بھی دے سکتے ہیں۔

طغرے

☆ ریوند چینی اور نبات سفید برابر وزن بقدر تین گرام دن میں تین مرتبہ ہمراہ عرق کاسنی ومکو دیں۔لا جواب ہے۔

☆ تربد سفید اور شیر تھوہر میں گولیاں بنا کر ایک ایک گولی صبح و شام دیں۔ہمراہ شیر شتر۔لا جواب ہے۔

سو القنیہ

اس مرض میں مریض کے ہاتھ پاؤں پر ورم ہو جاتا ہے۔یہ مرض عموماً کیلوس کے انہضام میں خلل کے باعث ہوتا ہے اور یہی مرض بعد میں استسقاء کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔

ھوالکافی	یرقان	ھوالشافی

یرقان سے مراد جسم کی رنگت کا متغیر ہونا۔ یرقان کی تین اقسام اطباء کرام کے نزدیک معروف ہیں۔

(1) **یرقان ابیض** : اس میں جسمانی رنگت سفید ہوجاتی ہے۔

(2) **یرقان اسود**: اس میں جسمانی رنگت سیاہ ہوجاتی ہے۔

(3) **یرقان ابیض** : اس میں جسمانی رنگت زرد ہوجاتی ہے۔

☆ ان کو عموماً بالعموم ہیپاٹائٹس A-B-C کہتے ہیں۔

اسباب : یرقان ابیض میں گرم وتر اغذیہ وادویات کی کثرت سے جسمانی رنگت میں بلغم کی کثرت ہوکر یرقان ابیض کا باعث بنتا ہے۔ اسی طرح یرقان اصفر میں گرم وخشک اشیاء/اغذیہ و ادویات کی بھرمار سے جسمانی رنگت میں زردی نمایاں ہوکر یرقانِ اصفر کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔ یرقانِ اسود میں سرد و خشک ادوایات و اغذیہ سے جسمانی رنگت میں تغیر واقع ہوکر سیاہ ہوجاتا ہے اور یوں یرقانِ اسود یا کالا یرقان نمودار ہوجاتا ہے۔ بسااوقات کسی زہریلے جاندار کے کاٹنے سے بھی یرقان ہوجاتا ہے۔

ھوالکافی	اکسیر یرقان	ھوالشافی

1	ریوند خطائی	12 گرام		3	قلمی شورہ	6 گرام
2	نوشادر	4 گرام				

ترکیب: تمام ادویہ کو پاوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: صبح وشام 500 ملی گرام کیپسول ہمراہ آب تازہ یا عرق مکودیں۔

فائدہ: ان شاءاللہ عزوجل ایک ہفتہ کے اندر اندر ہمہ اقسام کا یرقان ختم ہوجائے گا۔

پرھیز: زود ہضم اغذیہ استعمال کریں۔

ھوالکافی	سُرمہ یرقانی	ھوالشافی

1	گیرو	برابر وزن		3	آملہ	
2	ہلدی					

ترکیب: 7 دن تک عرق گلاب سہ آتشہ میں خوب کھرل کریں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: یرقان کا مریض آنکھوں میں سُرمچو سے روزانہ لگائے۔

فائدہ: چند دنوں میں یرقان نابود ہوجائے گا۔

طغرہ

☆ ٹاٹری 1 تا 4 رتی ہمراہ عرق کاسنی دن میں تین مرتبہ دیں۔ یرقان کے لیے نہایت سستا اور مفید چٹکلہ ہے

ھوالشافی	دوائے اصلی				ھوالکافی
1	لوہ چون	250 گرام	5	آملہ	250 گرام
2	ہلیلہ زرد	250 گرام	6	بلیلہ	250 گرام
3	ہلیلہ سیاہ	250 گرام	7	دہی گائے ترش	ڈیڑھ کلو
4		250 گرام	8	ترکٹا	150 گرام

ترکیب:ادویہ(1 تا5) کونیم کوفتہ کرکے دہی میں ڈال دیں دھوپ میں خشک کرکے پوڈر کرلیں۔اب اسمیں ترکٹا ملاکر محفوظ کردیں

خوراک:30 گرام ادھ رڑکہ سے روزانہ ایک ٹائم دیں۔

فوائد: سات دن کا استعمال ہی کافی ہے۔یرقان کوجڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں نہائت ہی ترقی یافتہ نسخہ ہے

ھوالشافی	تریاق جنڈس				ھوالکافی
1	زہرمہرہ خطائی سبز	120 گرام	3	روح کیوڑہ	1عدد
2	عرق بید مشک	1بوتل	4	ریوند چینی	حسب ضرورت

ترکیب:عرق میں سحق بلیغ کیجیے۔اور محفوظ رکھیں۔

خوراک:ایک گرام ریوند چینی پانی میں ڈال کرآب انار سے شیریں کرکے 1/1 گرام دوا دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔

فوائد: سو فی صد کامیاب نسخہ ہے۔ایک ہفتہ کے اندر سخت سے سخت یرقان نیست ونابود ہوجائے گا۔

ھوالشافی	سفوف اعداد				ھوالکافی
1	زیری سیاہ	برابروزن	4	نمک سیاہ	؍
2	اجوائن دیسی	؍	5	ہلیلہ زرد	؍
3	فلفل سیاہ				

ترکیب: تمام ادویہ کوباریک پوڈر بنالیں۔محفوظ کرلیں۔

خوراک:6/6 گرام دن میں تین مرتبہ کھانے کے بعد ہمراہ عرق سونف دیں۔

فوائد: ضعفِ ہضم ،تپ لرزہ وبلغمی تپ ،یرقان، کثرتِ ریاح وغیرہ میں آزمودہ نوٹ ہے۔

ھوالشافی	اکسیر سو القنیہ				ھوالکافی
1	ریوند چینی	12 گرام	3	سوڈیم بائی کارب	12 گرام
2	قلمی شورہ	12 گرام	4	نوشادر	6 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کونہائت باریک پیس کرمحفوظ کرلیں۔

استعمال: ڈیڑھ گرام دن میں تین مرتبہ یعنی صبح ،دوپہر،شام ہمراہ عرق مکودیں۔

فائدہ:یہ دوا سوالقنیہ کی بہترین دوا ہے۔

پرہیز: تمام سرد اشیاء،کھانا پینا اور نہانا مضر ہے۔کھانے میں سادہ اور جلد ہضم اغذیہ وغیرہ دیں۔

ھوالشافی	دوائے جگری	ھوالکافی

1	پانچوں نمک	50 گرام		6	کاہی سبز	25 گرام
2	تربد سفید	50 گرام		7	سہاگہ بریاں	25 گرام
3	ہلیلہ سیاہ	50 گرام		8	نوشادر	36 گرام
4	قند سیاہ کہنہ	50 گرام		9	کشتہ خبث الحدید	36 گرام
5	اجوائن دیسی	25 گرام		10	گودہ حنظل	حسب ضرورت

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر گودہ حنظل میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 3/3 گولی صبح وشام ہمراہ عرق مکو، کاسنی 120/120 گرام دیں۔

فائدہ: جگر کے تمام امراض میں اکسیر لاثانی ہے۔

ھوالشافی	جگر حیات	ھوالکافی

1	طباشیر	20 گرام		5	ست الائچی	10 گرام
2	جوکھار	20 گرام		6	ست اجوائن	10 گرام
3	پھٹکڑی بریاں	20 گرام		7	کوزہ مصری	250 گرام
4	ست پودینہ	10 گرام				

ترکیب: پھٹکڑی بریاں چدہ میں باقی تمام اجزاء ملا کر پوڈر بنالیں۔

استعمال: ایک چمچ کا چوتھا حصہ کاغذ کی پڑیاں بنالیں۔خالی پیٹ دوپہر کو ہمراہ آب گرم دیں۔دن بھر 16 گلاس گرم پانی پینا ہے۔

فائدہ: سات دن بعد جگر دوبارہ اپنا کام شروع کر دے گا۔ان شاءاللہ۔

ھوالشافی	جگر و تلی	ھوالکافی

ترکیب: سجی کھار اور چونے دونوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر اس کے سات حصے بنائیں۔پھر کسی گھڑے یا مٹی کے بڑے برتن میں 15 کلو پانی ڈال کر اس میں ایک حصہ ملا دیں۔پھر اس کو آگ پر رکھ دیں جب ایک جوش آجائے تو اس کو نیچے اتار لیں۔پھر ٹھنڈا کر کے اس کا زلال حاصل کریں۔خیال رہے کہ نیچے بیٹھ جانے والی دوا اس میں نہ آئے۔پھر اس پانی میں دوسرا حصہ ڈال کر اس کو آگ پر چڑھا دیں ۔اسی طرح ایک ابال آنے کے بعد زلال حاصل کریں ۔ اسی طرح سات مرتبہ یہی عمل دہرائیں۔آخری مرتبہ زلال حاصل کرتے وقت کسی موٹے کپڑے سے پانی کو چھان لیں۔تاکہ اس میں دوا نہ آئے۔(دوا کے صحیح بننے کا تجزیہ اس طرح سے کیا جاسکتا ہے۔ سر کا ایک بال لے کر اس دوا میں ڈبو دیں اگر 10 / 5 منٹ میں بال تحلیل ہوجائے تو دوا ٹھیک بن گئی ہے۔اگر بال تحلیل نہ ہو تو دوبارہ اوپر والا عمل دہراتے جائیں حتیٰ کہ بال تحلیل ہوجائے)

استعمال: ایک تا دو گرام صبح شام پتاشے میں ڈال کر کھلائیں۔

فوائد: ورم جگر و ورم تلی چند ہی روز کے استعمال سے اپنی اصلی حالت میں آجائیں گے بہترین سنیاسیانہ نسخہ ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ جگر (صدری نسخہ)	ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	ہرڑز زرد	125 گرام	7	پودینہ	125 گرام
2	بہیڑہ	125 گرام	8	درونج عقربی	125 گرام
3	آملہ	125 گرام	9	پتری فولاد	150 گرام
4	زنجبیل	125 گرام	10	عرق کچلہ (نکلچرنکس وامیکا)	100 گرام
5	تیزپات	125 گرام	11	چینی	10 کلو
6	اجوائن	125 گرام	12	پانی	15 کلو

ترکیب: سوائے پتری فولاد اور عرق اذراقی کے تمام ادویہ کوکوٹ کر 15 کلو پانی میں بھگودیں۔ 24 گھنٹے کے بعد 12 کلو عرق کشید کریں اور چینی ملا کر شربت تیار کرلیں۔

خوراک: 6 ماشہ تا 1 تولہ دن میں 3 بار ہمراہ پانی یا چائے۔

فوائد: بے حد مقوی دل ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دے کر صالح خون پیدا کرتا ہے۔ شربتِ فولاد وغیرہ اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ ضعفِ معدہ، بدہضمی، کمی اشتہا کے لیے خاص چیز ہے۔ جن لوگوں کے کھایا پیا نہیں لگتا، ان کے لیے نعمتِ غیر مترقبہ ہے ضعفِ قلب کے مریضوں کے لیے حیران کن مقوی اثر ہے ہیپاٹائیٹس B.C. س کے سامنے کچھ بھی نہیں۔

ھوالشافی	اکسیرِ یرقان ھیپاٹائٹس اے، بی، سی	ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	پتری فولاد	60 گرام	7	اجوائن دیسی	50 گرام
2	پوست ہلیلہ	50 گرام	8	اجوائن خراسانی	50 گرام
3	پوست بلیلہ	50 گرام	9	کنجد مقشر	25 گرام
4	آملہ مقشر	50 گرام	10	جائفل	10 گرام
5	زنجبیل	50 گرام	11	شہد	حسبِ ضرورت
6	فلفل سیاہ	50 گرام	12	**سکنجبین بزوری**	؍

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک پیس کر شہد خالص میں ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک: 5 گرام ہمراہ **سکنجبین** بزوری۔

نوٹ: دوا کے استعمال سے غنودگی آئے گی۔

ھوالشافی — اکسیر یرقان — ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	خبث الحدید (لوہے چون)	250 گرام	5	فلفل سیاہ	50 گرام
2	پوست ہلیلہ زرد	250 گرام	6	فلفل دراز	50 گرام
3	پوست بلیلہ	250 گرام	7	سونٹھ	50 گرام
4	پوست آملہ	250 گرام	8	دہی	6 کلو

ترکیب: پہلی چاروں ادویہ کو خوب کوٹ لیں پھر کسی چینی یا مٹی کے برتن میں ڈالیں۔ پھر اس کے اوپر گائے کا دہی اس قدر ڈالیں کہ ادویہ کے اوپر 4/4 انگل چڑھ جائے۔ رگڑائی کریں۔ پھر کسی باریک رومال سے برتن کو ڈھک دیں اور دن میں دو بار کسی لکڑی سے ہلا دیا کریں۔ سردیوں میں ایک ہفتہ اور گرمیوں میں چار دن رکھ چھوڑیں۔ اگر دہی پہلے خشک ہو جائے تو قدرے اور ڈال دیں اور معینہ مدت کے بعد اس دوا کو بڑے کاغذ پر پھیلا کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر باریک کوٹ کر تر کشہ کا سفوف ملا دیں۔ بس سفوفِ اکسیر یرقان اور اکسیر جگر تیار ہے۔

طریقہء استعمال 3 گرام صبح دہی کے پیالہ سے یا چھاچھ سے لے لیں۔

فوائد: یہ سفوف جگر کے علاوہ قلب کو بھی از حد مفید ہے۔ خصوصاً یرقان، ہاتھ پاؤں کا ورم، چلتے پھرتے دم پھول جانا، یرقان (کالا، پیلا) کے لیے بے خطا چیز ہے۔

ھوالشافی — دواء الکبد — ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	شورہ قلمی	24 گرام	4	سنبل الطیب	24 گرام
2	نوشادر	24 گرام	5	ساذج ہندی	24 گرام
3	ریوند خطائی	120 گرام	6	فلفل سیاہ	24 گرام

ترکیب: سب کو خوب باریک کر لیں۔ دوا تیار ہے **خوراک:** ایک تا دو گرام ہمراہ عرق مکو/کاسنی۔ صبح و شام

فوائد: جگر کے بڑھ جانے، اس کے کمزور ہو جانے کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی — جگر و تلی 2 — ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	سبز کونین	15 گرام	3	عرق مکو	ایک بوتل
2	میگنیشیا سلفاس	90 گرام			

ترکیب: دونوں اجزاء کو عرق مکوہ میں حل کریں سبز رنگ کا محلول بن جائے گا۔ **استعمال** : 30/30 گرام صبح شام

فوائد: ورم جگر و ورم تلی چند ہی روز کے استعمال سے اپنی اصلی حالت میں آجائیں گے بہترین نسخہ ہے۔ **پرہیز** : تمام چکنائی والی، مرچوں والی، بادی اشیاء (آلو، اروی، مکھن، دودھ وغیرہ) سے پرہیز۔ غذا میں بکری کا شوربا، روٹی کے ساتھ پودینے کی چٹنی، مونگی، اونٹنی کا دودھ وغیرہ دیں۔

ھوالکافی	حبوبِ امراضِ جگر	ھوالشافی

1	باوبڑنگ	50 گرام		7	نوشادر	50 گرام
2	پوست ہرڑ کابلی	50 گرام		8	نمک لاہوری	50 گرام
3	پوست ہرڑ زرد	50 گرام		9	نمک سانبھر	50 گرام
4	پوست ہرڑ سیاہ	50 گرام		10	نمک سیاہ	50 گرام
5	سہاگہ	50 گرام		11	سونٹھ	50 گرام
6	نرکچور	50 گرام		12	فلفل سیاہ	50 گرام

ترکیب: تمام کوکوٹ چھان کر عرق گلاب میں 4 رتی کے برابر گولیاں بنالیں

استعمال:۔ایک گولی صبح وشام ہمراہ عرق پودینہ یا عرق سونف دیں۔

فوائد: ضعفِ جگر، کمی ءخون، ورمِ طحال، ورمِ جگر کو مانندِ اکسیر ہے۔

ھوالکافی	حبوبِ امراضِ جگر	ھوالشافی

1	ہرڑ	5تولہ	102		5	مجیٹھ	5تولہ	5
2	بہیڑہ	5تولہ	98		6	فلفل دراز	1تولہ	180
3	آملہ	5تولہ	64		7	مصری	10تولہ	4
4	خبث الحدید	5تولہ	205		8	دہی	1+1+ 1 کلو	

ترکیب و استعمال : تمام کو کھرل کر کے سفوف بنالیں۔پھر 1 کلو دہی ڈال کر کھرل کرنا شروع کر دیں جب کلو ختم ہو جائے تو پھر دوسرا اور اسی طرح تیسرا کلو ختم کریں۔ جب گولی بنانے لائق ہو تو کو کن بیر کے برابر گولی بنالیں۔ 1 گولی صبح دہی یا لسی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

فوائد : ضعفِ جگر، کمی ءخون، ورمِ طحال، ورمِ جگر کو مانندِ اکسیر ہے۔

ھوالکافی	امراض جگر ھمہ اقسام	ھوالشافی

1	مغز گھیگوار	2 کلو		6	ہیرا کسیس	10 گرام
2	عرق گلاب	1بوتل		7	نوشادر ٹھیکری	5 گرام
3	سرکہ انگوری	1بوتل		8	نمک سیاہ	5 گرام
4	مصری یا چینی	1 کلو		9	قلمی شورہ	10 گرام
5	پتری فولاد	20 گرام				

تراکیب: ان سب کورات کو عرق سرکہ، مغز گھیگوار میں بھگو دیں۔صبح ہاتھوں سے مل کر کپڑے میں چھان لیں۔ پانی بالکل نہ لگنے

دیں۔ بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔

استعمال: 50 رام شربت 1 پاؤ پانی میں ملاکر نہار منہ پئیں۔ ایک مریض کے لیے 2 بوتلیں کافی ہیں۔

ھوالشافی	معجون استسقاء	ھوالکافی

1	سرنجان تلخ	12 گرام	9	سقمونیہ	9 گرام
2	سرنجان شیریں	12 گرام	10	ہلیلہ سیاہ	9 گرام
3	شحم حنظل (گودہ چاقو سے کریدکرنکالیں)	12 گرام	11	قسط شیریں	9 گرام
4	کنوچہ (مرُو)	12 گرام	12	فلفل سیاہ	6 گرام
5	زیرہ سفید	12 گرام	13	فلفل دراز	6 گرام
6	گل سرخ	12 گرام	14	بڑنگ کابلی	6 گرام
7	انیسوں رومی	12 گرام	15	تربد (مجوف)	12 گرام
8	مصطگی رومی	9 گرام	16	شہد	180 گرام

ترکیب: سب ادویہ کوکوٹ چھان کرشہد میں ملاکر معجون بنالیں۔

استعمال: خوراک :1 تا 2 گرام ہمراہ مناسب بدرقہ (عرق سونف/عرق مکوہ/عرق کاسنی)

فوائد: استسقاء کے لیے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	ورم کی اکسیری گولیاں	ھوالکافی

1	ریوند خطائی	12 گرام	7	چرائتہ	؍
2	فلفل سیاہ	؍	8	تخم مکوہ	؍
3	فلفل دراز	؍	9	اجوائن دیسی	؍
4	سونٹھ	؍	10	آب برگ سہانجنا	؍
5	نوشادر	؍	11	عرق گاؤزبان	حسب ضرورت
6	سہاگہ	؍	12	عرق سونف	حسب ضرورت

ترکیب: سب ادویہ کوکوٹ چھان کر باریک پیس لیں اور آب برگ سہانجنا میں کھرل کر کے رتی برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: صبح کے وقت کھانے کے بعد 1 تا 2 گولی عرق گاؤزبان اور شام کو عرق سونف کے ہمراہ 5 / 5 تولہ سے کھلائیں۔

فوائد: استسقاء میں مفید ہے۔ ان سے ہر قسم کا ورم دُور ہو جاتا ہے۔ چاہے پیٹ میں ہو یا پاؤں پر۔

ھوالشافی	معجون شارف(استسقاء/ ورم)		ھوالکافی
1	چوب زرد	25 گرام	
2	خربک ہندی/تخم ستیاناسی/ھوءبیر/ اسگی	25 گرام	(کوئی ایک)
3	آنبہ ہلدی	25 گرام	
4	بڑنگ کابلی	25 گرام	
5	ہرڑ	25 گرام	
6	بہیڑہ	25 گرام	
7	آملہ	25 گرام	
8	تربد	50 گرام	مجوف (لکڑی نکال کے۔زیادہ منگوائیں)
9	بدھارا	50 گرام	
10	شہد	275 گرام	

ترکیب: سب ادویہ کوکوٹ چھان کر 3 گنا شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔

استعمال:4 ماشہ ہمراہ آب نیم گرم

فوائد:استسقاء میں مفید ہے۔ورم تحلیل ہونے کے بعد دوبارہ نہیں ہوگا۔انشا اللہ

ھوالشافی	شربتِ بادیان				ھوالکافی
1	بیخ بادیان	250 گرام	10	مویز منقیٰ	1250 گرام
2	بیخ کاسنی	250 گرام	11	گل سرخ	1250 گرام
3	بیخ کرس (سویا)	250 گرام	12	ثنا مکی	1250 گرام
4	بیخ اذخر	250 گرام	13	تمر ہندی	1250 گرام
5	انجیر زرد	250 گرام	14	سپستاں (لہسوڑیاں)	2250 گرام
6	عناب	1250 گرام	15	بادیان	2250 گرام
7	بہی دانہ	1250 گرام	16	پرسیاؤشاں	2250 گرام
8	گاؤزبان	1250 گرام	17	ریشہ خطمی	250 گرام
9	اصل السوس	1250 گرام	18	گڑ	40 کلوگرام

جاری ہے

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو 8 گنا پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی باقی رہ جائے تو چھان کر 40 کلوگرام گڑ ملا کر قوام تیار کریں۔

استعمال و فوائد: خوراک : 25 گرام ہمراہ پانی۔ صبح وشام معدہ، جگر اور آنتوں کی بیماریوں، قبض، نفخ، درد شکم، بدہضمی اور تمام بخاروں میں جو پیٹ کی خرابی سے ہوتے ہیں۔ جگر کمزور ہو یا بڑھ گیا ہو (ہیپاٹائٹس B,C) اس کے استعمال سے اصلی حالت میں آ جاتا ہے۔

ھوالشافی	**ورمِ جگر** (ہیپاٹائیٹس A B C)	ھوالکافی

پہلا روز	5 گولی یکمشت	نواں روز	11 گولی یکمشت
دوسرا روز	6 گولی یکمشت	دسواں روز	10 گولی یکمشت
تیسرا روز	7 گولی یکمشت	گیارہواں روز	9 گولی یکمشت
چوتھا روز	8 گولی یکمشت	بارہواں روز	8 گولی یکمشت
پانچواں روز	9 گولی یکمشت	تیرھواں روز	7 گولی یکمشت
چھٹا روز	10 گولی یکمشت	چودھواں روز	6 گولی یکمشت
ساتواں روز	11 گولی یکمشت	پندھرواں روز	5 گولی یکمشت
آٹھواں روز	12 گولی یکمشت		

ترکیب : آک کے زرد پتے لے کر ہم وزن ہلدی میں کوٹ لیں۔ چنے برابر گولیاں بنالیں پھر درج ذیل طریقہ سے جوشاندہ کے ہمراہ کھلائیں۔

استعمال: پہلے روز 5 گولی دوسرے روز 6 گولی حتیٰ کہ 12 گولی تک چلے جائیں پھر اسی طرح روزانہ 1 گولی کم کرتے جائیں حتیٰ کہ 5 گولی پر واپس آ کر چھوڑ دیں۔

ترکیب تیاری جوشاندہ

سونف	1 تولہ	مکوہ	1 تولہ
کاسنی	1 تولہ	مغز گھیکوار	1 تولہ

پاؤ بھر پانی میں جوش دیں جب پانی 3 چھٹانک رہ جائے تو چھان کر پلائیں۔

فوائد : یہ نسخہ ورم جگر کے لیے نہایت مجرب ہے۔ کبھی خطا نہیں جاتا۔

ھوالشافی	پـــردیو	ھوالکافی

1	افسنتین	6 گرام		4	سہاگہ بریاں	6 گرام
2	کالی زیری	6 گرام		5	زلال املی	حسب ضرورت
3	قلمی شورہ	12 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے زلال املی سے گولیاں بنالیں۔

خوراک:2 گولی صبح،2 گولی شام ہمراہ عرق کاسنی دیں۔

فوائد: ضعفِ جگر، ورمِ جگر، بدہضمی، بدن کی زردی، یرقان وغیرہ میں معجزہ نما اثرات کی حامل دوا ہے۔

ھوالشافی	پـــردیو	ھوالکافی

1	ریوند خطائی	برابر وزن		2	ہلدی	ً

ترکیب: دونوں دواؤں کو نیم کوفتہ کر کے نیم آنچ پر بریان کریں۔بعدہ باریک پاوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

خوراک:صبح وشام 6/6 گرام ہمراہ شربتِ دینار 30 گرام عرق مکو 120 گرام دیں۔

فوائد: یرقان سیاہ، جس میں بدن، آنکھیں، ناخن وغیرہ سیاہ ہوجائیں نہائت ہی جیدالاثر ہے۔

ھوالشافی	برائے یرقان اسود	ھوالکافی

1	کافور	12 گرام		2	شب یمانی	12 گرام

ترکیب: دونوں دواؤں کو بارک کر کے شیشی میں ڈال کر غلہ جو میں 40 یوم کے لیے رکھ دیں۔بعدہ کام میں لائیں۔

خوراک:1 تا 3 رتی ہمراہ مکھن کھلائیں۔

فوائد: پرانے سے پرانے یرقان میں جیدالاثر ہے۔

ھوالشافی	نـــاقری	ھوالکافی

1	املی	25 گرام		2	تخم بلنگو	6 گرام

ترکیب: املی کو آدھا لیٹر پانی میں بھگو کر محفوظ کے لیں۔

خوراک:زلال املی s سے 6 گرام تخم بلنگو مسلم کھائیں۔یہ ایک خوراک ہے روزانہ صبح وشام ایسی 2 خوراکیں دیں۔

فوائد: 15 یوم میں مرض نابود ہوگا۔ بارہا مرتبہ کا مجرب نسخہ ہے۔چند روز کے استعمال سے فوائد میں نمایاں فرق محسوس ہوتا ہے۔
یرقان کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے میں لاجواب ہے۔

☆ طـــغـــره ☆

پرانے یرقان میں پھٹکڑی شگفتہ 1 گرام، 120 گرام دہی میں م؛لا کر نہار مونہہ کھلائیں۔دوسرے دن 2 گرام، اسی طرح ساتویں روز تک پانچ گرام کھلائیں۔اسی طرح کم کرتے جائیں۔یہ تیر بے خطا ہے۔جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا۔

ھوالکافی	طحال (تلی) Spleen	ھوالشافی

☆عظم الطحال☆

تعریف مرض: طحال کا اپنے حجم اور جسم میں بڑھ جانا عظم الطحال کہلاتا ہے۔

علامات: صحت کی حالت میں بائیں طرف پسلیوں کے نیچے ہاتھ لگانے سے محسوس نہیں ہوتی البتہ مرض کی صورت میں بڑھ کر کبھی تمام پیٹ کو روک لیتی ہے۔ پیٹ پھول جاتا ہے۔ ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔ آنکھوں میں گدلاہٹ، پاخانہ سفیدی مائل، مریض کمزور لاغر ہو جاتا ہے۔ اکثر ہلکا سا بخار بھی ہو جاتا ہے۔ نبض تیز پھولی ہوئی، سخت قبض، جسم۔ کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ ڈراؤنے خواب آتے ہیں

ھوالکافی	اکسیر طحال	ھوالشافی

1	نوشادر			4	لوٹا سجی	
2	پھٹکڑی			5	شورہ	
3	سہاگہ			6	تیزاب شورہ	

ترکیب: تمام ادویات کو خوب باریک پاوڈر بنا کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ کر اوپر اوپر سے ڈیڑھ کلو ڈال کر اوپر تیزاب ڈال دیں۔ تمام ادویات پکنے لگیں گی۔ اوپر سرپوش رکھ دیں۔ 21 یوم کے بعد جو ملے نکال کر حبوب جنگلی بیر برابر بنا دیں۔ محفوظ کر لیں۔

استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: نہایت عجیب الاثر ہے پرانے سے پرانا عظم الطحال اس سے نابود ہو جاتا ہے۔ بس چند یوم کا استعمال مرض کو نابود کر دیتا ہے۔

ھوالکافی	حبِ آئرن	ھوالشافی

1	ساڑ لوھا (جو لوھار کے گرم کرنے سے گرتا ہے)	12 گرام		3	آب لیموں	25 گرام
2	پھل مدار	60 گرام				

ترکیب: ساڑ لوھا اور پھل مدار کو لوہے کے کھرل میں خوب کھرل کریں اور ساتھ ساتھ آب لیموں ڈالتے جائیں۔ جب تمام آب لیموں ختم ہو جائے تو نخودی حبوب تیار کر لیں۔

استعمال: ایک گولی صبح، ایک سہ پہر ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: بے حد بھوک پیدا ہوتی ہے۔ مقوی جگر، مقوی معدہ، دافع بھس، سوالقنیہ اور عظم طحال میں مفید ہے۔

ھوالکافی	ضماد طحال	ھوالشافی

1	اشق	25 گرام		3	زراوند مدحرج	7 گرام
2	صمغ عربی	3 گرام			کتیرہ	4 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو پانی کی مدد سے باریک لیپ تیار کر کے سنبھال رکھیں۔

استعمال: یہ لیپ کپڑے پر لگا کر مقام تلی پر چسپاں کر دیں۔ اوپر سے کپڑا گرم کر کے ٹکور کریں تاکہ لیپ خشک ہو جائے۔

فائدہ: ورم طحال، عظم طحال کے لیے 100٪ مجرب ہے۔ ہزاروں مریضوں پر تجربہ شدہ ہے۔ کہنہ مرض میں یہ عمل تین یا چار مرتبہ کریں

هوالشافی	اکسیر طحال	هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	تنکار	12 گرام	8	پوست ہلیلہ زرد	″
2	قلمی شورہ	″	9	فلفل دراز	
3	مصبر زرد	″	10	فلفل سیاہ	
4	نمک سیاہ	″	11	نوشادر	
5	جوکھار	″	12	رس کوار گندل	بقدر ضرورت
6	لوٹا کھار	″	13	سرکہ انگوری	″
7	تخم حنظل	″			

ترکیب: تمام ادویات کو پاوڈر بنا کر آب کوار گندل میں کھرل کریں۔ پھر ایک ہفتہ سرکہ انگوری میں کھرل کریں۔ پھر کنار دشتی برابر گولیاں بنالیں۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب تازہ دیں،

فائدہ: کہنہ سے کہنہ عظم طحال میں مفید ہے۔ نفخ معدہ اور دردِ معدہ میں، الغرض امراضِ معدہ میں لاثانی نسخہ ہے۔

هوالشافی	دوائے طحال	هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	مصبر	25 گرام	3	لعاب کوار گندل	بقدر ضرورت
2	نوشادر				

ترکیب: دونوں دواؤں کو لعاب کوار گندل میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2/2 گولی صبح شام ہمراہ دودھ دیں۔

فائدہ: عظم طحال میں آزمودہ نسخہ ہے۔

هوالشافی	تریاقِ طحال	هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	نوشادر	3 گرام	6	عرق سونف	625 گرام
2	قلمی شورہ	3 گرام	7	کونین فولادی	3 گرام
3	ست پودینہ	1 گرام	8	کونین سلفاس	3 گرام
4	روغن سونف	1 گرام	9	سلفیورک ایسڈ	24بوند
5	میگنیشیا	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کر کے عرق میں ڈال کر اوپر سے سلفیورک ایسڈ ڈال کر سنبھال رکھیے۔

استعمال: 2/2 تولہ صبح و شام پلادیا کریں۔

فائدہ: تجربہ شدہ عظم الطحال کے لیے اکسیر ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ طحال	ھوالکافی

1	میگنیشیا سلفاس	25 گرام	4	سبز کونین	4 گرام
2	نوشادر	4 گرام	5	سرکہ	12 گرام
3	قلمی شورہ	3 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو سرکہ میں خوب ملا لیجیے۔

استعمال: درجِ بالا کو تین خوراکوں میں تقسیم کر کے صبح، دوپہر، شام لیں۔ **فائدہ:** عظم الطحال میں بہت مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ طحال	ھوالکافی

1	خرمہرہ زرد	36 گرام	5	سہاگہ بریاں	25 گرام
2	سلفیورک ایسڈ	36 گرام	6	سوڈا خوردنی	25 گرام
3	نوشادر	25 گرام	7	ایلوا	12 گرام
4	قلمی شورہ	25 گرام			

ترکیب: خرمہرہ زرد پر سلفورک ایسڈ ڈال کر بریاں کیجیے۔ جب شگفتہ ہو جائے تو دیگر ادویات پاوڈر بنا کر ملا کر نخودی حبوب بنا لیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، شام ہمراہ آب تازہ۔ **فائدہ:** برسوں سے بڑھی ہوئی تلی بالکل ٹھیک ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی	روغنِ نوشادر	ھوالکافی

1	نوشادر	250 گرام	2	چونا آب رسیدہ	1 کلو

ترکیب: دونوں کو ملا کر پانی میں ڈال دیں۔ پانی اتنا زیادہ ہو کہ چار اُنگل اوپر آ جائے۔ روزانہ ہلا دیا کریں۔ 3 دن کے بعد پانی کو مقطر کر کے بطریق معروف نمک حاصل کیجیے۔ اب یہی نمک رات کو شبنم میں رکھیں آئل بن جائے گا۔ پھر دوسرے روز رکھ دیجیے۔ سارا نمک تیل بن جائے گا۔ شیشی میں سنبھال لیں۔

استعمال: 5 تا 10 قطرے پتاشے میں ڈال کر کھلا دیا کریں۔

فائدہ: ہاضمِ طعام، دافع ریاح معدہ، عظیم طحال میں بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	تریاقِ طحال	ھوالکافی

1	نوشادر سیاہ	12 گرام	4	میگنیشیا سلفاس	1750 گرام
2	فرائی سلفاس	60 گرام	5	عرق سونف	7 بوتل
3	کونین سلفاس	25 گرام		سلفیورک ایسڈ	2 ڈراپ

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے ملا دیں اور عرق میں حل کر کے سنبھال کر رکھیں۔

استعمال: ایک اونس دن میں 3 مرتبہ دیں۔

فائدہ: عظم الطحال میں مفید ہے۔ سیاہ رنگ کے دست آئیں گے فکر نہ کیجیے۔ دیسی گھی دودھ دیں۔

ھوالشافی — اکسیری با اکسیری بام — ھوالکافی

1	روغن کنجد	25 گرام	5	کافور	12 گرام
2	ازراقی (کچلا)	30 گرام	6	ست پودینہ	6 گرام
3	موم	75 گرام	7	ست اجوائن	6 گرام
4	روغن دارچینی	30 گرام			

ترکیب: پہلے تیل کنجد میں ازراقی (کچلے) کو جلا کر فلٹر کر لیں۔ پھر کافور ، ست پودینہ ، ست اجوائن آپس میں شیشے کی بوتل میں بند کر کے دھوپ میں رکھیں گے تو روغن ہو جائے گا۔ پھر دارچینی کا روغن بھی مکس کر دیں۔ اب موم کو پگھلائیں اور روغن کنجد بھی ڈال دیں۔ جب روغن کنجد اور موم مکس ہو جائے تو کڑاہی نیچے اتار لیں۔ دیگر روغن بھی مکس کر کے یکجان کر لیں۔ پھر کسی پیچ دار ڈھکن والی بوتل میں ڈال کر بند کر دیں۔

استعمال: متاثرہ مقام پر ہلکے ہاتھوں سے مالش کر کے روئی باندھ دیں تا کہ ہوا نہ لگے۔

فوائد: ہر قسم کے درد خواہ جسم کے کسی بھی حصے میں ہوں تیز چوٹ وغیرہ کے لیے بھی اکسیری بام ہے

ھوالشافی — اکثیری تیل — ھوالکافی

1	تخم میتھی	1 کلو
2	روغن کنجد	3 پاؤ
3	گلِ بابونہ	5 تولہ
4	کٹھ تلخ	5 تولہ
5	زنجبیل (سونٹھ)	5 تولہ
6	پانی	8 کلو

ترکیب: تخم میتھی کو چوبیس گھنٹے بھگو کر پکائیں۔ جب پانی جل کر 3 کلو رہ جائے تو چھان لیں۔ اس پانی میں خشک ادویہ جو کوب کر کے ملا دیں۔ پھر روغن کنجد بھی ملا دیں اور آگ پر پکائیں مگر اس میں کفگیر ہلاتے رہیں۔ ورنہ کناروں پر آگ لگ کر جل جائے گا۔ جب پانی جل کر تیل رہ جائے تو پن کر سنبھال رکھیں۔ رات کے وقت ہوا سے محفوظ جگہ پر آدھا گھنٹہ تک مالش کریں۔ اور کپڑا اوڑھا کر لٹا دیں۔ نیز 4 گھنٹہ تک پینے کے لیے پانی نہ دیں۔ آپ اس کی جید ہمہ اقسام کے دردوں کے لیے اکثیر ہے۔ ثری سے حیران رہ جائیں گے۔

استعمال و فوائد: : ہمہ اقسام کے دردوں کے لیے اکثیر ہے۔

ھوالشافی — وجع المفاصل، نقرس ، عرق النساء روغنِ سیر — ھوالکافی

1	روغن کنجد	500 گرام	2	لہسن چھلا ہوا	500 گرام

ترکیب: تیل میں لہسن کو جلا لیں۔ اس کی مالش کرائیں۔

ھوالشافی — روغنِ حب الملوک — ھوالکافی

حب الملوک (جمال گوٹا) 25 گرام لے کر چھیل لیں۔ ایک چھٹانک روغن کنجد کڑاہی میں ڈال کر حب الملوک کو جلا لیں۔ جب جل جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ مالش کرائیں۔

ھوالشافی	عضلاتی غدی روغن	ھوالکافی

1	مال کنگنی	5 تولہ
2	کچلا	1 تولہ
3	لونگ	1 تولہ
4	روغن کنجد	1 پاؤ

ترکیب : سب چیزوں کو روغن میں جلا لیں۔ جب جل کر کوئلہ ہو جائیں تو چھان لیں۔ **استعمال** :مقامِ ماؤف پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔ اوپر گرم کپڑا باندھ دیں۔**فوائد** : اعصابی دردوں، سیلان الاذن (کان بہنا)، دردکان، بہراپن، گنٹھیاء کے لیے اعلیٰ درجہ کا تیل ہے۔ فالج زدہ حصہ پر مالش کرنے سے فالج درست ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	برگ مدار روغنِ فالج	ھوالکافی

1	روغن کنجد	1 کلو
2	برگ مدار تازہ	100عدد

ترکیب :روغن کنجد کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اس میں ایک سو پتے باری باری ڈال کر پکائیں۔ جو پتے جل جائیں ان کو نکالتے جائیں۔ آخر میں تیل کو صاف کر لیں۔

استعمال وفوائد:فالج ،لقوہ، خدر (سُن ہو جانا) میں اس تیل کی مالش کرنا نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی	پٹھوں کے درد کا سفید تیل	ھوالکافی

1	مٹھا تیلیہ	6 گرام
2	روغن ارنڈ	1 پاؤ
3	روغن تارپین	4 تولہ
4	کافور	1 تولہ

ترکیب : روغن ارنڈ میں مٹھا تیلیہ کو ہلکی آنچ پر پکائیں جب جل کر کوئلہ ہو جائے تو اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر روغن تارپین اور کافور ملا کر اچھی طرح ہلائیں۔ اور اجزاء کو حل کر دیں۔

استعمال و فوائد : پٹھوں کے درد کے لیے انتہائی مفید ہے۔ جائے درد پر چند قطرے ٹپکائیں اور جہاں تک درد ہو مالش کریں۔ اس کے بعد کسی کپڑے سے لپیٹ دیں یا ٹکور کریں۔

ھوالشافی	درد ہر قسم	ھوالکافی

اجزاء : 1۔ چھتہ شہد 1عدد 2۔ روغن ناریل 1پاؤ 3۔ کلونجی 1 چھٹانک

ترکیب تیاری کلونجی پیس کر اور چھتہ توڑ کر روغن میں ملا کر آگ پر بالکل ہلکی آنچ پر پکائیں۔ 1 گھنٹہ پکنے کے بعد اتار کر رکھ دیں۔ پھر کپڑے سے نچوڑ کر بوتل میں سنبھال لیں۔

فوائد و استعمال : درد ہمہ قسم، خارش، زخم، پھوڑا پھنسی، چوٹ لگنے پر ہلکی مالش کریں۔ درد سینہ پر مالش کریں۔

ھوالشافی | ھوالکافی

درد ھر قسم 2

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	چھتہ شہد بڑا (1 عدد) یا دیسی موم	گرام	4	میتھی دانہ	50 گرام
2	روغن کنجد یا کیسٹر آئل	250 گرام	5	کڑی پتہ	12 گرام
3	کلونجی	50 گرام			

ترکیب: کلونجی، میتھی دانہ پیس کر چھتہ یا دیسی موم (دونوں میں سے کوئی ایک) کے ساتھ شامل کریں۔ کڑی پتہ بھی قدرے توڑ کر ملا دیں۔ اور بالکل ہلکی آنچ پر 1 گھنٹہ پکائیں پکائیں۔ پھر کپڑے سے چھان کر محفوظ کرلیں۔

استعمال و فوائد: درد ہمہ قسم ، زخم، پھوڑا پھنسی، چوٹ لگنے پر ہلکی مالش کریں۔ درد سینہ پر مالش کریں۔

ھوالشافی | ھوالکافی

روغن وجع المفاصل

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	دار چینی	60 گرام	6	السی	250 گرام
2	اسگند ناگوری	60 گرام	7	چھوہارے	250 گرام
3	برنجاں	60 گرام	8	گری ناریل	250 گرام
4	زنجبیل	60 گرام	9	کنڈیاری کی مولیاں	250 گرام
5	میتھی	250 گرام	10	پرانا گڑ	500 گرام
			11	گھی (بناسپتی)	500 گرام

ترکیب: سب کو کوٹ کر باریک کرلیں۔ پرانا گڑ کوٹ کر اور بناسپتی گھی دونوں کو پانی میں ڈال دیں۔ اس کو پکانا شروع کردیں۔ جب اچھی طرح حل ہوجائے تو اس میں دوسری پسی ہوئی ادویات بھی شامل کردیں۔ اچھی طرح پکا کر خشک کرلیں۔ سخت قسم کا حلوا سا بن جائے

استعمال و فوائد: ایک چھٹانک روزانہ۔ چند ہی روز میں ٹھیک ہوجائے گا۔ ساتھ مالش بھی کروائیں۔

ھوالشافی | ھوالکافی

روغن ادرک

ادرک اور روغنِ کنجد برابر کوٹ کر جلالیں تیار ہے مالش کرائیں۔

ھوالشافی | ھوالکافی

روغنِ ھرمل

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	تخم ہرمل	125 گرام	4	اندرائن (تمے) سبز	4 عدد
2	ڈوڈہ دھتورہ	125 گرام	5	روغنِ کنجد	1 کلو
3	پانی	2 کلو			

ترکیب: تخم ہرمل، ڈوڈہ دھتورہ۔ ہر ایک۔ رات کو دونوں کو 2 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح آگ پر چڑھا دیں۔ 4 عدد تمے (سبز) لے کر کاٹ کر وہ بھی ڈال دیں جب 4 / 3 ابال آجائیں تو صاف کرلیں۔ 1 کلو روغن کنجد ملا کر پکائیں۔ پانی کو جلالیں۔ تیار ہے۔

ھوالشافی	عجیب روغن	ھوالکافی

ترکیب: دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر رکھ لیں۔ 24 گھنٹہ میں دونوں حل ہو جائیں گے۔ جہاں درد ہو روئی سے لگا دیں۔ منٹوں میں درد بند ہو گا۔ بھڑ، مکھی، بچھو کے کاٹے پر اوپر لگا دیں۔ ٹنکچر آیوڈین سے بہتر اور زود اثر ہے۔

1	کیروسین آئل	8تولہ
2	کافور	2تولہ

ھوالشافی	روغنِ قسط (گردن میں بل پڑنا)	ھوالکافی

ترکیب تیاری: قسط تلخ 2 تولہ۔ تیل سرسوں 8 تولہ۔ قسط تلخ کو موٹا موٹا کوٹ کر تیل سرسوں میں جلالیں۔

استعمال: مقام مرض پر نیم گرم مالش کر کے اوپر گرم روئی رکھ کر پٹی باندھ دیں اور سینک کریں۔ آرام آجائے گا۔

وجوہات: گردن کے پٹھے اکڑ جاتے ہیں۔ ایک ہی کروٹ پر سوتے رہنے سے یا سر دگرم ہو جانے سے یہ تکلیف ہو جاتی ہے۔ گردن کے مہروں کے کسی مرض سے بھی یہ عارضہ ہو جاتا ہے۔

علامات: گردن کے دونوں طرف یا ایک طرف کے عضلات اکڑ جانے سے مریض گردن جھکائے رکھتا ہے۔ اگر مرض بڑھ جائے تو گردن کے بعض عضلات میں فالج ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	غدّی اعصابی روغن	ھوالکافی

ترکیب: پہلے ست پودنہ اور کافور کو تارپین میں حل کریں پھر روغن بید انجیر (کسٹر آئل) میں ملا دیں بس تیار ہے

افعال و اثرات: مقام ماؤف پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔ سوداوی خارش، درد ریح، کسی عضو کا کمزور ہو جانا، درد کان، درد دانت، درد پیٹ، اپھارہ، قبض وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

1	کافور	2 تولہ
2	ست پودینہ	1 تولہ
3	روغن بیدانجیر (کسٹر آئل)	1 پاؤ
4	روغن تارپین	5 تولہ

ھوالشافی	جوڑوں کا درد (تاج المجربات 1)	ھوالکافی

1	اجوائن خراسانی	20 گرام	4	آک کے پھول	20 گرام
2	سونٹھ	20 گرام	5	سورنجاں کڑوی	20 گرام
3	روغن کنجد	500 گرام			

ترکیب تیاری: تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔ چاروں کو تیل میں اتنا جوش دیں کہ سفوف جل جائے۔ اس کے بعد تیل کو چھان کر ایک بوتل میں رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: س تیل کی ہلکے ہاتھوں سے جوڑوں پر مالش کریں۔

ھوالشافی	کالا تیل گنٹھیا	ھوالکافی

نمبر شمار	اجزاء	مقدار	نمبر شمار	اجزاء	مقدار
1	اجوائن خراسانی	4تولہ	5	لونگ	2تولہ
2	تخم دھتورہ	4تولہ	6	روغن کنجد	500 گرام
3	برگ ارنڈ	6تولہ	7	شہد	حسبِ ضرورت
4	جائفل	2تولہ			

ترکیب : سب کو کوٹ پیس کر شہد میں ٹکیہ بنالیں۔ پھر ٹکیہ تیل میں ڈال کر نرم آنچ پر پکالیں۔ جب ٹکیہ جل کر کوئلہ ہو جائے تو چھان کر محفوظ کرلیں۔

فوائد واستعمال : گنٹھیا، ہر قسم کے چھوٹے بڑے جوڑوں کے درد کے لیے مفید ہے۔ متاثرہ جگہ پر تیل کی مالش کر کے روئی کا نمدہ باندھ دیں یا ٹکور کردیں۔

ھوالشافی	مالش / درد کا نسخہ	ھوالکافی

ترکیب : سُرنجاں تلخ کو پیس کر اس میں تھوڑا تھوڑا تیل ملاتے اور کونڈی میں رگڑتے جائیں یہاں تک کہ سب تیل ختم ہو جائے۔

نمبر شمار	اجزاء	مقدار
1	سُرنجاں تلخ	2تولہ
2	روغن	1 پاؤ

استعمال : بوقتِ ضرورت گرم کر کے جوڑوں پر مالش کریں۔ اور نمدہ روئی باندھیں یا ٹکور کریں۔ بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

ھوالشافی	مہرے اور پیٹھ کا درد	ھوالکافی

نمبر شمار	اجزاء	مقدار	نمبر شمار	اجزاء	مقدار
1	روغن تارپین	100 گرام	3	کافور	10 گرام
2	روغن کنجد	100 گرام			

ترکیب تیاری: مکس کرلیں۔ مالش کرائیں۔ اس کے بعد ہلدی لگا کر پٹی وغیرہ رکھ دیں۔

ھوالشافی	# نرائن تیل	ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	اسگند	500 گرام	8	گنگھی	500 گرام
2	کھرنٹی	500 گرام	9	چھال نیم	500 گرام
3	بیل گری	500 گرام	10	سونا پھاٹھا	500 گرام
4	کنڈیاری خورد	500 گرام	11	بسکھپرا	500 گرام
5	کنڈیاری کلاں	500 گرام	12	ستاوری	4 کلوگرام
6	تاڈہل	500 گرام	13	روغن کنجد	4 کلوگرام
7	گوکھرو (بھکھڑا)	500 گرام	14	شیر گاؤ	16 کلوگرام

ترکیب: سیریل نمبر 1 تا 10 سب کو جوکوب کر کے 64 کلوگرام پانی میں ڈال کر آنچ دیں۔ جب پانی 16 کلوگرام رہ جائے تو خوب مل چھان کر کڑاہی میں ڈال دیں اور 4 کلوگرام روغن کنجد ڈال دیں۔ ستاوری 4 کلوکوٹ کر شیر گاؤ 16 کلوگرام میں ڈال کر سب کو اکٹھا کر دیں۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل دوائیں 8/ 8 تولہ پانی میں پیس کر ملا دیں۔

حصہ دوئم

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	گٹھ	8تولہ	8	اسگند	8تولہ
2	الائچی کلاں	8تولہ	9	گھنگھیرن	8تولہ
3	چندن سفید	8تولہ	10	ارسنا	8تولہ
4	مورد	8تولہ	11	سونف	8تولہ
5	بچ	8تولہ	12	دیودار	8تولہ
6	باچھڑ	8تولہ	13	تگر	8تولہ
7	سیندھانمک	8تولہ			

ان سب کو پچھلے میں ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب سب پانی جل کر تیل رہ جائے تو چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔

فوائد: گنٹھیا، فوطوں کا لٹک جانا، پسلیوں کا درد، پاگل پن، کمر درد، کسی حصے کا ایک طرف لٹک جانا (مثلاً فالج ہلقوہ وغیرہ)، سر درد، لنگڑا کر چلنا، نیند کا نہ آنا، اس کے استعمال سے بانجھ عورت بھی حمل کے قابل ہو جاتی ہے۔ یہ تیل زیادہ تر مالش کے کام آتا ہے۔ ضرورت کے وقت اس کو کھانے کے کام بھی لایا جا سکتا ہے۔ 3 ماشہ تک شہد کے ہمراہ ایک مرتبہ روزانہ کھلائیں۔

هوالشافی | **پُنروا تیل (سوزش/ورم کے لیے)** | هوالکافی

نمبر	اجزاء	مقدار		نمبر	اجزاء	مقدار
1	جڑ اِٹ سِٹ	40تولہ		7	کیسر	2تولہ
2	سونٹھ	10تولہ		8	لونگ	10تولہ
3	خس	10تولہ		9	تعلیس پتر	5تولہ
4	تگر	10تولہ		10	ناگرموتھا	10تولہ
5	دیودار	10تولہ		11	کچور	10تولہ
6	اگر	12تولہ				

ترکیب و استعمال : سب کو علیحدہ علیحدہ جوکوب کر کے نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو ٹھنڈا کر کے چھان لیں۔ 6 ماشہ شہد ملا کر پلائیں۔ روزانہ ایک مرتبہ۔ پندرہ بیس روز تک استعمال کرائیں۔

فوائد : ہر قسم کے ورم وسوزش کے لیے لاجواب ہے بس

هوالشافی | **روغنِ برقی** | هوالکافی

نمبر شمار	اجزاء	مقدار		نمبر شمار	اجزاء	مقدار
1	روغن ارنڈ	5تولہ		5	دیسی اجوائن	5تولہ
2	روغن السی	5تولہ		6	مال کنگنی	5تولہ
3	روغن تارامیرا	5تولہ		7	تخم حرمل	5تولہ
4	عقرقرحا	5تولہ		8	پانی	ڈیڑھ کلو

ترکیب فوائد و استعمال : تمام خشک چیزوں کو جوکوب کرلیں۔ پھر پانی میں بھگودیں۔ 12 گھنٹے کے بعد آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر پاؤ بھر باقی رہ جائے تو اتار کر مل چھان لیں۔ اب اس پانی میں ہر تینوں روغن ملا کر نرم آگ پر پکائیں جب تمام پانی جل کر روغن رہ جائے تو دوبارہ کپڑے میں چھان کر بوتل میں بھر لیں۔

جائے درد پر مالش کریں۔ ذات الجنب (پھیپھڑوں کے امراض)، نمونیا، فالج، لقوہ، عرق النساء (چھوٹے جوڑوں کا درد)، وجع الورک (کندھوں/کولہوں کا درد)، گنٹھیا، درد اڑھی، ٹخنے اور گھٹنے کا درد وغیرہ کے لیے ایک جادو اثر دوا ہے۔

هوالشافی | **روغنِ دردِ کمر** | هوالکافی

ترکیب فوائد و استعمال : ایک ایسی ہانڈی لیں جو کہ کوری نہ ہو بلکہ مستعملہ ہو۔ اس میں مٹی کی ایک ٹکیہ بنا کر رکھ دیں۔ اس پر ایک پیالی سلور یا چینی کی رکھ دیں۔ بعد میں لوبان عمدہ 5 تولہ پیس کر ٹکیہ کے ارد گرد رکھ دیں اور ہانڈی کے منہ پر پانی سے بھرا ہوا برتن رکھ کر ان کے لب آٹے سے بند کر دیں۔۔ اور چولہے پر رکھ کر آگ جلائیں۔ جب پانی اوپر والا پانی گرم ہو جایا کرے تو نکال کر ٹھنڈا پانی ڈال دیا کریں۔ تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ میں دوا تیار ہو گی۔ آگ بند کر کے سرد ہونے پر اوپر کی ہانڈی کو اکھاڑ دیں۔

پیالی کے اندر تیل بھرا ہوگا۔اس کو جائے درد پر مالش کریں۔ نہ صرف کمر درد بلکہ ہمہ قسم کے دردوں کے لیے فائدہ مند ہے۔

ھوالشافی	روغنِ برقی 2	ھوالکافی

1	روغن کنجد	1250 گرام		3	جائفل مقشر	2تولہ
2	لہسن مقشر	500 گرام		4	بھلانواں/ بلادر	7تولہ

ترکیب: لہسن کو تھوڑا سا کوٹ لیں۔ جائفل کا مغز نکال کر مغز کو کوٹ لیں۔ بھلانویں کی ٹوپی اُتار لیں احتیاط کے ساتھ۔روغن کنجد میں ملا کر آگ پر رکھ دیں اور ہلکی آنچ پر جلائیں تا کہ تیل کے اندر آگ نہ لگے۔ جب تیل 1 کلو رہ جائے تو اُتار کر چھان لیں۔

استعمال و فوائد: گنٹھیا، جوڑوں کا درد، رِنگن باؤ (چوکنے کا درد جو ٹانگ میں آتا ہے)،فالج،لقوہ، رعشہ، ذات الجنب،نمونیہ کے لیے مفید ہے۔مالش کریں۔ہوا سے بچائیں۔

ھوالشافی	روغنِ فالج 1	ھوالکافی

1	قسط نیم کوفتہ	1/2 -3 گرام		5	سپرٹ	150 گرام
2	فلفل نیم کوفتہ	5 گرام		6	روغن زیتون	84 گرام
3	فرفیون	5 گرام		7	جند بید ستر اصلی	1/2 -3 گرام
4	عقرقرحا	1/2 -3 گرام				

ترکیب و استعمال: قسط اور فلفل سیاہ کو سپرٹ میں بھگو دیں۔صبح روغنیات ملا کر اس قدر جوش دیں کہ سپرٹ خشک ہو جائے اور صرف روغن باقی رہ جائے تو فرفیون وجند بید ستر کو کوٹ چھان کر ملائیں اور آگ سے اتار کر حسبِ ضرورت نیم گرم مالش کریں۔بچوں کے فالج میں بیرونی طور پر روغن پنبہ دانہ کی مالش کریں اور خوراکی طور پر خمیرہ گاؤزبان عنبری، جدوار،عود سلیب والا مقدار ایک گرام ہمراہ عرق گاؤزبان دیں۔

ھوالشافی	روغنِ گنٹھیا (مدار)	ھوالکافی

1	رس برگ مدار	1 کلو
2	روغن کنجد	1 کلو
3	کافور عمدہ	50 گرام

ترکیب: مدار کے پتوں کو کوٹ کر ایک کلو رس نکال کر اتنا ہی روغن کنجد ڈالیں۔ جب پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے۔اس کی پہچان یہ ہے کہ ایک بوندز مین پر ڈالیں۔ اگر نہ پھیلے تو ٹھیک ہے۔تیل اُتار کر کافور کو باریک کر کے ڈال دیں۔ تیار ہے۔

فوائد: درد نقرس، گنٹھیا، کمر درد، فالج اور لقوہ کو مفید ہے۔

هوالشافی	روغنِ فالج	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	کاپھل	1تولہ	19	مٹھا تیلیہ	6ماشہ	37	ناگ کیسر	1تولہ
2	بالچھڑ	6ماشہ	20	پپلا مول	1تولہ	38	گھونگچی (گھونگ چی) سرخ	1پاؤ
3	تیزپات	6ماشہ	21	خراطین	1تولہ	39	روغن گل	1 کلو
4	ناخونہ	1تولہ	22	عروسک	1تولہ	40	روغن کنجد (تلوں کا تیل)	1 کلو
5	کچلہ	6ماشہ	23	تخم میتھی	1تولہ	41	روغن بیدانجیر (روغن ارنڈ)	500 گرام
6	نیلا تھوتھا	6ماشہ	24	زعفران	1تولہ	42	روغن مہوہ	1 کلو
7	لونگ	6ماشہ	25	کستوری	3ماشہ	43	کٹائی خورد (کنڈیاری) تازہ پودا	1 کلو
8	دارچینی	6ماشہ	26	مال کنگنی	1پاؤ	44	برگ تلسی (مشک بیری) تازہ	1 کلو
9	جلوتری	6ماشہ	27	افیون	1تولہ	45	برگ حرمل	1 کلو
10	سورنجاں تلخ	1تولہ	28	جدوار خطائی	1تولہ	46	برگ ارنڈ	1 کلو
11	دانہ الائچی خورد	6ماشہ	29	عقرقرحا	2تولہ	47	برگ دھتورہ	1 کلو
12	صندل سفید	6ماشہ	30	گل بابونہ	2تولہ	48	برگ سنبھالو (تازہ پتے)	2 کلو
13	نرکچور	2تولہ	31	دیودار لکڑی	1تولہ	49	برگ مدار (برگِ آک)	1 کلو
14	جائفل	2تولہ	32	ہینگ	1تولہ	50	برگ سوہانجناں	1 کلو
15	تج	1تولہ	33	سونٹھ	1تولہ	51	دودھی خورد (ہزاردانی) تازہ	1 کلو
16	دارہلد	1تولہ	34	بوزیدان	1تولہ			
17	میدا لکڑی	6ماشہ	35	اجوائن خراسانی	1تولہ			
18	کٹھ تلخ	2تولہ	36	لہسن	1پاؤ			

ترکیب تیاری: تمام پتوں کو کوٹ کر پانی نکال کر رکھ لیں۔ باقی ادویہ کو جوکوب کر کے ملا لیں اور لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اوپر سے پانچ کلو پانی (نہری) ڈال دیں۔ 24 گھنٹے کے بعد اس میں روغنیات ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو اس میں پتوں کا پانی تھوڑا تھوڑا ڈالتے جائیں۔ جب پتوں کا رس جل جائے تو اس میں افیون مہین (عرق گلاب میں رگڑ کر حل کرنا) کر کے ڈال دیں۔ اس کے بعد کستوری اور زعفران کو عرق گلاب میں رگڑ کر ڈال دیں۔ پھر گھونگچی (گھونگ چی) سرخ باریک پیس کر روٹی بنا کر اس روغن میں ڈال دیں۔ جب روٹی پک کر سرخ ہو جائے تو روٹی کو دست پناہ (چمٹے) سے پکڑ کر کنارہ پر رکھ دیں تا کہ نچڑ جائے اور آگ بند کر دیں۔ جب روغن یک دم ٹھنڈا ہو جائے تو اسے مل کر کپڑے سے پن لیں (نچوڑنا نہیں)۔ روغن بوتلوں میں بھر کر رکھ لیں۔

افعال و اثرات: دن کے وقت دھوپ میں اور رات کے وقت مکان کے اندر مریض کے متاثرہ حصہ کی خوب مالش کریں۔ اور آدھا گھنٹا تک مریض کو ہوا سے بچائیں۔ چند دنوں میں انشا اللہ مریض آپ کو خود چل کر خوش کر دے گا۔ فالج، لقوہ اور ہمہ اقسام کے دردوں کے لیے تیر بہدف مجرب نسخہ ہے۔

ہمراہ خوراکی نسخہ

1	عقر قرحا	1تولہ	7	فلفل دراز	؍	13	دار چینی	؍
2	کباب چینی	؍	8	جلوتری	؍	14	جائفل	؍
3	خشخاش سفید	؍	9	موصلی سمبل	؍	15	مغز بادام	؍
4	خشخاش سیاہ	؍	10	خولنجاں	؍	16	مغز پستہ	؍
5	موصلی سفید	؍	11	اسگندھ	؍			
6	موصلی سیاہ	؍	12	بھوپھلی	؍			

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر شہد ملا کر حبوب (گولی) بقدر کوکن بیر (2 رتی) بنالیں۔ 1 تا 2 گولی ہمراہ قہوہ چائے خالص شہد سے شیریں کر کے صبح و شام کھلائیں۔

ھوالشافی	تیل درد گنٹھیا وغیرہ	ھوالکافی

1	برگ تمباکو	500 گرام	3	پانی	ڈھائی کلوگرام
2	روغن کنجد	1 کلوگرام	4		

ترکیب: تمباکو کے پتے رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو مل کر چھان لیں۔ پھر اس میں روغن کنجد ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر تیل رہ جائے تو بوتل میں بھر لیں۔ **استعمال:** س کی مالش کرنے سے گنٹھیا اور جوڑوں کے درد میں فوری آرام آجاتا ہے

ھوالشافی	تیل گنٹھیا	ھوالکافی

	اجوائن خراسانی	4تولہ		جائفل	2تولہ
	تخم دھتورہ	4تولہ		لونگ	2تولہ
	برگ ارنڈ	6تولہ		روغن کنجد	500 گرام

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر شہد میں ٹکیہ بنالیں۔ پھر ٹکیہ تیل میں ڈال کر نرم آنچ پر پکالیں۔ جب ٹکیہ جل کر کوئلہ ہوجائے تو چھان کر محفوظ کر لیں۔ **استعمال و فوائد:** گنٹھیا، ہر قسم کے چھوٹے بڑے جوڑوں کے درد کے لیے نہایت مفید ہے۔ متاثرہ جگہ پر تیل کی مالش کر کے نمدہ روئی باندھ دیں یا ٹکور کریں۔

ھوالشافی	وجع المفاصل (بڑے جوڑوں کا درد) اکسیری تیل	ھوالکافی

1	روغن بیدانجیر (کسٹر آئل)	500 گرام	2	ادرک کا پانی	4 کلو 500 گرام

ترکیب: دونوں کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل کر تیل رہ جائے تو بوتل میں بھر لیں۔

استعمال و فوائد: بوقتِ ضرورت صبح و شام جوڑوں پر مالش کریں اور اوپر روئی کا نمدہ گرم کر کے باندھ دیں یا ٹکور کریں۔ یہ تیل ہر قسم کے دردوں کے لیے لاجواب ہے۔ نہ صرف وجع المفاصل (بڑے جوڑوں کا درد) اور چھوٹے جوڑوں کے درد کے لیے مفید ہے۔ ذات الجنب (نمونیا) کے لیے بھی مفید ہے۔ **نوٹ:** 4 کلوگرام 500 گرام رس ادرک (6 کلو ادرک سے حاصل ہوگا۔)

هوالشافی — روغن لوبان — هوالکافی

نمبر	نام	وزن
1	لونگ	50 گرام
2	دارچینی	50 گرام
3	قسط شیریں	50 گرام
4	قسط تلخ	50 گرام
5	سرنجاں شیریں	50 گرام
6	سرنجاں تلخ	50 گرام
7	لوبان	50 گرام
8	مالکنگنی	50 گرام
9	جائفل	50 گرام
10	جلوتری	50 گرام
11	کچلا	50 گرام
12	روغن کنجد	1 کلوگرام

ترکیب: تمام ادویہ کو روغن کنجد میں ہلکی آنچ پر جلادیں اور روغن کو فلٹر کر کے رکھ لیں۔

استعمال: روزانہ رات کو متاثرہ مقام پر مالش کر کے روئی باندھ دیں تا کہ ہوا نہ لگے۔

فوائد: پہلے دن ہی درد کافور ہو جائے گا۔اس کے ساتھ کھانے کی دوا بھی دے دی جائے تو سونے پر سہاگہ ہوگا۔

هوالشافی — روغنِ نقرس — هوالکافی

نمبر	نام	وزن
1	لونگ	12 گرام
2	دارچینی	12 گرام
3	رتن جوت	12 گرام
4	مال کنگنی	12 گرام
5	جائفل	12 گرام
6	قسط تلخ	12 گرام
7	سورنجاں تلخ	12 گرام
8	روغن کنجد	500 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر روغن کنجد میں ملا کر قدرے گرم کریں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: روزانہ قدرے نیم گرم اچھی طرح ہلا کر متاثرہ مقام پر مالش کریں۔اور روئی باندھیں۔

فوائد: ایسا درد جو نا قابل برداشت ہو ایسی حالت میں اکسیر کا کام دیتا ہے۔

هوالشافی — روغنِ اوجاع — هوالکافی

نمبر	نام	وزن
1	روغن کنجد	100 گرام
2	رتن جوت	100 گرام
3	روغن تارپین	25 گرام
4	کافور	15 گرام

جاری ہے

ترکیب: اول روغن کنجد میں رتن جوت کو جوکوب کر کے جلالیں۔ اور روغن کو پن چھان کر محفوظ کرلیں۔ پھر روغن تارپین میں کافور حل کریں۔ پھر دونوں کو ملالیں۔

فوائد: ہر قسم کے جوڑوں کے درد کے لیے مفید ہے۔ اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو اس کو جوڑنے کے بعد مضبوط پٹی سے باندھ دیں اور اس روغن سے پٹی کو تر کر دیں۔ تین چار روز تک تر رکھیں۔ پھر کھول کر دیکھیں۔ اگر جڑ گئی ہو تو پھر اس تیل کی روزانہ ہلکی ہلکی مالش کریں۔ ہلکی ہلکی مالش کریں انشاءاللہ ٹوٹی ہوئی ہڈی چند روز میں جڑ جائے گی۔

ھوالشافی	روغنِ سرخ	ھوالکافی

1	سونٹھ	1تولہ		4	عقرقرحا	1تولہ
2	جائفل	1تولہ		5	ہرمل	1تولہ
3	لونگ	1تولہ		6	رتن جوت	6ماشہ
				7	روغن کنجد	10تولہ

ترکیب و استعمال و فوائد: سب کو کوٹ کررات کو آدھا کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح کو جوش دیں جب پانی 1 پاؤ رہ جائے تو چھان لیں۔ اس پانی میں روغن کنجد اور رتن جوت ملا کر دوبارہ پکائیں۔ حتیٰ کہ پانی خشک ہو جائے۔ تیل کو چھان کر محفوظ کرلیں۔ مقامِ ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔ جوڑوں کے درد نقرس (چھوٹے جوڑوں کا درد) ، عرق النساء، وجع المفاصل، کولھوں کا درد وغیرہ کو بہت مفید ہے۔

ھوالشافی	روغنِ سفید برائے درد	ھوالکافی

1	نوشادر	6ماشہ		3	روغن تارپین	4تولہ
2	صابن دیسی	ڈیڑھ تولہ		4	پانی تیز گرم	15تولہ

ترکیب و استعمال: پہلے صابن اور نوشادر کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر کھرل میں ڈال کر تیز گرم پانی میں خوب اچھی طرح گھوٹ کر حل کریں۔ جب خوب حل ہو جائے اور پانی سرد ہو جائے تو روغن تارپین ملا کر پھر گھوٹیں۔ سفید رنگ کا دہی جیسا گاڑھا مرکب تیار ہوگا۔ کسی شیشی میں ڈال کر رکھیں اور بوقتِ ضرورت جائے درد پر خوب اچھی طرح مالش کریں۔ اور اوپر روئی کا نمدہ گرم کر کے باندھ دیں۔

فوائد: وجع المفاصل ، ذات الجنب ، عرق النساء وغیرہ کو بہت مفید ہے۔

....

سن ہو جانا

ایک پاؤ گائے کا گھی لیکر 50 گرام سرخ مرچ ثابت بمعہ ڈنڈی نرم آگ پر جلائیں۔ تیل کو صاف کر کے رکھ لیں۔ سن شدہ حصے پر مالش کروائیں۔ داڑھ درد میں مخالف طرف کے کان میں 2 قطرے تیل ڈالیں داڑھ درد فوراً بند ہوگا۔

ھوالشافی	روغنِ فالج	ھوالکافی

1	قسط (نیم کوفتہ)	7 گرام	5	جند بید ستر	7 گرام
2	فلفل سیاہ (نیم کوفتہ)	10 گرام	6	سپرٹ	250 گرام
3	فرفیون	10 گرام	7	روغن زیتون	140 گرام
4	عقرقرحا	7 گرام			

ترکیب تیاری/ استعمال: قسط اور فلفل کو سپرٹ میں بھگو دیں۔ صبح اس قدر جوش دیں کہ سپرٹ خشک ہو جائے اور صرف روغن باقی رہ جائے۔ پھر فرفیون و جند بید ستر کو کوٹ چھان کر ملائیں اور آگ سے اتار کر محفوظ رکھیں۔ حسبِ ضرورت نیم گرم کر کے مالش کرائیں۔

ھوالشافی	امرت انجن بام	ھوالکافی

1	ویزلین	168 گرام	5	روغن دارچینی	2 گرام
2	موم سفید	54 گرام	6	لونگ کا تیل	3 گرام
3	ست پودینہ	5 گرام	7	صندل کا تیل (برائے خوشبو)	حسبِ ضرورت
4	کافور	2-1/2 گرام			

ترکیب :موم اور ویزلین کو واٹر باتھ پر پگھلائیں پھر اُتار کر ٹھنڈا ہونے پر سب چیزیں ملائیں۔ چھوٹے مونہہ کی شیشیوں میں بھر لیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت /حسبِ ضرورت استعمال میں لائیں۔

ھوالشافی	چوٹ کا درد ، درد کمر ، جوڑوں کا درد	ھوالکافی

1	روغن کنجد	1 کلو	5	حرمل	50 گرام
2	آکسن	50 گرام	6	جائفل	50 گرام
3	چاروں اجوائن	50/50 گرام	7	جلوتری	50 گرام
4	زنجبیل (سونڈھ)	50 گرام	8	لونگ	50 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو دردرہ کر کے پانی کا ہلکا چھینٹا لگا کر کچھ دیر رکھ دیں۔ اس کے بعد آگ پر پکائیں۔ جب اجزاء جلنے لگیں اور تیل دھواں دینے لگے یا رنگ سیاہ ہو جائے تو آگ سے اتار لیں۔ چھان کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: متاثرہ جگہ پر لگا کر مناسب مالش کریں۔

فائدہ: فالج ،لقوہ ، درد چوٹ، کمر درد، جوڑوں کا درد نیز ہمہ اقسام کے دردوں کے لیے مفید و موثر ہے۔

ھوالشافی	روغنِ نقرس	ھوالکافی

1	لونگ	12 گرام	5	جائفل	12 گرام
2	دارچینی	12 گرام	6	قسط تلخ	12 گرام
3	رتن جوت	12 گرام	7	سورنجاں تلخ	12 گرام
4	مال کنگنی	12 گرام	8	روغنِ کنجد	500 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے روغنِ کنجد میں ملا کر قدرے گرم کریں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: روزانہ قدرے نیم گرم اچھی طرح ملا کر متاثرہ مقام پر مالش کریں اور روئی باندھ دیں۔

فوائد: ایسا درد جو نا قابلِ برداشت ہو ایسی حالت میں اکسیر کا کام دیتا ہے۔

ھوالشافی	روغنِ قسط گردن میں بل پڑنا -Wrynenk	ھوالکافی

1	قسط تلخ	2 تولہ	2	تیل سرسوں	8 تولہ

تعریف مرض: گردن کے پٹھے اکڑ جاتے ہیں۔ایک ہی کروٹ پر سوتے رہنے سے یا سرد گرم ہو جانے سے یہ تکلیف ہو جاتی ہے۔گردن کے مہروں کے کسی مرض سے بھی یہ عارضہ ہو جاتا ہے۔گردن کے دونوں طرف یا ایک طرف کے عضلات اکڑ جانے سے مریض گردن جھکائے رکھتا ہے۔اگر مرض بڑھ جائے تو گردن کے بعض عضلات میں فالج ہو جاتا ہے۔

ترکیب تیاری/ استعمال: قسط تلخ کو موٹا موٹا کوٹ کر تیل سرسوں میں جلالیں۔مقام مرض پر نیم گرم مالش کر کے اوپر گرم روئی رکھ کر پٹی باندھ دیں اور سینک کریں۔آرام آجائے گا۔

ھوالشافی	اکسیرِ گنٹھیا	ھوالکافی

1	لونگ	12 گرام	7	کیسٹر آئل	12 گرام
2	جائفل	12 گرام	8	روغن کنجد	12 گرام
3	سورنجاں شیریں	12 گرام	9	آب کریلہ	12 گرام
4	زنجبیل	12 گرام	10	پٹرول	12 گرام
5	مصطگی رومی	12 گرام	11	کافور	6 گرام
6	روغنِ سرسوں	12 گرام	12	افیون	12 گرام

ترکیب: پہلے افیون اور کافور کو 25 گرام پانی میں حل کرلیں۔کورکوٹنے والی ادویہ کو پوڈر بنا کر روغنیات میں ملا کر بریاں کرلیجئے۔اب دیگر چیزیں ڈال کر غلیظ مرہم بنا کر محفوظ کرلیں۔

خوراک: جس جگہ درد ہو خوب مالش کر کے اوپر ارنڈ کا پتہ گرم کر کے اور اس پر روئی باندھ دیں۔

فوائد: گنٹھیا، ریگن باؤ، درد کمر، درد پیٹ وغیرہ کا ایک سو ایک فی صدی کامیاب اور ذاتی مجرب ہے، چند دن لگانے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

هوالکافی	سر درد کے لیے	هوالشافی

12 گرام	نوشادر	1
1 گرام	کافور	2

ترکیب تیاری: دونوں ادویہ کے ملالیں۔

ترکیب استعمال: بوقتِ ضرورت شیشی مریض کو سنگھائیں۔فوراً آرام ہوگا۔

هوالکافی	سر درد (تحیّر خیز طلسمی دوا)	هوالشافی

9ماشہ	دانہ الا ئچی کلاں	1
9ماشہ	پھٹکڑی سفید	2
9ماشہ	گل مُنڈی	3
150 گرام	عرق کیلا	4

ترکیب : تینوں ادویہ کو خوب باریک کر کے مناسب مقدار میں عرق کیلا حل کرکے (پودے کو کوٹ کرنچوڑلیں۔اگر کیلے کی جڑ کا پانی استعمال کریں تو اور بھی زیادہ موثر ہوگا) شیشی میں ڈال لیں۔ 24 گھنٹے کے بعد فلٹر کرلیں

استعمال و فوائد : دردِ سر خواہ کتنی ہی شدید کیوں نہ ہو اس طلسمی دوا کی ایک ایک بوند آنکھوں میں ڈال دیں اور خدا کی قدرت کا کرشمہ دیکھیں۔شیشی میں ڈال رکھیں ضرورت کے وقت استعمال کرکے مریضوں کے دلوں پر اپنی حذاقت کا سکہ بٹھائیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل سے جونہی دوا آنکھوں میں ڈالی جائے گی دردسر اس طرح غائب ہوگا جیسے سورج کی شعاعوں سے تاریکی۔

نوٹ:یادرہے کہ سر درد کے ساتھ مریض کو بخار نہ ہو۔ورنہ فائدہ نہ ہوگا

هوالکافی	سر درد	هوالشافی

1تولہ	گل بابونہ	1
؍	پودینہ جنگلی	2
؍	برگ سداب	3
؍	بورا امنی	4

ترکیب : سب کو باریک پیس کر کپڑے میں پوٹلی باندھ کر گرم کرکے اس سے ٹکور کریں

هوالشافی	روغنِ نقرس	هوالکافی

1	لونگ	12 گرام	5	جائفل	12 گرام
2	دارچینی	12 گرام	6	قسط تلخ	12 گرام
3	رتن جوت	12 گرام	7	سورنجاں تلخ	12 گرام
4	مال کنگنی	12 گرام	8	روغنِ کنجد	500 گرام

ترکیب : تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے روغنِ کنجد میں ملا کر قدرے گرم کریں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: روزانہ قدرے نیم گرم اچھی طرح ہلا کر متاثرہ مقام پر مالش کریں اور روئی باندھ دیں۔

فوائد: ایسا درد جو نا قابلِ برداشت ہو ایسی حالت میں اکسیر کا کام دیتا ہے۔

هوالشافی	درد ھر قسم 2	هوالکافی

1	چھتہ شہد بڑا (1 عدد) یا دیسی موم	250 گرام	4	میتھی دانہ	50 گرام
2	روغن کنجد یا کیسٹر آئل	250 گرام	5	کڑی پتہ	12 گرام
3	کلونجی	50 گرام			

ترکیب :کلونجی، میتھی دانہ پیس کر چھتہ یا دیسی موم (دونوں میں سے کوئی ایک) کے ساتھ شامل کریں۔کڑی پتہ بھی قدرے توڑ کر ملا دیں۔اور بالکل ہلکی آنچ پر 1 گھنٹہ پکائیں پکائیں۔پھر کپڑے سے چھان کر محفوظ کرلیں۔

استعمال و فوائد: درد ہمہ قسم ،زخم، پھوڑا پھنسی، چوٹ لگنے پر ہلکی مالش کریں۔درد سینہ پر مالش کریں۔

ھوالشافی	**گنٹھیا**	ھوالکافی

ترکیب: واستعمال: دونوں کو باریک پیس کر تمام کی 76 گولیاں بنالیں۔ بوقتِ ضرورت 1 گولی نیم گرم دودھ کے ساتھ لیں انشااللہ 20 یوم کے اندر اندر پرانی سے پرانی مرض دور ہوجائے گی

1	کافور	2 تولہ
2	افیون	3 گرام

ھوالشافی	**درد اعصابہ و شقیقہ**	ھوالکافی

ترکیب: پہلی تینوں کو باریک پیس کر ہمراہ گوندکیکر حبوب بقدر فلفل سیاہ بنالیں۔

استعمال: ایک گولی پانی کے ساتھ رات کو سوتے وقت اور ایک گولی طلوعِ آفتاب سے پہلے۔

فوائد: اعصابی دردوں، دردِ شقیقہ کے علاوہ دائمی نزلہ وزکام کے لیے بھی مجرب ہے۔

1	تخم دھتورہ سیاہ	10 گرام
2	ریوند خطائی	40 گرام
3	زنجبیل	20 گرام
4	گوندکیکر	حسب ضرورت

ھوالشافی	**دافع درد سفوف**	ھوالکافی

ترکیب: تینوں اجزاء کا الگ الگ سفوف بنا لیں

استعمال: چنے برابر صبح ، دوپہر ، شام پانی کے ساتھ۔

فوائد: دردگنٹھیا، پٹھوں کے درد اور کھچاؤ کے لیے اور عام جسمانی دردوں کے لیے

1	زنجبیل	ہم وزن
2	اسگندھ	″
3	سرنجاں شیریں	″
4	ہرمل	″
5	مصبر	″

ھوالشافی	**دافع درد سفوف 2**	ھوالکافی

ترکیب: سب اجزاء کا الگ الگ سفوف بنا لیں

استعمال: ایک رتی صبح ، دوپہر ، شام پانی کے ساتھ۔

فوائد: دردگنٹھیا، پٹھوں کے درد اور کھچاؤ کے لیے

1	تخم دھتورہ	12 گرام
2	سوڈابائی کارب	25 گرام
3	نوشادر ٹھیکری	40 گرام
4	سونٹھ	50 گرام
5	ریوند خطائی	60 گرام

ھوالشافی — دردِ شقیقہ — ھوالکافی

اجزاء / ترکیب / فوائد : دردِ شقیقہ میں اسگندھ کی تازہ جڑ کو پانی میں پیس کر صبح سویرے طلوع آفتاب سے پہلے پیشانی پر لیپ کرنے سے مکمل آرام ملتا ہے۔اس کے ساتھ ہی سفوف اسگندھ 4 گرام ہمراہ مصری کے گرم دودھ کے ساتھ پھانک لینے سے درد شقیقہ کا عارضہ ہمیشہ کے لیے رفع ہو جائے گا۔نہایت مجرب نسخہ ہے۔

ھوالشافی — جوڑوں کے درد کا خوراکی نسخہ — ھوالکافی

1	مغز تخم ارنڈ	1 پاؤ	2	چینی	1 پاؤ	3	شیر گاؤ	1 کلو

ترکیب : پہلے شیر گاؤ کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نرم آگ جلائیں۔ یہاں تک پکائیں کہ دودھ کا کھویا سا تیار ہو جائے پھر اس میں مغز ارنڈ باریک شدہ ملا لیں ۔ بعد میں چینی ملا کر معجون تیار کر لیں ۔ ٹھنڈی کر کے کسی چینی کے برتن میں رکھیں

استعمال : ضرورت کے وقت 1 تا ڈیڑھ تولہ روزانہ کھلائیں۔ یہ معجون بفضل تعالیٰ جوڑوں کے درد کو تسکین دینے میں اپنی مثال آپ ہے۔اس کے چند روزہ استعمال سے مرض نیست و نابود ہو جائے گا۔ ہر قسم کے درد اور وجع المفاصل کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی — درد کش گولیاں — ھوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	مٹھا تیلیہ (مدبر)	ہم وزن	5	تخم ہرمل	--
2	فلفل سیاہ	--	6	سرنجاں تلخ	--
3	مصبر	--	7	اسگندھ (آکسن)	--
4	تخم خرمہ (گٹھلی کھجور بریاں)	--	8		

ترکیب تیاری : تخم خرمہ کو توے پر بریاں کر کے سفوف بنائیں اور باقی سب کا بھی باریک سفوف بنا کر ملا لیں (مٹھا تیلیہ کو باریک کوٹ لیں پھر مشین میں ڈالیں) پھر ادرک کے پانی میں رگڑائی کر کے چنے برابر گولیاں بنا لیں۔گولی زیادہ بڑی نہ ہو۔

خوراک و استعمال و پرہیز: 24 گھنٹوں میں صرف ایک گولی کھلائیں۔ہمراہ دودھ یا چائے

فوائد: زبردست درد کش ہے۔وجع المفاصل ،نقرس، مہرے کا درد، جوڑ و پٹھوں کا درد، پنڈلی کا درد غرض بہترین درد کش ہے۔

ھوالشافی — درد مفاصل — ھوالکافی

1	صبر	12 گرام	3	پوست ہلیلہ زرد	12 گرام
2	سورنجاں شیریں	12 گرام	4	گل سرخ	75 گرام

تیاری : سب کو نہایت باریک کوٹ پیس چھان کر رکھیں ۔ **فوائد** : دردِ مفاصل کے لیے لاجواب نسخہ ہے۔

ترکیب استعمال : 3 گرام ہمراہ آب تازہ دیں۔ 40 روز استعمال کرائیں۔

ھوالشافی — دواء وجع المفاصل — ھوالکافی

1	برگ سناء مکی	48 گرام		6	سقمونیا	7 گرام
2	سورنجاں شیریں	72 گرام		7	تربد سفید	24 گرام
3	پوست ہلیلہ زرد	20 گرام		8	اسگندھ ناگوری	72 گرام
4	مغز بادام	20 گرام		9	نبات سفید	288 گرام
5	زعفران	5 گرام				

ترکیب: جملہ ادویات کا سفوف بنالیں

استعمال: 6 گرام صبح وشام ہمراہ پانی نیم گرم

فوائد: وجع المفاصل ،نقرس کا حکمی علاج ہے۔

ھوالشافی — فالج/ حبِ کچلہ — ھوالکافی

1	کچلہ شدھ	10 گرام		2	فلفل سیاہ	10 گرام

ترکیب: ہر دو کو باریک پیس کر پانی سے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ دودھ بعد از غذا دیں اور استعمال کے دوران میں ہر 7 دن کے بعد 2 دن دوا بند رکھیں۔ بیرونی طور پر روغن سرخ، روغن تارپین، روغنِ قرنفل، روغن موم وغیرہ کی مالش کرائیں۔ یا جند بید ستر، عقرقرحا، ہینگ ہر ایک تین گرام روغن زیتون ملا کر عضوِ ماؤف پر ملیں یا روغنِ فالج استعمال کریں۔

ھوالشافی — یورک ایسڈ — ھوالکافی

1	اسگندھ	80 گرام		7	سورنجاں تلخ	40 گرام
2	سورنجاں شیریں	80 گرام		8	ثناء مکی	40 گرام
3	زنجبیل	80 گرام		9	فلفل سیاہ	20 گرام
4	قسط شیریں	80 گرام		10	نوشادر	20 گرام
5	پپلا مول	40 گرام		11	ریوند خطائی	20 گرام
6	ہلدی	40 گرام		12	ریوند عصارہ	20 گرام

ترکیب: تمام اشیاء کا سفوف بنالیں۔

استعمال: 3 گرام ہمراہ قہوہ پودینہ۔ سونف۔ زیرہ سفید۔ الائچی خورد صبح وشام استعمال کریں۔

فوائد: چند یوم کے استعمال سے یورک ایسڈ ٹھیک ہوجائے گا اور معدہ وجگر کی بھی اصلاح ہوجائے گی

ھوالشافی	حبِ فال(1)	ھوالکافی

1	کچلہ شدھ	50 گرام	3	فلفل سیاہ	50 گرام
2	چھلکا بیخ تمہ	50 گرام	4	ہرے بادیان کا پانی	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری/ استعمال: تمام اجزاء کو باریک کوٹ چھان کرنخود برابر گولیاں بنالیں۔ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ ماء العسل دیں۔لقوہ فالج کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ فالج (2)	ھوالکافی

1	برادہ کچلہ شدھ	20 گرام	3	قرنفل	20 گرام
2	تخم سوئے	10 گرام	4	فلفل سیاہ	20 گرام

ترکیب تیاری/ استعمال: کودھ گھیکوار سے نخود خورد کے برابر گولیاں بنالیں۔رات کوایک گولی دیسی گھی سے دیں۔

روغنِ ھفت برگ: 1۔برگ مدار 2۔برگ بکائن 3۔برگ سنبھالو 4۔ برگ سہانجنا 5۔ برگ دھتورہ سیاہ 6۔برگ تھوہر۔ہرایک 10 گرام روغنِ کنجد میں جلائیں اور چھان کر محفوظ رکھیں تھوڑا سا تیل گرم کر کے عضوِ ماؤف پر ملیں۔اوپر سے پرانی روئی باندھ دیں۔

ھوالشافی	گنٹھیا کا لاجواب نسخہ	ھوالکافی

1	جائفل	8 گرام	8	زعفران	3 گرام
2	جلوتری	8 گرام	9	کچلہ	5 گرام
3	لونگ	8 گرام	10	مٹھا تیلیہ	6 گرام
4	فلفل دراز	8 گرام	11	کشتہ شنگرف	6 گرام
5	فلفل سیاہ	8 گرام	12	افیون	6 گرام
6	سونٹھ	8 گرام	13	تمہ	حسبِ ضرورت
7	عقرقرحا	8 گرام			

ترکیب: تمام کو آبِ حنظل(تمہ کو پانی میں اُبال کر جوش نکال لیں)میں کھرل کر کے 2 / 2 رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولی ہمراہ شیر گرم بوقتِ صبح۔

گنٹھیا

1	کافور	20 گرام	2	افیون	3 گرام

ترکیب و استعمال: دونون کو باریک پیس کر 76 گولیاں بنالیں۔بوقتِ ضرورت 1 گولی نیم گرم دودھ کے ساتھ لیں۔انشاء اللہ 20 یوم کے اندر اندر پورانی سے پورانی مرض دُور ہو جاے گی۔

ھوالشافی	گنٹھیا کا مجرب نسخہ	ھوالکافی

1	ہڑتال ورقیہ	10 گرام
2	رس گھیگوار	250 گرام

ترکیب: ہڑتال ورقیہ کو رس گھیگوار میں کھرل کریں۔10 / 10 گرام کی ٹکیاں بنا کر خشک کرکے کوزہ میں گل حکمت کرکے ہوا سے بچا کر 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پیس کر سنبھال رکھیں۔

استعمال مریض گنٹھیا کو 1 رتی اگر جوان ہو تو پان کے پتے میں چبوائیں۔ بزرگ کو منقہ یا شہد میں چٹائیں۔

فوائد: انشاءاللہ مریض چند یوم میں آپ کو چل کر خوش کردے گا۔

ھوالشافی	حبِ گنٹھیا خاص الخاص / (قبض کشا)	ھوالکافی

1	جمال گوٹا	5تولہ
2	تخم دھتورہ سیاہ	1تولہ
3	سرنجاں شیریں	1تولہ
4	مصبّر	1تولہ
5	لیموں	آدھ پاؤ

ترکیب: جمال گوٹہ کو مصفی و مدبر کرنے کے لیے اس کو چھیل کر اندرونی پتہ دور کریں 2 دن تک لیموں کے پانی میں مسلسل کھرل کریں باقی ادویہ کو کوٹ چھان کر ملائیں اور کھرل کریں حتیٰ کہ یکجان ہو کر گاڑھے قوام میں تبدیل کریں نخود برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: 2 گولی ہمراہ آدھ سیر دودھ صبح کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد: (1) جوڑوں کے انتہائی درد کے لیے 2 گولی دیں۔ (2) قبض کے لیے 1 گولی سوتے وقت ہمراہ دودھ یا پانی۔ یہ گولیاں جوڑوں کے درد ، جھولا (ہل جُل کا مرض) وغیرہ کے لیے از حد مفید ہیں۔ 4 / 3 دن کے استعمال سے بفضلِہ تعالیٰ برسوں کا مریض چل کر آپ کو خوش کردے گا۔

ھوالشافی	حبِ آرام	ھوالکافی

1	دانہ الائچی خورد	ہم وزن	9	کمرکس	ہم وزن
2	ثمر کٹائی خورد (کنڈیاری)	~	10	ارزاقی (کچلا) مدبر	״
3	تخم دھتورہ	~	11	گوگل	״
4	تخم ہرمل	~	12	سونٹھ	״
5	تخم سویا	~	13	فلفل دراز	״
6	تالمکھانہ	~	14	فلفل سیاہ	״
7	سمندرسوکھ	~	15	عقرقرحا	״
8	تج	~	16	مویز منقیٰ	״
--	--	--	17	آب ادرک	״

جاری ہے

ترکیب تیاری : تمام ادویات (ہم وزن) کو آبِ ادرک میں خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی تیار کرلیں۔ سنبھال لیں۔
ترکیب استعمال بلغمی مزاج کے حامل کو لوگ ودارچینی کے قہوہ کے ساتھ جبکہ صفراوی مزاج میں دودھ کے ساتھ روزانہ 2 گولی صبح ،2 گولی شام دیں۔:

فوائد: ریاحی دردوں میں وجع المفاصل اور کمر درد وغیرہ میں لاجواب نسخہ ہے۔

ھوالکافی	حبِ عرق النساء (شیاٹیکا)	ھوالشافی

1	عقرقرحا	ہم وزن
2	سورنجاں شیریں	〃
3	پوست ہڑ کابلی	〃
4	ایلوا شدھ	〃
5	آبِ ایلوویرا	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری : سب برابر لے کر سفوف بنالیں۔ بعد میں ایلوویرا کے رس میں کھرل کر کے چھوٹے نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔
مقدار خوراک : یک تا دو گولی صبح وشام ہمراہ نیم گرم پانی دیں
فوائد : عرق النساء (شیاٹیکا) میں بہت مفید ہے

نوٹ :عقرقرحا کے زیادہ استعمال سے بے ہوشی، خونی دست، آبلے وغیرہ پیدا ہوجاتے ہیں۔ اس لیے اسے احتیاط سے استعمال کرنا چاہیے اور مقررہ مقدار سے زیادہ ہرگز استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

ھوالکافی	حبِ اسگندھ	ھوالشافی

1	موصلی سفید	144 گرام	6	بدھارا (متبادل اسگندھ)	15 گرام
2	اجوائن دیسی	144 گرام	7	زنجبیل	15 گرام
3	فلفل سیاہ	144 گرام	8	ستاور	15 گرام
4	فلفل دراز	144 گرام	9	قند سیاہ	30 گرام
5	پیپلا مول	144 گرام	10	اسگندھ ناگوری	15 گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر قند سیاہ 30 گرام میں ملا کر نخود برابر گولیاں بنالیں۔
خوراک: دو گولی ہمراہ عرق بادیان 120 گرام
فوائد ہر قسم کی دردوں کے لئے مفید وموثر ہے۔

ھوالکافی	فیل پاء	ھوالشافی

جوارش کمونی یا معجون فلاسفہ دیں۔ ساتھ کسی بھی روغن کی مالش کرائیں۔ ٹھنڈے پانی سے پرہیز کرائیں۔

ھوالشافی	حبِ ایارج (دستِ شفاء) قبض کشاء	ھوالکافی

تروی (مقشر)	40 گرام
سقمونیہ	10 گرام
غاریقون	10 گرام
ست ملٹھی	10 گرام
مصر	10 گرام
عرق بادیان	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو انتہائی باریک سفوف بنا کر کپڑ چھان کرلیں اور عرق بادیان میں ماش برابر گولیاں بنالیں **خوراک** :صفراوی مزاج کے مریض کو ایک گولی روزانہ۔بلغمی مزاج کے مریض کو صبح شام ایک ایک گولی دی جاسکتی ہے

فوائد : کتنی ہی قبض کیوں نہ ہو، دردِ شقیقہ، جسم کے اجزاء کا سُن ہوجانا، صرع ،نسیان، بلغم کی زیادتی، جوڑوں کا درد ہر قسم، موٹاپا، گنٹھیا وغیرہ میں نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ بیش (مٹھا تیلیہ)	ھوالکافی

بیش (مٹھا تیلیہ)	12 گرام
سوڈا بائی کارب	90 گرام
سرنجان شیریں	90 گرام

ترکیب /استعمال وفوائد: تینوں اجزاء کا الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔ 1 تا 2 گولیاں دن میں 4 مرتبہ۔خشکی کی زیادتی کے درد کو فوری آرام دیتا ہے۔زیادہ بخار کی شدت کم ہوجاتی ہے۔الرجی کے لیے بہترین ہے۔بلڈ پریشر، خارش، ریح کا درد پتہ اور جگر کے درد کی بہترین دوا ہے۔

ھوالشافی	حبِ بختاور	ھوالکافی

سم الفار	1 گرام
قندسیاہ کہنہ	10 گرام

ترکیب: دونوں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔فلفل سیاہ برابر حبوب تیار کر کے محفوظ کرلیں۔**استعمال**: یک گولی صبح ایک شام ہمراہ مکھن یا بالائی دیں۔**فوائد**:سات یوم کے استعمال سے انشاءاللہ عزوجل برسوں کا جڑا ہوا مریض صحت یاب ہوگا۔درد کافور ہوجائیگا۔دوران استعمال دیسی گھی زیادہ استعمال کرائیں۔وجع المفاصل، وجع الورک اور عرق النساء میں بے حد مفید الاثر دوا ہے

☆حبِ کچلہ☆

کچلہ شدھ	12 گرام
فلفل سیاہ	12 گرام

ترکیب تیاری: ہردو کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں۔**مقدار خوراک**: ایک گولی بعد از غذا ہمراہ دودھ دیں اور استعمال کے دوران ہر سات دن کے بعد دو دن دوا بند رکھیں بیرونی طور پر روغن سرخ، روغن تارپین، روغن لونگ، روغن موم کی مالش کریں۔یا جند بیدستر، عقرقرحا، ہینگ ہر ایک 3 گرام روغن زیتون میں ملا کر عضوِ ماؤف پر مالش کریں۔یا روغن فالج استعمال کریں۔

ھوالشافی	حبِ درماں	ھوالکافی

1	دانہ الائچی خورد	24 گرام
2	کیفین سائٹراس	6 گرام
3	فینیسٹین	12 گرام
4	سوڈا سلی سلاس	48 گرام
5	پوٹاشیئم برومائیڈ	12 گرام
6	سورنجاں شیریں	72 گرام

ترکیب: سفوف بنا کر ایک ایک گرام کی گولیاں بنالیں۔
استعمال: ایک گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔
فوائد: درد پشت، درد کمر نقرس، وجع الورک، وجع المفاصل اور عرق لنساء میں مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ درماں (2)	ھوالکافی

1	انیسوں	5 گرام	7	زنجبیل	14 گرام
2	زیرہ سیاہ	5 گرام	8	فرفیون (گوند)	14 گرام
3	فلفل سفید	5 گرام	9	مصطگی رومی	21 گرام
4	فلفل دراز	5 گرام	10	سرنجاں شیریں	70 گرام
5	تخم قرطم (کسونبہ)	5 گرام	11	لیتھی آئی سلی سلاس	102 گرام
6	سلیچہ (ج)	1/2 -3 گرام	12	زیرہ سفید	حسبِ ضرورت

ترکیب: سب کا سفوف بنا کر زیرہ سفید کوٹ کر ڈال کر پانی میں بھگو دیں اور آگ پر چڑھائیں۔ جوش دے کر اس پانی میں کھرل کر کے بقدر 5 رتی کے گولیاں بنالیں۔ **استعمال:** یک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی
فوائد: درد پشت، درد کمر نقرس، وجع الورک، وجع المفاصل اور عرق لنساء میں مفید ہے۔

ھوالشافی	ورم کی اکسیری گولیاں	ھوالکافی

1	ریوند خطائی	12 گرام	7	چرائتہ	12 گرام
2	فلفل سیاہ	″	8	تخم مکوہ	12 گرام
3	فلفل دراز	″	9	اجوائن دیسی	25 گرام
4	زنجبیل	″	10	آب برگ سہانجنہ	حسبِ ضرورت
5	نوشادر	″	11	عرق گاؤزبان	حسبِ ضرورت
6	سہاگہ بریاں	″	12	عرق سونف	حسبِ ضرورت

ترکیب: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر باریک پیس لیں۔ آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر کے رتی برابر گولیاں بنالیں۔
استعمال: صبح کھانے کے بعد 1 تا 2 گولی عرق گاؤزبان اور شام کو عرق سونف کے ہمراہ 5/5 تولہ سے کھلائیں۔
فوائد: استقاء میں مفد ہے۔ اس سے ہر قسم کا ورم دور ہو جاتا ہے۔ چاہے پیٹ میں ہو یا پاؤں پر

ھوالشافی	حبِ لیموں (وجع المفاصل،نقرس،سوداوی امراض وزخم آتشک)	ھوالکافی

1	مردار سنگ	24 گرام	4	پوست الائچی کلاں سوختہ	12 گرام
2	کتھ سفید	12 گرام	5	فوفل کہنہ (سپاری)	12 گرام
3	کالا دانہ	12 گرام	6	لیموں کاغذی	100عدد

ترکیب: پہلے لیموں کا رس نکال کر علیحدہ رکھ لیں۔اس کے بعد دواؤں کو کوٹ پیس چھان کر سفوف تیار کریں۔اب اس چھنے ہوئے سفوف کو کھرل میں ڈال کر اس میں لیموں کا عرق شامل کر کے اچھی طرح کھرل کریں۔ یہاں تک کہ لیموں کا عرق جذب ہو جائے۔اس کے بعد نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: یک گولی صبح وشام پانی کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد: وجع المفاصل ، نقرس اور سوداوی امراض میں مفید ہے اور آتشک کے قرحہ کو مندمل کرتا ہے۔

ھوالشافی	حبِ مفاصل	ھوالکافی

1	موصلی سفید	25 گرام	6	زنجبیل	12 گرام
2	فلفل دراز	25 گرام	7	فلفل سیاہ	12 گرام
3	اجوائن دیسی	12 گرام	8	گوگل مصفی	120 گرام
4	پپلا مول	12 گرام	9	سورنجاں شیریں	60 گرام
5	میدہ سک	12 گرام			

تیاری : سب کو کوٹ چھان کر یک جان کر لیں۔حبوب نخودی بنالیں۔

ترکیب استعمال :ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ آب تازہ

فوائد: وجع المفاصل کی لاجواب دوا ہے۔

ھوالشافی	حبِ اوجاع	ھوالکافی

1	ستاور	10 گرام	5	سورنجاں شیریں	10 گرام
2	زنجبیل	10 گرام	6	پوست ہرڑ کابلی	10 گرام
3	اسگندھ ناگوری	10 گرام	7	گھیگوار کا رس	30 گرام
4	مصبر	10 گرام			

☆جاری ہے☆

ترکیب تیاری: تمام ادویات کونہایت باریک کرکے آبِ گھیگوار میں کھرل کرکے نخودی حبوب تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: ایک سے دوگولی دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔

فوائد: ہرقسم کے درد خواہ وجع المفاصل ہویاعرق النساء ہو۔لاثانی دوا ہے۔کوڑیوں کی دوا موتیوں کے فوائد کی حامل ہے۔ بنائیں اور مطب کوزینت بخشیں۔

ھوالشافی	حبِ سورنجاں	ھوالکافی

1	مصبر	ہم وزن		3	سورنجاں شیریں	ً
2	پوست ہلیلہ زرد	ً		4	مکوہ سبز پودا	

تیاری: تینوں اجزاء کوباریک پیس لیں پھرمکوہ سبز کے پودے کاپانی لیکراس میں سفوف کوکھرل کرکے نخود برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: پانچ گولیاں رات کوہمراہ پانی

فوائد: ہرقسم کی دردوں،وجع المفاصل،عرق النساء کے لئے مفید ہے۔قبض کشاہے۔

ھوالشافی	حبِ وجع المفاصل	ھوالکافی

1	سفوف گل مدار	10 گرام
2	فلفل اسود	10 گرام
3	سورنجاں شیریں	20 گرام
4	کچلہ مدبر	20 گرام
5	سوڈا سلی سلاس	20 گرام
6	مصبر زرد	10 گرام

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوباریک پیس لیں۔لعاب صمغ عربی سے نخودی بنالیں۔

استعمال وفوائد: 1تا2 گولیاں صبح وشام ہمراہ آب نیم گرم ہرقسم کی ریحی دردوں کے لیے مفید ہیں۔وجع المفاصل،عرق النساء،نقرس، وجع الورک میں مجرب وازبس نافع ہیں۔

ھوالشافی	حبوبِ گنٹھیا(فوری اثر)	ھوالکافی

1	جائفل	5تولہ		7	عقرقرحا	5تولہ
2	جلوتری	5تولہ		8	زعفران	2تولہ
3	لونگ	5تولہ		9	کچلہ(مدبر)	3تولہ
4	فلفل دراز	5تولہ		10	میٹھا تیلیہ	4تولہ
5	فلفل سیاہ	5تولہ		11	شنگرف	4تولہ
6	سونٹھ	5تولہ		12	افیون	4تولہ

ترکیب: سب کوآب اندرائن (تمہ) میں چوبیس گھنٹے بھگوکر پکائیں۔ 100 گرام پانی میں کھرل کرکے دودو رتی کی گولیاں بنالیں

استعمال: 1 تا 2 گولی ہمراہ شیرگرم

هوالشافی	استسقاء ☆ہیپاٹائٹس اے، بی، سی☆	هوالکافی

1	پتری فولاد	25 گرام
2	ریوند خطائی	120 گرام
3	قلمی شورہ	240 گرام
4	افسنتین	120 گرام
5	نوشادر	120 گرام
6	عرق مکو/کاسنی	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک پیس کر رکھ لیں

استعمال: 1 گرام ہمراہ عرق مکوہ کاسنی

فوائد: ہر قسم کے ورم اور سوزش کے لیے بہترین علاج ہے۔

هوالشافی	ھاتھ پائوں یا جسم کی سوزش / ورم	هوالکافی

1	ریوند خطائی	3 گرام
2	فلفل سیاہ	3 گرام
3	فلفل دراز	3 گرام
4	زنجبیل	3 گرام
5	نوشادر	3 گرام
6	سہاگہ	3 گرام
7	چرائتہ	3 گرام
8	تخم مکوہ	3 گرام
9	اجوائن دیسی	6 گرام

ترکیب تیاری: سب کو باریک پیس کر چھان لیں۔ آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعال: بوقتِ صبح ایک تا دو گولی ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق سونف دیں یا زیادہ بہتر ہے کہ دونوں عرق کل 50 گرام ملا کر دیں۔

فوائد: جیسا بھی ورم یا سوزش ہو چند ہی روز میں نابود ہو جائے گا۔

هوالشافی	جوڑوں کا درد - قبض	هوالکافی

1	سرنجاں شیریں	30 گرام
2	تروی (مقشر)	30 گرام
3	ثنا مکی	20 گرام
4	سقمونیہ	7 گرام
5	چینی	87 گرام

هوالشافی | هوالکافی

جوڑوں کا درد 1

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	کچلہ مدبّر	20 گرام	6	جائفل	5 گرام
2	شنگرف رومی	10 گرام	7	لونگ	5 گرام
3	دارچینی	5 گرام	8	عقرقرحا	5 گرام
4	فلفل دراز	5 گرام	9	زنجبیل	5 گرام
5	فلفل سیاہ	5 گرام	10	آب ادرک	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری : تمام اجزاء کوباریک پیس کرمٹر کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک :ایک گولی صبح شام دارچینی کے جوشاندہ کے ہمراہ دیں۔

فوائد : جوڑوں کا درد، گنٹھیا، درد ہر قسم ہلقوہ، فالج کے لیے بہترین دوا ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

جوڑوں کا درد 2

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	شنگرف	10 گرام	3	افیون	3 گرام
2	جائفل	10 گرام	4	موویز منقیٰ	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری :پہلے تینوں اجزاء کوباریک پیس کرسفوف بنالیں۔پھر منقیٰ کے بیج علیحدہ کرنے کے بعد کوٹ لیں۔سفوف کو منقیٰ میں رگڑ کرملادیں۔ایک ایک گرام کی گولیاں بنالیں۔

خوراک : ایک گولی دارچینی کے جوشاندہ کے ساتھ دیں۔

فوائد: جوڑوں کادرد اور گنٹھیاہر قسم کے لیے بہترین دوا ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

جوڑوں کا درد 3

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	سورنجاں شیریں	ہم وزن	5	اسگندھ ناگوری	ہم وزن
2	برگ ثناءمکی	ہم وزن	6	سونٹھ	ہم وزن
3	زیرہ سیاہ	ہم وزن	7	چینی	کل کے برابر
4	فلفل دراز	ہم وزن	8	دودھ یا عرق سونف	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری: تمام ادویات ہم وزن لے کرسفوف بنالیں اور کل کے برابر چینی ملالیں۔

خوراک :6 سے 9 گرام ہر روز 4 بجے ایک پیالی نیم گرم دودھ یا عرق سونف 100 گرام سے دیں۔

فوائد: مجرب ہے۔

ھوالشافی	جلاب گھوڑا (زیادتی سودا)	ھوالکافی

1	سونف	10 گرام
2	بنفشہ	؍؍
3	مغز بادام	؍؍
4	مغز کدو	؍؍
5	سناء	؍؍
6	تخم کاسنی	؍؍
7	گلقند	50 گرام

ھوالشافی	کامیاب دوا	ھوالکافی

1	سم الفار سفید	25 گرام
2	آب کریلہ	120 گرام
3	آب لہسن	120 گرام

فوائد: نامردی والی نامراد مرض سے چھٹکارا پانے ،قوتِ باہ کو بڑھانے ،عصبی وبلغمی اوجاع مفاصل ونقرس وعرق النساء ،تپ کہنہ وغیرہ پر تجربہ شدہ ہے۔

ھوالشافی	معجون گھیکوار برائے گنٹھیا (یورک ایسڈ)	ھوالکافی

1	گودا گھیکوار	3 کلو
2	آٹا گندم	3 کلو
3	روغن زرد	3 کلو
4	چینی	2 کلو

استعمال: اس میں سے صبح وشام جس قدر کھلایا جا سکے کھلائیں۔ خواہ پاؤ بھر تک کھایا جا سکے تو ہرج نہیں ہوتا۔ مگر بمشکل آدھ پاؤ تک کھایا جاتا ہے۔ انشاءاللہ چند روز میں آرام ہو جائے گا گویا کہ درد کبھی ہوا ہی نہیں۔ جہاں بھی آزمائیں گے انشاءاللہ حرف بہ حرف صحیح پائیں گے۔

هوالشافی | **معجون شارف** ☆استسقاء/ورم☆ | هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار
1	چوب زرد	25 گرام
2	خربک ہندی/تخم ستیاناسی/حسوبیر/کنگی (کوئی ایک)	″
3	آنبہ ہلدی	″
4	برنگ کابلی	″
5	ہرڑ	″
6	بہیڑہ	25 گرام
7	آملہ	″
8	تربد (لکڑی نکال کے)	50 گرام
9	بدھارا	50 گرام
10	شہد	275 گرام

ترکیب: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر 3 گنا شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔

استعمال:4 ماشہ ہمراہ آبِ نیم گرم

فوائد: استسقاء میں مفید ہے۔ورم تحلیل ہونے کے بعد دوبارہ نہیں ہوگا۔ان شاءاللہ!!!

هوالشافی | **معجون سرنجان** | هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار
1	اسارون	7 گرام
2	سونٹھ	7 گرام
3	زیرہ سفید	7 گرام
4	پپلی	7 گرام
5	ثنا کے پتے صاف شدہ	18 گرام
6	سرنجاں شیریں	36 گرام
7	شہد خالص	250 گرام

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد ملا کر قوام تیار کر کے معجون بنالیں۔

استعمال: 5 تا 6 گرام ہمراہ عرق سونف 20 گرام روزانہ استعمال کریں۔

فوائد: بلغمی امراض، گنٹھیا، نقرس اور عرق النساء کے دوروں کے لیے مفید ہے۔

هوالشافی | **پین کلر** | هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار
1	سورنجاں شیریں	50 گرام
2	زنجبیل	25 گرام
3	نبات سفید (چینی)	50 گرام

ترکیب واستعمال: سفوف بنا کر 6 گرام ہمراہ آب تازہ صبح نہار دیں۔

فوائد: درد پشت، درد کمر، نقرس، وجع الورک، وجع المفاصل اور عرق النساء کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	سفوف وجع المفاصل	ھوالکافی

1	سورنجاں شیریں	ہم وزن	6	گل سرخ پاکیزہ	؍
2	تربد سفید (مجوف خراشیدہ)	؍	7	برگ سنا رصاف شدہ	؍
3	اسگندھ ناگوری	؍	8	مغز بادام	؍
4	اسپند سوختنی	؍	9	مغز کدو	؍
5	پوست ہلیلہ زرد	؍	10	مغز خیارین	؍

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر یک جان کر کے سفوف بنالیں۔

استعمال 9: تا 12 گرام ہمراہ شیر گاؤ خام صبح و شام استعمال کرائیں

فوائد: وجع المفاصل کی لاجواب دوا ہے۔ مادہ بذریعہ اسہال خارج ہو کر در انشا اللہ تیسرے چوتھے روز دفع ہو جائے گا۔

ھوالشافی	سورنجانی	ھوالکافی

1	تخم اسپند	54 گرام
2	سورنجاں تلخ	6 گرام

ترکیب: باریک کرلیں۔ دوا تیار ہے۔

استعمال: یک گرام صبح ایک گرام شام ہمراہ بدرقہ مناسب

فوائد: عرق النساء ،اعصابی درد ،وجع المفاصل ،نقرس وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔ مگر قبض ہو تو اس کے ہمراہ قبض کشاء دوا بھی دیں۔ (مثلاً حب منقیٰ)

ھوالشافی	جوشاندہ سوزش/ ورم	ھوالکافی

1	اِٹ سِٹ	3ماشہ	5	سونٹھ	3ماشہ
2	پوست نیم	3ماشہ	6	گلو سبز	3ماشہ
3	پٹول پتر	3ماشہ	7	برادہ بیار	3ماشہ
4	کٹکی	3ماشہ	8	چھلکا ہرڑ	3ماشہ

ترکیب و استعمال : سب کو علیحدہ علیحدہ جوکوب کر کے نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی ایک پاؤ رہ جائے تو ٹھنڈا کر کے چھان لیں۔ 6 ماشہ شہد ملا کر پلائیں۔ روزانہ ایک مرتبہ۔ پندرہ بیس روز تک استعمال کرائیں۔

فوائد : ہر قسم کے ورم و سوزش کے لیے لاجواب ہے

ھوالشافی	حب نقرس	ھوالکافی

1	طباشیر	3 گرام		4	سم الفار	1 گرام
2	کتھ سفید	3 گرام		5	لیموں	حسبِ ضرورت
3	الائچی خورد	3 گرام				

ترکیب / استعمال و فوائد: نقرس کے لیے طباء شیر، کتھ سفید، الائچی خورد 3 / 3 گرام۔سم الفار ایک گرام سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر اکٹھا کرلیں۔ پھر آب لیموں میں رگڑائی کرلیں۔ موٹھ برابر گولی بنالیں۔ ایک ایک گولی صبح شام ہمراہ دودھ کھانے کے بعد، ایک ہفتہ دے کر بند کرا دیں 3/ 2 دن کا ناغہ کروا کر دوبارہ شروع کرائیں۔ دنوں میں مریض ٹھیک ہو جائے گا۔ اور خشک چیزوں سے پرہیز کریں۔ دودھ اور مکھن کا استعمال کریں۔

ھوالشافی	سفوف محمود	ھوالکافی

1	بوپھلی	12 گرام		9	تالمکھانہ	12 گرام
2	تخم اوٹنگن	12 گرام		10	تخم سروالی	12 گرام
3	تخم کونچ	12 گرام		11	تج	12 گرام
4	کمرکس	12 گرام		12	موصلی سفید	12 گرام
5	ثعلب مصری	12 گرام		13	آردحب القطن	12 گرام
6	موچرس	12 گرام		14	زنجبیل	12 گرام
7	صمغ عربی	12 گرام		15	روغن زرد	120 گرام
8	بیج بند	12 گرام		16	کوزہ مصری	120 گرام
				17	کشتہ قلعی	12 گرام

ترکیب: تمام ادویات سوائے کشتہ قلعی اور کوزہ مصری کے روغنِ زرد میں بریاں کریں پھر کوزہ مصری اور کشتہ قلعی ملا دیں۔محفوظ کرلیں۔

خوراک: 6/6 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیں

فوائد: احتلام، سرعت انزال، کمر درد اور ضعف اعضائے رئیسہ کے لیے معمول مطب ہے۔نیز مقوی باہ بھی ہے۔

ھوالشافی	مفاصلین کیپسول	ھوالکافی

1	ازراقی مدبر	30 گرام		6	پپلامول	40 گرام
2	مٹھا تیلیہ	10 گرام		7	ایلوا (مصبر)	50 گرام
3	سنڈھ	40 گرام		8	تخم حرمل	50 گرام
4	سورنجاں شیریں	40 گرام		9	گل مدار	25 گرام
5	سورنجاں تلخ	40 گرام		10	سہاگہ سفید بریاں	25 گرام

ترکیب: تمام اجزاء صاف ستھرے لے کر سفوف بنالیں۔نخودی گولیاں بنالیں یا 500 ملی گرام کے کیپسول بھرلیں۔

خوراک: ایک گولی یا کیپسول صبح وشام ہمراہ دودھ دیں۔

فوائد: نقرس، جوڑوں کے درد، عرق النساء، گنٹھیا کے لیے بہترین مفید دوا ہے۔

ھوالشافی	اسگندھ برائے سر درد	ھوالکافی

1	اسگندھ	100 گرام
2	تخم تلسی	50 گرام

ترکیب: دونوں کو باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: گرام سفوف گرم دودھ گاؤ 1 پاؤ کے ہمراہ مریض کو پلائیں۔ یہ ایک خوارک ہے۔ روزانہ اسی قدر مریض کو استعمال کرائیں۔ بفضلہٖ حیرت انگیز فوائد ظہور میں آئیں گے۔ فائدہ ذرا دیر میں ہوگا مگر مستقل ہوگا۔

فوائد: جماع سے سخت پرہیز کریں۔ نیز ترش اور ثقیل غذا سے پرہیز لازم ہے۔

ھوالشافی	درد اعصابہ و شقیقہ	ھوالکافی

1	تخم دھتورہ سیاہ	10 گرام
2	ریوند خطائی	40 گرام
3	سونٹھ	20 گرام
4	گوند کیکر	حسبِ ضرورت

ترکیب: پہلی تینوں کو باریک پیس کر ہمراہ گوند کیکر حبوب بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔

استعمال و فوائد: ایک گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ آب اور ایک گولی طلوع آفتاب سے پہلے۔ اعصابی دردوں اور درد شقیقہ کے علاوہ دائمی نزلہ و زکام کے لیے بھی مجرب ہے۔

ھوالشافی	دردِ شقیقہ	ھوالکافی

1	پوست کوکنار ان پچھ (ڈوڈہ پوست)	2تولہ
2	نیا عمدہ آردھو	2تولہ
3	چوکر	4تولہ
4	پرانا گڑ	4تولہ
5	چھال کیکر	4تولہ

ترکیب: سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں ابال کر نتھار کر سوتے وقت پی کر سو رہیں۔ اس طرح 4 روز تک پئیں۔ یقیناً شفا ہوگی۔ کبھی خطا نہیں ہوتا۔

ھوالشافی	سر درد / دانت کے درد/بند ناک کے لیے فوری اثر دوا	ھوالکافی

چونا (قلعی)، نوشادر برابر وزن علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملالیں اور بوتل میں بند کر دیں۔ بوقتِ ضرورت کھول کر سنگھائیں۔ بوتل کو مضبوط بند کر دیں۔ ورنہ اثر زائل ہو جائے گا۔

ھوالشافی — مہروں اور کمر کا درد — ھوالکافی

1	زنجبیل	20 گرام	5	فلفل سیاہ	20 گرام
2	بکھڑا	20 گرام	6	لونگ	20 گرام
3	فلفل دراز	20 گرام	7	ناریل خشک بڑے	2عدد
4	گوگل گوند مقل	50 گرام	8	پرانا گڑ	50 گرام

ترکیب: ان سب کا سفوف بنا کر 2 عدد ناریل خشک بڑے سائز کے لے کر اس کے لب برابر کریں۔ اس میں سب سفوف بھر دیں۔ دونوں حصوں کے ناریل کے لب باہم ملا کر بند کر کے اس کے اوپر آٹا لپیٹ کر بند کر کے کوئلہ جلا کر اس پر پکاتے جائیں اور گھماتے جائیں۔ جب سب آٹا اوپر سے جل کر سیاہ ہو جائے تو آٹا اُتار کر دوسرا آٹا لپیٹ کر پھر اسی طرح پکائیں۔ اس طرح کے تین عمل کریں۔ عمل مکمل ہونے پر آٹا اُتار کر اس کو ہاون دستے سے کوٹ کر رکھیں۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال: نصف چائے کا چمچ رات کو کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

فوائد: مہروں کے گیپ، کمزوری، کمر درد، ہڈیوں کا درد، بواسیر، معدے کو فائدہ دیتا ہے۔ گیس، بدہضمی، ریاح کے دردوں میں مفید ہے۔

ھوالشافی — دوائے استسقاء — ھوالکافی

1	فلفل دراز	60 گرام	3	شیر مدار	حسبِ ضرورت
2	شیر زقوم (کنڈا تھور)	حسبِ ضرورت			

ترکیب: فلفل دراز کو 7 روز تک شیر زقوم (کنڈا تھور) میں تر رکھیں۔ (نوٹ: دودھ نکالتے وقت ہاتھوں پر دستانے پہنیں، جسم کے نازک حصوں پر ہرگز نہ لگے) بعد ازاں شیر مدار میں 7 روز تک تر رکھیں جب خشک ہو جائے تو پیس کر رکھ لیں۔

استعمال و فوائد: 1 تا 3 گرام ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام استسقاء کی ہمہ اقسام کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی — حب استسقاء — ھوالکافی

1	ریوند عصارہ	ہم وزن	2	ہلدی	

ترکیب: ریوند عصارہ کو توے پر ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پانی ہونے کی صورت میں ہلدی ڈالتے رہیں اور کسی چیز سے ہلاتے / ملاتے رہیں۔ یہاں تک کہ سفوف ہو جائے۔

استعمال: یک چھوٹا کیپسول صبح ہمراہ مناسب (عرق) بدرقہ دیں۔ چار پانچ پاخانے آجائیں گے۔ کھانے میں کمزوری کے لیے یخنی بنا کر دیں۔

هوالشافی — مہروں اور کمر کا درد — هوالکافی

1	زنجبیل	20 گرام	5	فلفل سیاہ	20 گرام
2	بکھڑا	20 گرام	6	لونگ	20 گرام
3	فلفل دراز	20 گرام	7	ناریل خشک بڑے	2 عدد
4	گوگل گوند مقل	50 گرام	8	پرانا گڑ	50 گرام

ترکیب: ان سب کا سفوف بنا کر 2 عدد ناریل خشک بڑے سائز کے لے کر اس کے لب برابر کریں۔اس میں سب سفوف بھر دیں۔دونوں حصوں کے ناریل کے لب باہم ملا کر بند کر کے اس کے اوپر آٹا لپیٹ کر بند کر کے کوئلہ جلا کر اس پر پکاتے جائیں اور گھماتے جائیں۔جب سب آٹا اوپر سے جل کر سیاہ ہو جائے تو آٹا اُتار کر دوسرا آٹا لپیٹ کر پھر اسی طرح پکائیں۔اس طرح کے تین عمل کریں۔عمل مکمل ہونے پر آٹا اُتار کر اس کو ہاون دستے سے کوٹ کر رکھیں۔محفوظ کر لیں۔

استعمال: نصف چائے کا چمچ رات کو کھانے کے بعد نیم گرم دودھ سے دیں۔

فوائد: مہروں کے گیپ، کمزوری، کمر درد، ہڈیوں کا درد، بواسیر، معدے کو فائدہ دیتا اور گیس، بدہضمی، ریاح کے دردوں میں مفید ہے

هوالشافی — جوڑوں کا درد، ریح و بادی، جسمانی درد — هوالکافی

1	اسگندھ ناگوری	50 گرام	5	سورنجاں شیریں	50 گرام
2	اجوائن خراسانی	50 گرام	6	مصبر سیاہ	50 گرام
3	زنجبیل	50 گرام	7	فلفل سیاہ	50 گرام
4	چوب چینی	50 گرام		اذراقی مدبر	25 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو کوٹ چھان لیں۔

استعمال: 500 ملی گرام کیپسول صبح و شام ہمراہ گرم پانی بعد از غذا دیں۔ **فوائد**: نقرس و ہمہ قسم کے درد میں مفید ہے

هوالشافی — یورک ایسڈ — هوالکافی

1	اسگندھ	100 گرام	7	ہلدی	50 گرام
2	سورنجاں شیریں	100 گرام	8	سورنجاں تلخ	50 گرام
3	سنڈھ	100 گرام	9	ریوند خطائی	25 گرام
4	قسط شیریں	100 گرام	10	ریوند عصارہ	25 گرام
5	پپلا مول	50 گرام	11	فلفل سیاہ	25 گرام
6	ثناء مکی	50 گرام	12	نوشادر	25 گرام

ترکیب: تمام اشیاء کا سفوف بنا لیں۔**ستعمال**:3 گرام صبح، دوپہر، شام کھانے کے بعد، ہمراہ قہوہ پودینہ، سونف، زیرہ سفید، سبز الائچی لیں۔

فائدہ: سخت مادوں کو پگھلا کر خارج کرتا ہے۔بدہضمی، کھٹی ڈکاریں اور جوڑوں کے درد میں بھی مفید ہے۔پٹھوں کو مضبوط اور اعضا کو چست کرتا ہے۔جوڑوں کو لچکدار بناتا ہے۔ہڈیوں اور دانتوں کی خرابیوں کو دور کرتا ہے۔بھوک لگاتا ہے۔گردوں کی پتھری اور ورم جگر میں اکسیر سے کم نہیں ہے۔چند دن کے استعمال سے یورک ایسڈ ٹھیک ہو جائے گا نیز معدہ و جگر کی بھی اصلاح ہو جائے گی۔

هوالشافی	## حب مفاصلی	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	بچھناک مدبر (میٹھا تیلیہ)	75 گرا	4	اوپیئم	25 گرام
2	شنگرف رومی	75 گرام	5	گندھک آملہ سار	50 گرام
3	فلفل سیاہ	75 گرام	6	سیماب	50 گرام

ترکیب: پہلے گندھک وسیماب کی کجلی تیار کریں۔پھر دیگر دواؤں کو ڈال کر آب ادرک میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: 1/1 گولی صبح وشام ہمراہ شیر شیریں نیم گرم دیں۔

فائدہ: وجع المفاصل،عرق النساء،وجع الورک وغیرہ میں استعمال کر کے قدرت کا تماشہ دیکھیں۔اس کے علاوہ دمہ اور کھانسی میں حکم کا درجہ رکھتی ہے۔اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

هوالشافی	## سفوف حیات	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	اوپیئم خالص	12 گرام	3	قلمی شورہ	100 گرام
2	پوست بیخ مدار	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2 تا5 رتی ہمراہ دودھ چائے یا گرم پانی صبح وشام دیں۔

فائدہ: نزلہ وزکام،کھانسی،ضیق النفس، کے لیے آب حیات ہے۔ہر قسم کے دردِ معدہ میں بے مثل ہے۔ذات الجنب اور ذات الریہ کے اوائل میں مفید ترین ہے نیز وجع المفاصل میں تریاق ہے۔

هوالشافی	## کامیاب دوا	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	سم الفار سفید	25 گرام	3	آب لہسن	120 گرام
2	آب کریلہ	120 گرام			

ترکیب: سم الفار کو پہلے آب کریلہ میں خوب کھرل کریں۔پھر آب لہسن میں کھرل کریں اور دانہ ماش برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ مکھن گائے بعد از ناشتہ مرغن صبح دیں۔مختلف امراض میں مناسب بدرقہ دیں۔

فائدہ: نامردی والی نامراد مرض سے چھٹکارہ پانے،قوتِ باہ کو بڑھانے، عصبی وبلغمی اوجاع،مفاصل ونقرس وعرق النساء تپ کہنہ،وغیرہ پر تجربہ شدہ ہے۔

طغرہ

☆سرنجاں تلخ 12 گرام ☆اسپند 110 گرام ☆سرمہ کی مانند باریک کر کے ایک گرام صبح وشام تازہ پانی سے دیں۔دردوں کا بے مثل علاج ہے۔

ھوالشافی	حبِ گنٹھیا	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	تربد سفید	ہم وزن	4	گوگل بھینسا	〃
2	جوکھار	〃	5	فلفل سیاہ	〃
3	سورنجان شیریں	〃	6	مویز منقہ	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک کر کے مویز منقہ میں نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ قہوہ لونگ، دارچینی سے دیں

فوائد: گنٹھیا کا ہفت پشت مجرب نسخہ ہے۔ برسوں کا درد دنوں میں ختم کر دیتا ہے۔ آزمائیے اور دعا دیجئے۔

ھوالشافی	حبِ یقینی	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	تخم خطل	برابر وزن	4	سورنجاں شیریں	=
2	ایلوہ	=	5	پوست ہلیلہ زرد	=
3	غاریقون	=	6	سنامکی	=

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک کر کے آب گھیکوار میں نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک: روزانہ 3 تا 6 گولی گرم پانی سے دیں۔

فوائد: یہ نسخہ درد کمر کے لیے یقینی اور دوسرے جوڑوں کے درد کے لیے عموماً مفید ہے۔

ھوالشافی	جوڑوں کی سوجن	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ثعلب دانہ	12 گرام	2	دودھ	ایک کلو

ترکیب: ثعلب دانہ کو دودھ میں پکائیں۔ جب کھویا ہو جائے تو ثعلب دانہ نکال دیں۔ بڑے مٹر کے برابر گولی بنالیں۔

خوراک: ایک گولی دن میں مرتبہ استعمال کرائیں۔

فوائد: سوزش و سوجن کے لیے نہایت مفید ہے۔ چاہے جوڑ سوج کر بڑے ہی کیوں نہ ہو گئے ہوں۔

ھوالشافی	خِدر جدید (سُن ہو جانا)	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	فلفل سیاہ	36 گرام	3	کشتہ فولاد	10 تا 20 گرام
2	ریوند خطائی	50 گرام			

ترکیب: سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔ نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح و شام

فوائد: جسم کے کسی حصے کا سُن یا بے حس ہو جانا۔

ھوالکافی	کشتہ ازراقی	ھوالشافی

1	ازراقی	1 کلو		3	آب ادرک	3 کلو
2	آب گھیگوار	4 کلو				

ترکیب: پہلے پہل ازراقی غیر مدبر لے کر مشین سے پوڈر بنالیں۔ پھر پلاسٹک کے ٹب میں اس پوڈر کو ڈال کر آب گھیگوار ڈال کر روزانہ ہلاتے رہیں۔ خشک ہونے پر آب ادرک ڈال کر خشک کریں۔ بعدہ پاوڈر بنا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 1 تا ڈیڑھ رتی پاوڈر کیپسول میں بند کر کے صبح وشام ہمراہ شیر گاو شہد ملا کر کھائیں۔

فائدہ: لقوہ، رعشہ، فالج، تشنج، وجع المفاصل، ضعف باہ، ضعفِ اعصاب، دمہ، عرق النساء وغیرہ میں خصوصیت سے جید الاثر ہے۔

نوٹ: ازراقی میں سے پتہ بالکل نہ نکالیں۔ حقیقتاً اسی میں شفاء ہے۔

ھوالکافی	حبِ درد	ھوالشافی

1	پوست ہلیلہ زرد	12 گرام		8	ازراقی مدبر	12 گرام
2	سورنجاں شیریں	12 گرام		9	سنا مکی مصفی	25 گرام
3	سورنجاں تلخ	12 گرام		10	مویز منقہ	110 گرام
4	فلفل سیاہ	12 گرام		11	کشتہ بارہ سنگھا	12 گرام
5	فلفل دراز	12 گرام		12	کشتہ گاؤ دنتی	12 گرام
6	زنجبیل	12 گرام		13	گوگل بھیسا	12 گرام
7	اسگندھ ناگوری	12 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کا پوڈر بنالیں۔ کشتہ جات شامل کر کے مویز منقہ میں حبوب نخود ی بنا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولی 3 مرتبہ روزانہ ہمراہ آب گرم یا شیر گاو شہد ملا دیں۔

فائدہ: وجع المفاصل، عرق النسا، نقرس، وجع الورک میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

ھوالکافی	دوائے خاص	ھوالشافی

1	سم الفار	6 گرام		3	عرق لیموں	50 گرام
2	ثمر پختہ کٹائی	2 عدد				

ترکیب: دونوں دواؤں کو عرق لیمں میں خوب کھرل کریں۔ اور دانہ باجرہ برابر حبوب بنالیں۔

استعمال: ایک گولی روزانہ دیسی گھی وشدھ 50 گرام دودھ میں ملا کر دیں

فائدہ: تقویتِ باہ اور امساک کے لیے لاجواب جبکہ وجع المفاصل کے لیے بے نظیر ہے۔ 7 دن تک کا استعمال نمایاں فائدہ دیتا ہے۔

ھوالشافی	تریاق وجع المفاصل	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	پوست بیخ آکسن	75 گرام	5	سوڈا اسلی سلاس	25 گرام
2	کشتہ شاخ گوزن در شیر مدار	12 گرام	6	سوڈیم بائی کارب	36 گرام
3	زنجبیل	12 گرام	7	ریوند خطائی	12 گرام
4	فلفل گرد	12 گرام			

ترکیب : تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ کر لیں۔

خوراک: 1 گرام ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار دیں۔

فوائد: ہر قسم کی درد یں ختم کرنے میں اسم با مسمیٰ ہے۔

نوٹ: اگر مرض آتشک میں گنٹھیا ہو جائے تو نہایت فائدہ مند ہے۔

ھوالشافی	تریاق الاوجاع	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	گندھک آملہ سار	12 گرام	5	فلفل دراز	100 گرام
2	سیماب	12 گرام	6	زنجبیل	100 گرام
3	میٹھا تیلیہ	12 گرام	7	آب ادرک	1 کلو
4	فلفل سیاہ	100 گرام			

ترکیب : سیماب اور گندھک کی کجلی بنا کر دیگر ادویہ نہایت باریک کردہ مکس کر کے آب ادرک میں خوب کھرل کر کے نخودی حبوب بنا لیں۔

خوراک: 1 گولی دن میں 2/3 بار ہمراہ آب گرم یا مناسب بدرقہ دیں۔

فوائد: ہر قسم کا درد خواہ نزلہ و زکام سے ہو یا کسی اور وجہ سے، وجع المفاصل، وجع الورک، عرق النسا، درد گردہ، ذات الجنب، ذات الریہ، درد قولنج، وغیرہ میں جید الاثر مجرب المجرب لا ثانی دوا ہے۔

ھوالشافی	شنگرف پلز	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	شنگرف رومی	12 گرام	6	الائچی کلاں	6 گرام
2	جائفل	12 گرام	7	دار چینی	6 گرام
3	بیر بہوٹی	12 گرام	8	جلوتری	6 گرام
4	فلفل اسود	25 گرام	9	زعفران	1 گرام
5	لونگ	6 گرام			

ترکیب: فلفل سیاہ اور شنگرف رومی کو خوب کھرل کر کے پھر دیگر ادویہ شامل کر کے مثل غبار کر لیں۔ محفوظ کر لیں۔

خوراک: 4 چاول تک مکھن یا منقہ میں لپیٹ کر کھلائیں۔ وجع المفاصل کے لیے چرب لقمہ سے کھلائیں۔

فوائد: بے حد مقوی باہ اور ممسک ہے۔ وجع المفاصل اور لقوہ، فالج میں جید الاثر ہے۔

هوالشافی	کشتہ ء شنگرف	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	شنگرف رومی	100 گرام	6	ادرک	250 گرام
2	مغز ارنڈ	500 گرام	7	پیاز	250 گرام
3	بھلانوہ	500 گرام	8	لہسن	250 گرام
4	شہد خالص	250 گرام	9	تل سیاہ	500 گرام
5	روغنِ زرد	250 گرام	10	روغنِ سرشف	250 گرام

ترکیب: مغز ارنڈ، بھلانوہ، تل سیاہ، ادرک اور پیاز کو کوٹ کر مکس کر کے نغدہ بنا کر اس کے درمیان شنگرف کی 50، 50 گرام کی 2 ڈلیاں رکھ دیں اور کڑاہی آگ پر چڑھا دیں۔ اوپر روغن زرد اور روغنِ سرشف ڈال دیں۔ ہلکی آنچ پر 28 گھنٹے دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے شنگرف نکال لیں اور روح کیوڑہ میں کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال: 1 تا 3 چاول روزانہ ایک مرتبہ خوراک ہمراہ مکھن یا منقہ میں رکھ کر دیں۔

فائدہ: تقویتِ باہ، آتشک، گنٹھیا میں جید الاثر ہے۔ ایک خوراک سے بارہ کلو دودھ ہضم ہو جاتا ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

هوالشافی	دوائے مفاصلی	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	سہاگہ سیاہ	ہم وزن	6	ازراقی مدبر	؍
2	سرنجان شیریں	؍	7	فلفل سیاہ	؍
3	پوست ہلیلہ زرد	؍	8	زنجبیل	؍
4	مصطگی رومی	؍	9	مویز منقیٰ	؍
5	سنا مکی	؍	10	آب ادرک	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے آبِ ادرک میں خوب کھرل کر کے نخودی گولیاں بنا لیں۔

استعمال: ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

فائدہ: وجع المفاصل، عرق النساء، اعصابی دردیں، وجع الرکبہ وغیرہ میں بھروسہ کا نسخہ ہے۔

هوالشافی	کشتہ ءِ سنکھیا	هوالکافی

#	نام	وزن	#	نام	وزن
1	سم الفار	12 گرام	2	شیر مدار	1 کلو

ترکیب: سم الفار کو توے پر رکھ کر ایک ایک قطرہ شیر مدار ڈالتے جائیں۔ نیچے ہلکی آنچ ہونی چاہیے۔ حتیٰ کہ ایک کلو شیر مدار ختم ہو جائے۔ کشتہ تیار ہے۔

استعمال: روزانہ ایک وقت خشخاش کے ایک دانے کے برابر مکھن میں لپیٹ کر کھلا دیں۔

فائدہ: وجع المفاصل، گنٹھیا، عرق النساء میں تجربہ شدہ ہے۔ اس کے علاوہ دمہ، کھانسی بلغمی اور ضعفِ باہ کو ختم کرنے میں اکسیر ہے۔

هوالشافی	## حب سُرنجاں	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	سورنجاں شیریں	برابر وزن	6	تربد سفید	〃
2	مصبر	〃	7	مصطگی رومی	〃
3	زنجبیل	〃	8	ستاور	〃
4	فلفل سیاہ	〃	9	مغز بادام	〃
5	سنائے مکی	〃	10	آب ادرک	حسبِ ضرورت

ترکیب :تمام ادویات کو باریک کر کے آب ادرک میں کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر لیں۔

خوراک:2/2 گولی روزانہ صبح و شام ہمراہ دودھ، نیم گرم دیں۔

فوائد: وجع المفاصل کے دردوں میں تجربہ شدہ نسخہ ہے۔

پرہیز : ترش و بادی اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

هوالشافی	## سفوف اکبر	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	ایسپرین	برابر وزن	4	کشرہ بارہ سنگھا	〃
2	سوڈا سلی سلاس	〃	5	ازراقی مدبر	〃
3	سوڈیم بائی کارب	〃			

ترکیب :تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

خوراک:3 تا 5 رتی دن میں تین مرتبہ کھلائیں۔

فوائد: وجع المفاصل، عرق النساء، نقرس اور دیگر عصبی دردوں، امراضِ باردہ میں مفید الاثر ہے۔نمونیا میں تجربہ شدہ ہے۔

نوٹ : کمزور مریضوں کو ہرگز نہ دیں۔

هوالشافی	## دوائے لاثانی	هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	برادہ بارہ سنگھا	36 گرام	7	میٹھا تیلیہ	6 گرام
2	صدف کلاں	6 گرام	8	آب بیخ آک	60 گرام
3	قلمی شورہ	6 گرام	9	شیر مدار	60 گرام
4	نوشادر	6 گرام	10	آب لہسن	60 گرام
5	شنگرف	6 گرام	11	گھیکوار کا رس	60 گرام
6	سم الفار سفید	6 گرام	12		

ترکیب :تمام ادویات کو خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کر کے 10 کلو اوپلوں کی آگ میں سرد ہونے پر نگاہ رکھیں۔

خوراک:3/3 رتی روزانہ صبح و شام عرق گاؤزبان سے دیں۔

فوائد: وجع المفاصل، نقرس، ذات الجنب کے لیے تیر بہدف ہے۔

ھوالشافی	حب ازراقی	ھوالکافی

1	ازراقی مدبر	50 گرام	3	قند سیاہ کہنہ	100 گرام
2	ارزق	50 گرام			

ترکیب: سب ادویہ کو ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ باریک کر کے جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی روزانہ مناسب بدرقہ سے دیں۔

فائدہ: وجع المفاصل اور دیگر دردوں میں اکسیر صفت مفید ہے۔

لنگڑی کا درد

طبی نام	اُردو نام	انگریزی نام
عرق النساء	لنگڑی کا درد/رینگن باؤ	شیاٹیکا Seiatica

تعارف: یہ درد عموماً سرین کے بیچ سے شروع ہو کر ٹانگ کے بیرونی رخ پاؤں کے انگوٹھے تک جاتا ہے۔کبھی گھٹنے تک ہی محدود رہتا ہے

نسا ایک رگ ہے۔اور درد بھی اسی مقام پر ہوتا ہے۔اس لیے اطباء کرام اسے عرق النساء کے نام سے موسوم کرتے ہیں۔البتہ یہ درد رگ میں نہیں ہوتا۔بلکہ پیڑو کے عقب سے شروع ہوتا ہے۔یہ ایک عصبی درد ہے اسی لیے ڈاکٹری میں شیاٹیکا نرو کہتے ہیں۔

اسباب: اگر اور درد دائیں طرف کی ٹانگ میں ہوتو یہ کثرتِ جماع ،شراب نوشی قوت باہ کو بڑھانے والی ادویات مثلاً پارہ ،شنگرف ،سم الفار وغیرہ ،چٹ پٹے مصالحہ دار کھانے ،مثلاً کباب ، بھنے گوشت ،انڈے وغیرہ میں یا سوداوی مادہ کی کثرت ،سخت قبض ،وغیرہ وغیرہ ۔اگر درد بائیں طرف ہوتو کثرتِ بول ،پاخانے کی بار بار حاجت ،سرد و مرطوب جگہ پر زیادہ بیٹھنا ،حرام مغز یا پشت کے مہروں پر چوٹ وغیرہ لگنا ،وجع المفاصل بلغمی وغیرہ اس کے اسباب ہیں۔اکثر یہ امراض گردوں کی ناقص کارکردگی کے باعث ہوتے ہیں۔

علامات: یہ درد سرین سے بیرونی جانب ٹانگ میں ہوتا ہوا انگوٹھے تک آتا ہے۔درد کبھی تھوڑا اور کبھی شدید ہو جاتا ہے کہ برداشت نہیں ہوتا اور عموماً دوروں سے ہوتا ہے۔ یہ درد کبھی دائیں ٹانگ میں تو کبھی بائیں ٹانگ میں ہوتا ہے۔دونوں کی تشخیص و علاج الگ الگ ہے۔مثلاً دائیں ٹانگ میں ہونے والا درد کثرتِ سوداء کے باعث جبکہ بائیں طرف ہونے والا درد گرمی تری کے باعث ہوتا ہے۔اسی لیے ان کی رعایت رکھتے ہوئے علاج ہی شفاء کا باعث بنتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر اعظم	ھوالکافی

1	ازراقی مدبر	50 گرام	4	فلفل سیاہ	50 گرام
2	ریوند چینی	50 گرام	5	گودہ گھیکوار	حسب ضرورت
3	فلفل دراز	50 گرام			

ترکیب: ہر ایک کو باریک کرنے کے بعد ملا کر گودہ گھیگوار میں خوب کھرل کر کے حبوب فلفل سیاہ کے برابر بنالیں۔**استعمال:** 1 تا 2 گولی ہمراہ آب گرم یا چائے۔ **فائدہ:** عرق النساء میں اسم بامسمٰی ہے۔

ھوالشافی	دوائے ہند	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	سنا مکی	12 گرام	4	سورنجاں شیریں	12 گرام
2	پوست ہلیلہ	12 گرام	5	مصطگی رومی	12 گرام
3	صبر سقوطری	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو پوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 9 گرام صبح وشام روزانہ ہمراہ عرق مکو وسونف دیں۔

فائدہ: عرق انساء میں اکسیر صفت دوا ہے۔

ھوالشافی	دوائے صفتی	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	پھٹکڑی سفید	ہم وزن	2	لوبان کوڑیہ	؍

ترکیب: دونوں کو خوب باریک کر کے 500 ملی گرام کے کیپسول فل کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 کیپسول صبح، دوپہر، شام تین مرتبہ روزانہ ہمراہ دودھ شہد کھلائیں۔

فائدہ: ہر قسم کے درد خواہ کہیں پہ ہوں مثلاً رینگن باؤ، درد کمر، درد سر وغیرہ میں جید الاثر ہے۔

ھوالشافی	دوائے شفاء	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	بیضہ مرغ	25 گرام	3	شکر سفید	25 گرام
2	روغن زرد	25 گرام	4	دودھی خشخاش	25 گرام

ترکیب: سب کو ملا کر قدرے گرم کر کے رکھیں۔

استعمال: قدرے نیم گرم مریض کو پلا دیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ایسی 2 خوراکیں مریض کو روزانہ دیں۔

فائدہ: عرق النساء، درد نقرس اور تقویت باہ میں لاجواب دوا ہے۔

ھوالشافی	تریاق درد	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	جدوار خطائی	6 گرام	4	گندھک آملہ سار	6 گرام
2	ہڑتال ورقیہ	6 گرام	5	بیش مدبر	12 گرام
3	سیماب	6 گرام	6	عرق بھکھڑہ	375 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے عرق بھکھڑا میں کھرل کریں۔ پھر دانہ مونگ برابر حبوب تیار کرلیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولی صبح وشام روزانہ ہمراہ جوشاندہ زنجبیل دیں۔

رعشہ، عرق النساء، وجع المفاصل، نقرس میں بے مثال نسخہ ہے۔

ھوالشافی	اکسیر سُندر	ھوالکافی

1	سم الفار سفید	5 گرام	5	فلفل دراز	30 گرام
2	نمک شیشہ	10 گرام	6	تخم کرفس	30 گرام
3	شیر مدار	50 گرام	7	اجوائن خراسانی	30 گرام
4	فلفل سیاہ	30 گرام			

ترکیب: پہلی تین دوا ڈال کر خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے سکورہ میں ڈال کر گل حکمت کر کے 2 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ پھر نکال کر دیگر ادویات کا پوڈر مکس کر کے آب لیموں میں 12 گھنٹے کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولی ہمراہ آب تازہ 2 مرتبہ روزانہ دیں۔

فائدہ: ہر قسم کے دردوں مثلاً عرق النساء میں اکسیر اعظم ہے۔ ریاحی امراض میں کثیر الفوائد کی حامل دوا ہے۔

نقرس

اُردو نام	طبی نام	انگریزی نام
چھوٹے جوڑوں کا درد	نقرس	گاؤٹ Gout

تعارف: اس مرض میں پیروں اور ہاتھوں کی انگلیوں کے جوڑ ماؤف اور سوج جاتے ہیں۔ اکثر یہ مرض پاؤں کی انگلیوں کے جاڑوں سے شروع ہوتا ہے۔ س عموماً اس کا دورہ 5 دنوں تک رہتا ہے۔ علامات کے لحاظ سے اس کی دو اقسام ہیں۔

☆ اکیوٹ حاد ☆ کرانک مزمن

اسباب: عموماً یورک ایسڈ کی زیادتی سے ہوتا ہے۔ ضعفِ گردہ اس کے اسباب میں سے ہیں۔ عیش وعشرت کی زندگی گزارنے والے بھی اس کا شکار ہوجاتے ہیں

علامات: اکثر دائیں پاؤں کے انگوٹھے کے جوڑ میں آدھی رات کے وقت شدید درد ہوتا ہے کہ مریض بے چین ہو جاتا ہے اور معمولی سردی سے بخار بھی ہو جاتا ہے۔ کچھ وقت کے بعد پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔ صبح جوڑ متورم اور سرخی مائل ہوتے ہیں۔ اور درد کی وجہ سے چھونے سے تکلیف ہوتی ہے۔ یہ مرض دیگر جوڑوں تک بھی پھیل جاتا ہے۔ اور جوڑ بدوضع ہو جاتے ہیں۔ اور ان پر گانٹھیں پڑ جاتی ہیں۔ کبھی چمڑا پھٹ جاتا ہے اور جلد اچھا نہیں ہوتا

نوٹ: اس مرض کو گنٹھیا اور جوڑوں کا پتھرا جانا سے تشخیص کرنا نہایت ضروری ہے۔

ھوالشافی	دافع نقرس	ھوالکافی

1	چھوہارے	7 عدد	3	ہینگ	5 گرام
2	افیون	3 گرام			

ترکیب: پہلے افیون اور ہینگ کو خوب کوٹ لیں اور پھر چھوہارے کی گٹھلیاں نکال کر اس میں بھر دیں اور اوپر آٹا لپیٹ کر بھوبھل میں

دبادیں۔ جب آٹا سرخ ہوجائے تو نکال کر ہتھوڑے سے 101 زوردار چوٹ لگائیں اور نخودی حبوب تیار کرکے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ شہد ملا دیں۔

فائدہ: نقرس کے لیے 100 فی صد لاجواب دوا ہے۔ نضج کے بعد مسہل دے کر اس کا استعمال سونے پر سہاگہ ہے۔ سرعتِ انزال اور ضعفِ باہ میں بھی اکسیری فوائد کا حامل نسخہ ہے۔س

ھوالشافی	تریاقِ نقرس	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برگ سنائے مکی	25 گرام	7	زیرہ سیاہ	250 گرام
2	تربد سفید	25 گرام	8	زنجبیل	250 گرام
3	غاریقون	250 گرام	9	خربک سفید	250 گرام
4	مغز بل	250 گرام	10	نمک لاہوری	250 گرام
5	پوست ہلیلہ زرد	250 گرام	11	سورنجاں شیریں	36 گرام
6	پوست ہلیلہ سیاہ	250 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے پوڈر بنالیجے اور محفوظ کرلیں۔

خوراک: 6تا9 گرام صبح نہار مونہہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: عرق النساء، نقرس میں خصوصیت سے فائدہ مند ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ نام وَر	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	سم الفار سفید	12 گرام	3	آب لہسن	120 گرام
2	آب کریلہ سبز	120 گرام			

ترکیب: سم الفار کو دونوں پانیوں میں خوب کھرل کرکے دانہ ماش برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: روزانہ ایک گولی ہمراہ مکھن میں لپیٹ کر اور بعد میں روغنِ زرد کثرت سے استعمال کریں۔

فوائد: نقرس، وجع المفاصل، عرق النساء کے لیے تیر بہدف ہے حتیٰ کہ قوتِ باہ میں زبردست اضافہ کرتی ہے۔

ھوالشافی	حبِ سہانجنہ	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ہیرا ہینگ	12 گرام	3	سہانجنہ کا تیل	حسبِ ضرورت
2	زنجبیل	12 گرام			

ترکیب: دونوں ادویات کو پیس کر سوہانجنہ میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کرلیں۔

استعمال: 2تا4 گولی صبح شام ہمراہ شیر گاؤ روغنِ زرد ملا دیں۔

فائدہ: ہر قسم کے دوروں میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔ مثلاً عرق النساء، گنٹھیا، وجع الرکبہ، وجع الورک وغیرہ میں مستعمل ہے۔

ھوالشافی	حبِ اوجاع	ھوالکافی

1	ازراقی مدبر	50 گرام		4	زعفران کشمیری	10 گرام
2	کشتہ فولاد	50 گرام		5	سلاجیت خالص	40 گرام
3	فلفل سیاہ	10 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو آب ادرک میں خوب کھرل کر کے نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: 1/1 گولی صبح وشام ہمراہ شیر سبز استعمال کرائیں۔

فائدہ: ہر قسم کے دوروں میں کمال درجہ مستند نسخہ ہے۔نیز ضعفِ باہ میں بھی بے نظیر ہے۔زیادہ تعریف فضول ہے بنا کر خود نظارہ کریں۔

ھوالشافی	پٹھوں کا درد / کڑّل	ھوالکافی

1	کچلہ مدبر	50 گرام		4	ہیرا ہینگ	30 گرام
2	سورنجاں شیریں	50 گرام		5	سوڈا سلی سلاس	30 گرام
3	گوگل بھینسا	50 گرام				

ترکیب: تمام اجزاء کو پیس کر ملالیں۔نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح وشام

فائدہ: جسم اور پٹھوں کے درد، کڑل اور کھچاؤ وغیرہ کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی	سوزش / ورم ہر قسم	ھوالکافی

1	ہلدی	ہم وزن		3	سونف	
2	ملٹھی					

ترکیب: سب ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کرلیں،

استعمال: 3 گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فائدہ: جسم میں سوزش چاہے کیسی بھی ہو،اندرونی یا بیرونی انتہائی مفید الاثر ہے۔

هوالشافی	(1) عرق النساء (چھوٹے جوڑوں کا درد)	هوالکافی

1	گل بابونہ	3ماشہ
2	اکلیل الملک	"
3	تخم ہرمل	"
4	گوگل	"

هوالشافی	(2) عرق النساء (ھوٹے جوڑوں کا درد)	هوالکافی

1	گل بابونہ	6ماشہ
2	بابونہ خطمی	"
3	شبت (سوئے)	"
4	تخم السی	"

هوالشافی	ضماد دافع جوڑ درد	هوالکافی

1	بابونہ	1 تولہ
2	تخم میتھی	1 تولہ
3	تخم السی	1 تولہ
4	اکلیل الملک	1 تولہ
5	روغن بابونہ	1 تولہ

هوالشافی	جوڑوں کے درد کے لیئے	هوالکافی

1	زردی انڈا	1عدد
2	شہد	ہم وزن زردی
3	پھٹکڑی سفید (بریاں)	چٹکی بھر

ھوالشافی	جوڑوں کا درد	ھوالکافی

ترکیب: تمام ادویہ کو پیس کر درد کی جگہ پر ضماد کرائیں۔ انشاءاللہ اس کے استعمال سے گنٹھیا نقرس (چھوٹے جوڑوں کا درد) وغیرہ سب ٹھیک ہو جائے گے۔ اعلیٰ درجے کا مجرب نسخہ ہے۔

1	کافور	3 ماشہ
2	برگ مہندی	6 ماشہ
3	صندل سفید	6 ماشہ
4	سرکہ انگوری	2 تولہ

ھوالشافی	ضماد (سوزش/ورم کے لیے)	ھوالکافی

1	اِٹ سِٹ	3تولہ		3	رائی	3تولہ
2	سونٹھ	3تولہ		4	بول گاؤ	1 سیر

ترکیب و استعمال: سب کو بول گاؤ میں پکائیں۔ لئی سی بن جائے گی۔ نیم گرم لیپ کریں۔

فوائد: ہر قسم کے ورم وسوزش کے لیے لاجواب ہے

ھوالشافی	ضماد برائے مہرہ	ھوالکافی

ترکیب تیاری / استعمال و فوائد:

پہلے تینوں کو باریک کر کے روغنِ گل میں جوش دیں۔ مہرے پر لیپ کریں۔ پہلے ہی لیپ سے یا زیادہ سے زیادہ دو تین لیپ کرنے سے مہرے کی تکلیف ختم ہو جائے گی۔ 3 گرام صبح وشام

1	گل بابونہ	6 گرام
2	کٹھ تلخ	6 گرام
3	فرفیون	6 گرام
4	روغن گل	25 گرام

امراضِ پُشت کے نسخے

ھوالشافی	اکسیر کاربنگل	ھوالکافی

1

1	ارہر کی تازہ پتی	برابر وزن		2	نمک لاہوری	

2

1	ارہر کی پتی خشک	برابر وزن		2	کتھہ سفید	

ترکیب: پہلے دونوں کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: پتلی سی ٹکیہ بنا کر توے پر نیم گرم کر کے دونوں وقت اوپر رکھیں، جب مواد خارج ہونے لگے تو نمبر 2 ملا کر رکھیں۔

فائدہ: کاربنگل جو قلب کے مقام کے مقابل پشت پر ہوتا ہے۔ دیکھنے میں نظر نہیں آتا اس کے لیے مجرب ہے۔ متعدد بار کا آزمودہ مجرب نسخہ ہے۔

ھوالکافی	اعصابی عضلاتی شدید	ھوالشافی

1	قلمی شورہ	40 گرام
2	تخم کاسنی	75 گرام
3	جوکھار	75 گرام

ترکیب: سب کو باریک پیس کر کپڑ چھان کریں۔

استعمال: 1 تا 2 گرام دن میں 3/4 بار ہمراہ پانی۔

فوائد: جسم کی حرارت کو یکدم خارج کردیتا ہے، سوزاک، پیشاب کی جلن، پیشاب کا بند ہوجانا، چھپاکی، جوش خون کی تمام علامات اور بلڈ پریشر میں مفید ہے۔

ھوالکافی	درد ھرنیا	ھوالشافی

1	زیرہ سفید	ہم وزن		2	مصری	ہم وزن

ترکیب: دونوں اجزاء ہم وزن لے کر باریک پیس لیں۔اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 چمچ صبح نہار مونہہ گھڑے کے پانی کے ساتھ۔

فوائد: درد ہرنیا کے لیے نہایت مجرب نسخہ ہے

ھوالکافی	دوائے آتشک	ھوالشافی

1	برادہ شیشم	100 گرام
2	ہرڑ زرد	30 گرام
3	ہرڑ سیاہ	30 گرام
4	آملہ	30 گرام
5	بہیڑہ	30 گرام
6	ثنا مکی	30 گرام
7	سونف	30 گرام
8	پھول منڈی	50 گرام
9	پھول مہندی	30 گرام
10	برگ مہندی	30 گرام
11	پھول گلاب	30 گرام
12	پھول نیم	30 گرام
13	تربد سفید (لکڑی نکال کر)	30 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باہم ملا کر شربت بدستور بنالیں۔

استعمال: 20 گرام صبح اور 20 گرام شام ہمراہ پانی 100 گرام دیں۔

فوائد: مصفی خون، آتشک، جذام، داد، چھائیں کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	اکثیرِ مقویء باہ	ھوالکافی

1	شنگرف رومی	1تولہ
2	ہڑتال ورقیہ	1تولہ
3	سیماب مصفیٰ (پارہ)	1تولہ
4	سم الفار (آرسینک)	1تولہ

ترکیب: تمام کو باریک سفوف کر کے یکجان کر لیں۔یعنی خوب پیسیں۔(کھرل میں) یہاں تک کہ پارہ غائب ہو جائے۔بعد میں مولی کے مصفیٰ پانی میں 12 / 12 پہر کھرل کریں۔(مولی کو کدوکش کر کے نچوڑ لیں۔آگ پر رکھیں تھوڑی دیر بعد پانی پھٹ جائے گا موٹے کپڑے سے پن لیں۔مولی کا مصفیٰ پانی تیار ہے) بعد میں آب لیموں میں ، سرکہ انگوری اور پھر شیر مدار (آک کا دودھ) میں باری باری کھرل کریں۔(ہر ایک میں (12 / 12) پہر کھرل کرنا ہے۔یہاں تک کہ قرص بنا لیں۔(پانچ روپے کے سکہ کے برابر) پھر اس کو خشک کر لیں۔جب خشک ہو جائے تو ایک بڑی لمبی مولی لے کر اس میں نصف تک سوراخ کریں۔نکلنے والے برادہ کو محفوظ کر لیں اور دوائی اس میں ڈال کر برادہ سے بند کر دیں۔پھر مولی کو گل حکمت کر کے گاچنی کو باریک کر کے اس میں روئی کا ٹکڑا ڈال کر کوٹتے رہیں۔لیس دار مٹی تیا ہو جائیگی۔مولی کے سوراخ کے اوپر اس کا لیپ کر دیں۔لیپ انگلی برابر موٹا ہونا چاہیے۔لوہے کی کڑاہی میں ریت سے پُر کر کے درمیان میں مولی رکھ کر اس کے نیچے 12 پہر آگ جلائیں آگ تیز ہونی چاہیے پھر آگ بند کر کے 12 پہر سرد ہونے دیں۔جب اچھی طرح ٹھنڈی ہو جائے تو نکال لیں اور ٹکی کو باریک پیس لیں

استعمال: نیم برنج (آدھا چاول) ہمراہ بالائی یا مکھن روزانہ 1 مرتبہ صبح کھنے کے بعد 8 یوم تک کھلائیں۔

فوائد :بے حد مقوی باہ ہے۔استعمال کرنے کے بعد ہی اس کی حقیقت معلوم ہو گی۔

ھوالشافی	اکسیرِ قوتِ باہ فوری اثر	ھوالکافی

1	سیماب مصفیٰ	10 گرام	5	سم الفار سفید	10 گرام
2	ورق نقرہ خالص	6 گرام	6	شنگرف مصفیٰ	10 گرام
3	ورق طلاء خالص	6 گرام	7	سفوف مروارید خالص	10 گرام
4	افیون خالص	10 گرام			

ترکیب: پہلے سیماب مصفیٰ کو عمدہ نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر ایک ایک ورق باری باری سے ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام ورق نقرہ اور طلاء ختم ہو جائیں بعد میں سفوف مروارید ملا کر پورے 6 گھنٹے کھرل کریں پھر سفوف شنگرف مصفی ملا کر ایک دن سالم کھرل کریں۔بعد ازاں سفوف سم الفار ملا کر ایک دن کھرل کریں۔آخر میں افیون ملا کر اس سارے مرکب کو 15 دن متواتر کھرل کریں۔پس بجلی کا اثر رکھنے والی اکثیر تیار ہے کسی نہایت ہی صاف وشفاف عمدہ کانچ کی شیشی میں ڈال کر سنبھال رکھیں۔محنت ضرور زیادہ کرنی پڑتی ہے مگر چیز عجیب تیار ہوتی ہے

استعمال:1 تا 2 چاول ہمراہ مکھن ملائی یا معجون فلاسفہ میں استعمال کرائیں۔

فوائد: پہلے جریان/ احتلام کا علاج کر کے اس دوا کا استعمال بے حد مقوی باہ ثابت ہو گا۔مقوی عباہ ہونے کے باوصف ممسک بیحد ہے۔شوگر کے لیے اکسیر سے کم نہیں ہے۔تجربہ شرط ہے۔اگر اجزاء خالص ہوں تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ یہ اکسیر اپنا اثر نہ دکھائے۔

اس کے ساتھ گھی دودھ زیادہ استعمال کریں۔ نیز اس دوا کو موسم سرما میں ہی استعمال کرائیں۔ موسم گرما میں اس کا استعمال نقصان دہ ثابت ہوگا۔ نوجوان اور صفراوی مزاج کے افراد کو بھی استعمال نہ کرائیں۔ غیر شادی شدہ کو بھی نہ دیں ورنہ گناہ پر آمادہ ہوگا اور اس کی ذمہ داری معالج پر ہوگی

ھوالشافی	اکسیر الاثر مولدِ باہ	ھوالکافی

1	دانہ الائچی خورد	10 گرام		4	شہد خالص	حسب ضرورت
2	مغز بادام مقشر	10 گرام		5	شیر گاؤ	500 گرام
3	لہسن مقشر	10 گرام				

ترکیب واستعمال: پہلی تینوں ادویہ کو بخوبی باریک پیس کر اچھی طرح مخلوط کرلیں۔ بعدازاں پسی ہوئی ادویہ کو شیر گاؤ کے ہمراہ چولہے پر رکھیں۔ اور نرم آنچ جلا کر جوشانہ شروع کریں۔ یہاں تک کہ دودھ کی مقدار نصف رہ جائے تو اتارلیں۔ قدرے سرد ہونے پر شہد خالص حسب ذائقہ شامل کرکے نوش کریں۔ شہد نہ ملے تو مصری بھی ملا سکتے ہیں جہاں تک ہو سکے شہد ہی ملائیں۔ ایک ہفتہ کا استعمال نا قابل برداشت قوتِ باہ پیدا کرتا ہے۔

پرہیز: گرم ترش، تیز اور ثقیل غذا سے پرہیز کریں۔

فوائد: قوتِ مردی میں ہیجان برپا کردیتی ہے۔ زوال پذیر اور پامال شدہ جوانی کو از سرِ نو بحال کردیتی ہے۔ پژمردہ زندگی میں عنفوفِ شباب پھونک دیتی ہے۔ مایوسین اور مجلوقین میں پھر سے ایک دفعہ شباب کے ولولے اور امنگوں کے طوفان اٹھنے لگتے ہیں۔

ھوالشافی	پروسٹیٹ گلینڈز (مثانہ کی غدود)	ھوالکافی

1	قلمی شورہ	50 گرام		2	ریٹھا	3 عدد

ترکیب: قلمی شورہ کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور پگھلالیں۔ جب یہ پگھل جائے تو اس میں چھلکا ریٹھا ایک ایک کرکے ڈال دیں۔ کچھ دیر کے بعد خود بخود آگ لگ جائے گی اور یہ جل کر راکھ ہوجائے گا۔ پہلے تو یہ سب سیاہی مائل ہوجائے گا۔ بعد میں خشک ہونے کے دوبارہ سفید رنگ پکڑلے گا۔ اب نیچے اُتار کر اس کی اچھی طرح کٹائی کریں اور باریک پوڈر بنالیں اور سنبھال کے رکھ لیں۔

خوراک: بوقتِ استعمال 500 ملی گرام کیپسول بھر کر استعمال کریں۔ صبح، دوپہر، شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: پروسٹیٹ گلینڈ کے لیے بہترین فقیری نسخہ ہے۔

دردِ فوطہ

اگر ایک طرف کا فوطہ بڑا اور ایک طرف کا چھوٹا ہوجائے، درد ہو تو آک کے پانچ پتے زرد رنگ کے لے کر تیل سرسوں میں جلا کر رگڑ کر مرہم بنالیں۔ فوطوں پر لگا کر اوپر بڑ کا پتا باندھ کر لنگوٹ باندھیں۔ درد کو فوراً آرام ہوگا اور فوطے ٹھیک ہوجائیں گے۔

ھوالکافی	حب بیش (مٹھا تیلیہ)	ھوالشافی

1	بیش (مٹھا تیلیہ)	12 گرام
2	سوڈا بائی کارب (مٹھا سوڈا)	90 گرام
3	سرنجان شیریں	90 گرام

ترکیب: تینوں اجزاء کا الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولیاں دن میں 4 مرتبہ۔

فوائد خشکی کی زیادتی کے درد کو فوری آرام دیتا ہے۔زیادہ بخار کی شدت کم ہو جاتی ہے۔الرجی کے لیے بہترین ہے۔بلڈ پریشر، خارش، ریح کا درد، پتہ اور جگر کے درد کی بہترین دوا ہے۔

ھوالکافی	ھرنیا	ھوالشافی

1	لہسن (چھلا ہوا)	250 گرام
2	مکھن گاؤ	250 گرام
3	شکر سرخ	250 گرام

ترکیب، فوائد، وراک

پتھر کی کونڈی میں لہسن کو ڈال کر صبح سے شام تک مسلسل پسائی کریں۔(12 گھنٹے تک پیسیں) اگلے روز مکھن ڈال کر مسلسل 12 گھنٹے رگڑائی کریں۔ تیسرے روز شکر سرخ ڈال کر 12 گھنٹے رگڑائی کریں۔ایک ہفتہ کے اندر اندر اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔خشکی کے مریض کو بھی استعمال کرا سکتے ہیں 6 تا 12 گرام صبح کے وقت پانی کے ساتھ

ھوالکافی	کثرتِ بول بہ ذیابیطس	ھوالشافی

1	معجون فلاسفہ	ہم وزن	2	مغز پستہ	ہم وزن	3	شہد خالص	ہم وزن

ترکیب : مغز پستہ کو تھوڑا سا کوٹ لیں۔تا کہ باہم آمیز ہو کر معجون کی شکل لے لے۔تینوں کو ملا لیں۔

خوراک: 6 ماشہ صبح و شام

فوائد : کمزوری مثانہ اور کثرتِ بول کے لیے مفید ہے۔ذیابیطس کے لیے دینا ہو تو 1 رتی کشتہ زمرد کے ساتھ دینا چاہیئے۔

ھوالکافی	نل بھار	ھوالشافی

1	کرفس (سوئے)	20 گرام	8	فلفل سیاہ	20 گرام
2	انیسوں	20 گرام	9	خولنجاں	20 گرام
3	زیرہ سفید	20 گرام	10	گل بابونہ	20 گرام
4	پودینہ	20 گرام	11	سورنجاں	20 گرام
5	زنجبیل	20 گرام	12		20 گرام
6	دارچینی	20 گرام	13	الائچی خورد	20 گرام
7	فلفل دراز	20 گرام		شہد	360 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر اس میں شہد ملا دیں تیار ہے۔

خوراک : 10 گرام صبح و شام **فوائد:** نل بھار کے لیے نفع مند ہے

ھوالشافی	دوا کثیر الفوائد	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	سم الفار (آرسینک)	3 رتی		7	گل ہرمل	6 ماشہ (تازہ 1 تولہ)
2	فلفل سیاہ	6 ماشہ		8	پوست کیکر	6 ماشہ (تازہ 1 تولہ)
3	میٹھا تیلیہ	6 ماشہ		9	عقرقرحا	1/2 - 4 ماشہ
4	گل دھتورہ	6 ماشہ (تازہ 1 تولہ)		10	دارچینی	1/2 - 4 ماشہ
5	مدھانی گل مدار	6 ماشہ (تازہ 1 تولہ)		11	شہد	
6	گل ارنڈ	6 ماشہ (تازہ 1 تولہ)		12		

ترکیب: سب کو علیحدہ علیحدہ اچھی طرح کھرل کریں۔ اور شہد کے ہمراہ موٹھ برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: روزانہ رات کو 1 گولی ہمراہ شرگاؤ استعمال کرائیں

فوائد: مایوس سے مایوس مریضوں کو دنوں میں اپنا اثر دکھانے والی سنیا سیانہ دوا ہے۔ جو شخص ہر طرف سے مایوس اور علاج کرواتے کرواتے تھک گیا ہو اور ہر طرف سے سوائے ارمان نصیبی کے سوا کچھ حاصل نہ ہوا ہو اس کے لیے یہ گولیاں نعمت غیر مترقبہ ہیں اور جو شخص اپنے ہاتھوں اپنی زندگی کا ستیاناس کر کے زندگی کو موت پر ترجیح دیتا ہو اس کے لیے آب حیات ہے۔ مقوی باہ ہونے کے ساتھ ساتھ مقوی اعصاب بھی ہے۔ مقوی ہاضمہ اور مقوی جگر بھی ہے۔

ھوالشافی	احتلام 001	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	بہمن سفید	ہم وزن		4	تمر ہندی بریاں	ہم وزن
2	بہمن سرخ	〃		5	لعاب مصری	〃
3	اسپغول	〃		6	مصری	〃
				7	گوند کیکر	〃

ترکیب: تمام ادویہ کو ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔ **استعمال:** 6 گرام صبح ہمراہ دودھ گائے۔

ھوالشافی	احتلام 002	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	رال سفید	ہم وزن		3	مازو	〃
2	مصطگی رومی	〃				

ترکیب: تمام ادویہ کو ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

استعمال: آدھے تا ایک گرام۔ صبح کے وقت ہمراہ دودھ گائے

ھوالشافی — احتلام 003 — ھوالکافی

1	تالمکھانہ	25 گرام	2	مصری	25 گرام

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو ہم وزن لے کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : کثرتِ احتلام والے مریضوں کو اس کے 2 تا 4 گرام سفوف میں برابر چینی ملا کر پانی سے دیں۔ دن میں تین بار کافی ہے۔**پرھیز** : دودھ سے نہ دیں۔ ترشی وگرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ **خوبی** : یہ دوا نیند بھی لاتی ہے معمولی اور مفرد ہونے کے باوجود کثرتِ احتلام کے لیے بے نظیر ہے احتلام کے علاوہ جریان کیلئے بھی زوداثر ہے

ھوالشافی — احتلام 004 — ھوالکافی

1	عنب الثعلب (مکوہ)	ہموزن
2	چینی	″

ترکیب تیاری : عنب الثعلب (مکوہ) کو سالم پودہ اکھاڑ کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر پیس کر برابر چینی ملالیں۔

مقدار خوراک : بقدر 6 گرام ہمراہ دودھ دیں۔

پرھیز : ترش وگرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ **خوبی** : احتلام کے لیے تجربہ شدہ اور مفید ترین ہے

ھوالشافی — احتلام 005 — ھوالکافی

1	موچرس (سنبل کا گوند)	6 گرام
2	سفوف مصری	4 گرام

ترکیب تیاری : موچرس (سنبل کا گوند) کا کپڑ چھان چورن تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : یہ چورن 6 گرام لے کر اس میں 4 گرام سفوف مصری ملا کر گائے کے دودھ کے ساتھ دیں۔

پرھیز : ترش وگرم چیزوں سے پرہیز کریں۔ **خوبی** : جنہیں پیٹ کا نقص ہو اور ساتھ ہی دھاتو کی کمزوری اور سپن دوش ہو، انہیں یہ دوا اچھا کام دے گی 90 دن روز کھانے سے مرض دور ہوجائے گا۔

ھوالشافی — دردِ فوطہ — ھوالکافی

گر ایک طرف کا فوطہ بڑا اور ایک طرف کا چھوٹا ہوجائے، درد ہو **تو** آک کے پانچ پتے زرد رنگ کے لے کر تیل سرسوں میں جلا کر رگڑ کر مرہم بنالیں۔ فوطوں پر لگا کر اوپر بڑ کا پتا باندھ کر لنگوٹ باندھیں۔ درد کو فوراً آرام ہوگا اور فوطے ٹھیک ہوجائیں گے۔

ھوالشافی — خصیوں کا ورم — ھوالکافی

1	زنجبیل	3 گرام	4	گیرو	3 گرام
2	مغز بنولہ	3 گرام	5	بنولہ	3 گرام
3	تل سیاہ	3 گرام			

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو ملا کر مناسب پانی میں پیس کر لیپ بنالیں۔

استعمال: یہ لیپ خصیوں پر لگائیں۔

ھوالشافی	حب عنبر مشکی	ھوالکافی

1	مومیائی	ہرایک 1 گرام	12	دروج عقربی	ہرایک 1 گرام
2	مصطگی رومی	~	13	عودہندی	~
3	مروارید	~	14	عودصلیب	~
4	طباشیر	~	15	ثعلب مصری	~
5	لونگ	~	16	جدوارخطائی	~
6	جلوتری	~	17	کستوری	~
7	جائفل	~	18	عنبر	~
8	بہمن سرخ	~	19	ورق طلاء	7عدد
9	بہمن سفید	~	20	روغن پستہ	حسب ضرورت
10	شقاقل مصری	~	21	عرق بید مشک	؍
11	سونٹھ	~			

ترکیب: اول مروارید، عنبر، کستوری، عرق بید مشک میں خوب کھرل کریں۔اورقدرے روغنِ پستہ کوگرم کرکے اس میں مومیائی کوحل کریں۔پھرباقی سب ادویہ کوالگ الگ باریک پیس چھان کرسب کویکجان کرکے باقی روغن پستہ ڈال کرکھرل کرکے مونگ سے ذرابڑی گولیاں بنالیں۔اورسونے کے ورق چسپاں کرکے احتیاط سے رکھیں۔

استعمال و فوائد: 2تا3 گی رات کونیم گرم دودھ کے ساتھ دیں۔15 روز میں خوش کردیں گی۔

ھوالشافی	حبِ ممسک	ھوالکافی

1	دارچینی	12 گرام	5	زنجبیل	12 گرام
2	فلفل دراز	12 گرام	6	کچلہ مدبر	12 گرام
3	فلفل سیاہ	12 گرام	7	اوپٔیم	12 گرام
4	عقرقرحا	12 گرام	8	منقیٰ	50 گرام

ترکیب تیاری : تمام اجزاءکونہایت باریک پیس کراوپٔیم علیحدہ پیس کرملالیں۔منقیٰ میں گھوٹ کرنخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کوکھانے کے بعدہمراہ دودھ

فوائد : مردانہ کمزوری،سرعتِ انزال اورشوگر کے لیے نہایت مفید ہے۔

هوالشافی | **حبِ ممسک** | هوالکافی

1	عقرقرحا	20 گرام
2	تخم ریحان	150 گرام
3	دیسی شکر	175 گرام

ترکیب : عقرقرحا اور تخم ریحان کو باریک پیس کر باہم ملالیں پھر اس میں شکر کو شامل کر کے فلفلی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال و فوائد: 2 گرام وزن کے برابر گولیاں مباشرت سے دوگھنٹہ قبل گائے کے دودھ سے کھلائیں۔اس کے متعلق محقق لکھتے ہیں کہ جب تک لیموں یا کوئی اور کھٹائی نہ چکھی جائے، انزال نہیں ہوتا۔

هوالشافی | **حبِ مقوی ء باہ** | هوالکافی

1	کچلہ	500 گرام
2	بیخ مدار	1 کلوگرام
3	بیخ آکسن (اسگندھ)	1 کلوگرام
4	مولی	1 کلوگرام
5	جڑ تمہ	1 کلوگرام

ترکیب : سب کو باریک کترلیں ۔ملالیں۔نصف کو ہانڈی میں ڈال کر اوپر کچلے کو ڈھیلی پوٹلی میں ڈال کر رکھ دیں پھر باقی جڑیں اوپر ڈال دیں اور پانی سے بھر دیں۔ ہانڈی اتنی بڑی ہو جس میں 10 کلو پانی آجائے اور مذکورہ بالا ادویات ڈال کر بھی جگہ بچ رہے۔ پھر ہانڈی کے نیچے بالکل دھیمی آگ صبح سے شام تک جلائیں۔اگر پانی جل جائے تو اور پانی ڈال دیں۔ جب کچلے اچھی طرح گل جائیں تو ان کو نکال کر ان کا چھلکا اور پتہ دور کریں اور گرم گرم کو بالکل باریک کر کے رکھ لیں۔

1	لونگ	60 گرام
2	آب پیاز	120 گرام
3	آب ادرک	120 گرام
4	آب لہسن	120 گرام

ان سب کو ہانڈی میں ملا کر رکھیں۔اگر گرمیوں کے دن ہوں تو دھوپ میں رکھ کر خشک کریں۔اگر سردی ہو تو بھوبل میں رکھ کر بذریعہ تشویہ خشک کرلیں۔جب پانی خشک ہو جائے تو لونگ باریک پیس کر رکھ لیں۔

1	کچلہ مدبر (مندرجہ بالا)	60 گرام
2	لونگ مدبر (مندرجہ بالا)	12 گرام
3	جلوتری یا فلفل سیاہ یا ناگ کیسر	12 گرام
4	گوگل	12 گرام
5	مویز منقی	12 گرام

استعمال و فوائد: تمام چیزوں کو خوب کوٹیں۔جب اچھی طرح یکجان ہو جائیں تو نخودی حبوب بنالیں۔

1 عدد گولی کم از کم آدھ کلو دودھ کے ساتھ ۔صبح ناشتے کے بعد

قوتِ باہ اور بلغمی امراض میں مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ رسائن (مردوں اور عورتوں کے لیے یکساں مفید)	ھوالکافی

ترکیب: پیشاب کا بار بار آنا یا بوند بوند آنا, پیشاب کا زیادہ آنا, پیشاب میں شکر آنا, پیشاب کے آنے سے پہلے یا بعد میں یا درمیان میں سفید رطوبت کا خارج ہونا, عضوِ تناسل سے رطوبت کا خارج ہونا جسے جریان, مزی, جریان غدی کہا جاتا ہے۔ جریان منی , قبض کا مریض جب زور لگاتا ہے تو اس وقت منی کی بوندیں نکل جاتی ہیں۔ حالتِ نیند میں خواب دیکھ کر یا بلا خواب دیکھے مادہ منویہ خارج ہو جاتا ہے۔ بوقتِ خاص بہت جلد خارج ہو جانا۔ ان سب امراض کے لیے یہ گولیاں بفضلہٖ آب حیات کے بمعنی ہیں۔

نمبر 1

1	سلاجیت خالص	6تولہ	6	سونٹھ	6تولہ
2	ست گلو	6تولہ	7	آملہ	6تولہ
3	دانہ الائچی خورد	6تولہ	8	فلفل سیاہ	6تولہ
4	مصطگی رومی خالص	6تولہ	9	ثعلب پنجہ	6تولہ
5	طباشیر اصلی	6تولہ	10	ہلدی	6تولہ

ہرایک دوا کو الگ الگ کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور ان کا 6 /6تولہ وزن کر لیں۔

نمبر 2

1	پوست آملہ	5چھٹانک	4	گوگل بھینسا	14 چھٹانک
2	پوست ہیڑہ	5چھٹانک	5	دیسی گھی (گائے کا)	1/2 -32تولہ
3	گلو سبز	7چھٹانک			

ترکیب : گلو کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کر پوست آملہ اور پوست ہیڑہ کو بھی کوٹ کر 10 کلو پانی شامل کر کے رات بھر پڑا رہنے دیں۔ صبح لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر دھیمی آگ پر رکھ دیں جب پانی 5 کلو رہ جائے تو آگ سے اُتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر مل کر چھان لیں۔ پھر لوہے کی کڑاہی کو دیسی گھی سے چپڑ کر اس میں گوگل بھینسا ڈال کر اور مذکورہ پانی ڈال کر کڑاہی کو پھر آگ پر رکھ دیں۔ نرم آگ جلاتے رہیں اور ہلاتے رہیں تاکہ دوا پینڈا یا کناروں پر لگ کر جل نہ جائے۔ جب یہ پانی کم ہو کر افیوں کی طرح گاڑھا نہ ہو جائے تو اسے زمین پر اُتار کر رکھ دیں اور نمبر 1 والی ادویہ ملا کر اس میں گھی ملا دیں اور خوب آمیز کریں سخت ہونے پر کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا لیں تریاقی اثر رکھنے والی گولیاں آپ کے پاس ہیں پوری طرح خشک کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال و فوائد : 2 گولی صبح 2 شام ہمراہ شیر نیم گرم۔ تمام گرم اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔

سیلان الرحم ، قبض کی بے قاعدگی, اولاد کا نہ ہونا, پیٹ کی تمام امراض, اپھارہ قبض, گڑگڑاہٹ , بھوک کم لگنا, چہرہ بے خون ہونا ,جسم کا ٹوٹتے رہنا, کمر درد , پنڈلیوں میں اینٹھن، اُٹھتے بیٹھتے سر چکرانا, سر کا بوجھل ہونا اور کسی کام میں دل نہ لگنا۔ ان امراض کے لیے اللہ کے فضل سے تریاق کا کام دیتی ہیں۔ سیلان الرحم اور حیض کی بے قاعدگی میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	جریان احتلام (مجرب نسخہ)	ھوالکافی

1	ثعلب پنجہ	50 گرام	4	سونف	حسبِ ضرورت
2	موصلی سفید	100 گرام	5	سہہ دھاتہ	حسبِ ضرورت
3	تخم ریحان	50 گرام	6		

ترکیب: ثعلب پنجہ اور موصلی سفید کو کوٹ چھان کر تخم ریحان سالم ملا لیں۔ سنبھال رکھیں۔

استعمال :سونف بقدر 6 گرام لے کر آدھا کلو دودھ گاؤ میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب غلیظ ہو جائے تو اُتار کر سرد کر کے ایک رتی کشتہ سہہ دھاتہ ملا کر صبح کھلایا کریں۔ انشا اللہ 40 روز میں کمال درجہ کے فوائد ظہور میں آئیں گے۔

فوائد :جریان، احتلام، سُرعتِ انزال دور ہو جاتا ہے۔ منی گاڑھی ہو جاتی ہے۔ قوتِ اماکیہ بڑھ جاتی ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقتور بناتا ہے۔ 40 روز کے استعمال سے منی کے جملہ امراض دور ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی	جریان خاص تحفہ 1	ھوالکافی

1	عقر قرحا	6ماشہ	5	ثعلب مصری	2تولہ
2	سنگھاڑا	6ماشہ	6	چھلکا اسپغول	2تولہ
3	تخم ریحان	6ماشہ	7	مصری	3تولہ
4	موصلی سفید	2تولہ	8	مغز جائفل	4تولہ

ترکیب : چھلکا کے علاوہ سب کا سفوف بنائیں۔ بعد میں چھلکا ملا کر رکھیں۔

استعمال : ایک بڑا چمچ خوب گرم دودھ میں ڈالیں اور رکھ دیں۔ صبح نہار مونہہ یہ کھیر کھا لیں۔ انتہائی موثر دوا ہے

فوائد: مغلظ منی، جریان، سرعتِ انزال، احتلام، کے لیے مفید ہے

ھوالشافی	جریان خاص تحفہ 2	ھوالکافی

1	کلونجی	10 گرام	3	ثعلب مصری	25 گرام
2	موصلی سفید	25 گرام	4	سنگھاڑا	25 گرام

ترکیب : ان سب کا سفوف بنا لیں۔

استعمال : 3 گرام رات کو دودھ کے ساتھ 21 روز تک کھائیں۔ (100فی صد رزلٹ جریان کے لیے)

ھوالشافی	جریان آنتک چورن	ھوالکافی

1	تودری سفید	20 گرام	9	آسگندھ ناگوری	20 گرام
2	تودری زرد	20 گرام	10	موصلی سفید	20 گرام
3	ستاور	20 گرام	11	موصلی سیاہ	20 گرام
4	تالمکھانہ	20 گرام	12	سنگھاڑا خشک	20 گرام
5	بہمن سرخ	20 گرام	13	مغز تخم کونچ	20 گرام
6	بہمن سفید	20 گرام	14	تخم اُٹنگن	20 گرام
7	کیسر	20 گرام	15	لہسوڑیاں	20 گرام
8	مصطگی رومی	20 گرام	16	چینی	سب کے برابر

ترکیب: سب کو خوب کوٹ چھان کر باریک سفوف بنالیں اور اس میں سب کے وزن کے برابر چینی شامل کرلیں۔

استعمال: 3 سے 6 گرام صبح وشام نیم گرم دودھ گائے سے صبح وشام لیں

فوائد: منی کو گاڑھا کرنے کے علاوہ ہر قسم کے جریان کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	کمی سپرم	ھوالکافی

1	تخم بیلگری (بہی دانہ)	50 گرام		2	سفیدی بیضہ مرغ	5 عدد

ترکیب: بہی دانہ کو باریک پیس کر سفیدی بیضہ مرغ ملا کر توے پر پکائیں۔ جب یکجان ہو جائیں تو اتار کر حبِ نخودی بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ ایک ماہ کھلائیں۔ اس کے بعد ٹیسٹ کرالیں

ھوالشافی	قوت باہ کا نایاب تحفہ	ھوالکافی

خراطین مصفاء

ترکیب: باریک پیس کر ایک گرام روزانہ صبح وشام کسی سبزی یا گوشت میں ڈال کر کھلائیں۔

خوراک و استعمال: اسکے متواتر ایک ماہ کھلانے سے فوائد کا آغاز ہوتا ہے۔ تین ماہ مسلسل کھانے سے 4 مردوں کی قوت بدن میں پیدا ہو جاتی ہے۔ ناشتے میں انڈا کا استعمال ضرور کرائیں۔

هوالشافی	مردانہ کمزوری	هوالکافی

1	گوند کیکر	250 گرام	9	تودری سفید	6 گرام
2	سنگھاڑے کا آٹا	250 گرام	10	بہمن سرخ	6 گرام
3	مغز پستہ	60 گرام	11	بہمن سفید	6 گرام
4	مغز بادام	60 گرام	12	موصلی سفید	12 گرام
5	مغز چلغوزہ	60 گرام	13	سنبل	12 گرام
6	دانہ الائچی خورد	5 گرام	14	پپلی	1 گرام
7	دارچینی	4 گرام	15	سونٹھ	4 گرام
8	تودری سرخ	6 گرام	16	گھی گاؤ	250 گرام

ترکیب : گوند اور سنگھاڑے کے آٹے کو گھی میں بھون لیں بعد میں باقی ادویہ پیس کر ملائیں۔ چینی 1 کلو کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔

استعمال و فوائد 12 : سے 25 گرام تک شادی سے پہلے اور شادی کے بعد کی کمزوری میں از حد مفید ہے۔ جریان اور سیلان کو بھی از حد فائدہ دیتی ہے۔

هوالشافی	ممسک بے نظیر	هوالکافی

1	شنگرف رومی	3 تولہ	4	فلفل سیاہ	ڈیڑھ تولہ
2	افیون	2 تولہ	5	آب برگ دھتورہ	ڈیڑھ پاؤ
3	لونگ	ڈیڑھ تولہ	6	آب پیاز	ڈیڑھ پاؤ

ترکیب و استعمال : شنگرف رومی کو کم از کم ایک پاؤ آب دھتورہ کے پانی میں کھرل کریں۔ سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر پھر آب دھتورہ (مصفی کر کے۔ آب دھتورا کو سلور کے برتن میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ اُبا لنے کے بعد اوپر سے جھاگ وغیرہ اُتار کر چھان لیں) تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب ختم ہو جائے اور سخت ہو جائے تو آب پیاز تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ خشک ہونے پر نخود برابر گولیاں بنالیں۔ 1 گولی گائے کے دودھ سے 40 روز تک استعمال کرائیں۔

فوائد : مقوی باہ ، ممسک اور بے حد نعوظ آور ہے۔

ھوالشافی	معجون فلاسفہ	ھوالکافی

1	تخم بابونہ	ڈیڑھ تولہ	7	سطرج ہندی	3 تولہ
2	سونٹھ	3 تولہ	8	ثعلب مصری	3 تولہ
3	فلفل سیاہ	3 تولہ	9	زراوند مدحرج	3 تولہ
4	فلفل دراز	3 تولہ	10	مغز چلغوزہ	3 تولہ
5	آملہ (مقشر یعنی گٹھلی نکلا ہوا)	3 تولہ	11	ناریل (تازہ بہتر ہوگا)	3 تولہ
6	ہلیلہ سیاہ	3 تولہ	12	منقہ (بیج نکال کے)	9 تولہ
			13	شہد	سب کا دگنا

ترکیب و استعمال: سب کو کوٹ چھان کرڈ گنے شہد کے قوام میں ملائیں۔ تیار ہے۔ بوقتِ ضرورت صبح 7 ماشہ ہمراہ عرق سونف یا عرق مکوہ یا سادہ پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: قوتِ باہ پیدا کرنے والا ،دل و دماغ و ہاضمہ کو قوت دینے اور بھوک لگانے ، نسیان اور بار بار پیشاب آنے میں بے حد مفید ہے۔ دردِ کمر، دردِ گردہ اور جوڑوں کے درد کو بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	معجون خوش ذائقہ	ھوالکافی

1	شقاقل مصری	10 گرام	9	تخم بالنگو	10 گرام
2	ثعلب مصری	10 گرام	10	سنگھاڑا	10 گرام
3	بہمن سرخ	10 گرام	11	کمرکس	10 گرام
4	بہمن سفید	10 گرام	12	مغز بادام	5 تولہ
5	تودری سرخ	10 گرام	13	مغز کدو	3 تولہ
6	تودری سفید	10 گرام	14	مربہ آملہ	20 عدد
7	تخم ریحان	10 گرام	15	مربہ سیب	5 عدد
8	تخم ہلیون (تلسی)	10 گرام	16	مصری	تمام ادویہ سے دگنی

ترکیب : مصری کی چاشنی کرکے اس میں پہلے مربہ جات شامل کریں۔ پھر تمام ادویات شامل کرکے معجون تیار کریں۔

خوراک : 1 تا 2 تولہ ہمراہ دودھ

فوائد: مفرح قلب، دافع جریان، ممسک اور مقوی باہ ہے۔ چندروز کے استعمال سے گئی ہوئی طاقت بحال کردیتی ہے۔

هوالشافی — **معجون مسیحا** — هوالکافی

1	گل سرخ	50 گرام	8	زعفران/جلوتری	50 گرام
2	عقرقرحا	60 گرام	9	جوزبوا(جائفل)	60 گرام
3	ناگرموتھا	60 گرام	10	دانہ الائچی کلاں	60 گرام
4	قرنفل کلاہ دار (لونگ)	50 گرام	11	دانہ الائچی خورد	60 گرام
5	سنبل الطیب (بالچھڑ)	50 گرام	12	کوزہ مصری	600 گرام
6	مصطگی رومی	50 گرام	13	شہد خالص	500 گرام
7	زرنباد (کچور)	60 گرام	14	عرق گلاب سہ آتشہ	حسبِ ضرورت

ترکیب تیاری: مصری میں عرق گلاب سہ آتشہ ملا کر قوام تیار کریں۔پھر اس میں شہد ملا دیں۔اب باقی تمام ادویات باریک شدہ کو ملا کر معجون تیار کر لیں۔

استعمال و فوائد6 گرام (1 ٹی سپون فلیٹ) صبح وشام نہار مونہہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم۔مقوی باہ و ممسک ہے۔

هوالشافی — **معجون بیضہء مرغ** — هوالکافی

1	عقرقرحا	25 گرام	5	دارچینی	15 گرام
2	لونگ	؍؍	6	شہد	350 گرام
3	سونٹھ	؍؍	7	اُبلے ہوئے انڈوں کی زردیاں	20عدد
4	خولنجاں (جڑیان)	؍؍	8		

ترکیب:بدستور معجون بنائیں۔

خوراک:غذا سے پیشتر 10 گرام صرف ایک مرتبہ روزانہ

فوائد :اس حیرت انگیز معجون سے قوت شہوانیہ اس قدر تیز ہوجاتی ہے کہ ضبط کرنا محال ہوجاتا ہے۔جماع سے ایک گھنٹہ قبل استعمال کرنے سے کئی دفعہ قادر کرتی ہے۔یہ عجیب وغریب اور بینظیر معجون ہے۔یہ معجون اس قدر قوت وانتشار پیدا کرتی ہے کہ انسان حیران رہ جاتا ہے۔

هوالشافی — قبل از وقت **مردانہ کمزوری** — هوالکافی

1	تخم الائچی	30 گرام	2	مغز بادام مقشر	30 گرام	3	لہسن مقشر	30 گرام

ترکیب: تمام 3اجزاء کو خوب پیس کر اچھی طرح محفوظ کر لیں مسوقہ دوا گائے کے آدھا کلو دودھ میں جوشائیں یہاں تک کہ دودھ کی مقدار نصف رہ جائے تو نیچے اُتار لیں۔قدرے سرد ہونے پر شہد خالص حسبِ ذائقہ آمیز کر کے نوش فرمائیں۔اگر شہد خالص نا ملے تو عمدہ مصری ملا سکتے ہیں۔مگر جہاں تک ہو سکے شہد ہی ملائیں۔اسی طرح روزانہ تیار کر کے استعمال کریں۔

ھوالکافی	معجون مقوی ء باہ	ھوالشافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	دارچینی	20 گرام	17	اُشنہ	״
2	زعفران	״	18	بالچھڑ	״
3	فلفل سیاہ	״	19	شقاقل مصری	״
4	فلفل دراز	״	20	دانہ الائچی خورد	״
5	خولنجاں	״	21	دانہ الائچی کلاں	20 گرام
6	زنجبیل	״	22	مغز بادام	750 گرام
7	بہمن سرخ	״	23	کشمش	100 گرام
8	بہمن سفید	״	24	مغز اخروٹ	100 گرام
9	تودری سرخ	״	25	ناریل	250 گرام
10	تودری سفید	״	26	مغز پستہ	250 گرام
11	لونگ	״	27	آرد پنبہ دانہ	250 گرام
12	بسباسہ	״	28	کنجد سفید	250 گرام
13	جوز الطیب	״	29	شہد خالص	1 کلو
14	زیرہ سیاہ	״	30	مصری	1 کلو
15	زیرہ سفید	״	31	روغنِ زرد	1 کلو
16	نرکچور	״			

ترکیب: بطریق معروف معجون بنائیں۔

استعمال: خوراک: 20 تا 40 گرام ہمراہ دودھ

فوائد: مقوی باہ، مقوی دل و دماغ، مقوی جگر، مقوی مثانہ و گردہ، مولدِ منی، ہاضمِ طعام، رنگ کو خوبصورت بنانے والا، دردِ مفاصل اور بلغمی امراض کو فائدہ مند ہے۔ گرم مزاج کے لیے مفید نہیں۔

ھوالکافی	منی کا پتلا ہونا	ھوالشافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	گوند ڈھاک	12 گرام	6	موصلی سنبیل	12 گرام
2	گوند کیکر	12 گرام	7	تال مکھانہ	12 گرام
3	پھلی کیکر	12 گرام	8	اندر جو شیریں	12 گرام
4	موصلی سفید	12 گرام	9	بہمن سرخ	12 گرام
5	موصلی سیاہ	12 گرام	10	مصری	125 گرام

جاری ہے

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر مصری ملا کر سفوف بنالیں۔

استعمال و فوائد: بقدر 6 گرام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کرائیں۔

ھوالشافی	مردانہ لمزوری صدری نسخہ	ھوالکافی

1	دارچینی	12 گرام		5	زنجبیل	12 گرام
2	مگھاں	12 گرام		6	کچلہ مدبر	12 گرام
3	فلفل سیاہ	12 گرام		7	افیون	3 ماشہ
4	عقرقرحا	12 گرام		8	منقہ	حسب ضرورت

ترکیب: تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر منقہ شامل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 گولی رات کو ہمراہ نیم گرم دودھ

ھوالشافی	پائوڈر آرسینک	ھوالکافی

1	سم الفار (آرسینک)	1 گرام		3	چینی	10 گرام
2	طباشیر	10 گرام				

ترکیب: پہلے تینوں ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ایک نہایت عمدہ کھرل میں ڈال کر پورے 6 گھنٹے زوردار ہاتھوں سے کھرل کر کے شیشی میں سنبھال رکھیں۔ دوا تیار ہے۔

فوائد و استعمال: نقطہ: اس دوا سے فائدہ حاصل کرنے کے لیے صرف دو باتوں کو یاد رکھیں۔ **اوّل**: چونکہ یہ دوا ہر حصہء بدن میں تقویت پہنچاتی ہے۔ اس لیے ایسے مرض میں جس میں مریض طاقت ور ہو یہ دوا استعمال نہیں کیجاتی۔ **دوئم** یہ دوا ہر ایک بیماری کی ابتدا میں چنداں فائدہ نہیں دیتی۔ البتہ جب مریض کمزور ہو اور مرض پرانا ہو گیا ہو خصوصاً ایسے موقع پر جب بہت سی ادویات استعمال کرانے کے بعد مایوسی کی سی حالت ہو چکی ہو ایسے وقت میں آب حیات کا کام دیتی ہے۔

1۔ کن کن امراض کے اندر مفید و مجرب ہے۔ اس نمبر 1 کو نہار مونہہ کبھی بھی استعمال نہ کرانا۔ نیز بچوں کو استعمال نہ کرائیں۔ ضعفِ باہ اور جلق کے لیے یہ دوا نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے ہفتہ حد دو ہفتہ سے از حد قوت پیدا ہوتی ہے۔ بوقتِ صبح بعد از طعام بقدر ایک رتی مکھن یا بالائی میں کھلایا کریں۔ دودھ گھی خوب کھلائیں۔ دمہ، کھانسی، جو کہ پرانے ہو چکے ہوں ان کے لیے اکسیر ہے۔ نوبتی بخار خواہ روزانہ ہو یا تیسرے دن آنے والا غرض کہ ہو اتر کر چڑھنے والا اس کے لیے یہ دوا نہایت مفید ہے۔ نہار مونہہ بالکل نہ دیں۔ نوبتی درد جو کہ اعصابی ہوں اور دورہ سے آتے ہوں مثلاً دردِ عصابہ، پسلی اور جوڑوں کا درد جو کہ عموماً سردی کے موسم میں زیادہ ستایا کرتے ہیں۔ ان سب کے لیے اس دوا کی ایک خوراک درد اٹھنے سے ایک گھنٹہ قبل کوئی چرب غذا (چکنائی والی) کے چند نوالے کھلا دیا کریں۔ اس سے ہر قسم کے درد چند خوراکوں سے رک جاتے ہیں۔ لقوہ اور فالج کے لیے بھی بہت مفید ہے۔

آرسینک نمبر 2: پاؤڈر آرسینک نمبر 1۔ 10 گرام، طباشیر 20 گرام، چینی دانہ دار 20 گرام

ترکیب تیاری: تینوں کو کھرل میں ڈال کر پورے زوردار ہاتھوں سے 12 گھنٹے تک کھرل کر کے شیشی میں سنبھال رکھیں۔ اوپر 2 نمبر کی چٹ لگادیں۔

جاری ہے۔

ترکیب استعمال بلحاظِ مرض ,فسادِ خون :فسادِ خون کی تمام حالتوں میں یہ دوا نہایت مفید ہے۔ دنیا فولاد کو مولد خون مانتی ہے مگر یہ نمبر 2 فولاد سے بھی زیادہ مولد خون و موثر ہے۔ چنانچہ جن اشخاص کے جسم میں خون کم پیدا ہوتا ہو یا کسی بیماری کی وجہ سے خون خارج ہو گیا ہو ایسے حضرات کو اس دوا کی چند ایک خوراکوں سے فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ بہت جلد خون پیدا ہو کر چہرے کی رنگت سرخ ہو جاتی ہے۔

خارش ، چنبل ، داد (ایگزیما، رنگ ورم) :جبکہ بہت پرانی ہو چکی ہوں تب استعمال کرائیں۔ انشاءاللہ بغیر مسہل کے آرام ہو جائے گا۔

پرانے بخار : پرانے بخاروں میں جب مریض بالکل کمزور ہو جاتا ہے اور تھوڑا تھوڑا بخار اترنے میں نہیں آتا جبکہ ساتھ اسہال بھی آتے ہوں تو ایسے موقع پر یہ دوا از حد مفید ثابت ہوگی۔ گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے 3 خوراکوں میں بخار دوبارہ نہیں چڑھے گا۔

قے اور دست : جبکہ وہ کسی دوا سے نہ رکتے ہوں یہ دوا طلسمی اثر رکھتی ہے۔ ہیضہ کے دست اور قے کو بھی فوری روکتی ہے۔ غرضیکہ نزلہ وز کام، آتشک ،بد ہضمی ، رعشہ ،پھلبہری ، تمام نوبتی امراض کے لیے حیرت انگیز اثر رکھتی ہے۔

آرسینک نمبر 3:پاؤڈر آرسینک نمبر 2۔ 10 گرام ،طباشیر 35 گرام، چینی 35 گرام۔ تینوں کو متواتر بارہ گھنٹے کھرل کرنے سے نمبر 3 تیار ہو جاتا ہے۔ اس کے اندر ایک ہزار پچیسواں حصہ آرسینک ہے۔ اس لیے یہ بالکل بے ضرر ہے۔ ضعفِ معدہ میں از حد مفید ہے۔ ضعفِ دل میں بے حد مفید ہے۔ تپ دق اور سل ،مروڑ، طاعون، زخم ہر قسم کے لیے یہ دوا از حد مفید ہے۔ کم عمر والوں کو
بھی کھلائی جا سکتی ہے۔ خوراک وہی رہے گی۔

ھوالشافی	روغنِ گھونگچی	ھوالکافی

1	پوست بیخ کنیر سفید	10 تولہ		4	شیر گاؤ	6 کلو
2	گھونگچی سفید	10 تولہ		5	قسط تلخ	4 تولہ
3	حب الملوک	4 تولہ				

ترکیب :تمام اجزاء کو جو کوب کر کے شیر گاؤ میں پکائیں اور دہی کا کھٹا لگا کر دہی جمائیں صبح بلو کر مکھن نکالیں اور گرم کر کے روغن نکالیں

فوائد و استعمال :بوقت استعمال 1 رتی پان کے پتے میں کھلائیں تھوکنا نہیں۔ اور عضو خاص پر مالش کریں۔ پھر قدرتِ خدا کا کرشمہ دیکھیں۔ مقوی باہ، حرارتِ عزیزی کو برانگیختہ کرتا ہے۔ خفیہ طاقتوں کو بیدار کرتا ہے۔ جو نوجوان اپنی حیاتِ مستعار کو اپنی بعض نادانیوں کی وجہ سے قبل از وقت ختم کر دینے کے مجرم ہیں۔ ان کے لیے مسیحائی کا کام کرتا ہے۔ مکمل فوائد حاصل کرنے کے لیے 15 روز استعمال کریں۔ پھر آپ کو معلوم ہوگا کہ قدرت نے اس میں کیا جادو رکھا ہے۔

ھوالشافی	سفوفِ جریان	ھوالکافی

1	ثعلب مصری	50 گرام	4	سنگھاڑا	50 گرام
2	موصلی سفید	50 گرام	5	کشتہ قلعی	10 گرام
3	برنج ساٹھی	50 گرام	6	چینی	تمام ادویہ کے برابر

ترکیب: سب کو باریک پیس کر چینی اور کشتہ ملالیں۔ پھر خوب پیسیں۔

استعمال: 10 گرام صبح وشام ہمراہ دودھ گائے۔ جس 7 عدد کونپل برگد کو جوش دے کر چھانا گیا ہو۔

فوائد: یہ سفوف بھی انتہائی آخری علاج ہے۔ سیلان منی، سُرعتِ انزال، رقّتِ منی وغیرہ کو دور کرکے قدرتی امساک پیدا کرتا ہے۔ جو حضرات مایوس ہوچکے ہوں ذرا اس کو استعمال کرکے دیکھیں کہ قدرت نے اس میں کیا گن پوشیدہ رکھے ہیں۔ انشا اللہ اس سے بے حد فائدہ ہوگا۔ اکیس خوراک کے استعمال پورا پورا فائدہ ہوگا۔

ھوالشافی	سفوفِ باہ	ھوالکافی

1	تالمکھانہ	10 گرام	7	پھول مکھانہ	40 گرام
2	بیج بند	10 گرام	8	آرد سنگھاڑا	40 گرام
3	تخم اوٹنگن	10 گرام	9	کمرکس	60 گرام
4	ثعلب مصری	20 گرام	10	ثعلب پنجہ	20 گرام
5	موصلی سفید	20 گرام	11	چینی	270 گرام
6	موصلی سیاہ	20 گرام	12	شقاقل مصری	20 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو خوب باریک کھرل کیجئے۔

استعمال: 9 ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کیجئے۔

فوائد : منی بکثرت اور صالح پیدا کرتا ہے۔ بچپن کی غلط کاریوں کے باعث عضوِ تناسل کے سکڑاؤ کو دور کرتا ہے، جرثومے بکثرت پیدا کرتا ہے، طاقت کو برانگیختہ کرتا ہے، پیشاب کی نالی کی جلن اور درد کافور کرتا ہے۔ منی کی رقت اور حدت کو ختم کرتا ہے، سرعتِ انزال کا خاتمہ کرتا ہے، ضعفِ باہ کو نابود کرتا ہے۔ غرض نہایت مفید سفوف ہے۔ ضرور قدر کیجئے۔

ھوالشافی	سفوفِ جریان	ھوالکافی

1	تودری سفید	20 گرام	6	بہمن سفید	20 گرام
2	تودری سرخ	20 گرام	7	موصلی سفید	20 گرام
3	ثعلب مصری	30 گرام	8	سنگھاڑا خشک	20 گرام
4	شقاقل مصری	20 گرام	9	دارچینی	20 گرام
5	بہمن سرخ	20 گرام	10	سفید چینی	190 گرام

جاری ہے

ترکیب: سب کوکوٹ چھان کرسفوف بنالیں اوراس میں سب کے وزن کے برابر چینی شامل کرلیں۔

استعمال: 5 سے 10 گرام صبح وشام نیم گرم دودھ گائے سے لیں۔

فوائد: پرانے ونئے جریان کے لیے مفید ہے

ھوالشافی — سفوف جریان — ھوالکافی

1	ثعلب مصری	50 گرام	4	سنگھاڑا خشک	50 گرام
2	موصلی سفید	50 گرام	5	کشتہ قلعی	10 گرام
3	برنج ساٹھی	50 گرام	6	مصری	سب کے وزن کے برابر

ترکیب: سب کا سفوف بنالیں۔

استعمال: اگر 5/7 کونپلیں برگد کی لے کر دودھ میں ابال لی جائیں تو شاندار نتائج برآمد ہونگے۔ 21 یوم تک استعمال کرائیں۔

فوائد: یہ سفوف اس مرض کا انتہائی اور آخری علاج ہے۔ سیلان منی، سرعتِ انزال، رقتِ منی کو دور کر کے بہترین نتائج پیدا کرتا ہے۔

ھوالشافی — سفوف جریان و احتلام (1) — ھوالکافی

1	ریش برگد	1 پاؤ	4	مجیٹھ	5 تولہ
2	پوست برگد	1 پاؤ	5	طباشیر	2 تولہ
3	پھلی کیکر	1/2 پاؤ	6	شکرتری (دیسی کھانڈ)	1/2 کلو

ترکیب: سب کوکوٹ چھان کرملادیں پھر شکرتری ملادیں۔ سفوف بنالیں۔ برگد کادودھ بھی ملاکر کوٹیں اور ملادیں۔

استعمال و فوائد: بوقتِ صبح دودھ کے ہمراہ 1 تولہ استعمال کریں۔

ھوالشافی — سفوف جریان و احتلام (2) — ھوالکافی

1	برگد کے نرم پتے	1/2 کلو	3	مغز تخم املی	5 تولہ
2	بھوپھلی	1 پاؤ			

ترکیب: پہلے دونوں کوخوب کوٹ کرکپڑے میں چھان لیں اور پانی نکال لیں (دونوں کوکوٹ کرابال لیں پاؤ بھر پانی نکال لیں) پھراس پانی کونرم آگ پر رکھیں۔ جب معجون کی طرح گاڑھا ہو جائے تو اس میں مغز املی ملا دیں چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال و فوائد: 1 تا 2 گولی ہمراہ دودھ رات کوسوتے وقت۔ دافع جریان ہمغلظِ منی، دافع سُرعتِ انزال ممسک طبعی ہے۔

ھوالشافی	شباب آور	ھوالکافی

1	بلادر (بھلانواں)	50 گرام
2	ناریل تازہ	1500 گرام
3	چینی	3 کلو

ترکیب: بلادر کی ٹوپی اتار لیں۔ چھینٹے سے بچیں۔ بالکل باریک پیس لیں۔ پھر تھوڑا تھوڑا ناریل ملا کر کوٹیں۔ جب یکجان ہو جائیں تو چینی کا قوام تیار کر کے اس میں ملا کر کھلے برتن میں ڈال لیں۔

خوراک: 25 تا 50 گرام چائے یا پانی کے ساتھ۔

فوائد: تمام رطوبتی امراض وعلامات (بلغمی کھانسی، بلغمی دمہ، لقوہ، فالج، جوڑوں کے درد) کے لیے مفید ہے۔ ان لوگوں کے لیے خاص تحفہ ہے جن کے بال قبل از وقت سفید ہو چکے ہوں۔

ھوالشافی	سوزاک ، جریان ، احتلام	ھوالکافی

1	پوست خشخاش	30 گرام	6	گلنار	10 گرام
2	کشنیز	30 گرام	7	چھلکا اسپغول	60 گرام
3	خشخاش	30 گرام	8	موصلی سفید	60 گرام
4	گوند کیکر	10 گرام	9	مصری	100 گرام
5	گل دھاوا	10 گرام	10	گوند کتیرا	5 گرام روزانہ

ترکیب: سیریل نمبر 1 تا 6 اور 8, 9 کو باریک پیس لیں۔ پھر اس میں چھلکا اسپغول ملا لیں تیار ہے۔ کسی جار یا بوتل میں محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ رات کو 5 گرام گوند کتیرا پانی میں بھگو دیں۔ صبح نہار مونہہ اس میں دودھ ملا کر اس سے 7 گرام سفوف کھلائیں۔ 3 ماہ تک لگاتار استعمال کرائیں

ھوالشافی	سرعت انزال	ھوالکافی

1	گری بیج املی (تمر ہندی)	50 گرام		5	مصری کوزہ	100 گرام
2	تالمکھانہ	10 گرام		6	بڑ کا دودھ	حسب ضرورت

ترکیب : سب کو بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر بیر بنا لیں۔

خوراک : شام کو ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

ھوالشافی	دوائے جریان	ھوالکافی

1	گری بیج املی (تمر ہندی)	20 گرام		4	ستاور	40 گرام
2	سنگ جراحت	20 گرام		5	چینی	60 گرام
3	چھلکا اسپغول	20 گرام				

ترکیب: سب کا سفوف بنا لیں **خوراک**: 3 گرام صبح، 3 گرام شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

ھوالشافی	سرعت انزال	ھوالکافی

1	گری بیج املی (تمر ہندی)	60 گرام		5	بیج بند	10 گرام
2	تالمکھانہ	10 گرام		6	الائچی خورد	10 گرام
3	گوند کیکر	10 گرام		7	پھول سپاری	10 گرام
4	موصلی سیاہ	10 گرام		8	بیج خرفہ	10 گرام
				9	دودھ برگد	حسب ضرورت

ترکیب: سب کو بڑ کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر لیں اور گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

خوراک: روزانہ 2 گولی صبح اور 2 گولی شام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

ھوالشافی	دوائے احتلام	ھوالکافی

1	مغز بیج املی	10 گرام		4	ثعلب مصری	10 گرام
2	بہمن سفید	10 گرام		5	چھلکا اسپغول	5 گرام
3	بہمن سرخ	10 گرام		6	گوند کیکر	5 گرام

ترکیب: سب اجزاء کوٹ چھان کر تمام کے برابر چینی ملا لیں **خوراک**: 6 تا 9 گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ

ھوالشافی	دوائے جریان	ھوالکافی

1	مغز بیج املی	ہم وزن		7	تج	〃
2	ستاور	〃		8	تال مکھانہ	〃
3	موصلی سفید	〃		9	خشخاش سفید	〃
4	بیج بند	〃		10	دانہ الائچی کلاں	〃
5	سروالی	〃		11	سنگھاڑہ خشک	〃
6	سمندر سوکھ	〃		12	موصلی سنبل	〃
				13	چینی	تمام کے برابر

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا کر چینی ملا لیں۔ **خوراک**: 6 تا 9 گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ

ھوالشافی	طلائے عجیب	ھوالکافی

1	کیسٹر آئل	100 گرام
2	عقرقر حا	40 گرام

تیاری: پہلے عقرقر حا کو باریک کر کے 3 کلو پانی میں پکائیں۔ آدھا کلو پانی رہ جانے پر کیسٹر آئل ڈال دیں۔ پانی جل جانے پر اتار لیں اور سرد کر کے کسی شیشی میں ڈال دیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت عضو کا مونہہ اور جڑ چھوڑ کر 15 منٹ تک خوب مالش کریں۔ جب تیل اچھی طرح جذب ہو جائے تو اوپر پرانی روئی کا نمدہ بنا کر لپیٹ دیں۔ اس طرح روزانہ سوتے وقت مالش کر کے سورہا کریں۔ اس طریق پر کم از کم ایک ہفتہ تک مالش کرنے سے عضو کے تمام نقائص دور ہو جائیں گے۔ اور کمزوری دور ہو جائے گی۔

ھوالشافی	طلاء اسگندھ	ھوالکافی

☆ اسگندھ کی جڑ کو جوکوب کر کے 20 مرتبہ دھتورہ سیاہ (نہ ملے تو سفید) کے رس میں تر و خشک کر کے پیس کر رکھیں۔ ضرورت کے وقت لعابِ دہن میں رگڑ کر لگائیں۔ ایک پہر کے بعد طاقت و امساک وافر لاتا ہے۔☆

ھوالشافی	ضعفِ باہ 1	ھوالکافی

☆ قسط زرد چوبہ کوٹ چھان کر روغن زرد اور شہد میں حل کر کے ایک تولہ روزانہ کھانا مست ہاتھی کی سی قوت باہ پیدا کر دیتا ہے۔

☆ کالی موصلی میں مصری ملا کر پھکی دینے سے پشت بڑھتی ہے۔

☆ کچلہ مدبر کا برادہ کر کے مرچ سیاہ ہم وزن ملا کر آب پان میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی صبح کے وقت کھائیں۔☆ کنجد مقشر شکر سفید کے ہمراہ کھائیں باہ کو قوت دیتے ہیں۔

☆ کندش ایک گرام باریک پیس کر چھوہارے کے اندر رکھیں اسی طرح 40 چھوہاروں میں بھر کر 4 کلو دودھ میں پکائیں حتیٰ کہ چھوہارے نرم ہو جائیں۔ پھر ان کو دودھ سے نکال کر روغن زرد مین بھون کر رکھیں۔ ہر روز نہا مونہہ ایک چھوہارا کھائیں

☆ کونج کے بیج، گوکھرو اور مصری ملا کر گرم دودھ کے ساتھ پھانکنے سے نامردی دور ہو جاتی ہے۔

☆ گڑھل کے پھول لے کر کوٹ چھان کر اس کے ہم وزن مصری ملا کر 4/ 4 گرام صبح شام کھا کر اوپر سے پانی یا دودھ پیا جائے تو منی گاڑھی ہو جاتی ہے۔

☆ کورکھمنڈی کے پھولوں کا چورن شہد و گھی ملا کر چاٹنے سے عضو بڑھتا ہے۔ منی گاڑھی ہوتی ہے۔☆ گوکھرو 250 گرام لیں اور پیس چھان کر اس میں مصری ملا کر پھر روغن زرد اور شہد میں حل کریں۔ 12 گرام روزانہ کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔ ہی روز میں وہ قوت پیدا ہو گی کہ بیان سے باہر ہے۔☆ گوکھرو کو 3 مرتبہ شیر گاؤ میں تر و خشک کر کے سفوف بنائیں۔ ہم وزن مصری ملا کر 12 گرام سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں☆ کوندی کے رس میں مصری ملا کر پینے سے یا اس کے پتوں کے چورن کو شکر کے ساتھ پھکی لینے سے منی گاڑھی ہوتی ہے۔ (جاری ہے)

ھوالشافی | ضعفِ باہ 2 | ھوالکافی

☆ بیج اسگندھ ناگوری 200 گرام خوب پیس چھان کر رکھ لیں اور تازہ دودھ میں مصری ملا کر 2 گرام سفوف 3 ہفتہ تک روزانہ کھائیں بینظیر ہے۔

☆ بیدانجیر کے پھلوں کا رس بقدر 1 تولہ پینا قوتِ باہ کے لیے مفید ہے۔

☆ بیر کی گٹھلی کی مینگنی کو گڑ کے ساتھ کھانے سے منی گاڑھی ہوتی ہے۔

☆ 250 گرام ڈھاک کی جڑ کو 2/3 کلو پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر پھر پکائیں یہاں تک کہ خوب اچھی طرح گاڑھا ہو جائے اُتار کر رکھیں اس میں سے تھوڑا سا پان کے ہمراہ کھائیں۔

☆ پوست بیخ اونٹ کٹارا 25 گرام نیم کوفتہ کر کے ایک کپڑے میں پوٹلی باندھ کر آدھا کلو گائے کے دودھ میں 1 کلو پانی ملا کر پکائیں پوٹلی اور چھوہارے 4 عدد اسی میں ڈال دیں جب پانی جل جائے تو پوٹلی نکال کر پھینک دیں اور خرما کھا کر دودھ پی جایا کریں 40 روز کے استعمال سے عجیب طاقت پیدا ہوگی ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں

☆ پیاز کا پانی لے کر چینی سے بدستور شربت تیار کریں 50 گرام صبح و شام چاٹ لیں

☆ پیپل 120 گرام کو 1 کلو گائے کے دودھ میں جوش دیں یہاں تک کہ دودھ خشک ہو جائے بعد ازاں پیپل کو سایہ میں خشک کر کے باریک پیس لیں اور آدھ سیر مصری ملا کر رکھیں۔ 12 گرام سفوف روزانہ ہمراہ دودھ کھائیں۔

☆ تخم سروالی: حسبِ ضرورت سفوف بنا کر برابر وزن شکرتری ملا لیں۔ اعلیٰ قسم کی مغلظِ منی دوا تیار ہے۔ صبح صبح 12 گرام ہمراہ شیر گائے تازہ دیں۔ بڑے بڑے نسخوں کے مقابلہ میں بڑا کام دیتی ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

☆ تخم سرس کو پانی میں بھگو کر اس کا مغز نکال لیں اور سایہ میں خشک کر کے کوٹ لیں۔ پھر برابر وزن چینی ملا کر 2 گرام علی الصبح دودھ کے ساتھ کھایا کریں۔ قوتِ باہ کے لیے نہایت مفید چیز ہے۔

☆ چلغوزہ کھانا باہ کو قوت دیتا ہے۔

☆ چنے 12 گرام شیر گاؤ میں رات کے وقت بھگو رکھیں صبح کے وقت چنے معہ دودھ نوش کریں تو قوتِ باہ بہت پیدا ہوگی۔

☆ چنے کے ہولے مقوی باہ ہوتے ہیں۔

☆ خرما 1 عدد کو مغز بنولہ سے پُر کر کے دودھ میں جوش دے کر پئیں اور چھوہارے کو معہ مغز کھائیں۔ نہایت ہی مفید ہے۔

☆ خولنجاں کو باریک کوٹ کر شہد میں ملائیں اور بقدر 7 گرام روزانہ چاٹا کریں۔

☆ خولنجاں کوٹ چھان کر 5 گرام روزانہ دودھ کے ساتھ استعمال کرنا قوتِ باہ کے لیے مجرب ہے۔

☆ دودھ کے ساتھ اسگندھ کی پھکی دینے سے بل بڑھتا ہے بادی کے امراض کو فائدہ ہوتا ہے۔ اسگندھ کے بیجوں کو دودھ میں ڈالنے سے دودھ جمتا ہے۔ دودھ کے ساتھ ان کی پھکی دینے سے نیند آتی ہے۔

☆ ڈھاک کی جڑ کی اندرونی چھال کو دودھ کے ساتھ کھانا مقوی اثر رکھتا ہے۔

☆ روزانہ صبح میٹھا آم کھائیں کر دودھ پئیں بدنی طاقت بڑھے اور باہ قوی ہو

☆ سب جسم کی کمزوری سے پیدا ہوئی نامردی کو مٹانے کے لیے مہوہ کے 30 گرام پھولوں کو دودھ میں اُبال کر پلانا چاہیے۔

☆ سنکھیا 1 گرام، بادام شیریں مقشر 7 عدد۔ دونوں کو تمام دن کھرل کر کے اسی طرح سات روز تک 7 بادام یومیہ کھرل کر کے نخودی

ھوالکافی	ضعفِ باہ 3	ھوالشافی

گولیاں بنالیں۔1 گولی صبح حلوہ یا بالائی میں رکھ کر کھائیں۔

☆ سنگھاڑے کھانے سے باہ قوی ہوتا ہے۔بعض اس کا حلوہ بدستور معروف بنا کر کھاتے ہیں جواز حد مقوی باہ اور مولد منی ہوتا ہے۔

☆ زنجبیل 12 گرام لے کر سیر یا آدھ سیر دودھ مین جوش دے لیں، روزانہ دودھ پیتے رہیں چند ہی دنوں میں خوب قوتِ باہ پیدا ہوگی۔

☆ شریر پشٹ کرنے کے لیے کیلا بہت اچھا ہے۔

☆ شکر قندی بھی مقوی باہ اور مولدِ منی ہوتی ہے۔

☆ شیر برنج کھانا بھی مقوی باہ ہے۔

☆ صرف اجوائن رات کو سوتے وقت پانی کے ساتھ کھانا قوتِ باہ اور امساک کے لیے نہایت مفید ہے اگر کوئی 2 ماہ مسلسل کرے تو کبھی کمزوری نہ ہو۔غریبوں کے لیے بہترین چیز ہے۔

☆ صرف تخم کونچ کوٹ چھان کر گائے کے دودھ میں جوش دے کر پینا بھی از حد مقوی باہ ہے۔

☆ قسط زردچوبہ کوٹ چھان کر روغن زرد اور شہد میں حل کر کے ایک تولہ روزانہ کھانا مست ہاتھی کی سی قوت باہ پیدا کر دیتا ہے۔

☆ کالی موصلی میں مصری ملا کر پھکی دینے سے پشٹ بڑھتی ہے۔

☆ کچلہ مدبر کا برادہ مرچ سیاہ ہم وزن ملا کر آب پان میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بنالیں ایک گولی بوقت صبح کھائیں

☆ کنجد مقشر شکر سفید کے ہمراہ کھائیں باہ کو قوت دیتے ہیں۔

☆ کندش ایک گرام باریک پیس کر چھوہارے کے اندر رکھیں اسی طرح 40 چھوہاروں میں بھر کر 4 کلو دودھ میں پکائیں حتیٰ کہ چھوہارے نرم ہو جائیں۔پھر ان کو دودھ سے نکال کر روغن زرد مین بھون کر رکھیں۔ ہر روز نہار منہ ایک چھوہارا کھائیں۔

☆ کونچ کے بیج، گوکھرو اور مصری ملا کر گرم دودھ کے ساتھ پھانکنے سے نامردی دور ہو جاتی ہے۔

☆ گڑھل کے پھول لے کر کوٹ چھان کر اس کے ہم وزن مصری ملا کر 4/ 4 گرام صبح شام کھا کر اوپر سے پانی یا دودھ پیا جائے تو منی گاڑھی ہو جاتی ہے۔

☆ گورکھ منڈی کے پھولوں کا چورن شہد و گھی ملا کر چاٹنے سے عضو بڑھتا ہے۔منی گاڑھی ہوتی ہے۔

☆ گوکھرو 250 گرام لیں اور پیس چھان کر اس میں مصری ملا کر پھر روغن زرد اور شہد میں حل کریں۔ 12 گرام روزانہ کھا کر اوپر سے دودھ پی لیں۔چند ہی روز میں وہ قوت پیدا ہوگی کہ بیان سے باہر ہے۔

☆ گوکھرو کو 3 مرتبہ شیر گاؤ میں تر و خشک کر کے سفوف بنائیں۔ہم وزن مصری ملا کر 12 گرام سفوف شیر گاؤ کے ہمراہ کھائیں۔

☆ گوندی کے رس میں مصری ملا کر پینے سے یا اس کے پتوں کے چورن کو شکر کے ساتھ پھکی لینے سے منی گاڑھی ہوتی ہے۔

☆ لہسن 60 گرام چھیل کر آدھ سیر دودھ میں پکائیں۔حتیٰ کہ تمام دودھ جذب ہو جائے پھر لہسن کو گھی میں اس قدر بھونیں کہ اس پر سرخی آجائے بعد ازاں شہد میں رکھیں ایک یا دو روزانہ کھائیں۔مقوی باہ ہے۔

☆ مال کنگنی کے بیجوں کو کھیر میں ملا کر کھانے سے نامردی دور ہوتی ہے۔

☆ مغز بادام شیریں مقشر مصری کے ہمراہ کھانا مقوی باہ ہے۔بعض لوگ چنے بریاں اس کے ساتھ ملاتے ہیں۔

☆ مغز بنولہ کو دودھ یا پانی میں پیس کر بطور حریرہ پکا کر مصری ملا کر پئیں نہایت مقوی باہ ہے۔

ضعفِ باہ 4

☆ مغز پستہ کھانے سے باہ مقوی ہوتی ہے۔

☆ مغز کونج باریک پیس کر مصری برابر ملا کر 7 گرام ہمراہ شیر گاؤ سے منی گاڑھی باہ مقوی ہوتی ہے۔

☆ مغز چرونجی قوتِ باہ بڑھانے میں بہت مفید ہے۔

☆ مغز نارجیل تازہ چھیل کر چینی کے ساتھ کھائیں باہ کو قوت دیتا اور منی کو بڑھاتا ہے

☆ موٹے سست انسان کو پتلا کرنے کیلیئے گرم پانی میں آٹھواں حصہ شہد ملا کر پلانا چاہیے۔

☆ موچرس 12 گرام لے کر پیس لیں۔1 کلو دودھ میں خوب دیں۔50 گرام گھی اس میں ڈال دیں۔مصری بھی ملا لیں۔رات کو سوتے وقت پی جائیں اور اس کے بعد کچھ نہ کھائیں۔بے انتہا شہوت ہوگی۔اگر کچھ عرصہ تک روزانہ ایسا کریں تو بال کبھی سفید نہ ہوں گے اور اگر سفید ہوں تو کالے ہو جائیں گے۔

☆ موصلی سفید 50 گرام،عقرقرحا 12 گرام۔دونوں کا سفوف بنا کر 50 گرام مصری ملا کر کھ لیں۔3 گرام صبح شام کھانے کے بعد دودھ بقدر مناسب پی لیں۔بے حد فائدہ مند ہے۔ؤ

☆ موصلی سفید،آملہ مقشر برابر وزن کوٹ چھان کر روغن گاؤ اور شہد میں ملا کر رکھ لیں ہر روز علی الصبح نہار مونہہ 12 گرام کھالیا کریں قوت

باہ کے لیے بے نظیر چیز ہے

☆ موصلی سفید کا سفوف دودھ کے ساتھ کھانا بے حد مفید ہے

☆ مولی کا پانی تازہ گھی میں حل کر کے ذکر پر ملنے سے سستی دور ہو جاتی ہے اور شہوت تیز ہو جاتی ہے۔

☆ میتھی کے بیج باریک پیس کر شہد میں ملا کر کھائیں۔مقوی باہ ہیں۔

☆ میتھی خشک پیس چھان کر روغن زرد اور شہد میں حل کر کے آدھ کلو دودھ کے ساتھ ہفتہ بھر کھائیں۔ترشی و جماع سے پرہیز رکھیں۔نہایت ہی مقوی چیز ہے۔

هوالشافی — انتہائی مقوی باہ — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن		دوا	وزن
1	ثعلب مصری	10 گرام		بیج بند	10 گرام
2	ثعلب پنجہ	10 گرام		تخم کونچ	10 گرام
3	موصلی سفید	10 گرام		سورنجاں شیریں	10 گرام
4	موصلی سیاہ	10 گرام		ستاور	10 گرام
5	لاجونتی	10 گرام		شقاقل مصری	10 گرام
6	سمندرسوکھ	10 گرام		تالمکھانہ	10 گرام
7	اوٹنگن	10 گرام		موچرس	10 گرام
8	تودری سفید	10 گرام		مغز پنبہ دانہ (مغز بنولہ)	20 گرام
9	تودری سُرخ	10 گرام		اِملی کلاں	40 گرام
10	سنگھاڑے	10 گرام		کوزہ مصری	200 گرام
11	مصطگی رومی	10 گرام		مغز بادام	50 گرام
12	گوند کیکر	10 گرام		چھلکا اسپغول	50 گرام
13	گوند کتیرہ	10 گرام		بہمن سفید	10 گرام
14	الائچی خورد	10 گرام		بہمن سُرخ	10 گرام

ترکیب: تمام اجزاء (ماسوائے چھلکا اسپغول) کو بطریق باریک پیس کر چھلکا ملا کر مکس کردیں۔

استعمال: 2 چمچ رات کو گرم دودھ میں حل کر کے رکھ دیں۔ صبح نہار منہ کھائیں

فوائد: لاجواب۔ بے شمار

هوالشافی — قبل از وقت مردانہ کمزوری — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	تخم الائچی خورد	30 گرام	3	لہسن مقشر	30 گرام
2	مغز بادام مقشر	30 گرام			

ترکیب: تینوں کو خوب پیس کر اچھی طرح مخلوط کرلیں۔ مسحوقہ دوا گائے آدھا کلو دودھ میں جوشائیں۔ یہاں تک کہ دودھ کی مقدار نصف رہ جائے تو نیچے اُتار لیں۔

استعمال: قدرے سرد ہونے پر شہد خالص حسبِ ذائقہ آمیز کر کے نوش فرمائیں۔ اگر شہد خالص نہ ملے میسر نہ ہو سکے تو عمدہ مصری ملا سکتے ہیں۔ مگر جہاں تک ہو سکے شہد ہی ملائیں۔ اسی طرح روزانہ تیار کر کے استعمال کریں۔

ھوالشافی — سرعت انزال — ھوالکافی

اجزاء

1	گری بیج املی (تمر ہندی)	60 گرام	5	بیج بند	10 گرام
2	تالمکھانہ	10 گرام	6	الائچی خورد	10 گرام
3	گوند کیکر	10 گرام	7	پھول سپاری	10 گرام
4	موصلی سیاہ	10 گرام	8	بیج خرفہ	10 گرام
			9	دودھ برگد	حسبِ ضرورت

ترکیب : سب کو بڑ کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر لیں اور گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

خوراک : روزانہ 2 گولی صبح اور 2 گولی شام ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کریں۔

ھوالشافی — دوائے احتلام — ھوالکافی

اجزاء

1	مغز بیج املی	10 گرام	4	ثعلب مصری	10 گرام
2	بہمن سفید	10 گرام	5	چھلکا اسپغول	5 گرام
3	بہمن سرخ	10 گرام	6	گوند کیکر	5 گرام

ترکیب : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر تمام کے برابر چینی ملا لیں۔ تیار ہے

خوراک : 6 تا 9 گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

ھوالشافی — دوائے جریان — ھوالکافی

اجزاء

1	مغز بیج املی	ہم وزن	7	بج	؍
2	ستاور	؍	8	تال مکھانہ	؍
3	موصلی سفید	؍	9	خشخاش سفید	؍
4	بیج بند	؍	10	دانہ الائچی کلاں	؍
5	سروالی	؍	11	سنگھاڑہ خشک	؍
6	سمندر سوکھ	؍	12	موصلی سنبل	؍
			13	چینی	تمام کے برابر

ترکیب : سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں اور چینی ملا لیں۔

خوراک : 6 تا 9 گرام صبح و شام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

ھوالشافی	سرعت انزال 2	ھوالکافی

اجزاء

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	گری بیج املی (تمر ہندی)	50 گرام	5	مصری کوزہ	100 گرام
2	تالمکھانہ	10 گرام	6	بڑ کا دودھ	حسب ضرورت

ترکیب: سب کو بڑ کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر بیر بنالیں۔ **خوراک:** شام کو ایک گولی ہمراہ دودھ نیم گرم۔

ھوالشافی	دوائے جریان	ھوالکافی

اجزاء

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	گری بیج املی (تمر ہندی)	20 گرام	4	ستاور	40 گرام
2	سنگ جراحت	20 گرام	5	چینی	60 گرام
3	چھلکا اسپغول	20 گرام			

ترکیب : سب کا سفوف بنالیں **خوراک** : 3 گرام صبح ،3 گرام شام ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

ھوالشافی	دوائے آتشک	ھوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	برادہ شیشم	100 گرام	8	پھول مُنڈی	50 گرام
2	ہرڑ زرد	30 گرام	9	پھول مہندی	30 گرام
3	ہرڑ سیاہ	30 گرام	10	برگ مہندی	30 گرام
4	آملہ	30 گرام	11	پھول گلاب	30 گرام
5	بہیڑہ	30 گرام	12	پھول نیم	30 گرام
6	ثنا مکی	30 گرام	13	تربد سفید (لکڑی نکال کر)	30 گرام
7	سونف	30 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو باہم ملا کر شربت بنالیں۔

استعمال: 20 گرام صبح اور 20 گرام شام ہمراہ پانی 100 گرام دیں۔

فائدہ: مصفی خون، آتشک ،جذام ، داد، چھائیں کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	اکسیر آتشک	ھوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	بھلاواں سر بریدہ	6 گرام	2	گڑ کہنہ دس سال پرانا	25 گرام

ترکیب: دونوں کو اس قدر گھوٹیں کہ یک جان ہو جائیں۔ پھر جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال : دہی کا پانی نکال کر منجمد دہی 12 گرام (1 تولہ) میں گولی رکھ کر نگل جائیں۔ پھر ایک دن ناغہ کر کے دوسری گولی کھائیں۔ پھر ایک دن ناغہ کر کے تیسری گولی کھائیں۔

فائدہ: صرف تین گولیاں کھانے سے آتشک نابود ہو جائے گی۔ ان شاءاللہ!!!

ھوالشافی	تریاقِ باہ	ھوالکافی

1	پوست بیخ آکسن	برابروزن		2	تعلب مصری	″

ترکیب: دونوں کو الگ الگ کوٹ ملاکر سنبھال رکھیے۔

استعمال: 3 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

فائدہ: اعلیٰ درجہ کا مقوی باہ ،مقوی بدن ودماغ ہے۔نیز اعلیٰ درجہ کا ممسک بھی ہے۔نہایت کم خرچ کی مگر اعلیٰ فوائد کی حامل دوا ہے۔ تجربہ شدہ ہے

ھوالشافی	اکسیر باہ	ھوالکافی

1	مغز بادام شیریں	50 گرام		7	شہد	سب کا تین گنا
2	مغز کدو شیریں	″		8	مروارید سائیدہ	1 گرام
3	مغز جنادین	″		9	مشک خالص	″
4	مغز چیٹھہ	″		10	عنبر اشہب	″
5	برہمی بوٹی	″		11	ورق نقرہ	10 گرام
6	ترپھلہ	″		12	زعفران	3 گرام

ترکیب: پہلی چھ ادویات کو خوب باریک کرکے پاوڈر بنا کر شہد میں ملا کر معجون بنالیں۔پھر دیگر ادویات کو روح کیوڑہ یا مشک بید میں کھرل کرکے حل کرکے ڈبیوں میں محفوظ کرلیں۔

استعمال: 10 گرام صبح ،10 گرام شام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

فائدہ: تقویتِ دماغ اور تقویتِ باہ کے لیے نہایت ہی مفید ہے حافظہ کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

ھوالشافی	حبِ ممسک	ھوالکافی

1	دارچینی	12 گرام		5	زنجبیل	12 گرام
2	فلفل دراز	12 گرام		6	کچلہ مدبر	12 گرام
3	فلفل سیاہ	12 گرام		7	اوپئم	12 گرام
4	عقرقرحا	12 گرام		8	منقیٰ	50 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو نہایت باریک پیس کر اوپئم علیحدہ پیس کر ملالیں۔منقیٰ میں گھوٹ کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: یک گولی رات کو کھانے کے بعد ہمراہ دودھ

فائدہ: مردانہ کمزوری ، سرعتِ انزال اور شوگر کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی — سفوف مغلظ مجدید — ھوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	تخم کونچ مدبر	100 گرام	11	جنسنگ	40 گرام
2	ثعلب مصری	40 گرام	12	تخم سرس	50 گرام
3	گوند کیکر	40 گرام	13	بہمن سفید	40 گرام
4	ثعلب پنجہ	40 گرام	14	پھلی ببول	60 گرام
5	زعفران	5 گرام	15	اصل السوس	50 گرام
6	تخم سریالہ	60 گرام	16	تالمکھانہ	30 گرام
7	موصلی سفید	40 گرام	17	بیج بند	30 گرام
8	مصطگی	20 گرام	18	سمندرسوکھ	30 گرام
9	تخم اوٹنگن	30 گرام	19	تخم لاجونتی	30 گرام
10	الائچی خورد	80 گرام	20	مصری	250 گرام

ترکیب: تخم کونچ کو بکری کے دودھ میں مدبر کر کے خشک کرلیں۔ سفوف بنا کر شامل کرلیں۔ تمام چیزوں کا سفوف تیار کرلیں۔

استعمال: صبح وشام خالی پیٹ ایک چمچ چائے والا ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

فائدہ: جریان، احتلام اور پیشاب کے قطروں کے لیے مفید ہے۔ ہر عمر کے افراد کے لیے موزوں ہے۔ سرعتِ انزال کا خاتمہ کر کے ٹائمنگ میں مستقل اضافہ کرتا ہے۔ شوگر، بلڈ پریشر اور دل کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پانی کی طرح پتلی منی کو بھی گاڑھا کرتا ہے۔ مادہ منویہ کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ سپرم کاؤنٹ میں اضافہ کرتا ہے۔ لذتِ جماع میں اضافہ کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ مشت زنی، کثرتِ مباشرت اور دیگر غلط کاریوں سے ہونے والی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی — طلاءِ شباب آور (فربہی، درازی) — ھوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	روغن لونگ	50 گرام	7	شنگرف	20 گرام
2	روغن دارچینی	50 گرام	8	زعفران	4 گرام
3	روغن مالکنگنی	50 گرام	9	جند بیدستر	10 گرام
4	روغن ماہی	50 گرام	10	روغن چربی مرغ	100 گرام
5	روغن زیتون	50 گرام	11	برادہ کچلہ	50 گرام
6	روغن تارپین	30 گرام	12	بیر بہوٹی	30 گرام

ترکیب: سب سے پہلے مرغ کی چربی لے کر سٹیل کی کڑاہی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر تیل بنالیں۔ جب تمام چربی تیل چھوڑ دے تو چھان کر برادہ کچلہ اس میں ڈال کر ہلکی ہلکی آنچ پر برادہ کچلہ کو جلالیں۔ جب سیاہ راکھ بن جائے تو تیل چھان کر دوسرے روغنیات میں ملا لیں۔ باقی ادویہ کو مثل غبار کر کے روغنیات میں ملا دیں اور کسی بڑی شیشے کی بوتل میں ڈال لیں اور ریت میں دبا کر پکاتے رہیں کچھ دیر بعد تیل تیار ہو جائے گا۔ نکال لیں اور محفوظ کرلیں۔ (جاری ہے)

طریقہ استعمال: روزانہ رات کو حشفہ سیون چھوڑ کر مرہم لگالیں۔ صبح نارمل پانی سے دھولیں۔ 2 گھنٹے کا وقفہ دیں اس کے بعد دن میں طلاء بالکل اسی طریقہ سے استعمال کریں۔ شام کو دھولیں۔ 2 گھنٹہ وقفہ کریں اور پھر مرہم استعمال کریں۔ اعضائے رئیسہ شریفہ اور قوتِ باہ پر علیحدہ علیحدہ نسخہ جات لکھ تو دیے ہیں آپ اس ترتیب سے استعمال کرلیں۔ آپ کا علاج مکمل ہو جائے گا۔

پہلا ماہ: 1۔ ذکاوتِ حس کا علاج 2۔ اکسیر معدہ دوا 3۔ اکسیر جگر دوا 4۔ دماغی کمزوری کا علاج

دوسرا ماہ : 1۔ اکسیرِ قلب، دل کی قوت وطاقت 2۔ اکسیر گردہ 3۔ مولد منی ومغلظ مادہ منویہ کے تمام مسائل 4۔ طلاء آبلہ انگیز

تیسرا ماہ : 1۔ قوتِ باہ کی دوا 2۔ محرک وممسک 3۔ طلاء مقوی باہ

ھوالشافی	افزائش قوتِ باہ	ھوالکافی

1	مغز بادام	12 ماشہ	5	زعفران	4 رتی
2	زیرہ سفید	12 ماشہ	6	الائچی خورد	2 ماشہ
3	چہار مغز (12x4)	48 ماشہ	7	سونف	6 ماشہ
4	مغز پستہ	6 ماشہ	8	دودھ	آدھا کلو

ترکیب: تمام چیزوں کو سردائی کی طرح گھوٹ کر چھان کر دودھ ملا کر آگ پر چڑھائیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو نیچے اُتار کر قدرے شیریں کر کے پلائیں۔

استعمال : یہ ایک خوراک ہے۔ روزانہ ایسی ایک خوراک بنا کر پلائیں۔ نیز اگر موسم گرما ہو تو آگ پر نہ چڑھائیں۔

فائدہ: عورتوں کا دودھ بڑھانے کے لیے نہایت ہی اعلیٰ ہے۔ بے شمار عورتوں کے علاج میں سو فی صد کامیابی ہوئی قبض کشا بھی ہے اور قوتِ باہ کے لیے بھی عجیب الاثر ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ مثانہ	ھوالکافی

1	بھکھڑا	3 کلو	6	ناگر موتھا	50 گرام
2	گوگل مصفی	500 گرام	7	آملہ مصفی	50 گرام
3	سنڈھ	50 گرام	8	پوست بہیڑہ	50 گرام
4	فلفل دراز	50 گرام	9	پوست ہلیلہ کلاں	50 گرام
5	فلفل سیاہ	50 گرام			

ترکیب: بھکھڑے کو رات کو 21 کلو پانی میں بھگودیں۔ صبح پانی کو جوش دیں کہ 4 کلو پانی رہ جائے۔ چھان کر پانی میں گوگل کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈالیں۔ آگ پر پکائیں۔ معجون کی طرح گاڑھا ہونے پر اس کو اتارلیں۔ باقی ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر اس میں ملالیں۔ 4/4 رتی کی گولیاں بنالیں۔ گولی بناتے وقت ہاتھوں کو گھی یا کیسٹر آئل لگالیں تا کہ ہاتھوں کو۔

استعمال: 2/2 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ نیم گرم پانی دیں۔

فائدہ : باکمال ان شاءاللہ۔ یہ دردِ گردہ کی حکمی دوا ہے۔ اس کے استعمال سے پیشاب کھل کر آنا شروع ہو جاتا ہے۔ کچھ عرصہ مسلسل استعمال کرائیں۔

ھوالشافی	حبِ سوزو	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	کباب چینی	ہم وزن	5	بیروزہ	〃
2	تخم خرفہ	〃	6	سلاجیت	〃
3	طباشیر	〃	7	رال سفید	〃
4	الائچی خورد	〃	8	روغن صندل	〃

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر روغن ملا کر حبوب نخودی بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ شربت صندل دیں۔

فائدہ: ہمیشہ کامیابی ہوتی ہے درد اور پیپ تو پہلے دن ہی ختم ہو جاتی ہے۔کورس ڈیڑھ ہفتہ۔

ھوالشافی	شب یمانی پلز	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	پھٹکڑی	12 گرام	3	دانہ الائچی خورد	12 گرام
2	قلمی شورہ	12 گرام	4	کوزہ مصری	50 گرام

ترکیب : پہلی دونوں دواؤں کو گل حکمت کر کے تین کلو اوپلوں میں پھونک دیجیے۔مثل پتاشہ پھول جائے گی۔باریک کر کے دیگر ادویات ڈال کر پیس کر پاوڈر بنالیں۔

استعمال: ایک گرام صبح دوپہر شام ہمراہ لسی خام دیں۔

فائدہ: سوزاک کے لیے لاثانی دوا ہے۔پہلے دن ہی پیپ ریشہ بند ہو جائے گا اور درد میں سکون ہو جائے گا ۔

ھوالشافی	اکسیر سوزاک	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	ست بیروزہ	ہم وزن	5	آرد نخود بریاں	〃
2	دانہ الائچی خورد	〃	6	کتھ سفید	〃
3	طباشیر	〃	7	روغن صندل	〃
4	سردچینی	〃			

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر روغن ملا کر محفوظ کریں۔

استعمال: 3 گرام صبح, شام ہمراہ شربت بزوری اور شربت صندل دیں۔

فائدہ: نئے سوزاک کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی	شورہ پلز	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	دانہ الائچی خورد	ہم وزن	2	قلمی شورہ	〃

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کریں۔

استعمال: 3 گرام صبح, شام ہمراہ آب تازہ۔ **فائدہ:** سوزاک کے تمام نسخہ جات کا سرتاج نسخہ ہے۔

ھوالشافی — دوائے سازون — ھوالکافی

1	خرمہرہ سوختہ	ہم وزن	4	سنگ جراحت	″
2	ہزار دانی	″	5	بروزہ	″
3	موم سفید	″			

ترکیب: تمام دواؤں کو باریک مثل پاوڈر بنالیں۔

استعمال: 3 گرام صبح, شام ہمراہ شربتِ فالسہ دیں۔

فائدہ: سوزاک نیا ہو یا پرانا اعلیٰ درجہ کا اکسیری زوردار نسخہ ہے۔قرحہ کو ختم کرتا ہے۔

ھوالشافی — دافع سوزاک — ھوالکافی

1	سنگ جراحت	36 گرام	4	سندھور	18 گرام
2	شب یمانی شگفتہ	240 گرام	5	گل مدار	240 گرام
3	گیرو	18 گرام			

ترکیب: پہلے سنگ جراحت کو گل مدار میں گل حکمت کر کے 15 کلو اوپلوں کی آگ دیجیے۔سرد ہونے پر نکال کر دیگر ادویات ڈال کر کھرل کریں۔مثل غبار کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 250 ملی گرام صبح وشام مکھن، ملائی میں لپیٹ کر دیں۔

فائدہ: ان شاء اللہ العزیز چند روز میں مندمل ہو جائے گا پیپ وغیرہ ختم ہو کر سوزاک کا نام ونشان تک نہ رہے گا۔

ھوالشافی — کتھہ پلز — ھوالکافی

1	کتھہ سفید	12 گرام	4	زیرہ سفید	12 گرام
2	پوست ریٹھا	12 گرام	5	کشتہ صدف	12 گرام
3	خارخسک	12 گرام		آب کیلا	250 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو آب کیلا میں خوب کھرل کریں یہاں تک کہ آب کیلا ختم ہو جائے تو نخودی حبوب بنالیں۔محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2 تا 3 گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ لسی خام دیں۔

فائدہ: ہر قسم کا سوزاک ختم ہو جائے گا۔

ھوالشافی — سلسل البول (پیشاب پر قابو نہ رہنا) سفوف درباری — ھوالکافی

1	تل سفید	60 گرام	3	خولنجاں	30 گرام
2	سپاری سفید	30 گرام	4	سبوس اسپغول	30 گرام

ترکیب و استعمال: تمام ادویات کو پاوڈر کر کے محفوظ کرلیں۔3 گرام صبح شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: زیادتی پیشاب اور سلسل البول کے مریضوں کے لیے خصوصیت سے فائدہ ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ مقدم	ھوالکافی

1	گلنار فارسی	36 گرام	6	خولنجاں	50 گرام
2	مصطگی رومی	36 گرام	7	کندر	50 گرام
3	طباشیر	36 گرام	8	جفت بلوط	50 گرام
4	ثعلب مصری	50 گرام	9	شکر سفید	برابر وزن
5	تخم خشخاش	50 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک کرلیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 5 گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فائدہ: سرعتِ انزال، کثرت البول، سلسل ابول میں میزائل بہدف ہے۔

ھوالشافی	اکسیرِ سلسل البول	ھوالکافی

1	کافور	24 گرام	3	شنگرف رومی	12 گرام
2	طباشیر	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی حبوب بنالیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 گولی صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فائدہ: جو مریض ضبطِ پیشاب کی ہمت نہیں رکھتا اس کے لیے یہ ایک نعمت نسخہ ہے جو سلسل البول کو جڑ سے ختم کردیتا ہے۔

ھوالشافی	حبِ مثانہ	ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	12 گرام	3	کتھہ سفید	6 گرام
2	پارہ	12 گرام	4	قرنفل	6 گرام

ترکیب: پہلے گندھک آملہ سار و پارہ کی کجلی تیار کر کے دیگر ادویہ باریک کریں زردی بیضہ سے 125 ملی گرم (1 رتی) حبوب بنالیں

استعمال: 1 گولی رات سوتے وقت تازہ پانی سے دیں۔

فائدہ: سلسل البول اور تقطیر البول کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی	(بول الدم/خونی پیشاب) خیساندہ خاص	ھوالکافی

1	گل سُرخ	24 گرام	3	زیرہ سفید	12 گرام
2	گل بنفشہ	12 گرام	4	کوزہ مصری	بقدر مناسب

ترکیب: تمام ادویہ کو ایک کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر کوزہ مصری بقدر ضرورت ڈال کر سنبھال رکھیے۔

استعمال: 1 چھوٹا کپ صبح دوپہر شام پلادیں۔ **فائدہ**: پیشاب کے راستے خون بند کرنے میں زود اثر ہے۔ 8 دن میں کلی صحت نصیب ہوگی۔ **پرہیز**: گوشت، گرم مصالہ جات، سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔

هوالشافی	اکسیر حابس الدم (خونی پیشاب)	هوالکافی

1	دم الاخوائن	10 گرام		پھٹکڑی	10 گرام
2	سنگ جراحت	10 گرام		کہربا شمعی	10 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک مثل بار کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: 1 گرام صبح دوپہر شام ہمراہ شربت انجبار دیں۔

فائدہ: ان شاءاللہ عزوجل پہلی خوراک ہی سے خون آنا موقوف ہو جائے گا۔ چند دنوں میں مرض نابود ہو جائے گا۔

هوالشافی	اکثیر حبس البول	هوالکافی

1	ریوند چینی	12 گرام	4	شیرہ تخم کاسنی	12 گرام
2	شیرہ خار خسک	12 گرام	5	شیرہ تخم خربزہ (تربوز)	12 گرام
3	شیرہ خیارین	12 گرام	6	شربت بزوری	36 گرام

ترکیب: ریوند چینی کو الگ باریک کرلیں۔ دیگر شیرہ جات شربت بزوری میں ملا کر رکھیے۔

استعمال: پہلے 12 گرام ریوند چینی پاوڈر کھلا کر اوپر سے دیگر مرکب شربت پلادیں۔

فائدہ: جب کسی دوا سے پیشاب نہ کھل رہا ہو تو اس وقت اس دوا کی ایک خوراک ہی کافی ہے۔

هوالشافی	ھرنیا ۔ نل بھار (1)	هوالکافی

1	کالی زیری	حسبِ ضرورت	3	روغن کنجد	تھوڑا سا
2	مصبر	؍			

ترکیب: کالی زیری کو خوب باریک پیس کر تھوڑے سے پانی حل کریں اس میں مصبر کو حل کر کے اس کو روغن کنجد میں ملا کر گرم کریں

ترکیب استعمال: نیم گرم حالت میں خصیوں پر لیپ کریں۔ کپڑا باندھ دیں۔

فوائد: ہرنیا، درد ہرنیا کے لیے نہایت مفید ہے

هوالشافی	ھرنیا ۔ نل بھار (2)	هوالکافی

1	بروزہ خشک	10 گرام	4	کتھ	6 گرام
2	اوپیم	3 گرام	5	ماجو (بریاں)	6 گرام
3	کندر	6 گرام	6		

ترکیب: سب کو میدہ کی طرح باریک کرلیں۔

ترکیب استعمال: کپڑے کا ٹکڑا ہو پانی سے تر کر کے اوپر اس دوا کو رکھ کر اوپر باندھ دیں۔

فوائد: ہرنیا، درد ہرنیا کے لیے نہایت مفید ہے

ھوالشافی — نر آمہ — ھوالکافی

1	بہمن سرخ	12 گرام		5	صمغ عربی	6 گرام
2	بہمن سفید	12 گرام		6	مغز تمر ہندی	25 گرام
3	سپوس اسپغول	60 گرام		7	قند سفید	برابروزن
4	ثعلب مصری	12 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کا پاوڈر بنا کر محفوظ کریں۔

استعمال: 9 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: احتلام کے لیے بہت مفید دوا ہے۔ جسمانی طاقت بحال کرتی ہے۔ مادہ منویہ کثرت سے پیدا کرتی ہے۔

ھوالشافی — جبِ خاص — ھوالکافی

1	تخم جوز ماتل (دھتورہ)	25 گرام		4	کوکنار (پوست خشخاش)	12 گرام
2	تخم بھنگ	25 گرام		5	مویز منقیٰ کلاں	100 گرام
3	اجوائن خراسانی	12 گرام		6	پانی	1 کلو

ترکیب: تمام ادویات کو ایک کلو پانی میں خوب جوش دیں جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو اُتار کر سرد کر لیجیے۔ چھان کر اس میں مویز منقیٰ کلاں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھیں اور چمچ سے ہلاتے جائیں تا کہ نیچے نہ لگے۔ جب پانی خشک ہو جائے تو منقیٰ سنبھال رکھیے۔

استعمال: ہمراہ شیر گاؤ روغنِ بادام ملا سے مباشرت سے ایک گھنٹہ پہلے استعمال کریں۔

فوائد: دوا استعمال کر کے قدرت کا تماشا دیکھیے۔ اعلیٰ درجہ کا امساک پیدا ہو گا کھٹی چیز یا نمک کھا کر جان چھوڑنا پڑے گی بہت مفید ہے

ھوالشافی — دلیرون — ھوالکافی

1	عقر قرحا	3 گرام		3	چینی	25 گرام
2	تخم ریحان	25 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کا پاوڈر بنا کر محفوظ کریں۔

استعمال: 3 گرام وقتِ خاص سے 2 گھنٹے پہلے دودھ کے ساتھ کھالیں۔

فوائد: بظاہر اس کے اجزاء معمولی لگتے ہیں۔ مگر حقیقت میں اللہ عزوجل نے اس میں ایسی قوت رکھ دی ہے کہ حیرت گم ہو جاتی ہے۔ طبعی قوت و امساک پیدا ہوتا ہے۔ نہایت مفید دوا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ آزمائیں۔

ھوالشافی — اکسیر مردم — ھوالکافی

1	پھٹکڑی	برابروزن		2	زنجبیل	

ترکیب: دونوں ادویات کا پاوڈر بنا کر محفوظ کریں۔ **استعمال:** 6 گرام صبح شام ہمراہ شیر گاؤ دیں۔

فوائد: ہر قسم کی نامردی کے لیے اکسیر ہے۔ مادرزاد نامردی میں اکسیر ہے۔ ایک ہفتہ میں مکمل فائدہ کرتی ہے۔

هوالشافی	# معجون جوہرِ حیات	هوالکافی

نمبر	اجزاء	مقدار	نمبر	اجزاء	مقدار
1	ثعلب مصری	50 گرام	15	مغز پنبہ دانہ	40 گرام
2	مغز خیارین	50 گرام	16	عقرقرحا	20 گرام
3	مغز کدو	50 گرام	17	تخم کونچ	20 گرام
4	مغز تربوز	50 گرام	18	گوند کیکر بریاں	20 گرام
5	مغز خربوزہ	50 گرام	19	خشخاش	20 گرام
6	مغز چلغوزہ	50 گرام	20	مصطگی	20 گرام
7	مغز اخروٹ	50 گرام	21	شقاقل مصری	20 گرام
8	مغز بادام	50 گرام	22	ستاور	20 گرام
9	مغز پستہ	50 گرام	23	تالمکھانہ	20 گرام
10	کنجد سیاہ	50 گرام	24	ثعلب پنجہ	20 گرام
11	تخم پیاز	50 گرام	25	تخم اوٹنگن	20 گرام
12	موصلی سفید	50 گرام	26	گوکھرو مدبر	20 گرام
13	خولنجاں	50 گرام	27	زعفران	10 گرام
14	اسگندھ	50 گرام	28	شہد خالص	3 کلو

ترکیب: معروف طریقے سے معجون تیار کریں۔

استعمال: 1/1 چمچ صبح وشام کھانے سے کم از کم آدھ گھنٹہ پہلے نیم گرم دودھ سے۔

فائدہ: ☆ جوانی، طاقت، قوت کے متلاشی حضرات کے لیے ہے۔ ☆اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ عام جسمانی واعصابی اور مردانہ کمزوری دور کرتا ہے۔☆ بہترین نتائج کا حامل نسخہ ہے۔ ☆ عضوِمخصوص کی لاغری، ڈھیلاپن، شہوت کی کمی کو دور کرتا ہے۔ ☆انتشار، تناؤ، سختی بے مثال ☆ سرعتِ انزال کا خاتمہ ☆امساک بے تحاشہ پیدا کرتا ہے ☆ ذیابیطس شوگر کی وجہ سے ہونے والی پٹھوں کی کمزوری ☆ قوتِ باہ کی کمی دُور ☆جسم سے سستی، نقاہت، تھکاوٹ کا خاتمہ ☆ یہ معجون بالکل ناکارہ، کمزور مردوں کے لیے مژدہ حیات ہے۔☆ ہرقسم کی بے اعتدالیوں کے زمانے کی کمزوریوں کو رفع کرتا ہے۔☆ مشت زنی اور کثرتِ جماع کے نتیجہ میں ہونے والی نامردی کا مکمل علاج ہے۔☆ خون اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔☆ قوتِ باہ کے لیے مجرب ہے۔☆اس کے استعمال سے بڑھاپا جلد نہیں آئے گا۔☆نظر مضبوط ہوگی۔☆ اعصابی کمزوری ختم ہو جائے گی۔☆ کبھی جسمانی طاقت ختم نہ ہوگی اور نہ ہی جسم میں لرزہ (رعشہ) آئے گا۔☆ گھٹنے، جوڑ، پٹھے، دل، دماغ طاقتور ہو جائیں گے۔☆ جوانی کی غلط کاریوں کی وجہ سے تمام پیدا شدہ نقائص اور کمزوری کا بہترین علاج ہے۔☆ اعضائے رئیسہ وشریفہ کے تمام افعال درست ہو جاتے ہیں۔ مادہ تولید کی افزائش بڑھ جاتی ہے اور رقت دور ہو جاتی ہے۔ ☆ اگر استعمال سے پہلے مریض اللہ سے نیت کے ساتھ توبہ کر کے یقین واعتماد کے ساتھ معجون جوہرِ حیات باقاعدہ پرہیز کے ساتھ جاری رکھے تو آہستہ آہستہ جوانی کے ولولے اور مسرت وشادمانی کے جذبات اپنے اندر موجود پاتا ہے۔☆ تقویتِ گردہ ومثانہ کے لیے بے نظیر ہے۔☆ دل و دماغ کی کمزوری دور کرتا ہے۔☆ سپرمز کی کمی کو دور کرتا ہے۔

هوالشافی | **معجون مسمن و مقوی بدن** | هوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	آردنخود	250 گرام	10	مغزفندق	50 گرام
2	آردماش	250 گرام	11	دانہ الائچی خورد	25 گرام
3	آردستاور	250 گرام	12	کشتہ قلعی	10 گرام
4	آردچھوہارہ	250 گرام	13	کشتہ مرجان	10 گرام
5	نشاستہ گندم	250 گرام	14	کشتہ خبث الحدید یا فولاد	10 گرام
6	مغزاخروٹ	50 گرام	15	گھی دیسی	500 گرام
7	مغزچرونجی	50 گرام	16	دودھ خالص	5لیٹر
8	مغزبادام	50 گرام	17	چینی	3 کلو
9	مغزپستہ	50 گرام		شہد خالص	3 کلو

ترکیب : ایک بڑی کڑاہی میں دودھ ڈال کر آردچھوہارہ، آردنخود اور آردماش ڈال دیں۔نرم آنچ پر پکائیں جب دودھ نصف رہ جائے تو اس میں ستاور مسفوف اور نشاستہ گندم ڈال دیں اور گھوٹنے سے خوب گھوٹیں۔پھٹکیاں اُٹھنی شروع ہو جائیں تو گھی ڈال کر گھوٹنے سے متواتر ہلاتے جائیں۔ جب گھی علیحدہ ہوتا دیکھیں تو اس وقت چینی اور تمام کشتہ جات، تخم الائچی خورد مسفوف ملا کر پانچ منٹ گھوٹیں پھر تمام مغزیات بھی موٹے موٹے کوٹ کر ملا دیں پھر آگ بند کر کے شہد ملا دیں۔ کسی ائر ٹائیٹ شیشے کے جار میں محفوظ کر لیں

استعمال: ایک چمچ صبح ناشتے سے 30 منٹ پہلے اور شام کو ایک چمچ کھانے سے کم از کم 30 منٹ پہلے۔

فائدہ:بوڑھے،کمزور مرد وخواتین کی جسمانی و اعصابی کمزوری کو دور کرتا ہے۔اس معجون سے ایک ماہ میں سات آٹھ کلو وزن اور اتنی ہی طاقت بڑھتی ہے۔سردیوں کا خاص تحفہ ہے۔

احتیاط: اس معجون میں دو خرابیاں ہیں۔ایک تو یہ بہت مزیدار اس قدر ہے کہ آدمی مقدار سے زیادہ کھا جاتا ہے اور دوسروں سے بھی چھپانا پڑتی ہے۔لہٰذا مقدار خوراک سے تجاوز نہ کریں اور ساتھ کثرتِ ورزش کا معمول بنائیں۔نوجوانوں میں پچکے گال، رنگت کی خرابی، کمزوری، ناطاقتی دور کرنا تو اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔بہترین دماغی ٹانک ہے۔ظاہری اور پوشیدہ قوتیں بحال کرنے میں لاجواب ہے۔ جسم کو اتنی طاقت فراہم کرتا ہے کہ سوچ سے بھی زیادہ۔ جن کا جسم دبلا، پتلا، کمزور اور وزن کم ہے اس کے استعمال سے جسم میں طاقت، اعصاب مضبوط اور سرخ چہرہ ہوتا ہے

هوالشافی | **درد ھرنیا** | هوالکافی

نمبر	جزو	مقدار	نمبر	جزو	مقدار
1	زیرہ سفید	ہم وزن	2	مصری	ہم وزن

ترکیب: دونوں اجزاء ہم وزن لے کر باریک پیس لیں۔اور محفوظ کر لیں

ترکیب استعمال:1 چمچ صبح نہار منہ گھڑے کے پانی کے ساتھ

فوائد:1 چمچ صبح نہار منہ گھڑے کے پانی کے ساتھ

ھوالشافی — (1) ذکاوتِ حس — ھوالکافی

1	کشتہ قلعی پارہ والا خود ساختہ	30 گرام	7	تخم قنب	50 گرام
2	بند بیج	50 گرام	8	سمندر سوکھ	50 گرام
3	تخم کونچ (مدبر شدہ شیر گاؤ)	50 گرام	9	طباشیر نقرہ اصلی	50 گرام
4	تالمکھانہ	50 گرام	10	مغز تمر ہندی	50 گرام
5	تخم کاہو	50 گرام	11	الائچی خورد	25 گرام
6	موچرس	50 گرام	12	مصری	500 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کا پاوڈر بنالیں۔ پھر کشتہ قلعی پارہ والا مکس کرلیں۔

استعمال: صبح نہار مونہہ ایک بڑا چمچ ہمراہ کچی لسی استعمال کرائیں۔

ھوالشافی — (2) مولد منی / مغلظ منی — ھوالکافی

1	کشتہ چاندی در بہوپھلی	10 گرام	10	موصلی سفید	40 گرام
2	کشتہ سہ دھاتا خود ساختہ	10 گرام	11	موصلی سیاہ	40 گرام
3	تالمکھانا	40 گرام	12	پھول مکھانا	80 گرام
4	سمندر سوکھ	40 گرام	13	سنگھاڑا خشک	80 گرام
5	ستاور	40 گرام	14	تخم سریالہ	40 گرام
6	تخم اوٹنگن	20 گرام	15	تخم قنب	40 گرام
7	ثعلب پنجہ	40 گرام	16	چھلکا اسپغول	60 گرام
8	ثعلب مصری	40 گرام	17	مصری	250 گرام
9	شقاقل مصری	40 گرام			

ترکیب: تمام جڑی بوٹیوں کا پاوڈر بنالیں۔ پھر کشتہ جات اور چھلکا مکس کرلیں۔

استعمال: اس کی کھیر بنا کر استعمال کی جائے لیکن اگر کوئی نہیں کرتا تو بوقتِ عصر اور صبح ایک ایک چمچ بڑا ہمراہ نارمل دودھ دیں۔

ھوالشافی — (3) آبلہ انگیز طلاء — ھوالکافی

1	مغز جمال گوٹا	10 گرام	3	شیر مدار	10 گرام
2	ست اجوائن	10 گرام	4	ویزلین	200 گرام

ترکیب: سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ اب آپ کا آبلہ انگیز طلاء تیار ہے۔

استعمال: حشفہ سیون چھوڑ کر استعمال کریں۔ 2/4 بار استعمال کرنے سے چھوٹے چھوٹے دانے نکلیں گے۔ جب دانوں سے گندا مواد خارج ہوجائے تو مکھن وغیرہ استعمال کریں۔

ھوالشافی	(4) محرک ممسک	ھوالکافی

اب مریض کے اعضاءِ رئیسہ بھی بالکل تندرست ہیں۔ ذکاوتِ حس کا علاج بھی ہو چکا ہے۔ مادہ منویہ بھی پورا ہو چکا ہے۔ جو غلط کاریوں کی وجہ سے ضائع کیا تھا اور مادہ گاڑھا بھی ہو چکا ہے۔ عضوِ تناسل کی رگیں بھی کھل چکی ہیں۔ خون مکمل عضو میں پہنچ رہا ہے۔ اب مریض میں طاقت پیدا کرنے والی دوا کا استعمال کروایا جائے گا۔ ایسی دوا جو انتشارِ شہوت پیدا کرے اور امساک ٹائمنگ پیدا کرے اور ساتھ مقوی باہ طلاء کا استعمال کروایا جائے گا۔ نسخہ حاضرِ خدمت ہے۔

1	اذراقی مدبر	30 گرا		9	مغز تمر ہندی	20 گرام
2	کشتہ شنگرف اکسیری	30 گرام		10	فلفل سیاہ	20 گرام
3	جند بیدستر	20 گرام		11	فلفل دراز	20 گرام
4	ریگ ماہی	20 گرام		12	زنجبیل	20 گرام
5	زعفران	10 گرام		13	جلوتری	20 گرام
6	مغز بادام مقشر	100 گرام		14	لونگ	20 گرام
7	طباشیر	20 گرام		15	عقر قرحا	20 گرام
8	الائچی خورد	20 گرام				

ترکیب معروف طریقے سے معجون تیار کریں۔

استعمال: ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

ھوالشافی	(5) معجون مقوی	ھوالکافی

1	سم الفار	5 گرام		9	آب پیاز	300 گرام
2	بچھناک	30 گرام		10	روغنِ کچلہ (یا کچلہ ثابت 50 گرام)	100 گرام
3	چربی کوبرا	30 گرام		11	روغنِ زیتون	100 گرام
4	فلفل دراز	30 گرام		12	روغنِ مچھلی	100 گرام
5	جاوتری	30 گرام		13	روغنِ السی	50 گرام
6	مغز جائفل	30 گرام		14	روغنِ پستہ	50 گرام
7	قرنفل دیسی	30 گرام		15	روغنِ اخروٹ	50 گرام
8	کنجد سیاہ	30 گرام		16	گل مدار خشک	30 گرام

ترکیب: سب سے پہلے جڑی بوٹیوں کا پوڈر کریں۔ اس کے بعد تمام روغنیات مکس کر لیں۔ روغنی ہانڈی لیں اس میں سارا مال ڈال دیں اور گل حکمت کر لیں۔ خشک ہونے پر 5 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈی ہونے پر نکال لیں۔ سب جل کر راکھ ہو چکا ہوگا۔ طلاء چھان لیں۔ اب اس طلاء میں آب پیاز کھرل کر لیں اور چھانے ہوئے مال کو ضائع نہ کریں۔ بلکہ ویزلین ڈال کر مرہم تیار کر لیں۔ اب آپ کا ایک ہی نسخہ سے اعلیٰ درجہ کا کمال رزلٹ والا طلاء اور مرہم تیار ہو گئی ہے۔

ھوالکافی	اکسیر مقوی مثانہ	ھوالشافی

1	ہلیلہ زرد	ہم وزن		2	مغز کرنجوہ	

ترکیب: دونوں کو نہایت باریک مثل غبار کرلیجیے۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال : 2 تا 3 گرام صبح شام ہمراہ آب تازہ

فائدہ : کثرتِ پیشاب، ضعفِ مثانہ میں نہایت جید الاثر ہے۔ جسم کی گلٹیوں کو تحلیل کرتا ہے۔

ھوالکافی	تریاقِ سوزاک	ھوالشافی

1	سکہ	12 گرام		2	قلمی شورہ	25 گرام

ترکیب :سکہ کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ گرم ہونے پر قلمی شورہ کی چٹکی دیتے رہیے۔ اور نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہیے۔ جب شورہ ختم ہوجائے تو کڑاہی اُتار کر باریک پیس لیں۔ کپڑ چھان کرکے محفوظ کرلیں۔

استعمال : 125 ملی گرام (1 رتی) صبح وشام ہمراہ دودھ کی لسی دیں۔

فائدہ :سوزاک نیا ہو یا پرانا دونوں کے لیے جید الاثر ہے۔

ھوالکافی	اکسیرِ سوزاک	ھوالشافی

1	سرب ڈلی	12 گرام		2	گندھک آملہ سار	12 گرام

ترکیب :سرب کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیے۔ پگھل جانے پر گندھک آملہ سار باریک پاوڈر کرکے چٹکی دیتے رہیں۔ اور نیم کی لکڑی سے ہلاتے رہیے۔ جب خاک ہوجائے تو تیار ہے

استعمال : 250 ملی گرام (2 رتی) صبح وشام بیری کے پتے میں لپیٹ کردے دیں۔

فائدہ :نئے اور پرانے سوزاک کے لیے نہایت مفید الاثر دوا ہے۔

ھوالکافی	سفوف سین	ھوالشافی

1	آنبہ ہلدی	60 گرام		3	حجر الیہود	12 گرام
2	نبات سفید	84 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک مثل غبار کرلیجیے۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال : 4 گرام صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ آدھ کلو دیں۔

فائدہ : یہ پاوڈر نیا یا پرانا سوزاک ختم کرنے میں نہایت مفید ہے اور تجربہ شدہ ہے۔

ھوالشافی	پاور فل کیپسول	ھوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	جنسنگ اصلی	10 گرام	12	ستاور	10 گرام
2	لونگ	10 گرام	13	موصلی سیاہ	10 گرام
3	جلوتری	10 گرام	14	سنگھاڑے	10 گرام
4	دارچینی	10 گرام	15	اجوائن خراسانی	10 گرام
5	عقرقرحا	10 گرام	16	جواہر مہرہ خودساختہ	10 گرام
6	خراطین مصفی	10 گرام	17	مروارید ناسفتہ	15 گرام
7	گوند کتیرا	10 گرام	18	زعفران ایرانی	15 گرام
8	اسگندھ ناگوری	10 گرام	19	موصلی سفید	20 گرام
9	سلاجیت	10 گرام	20	ثعلب مصری	20 گرام
10	الائچی خورد	10 گرام	21	ثعلب پنجہ	20 گرام
11	جڑیان	10 گرام	22	شہد یا دیسی گھی	حسب ضرورت

ترکیب: سب کو پیس کر ملالیں۔500 ملی گرام کے کیپسول یا شہد، دیسی گھی کی مدد سے نخود ی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک کیپسول رات کھانے کے بعد نیم گرم دودھ کے ساتھ۔

فائدہ :زندگی بدل دینے والی دوائی ہے۔اس کے اجزاء ہی مونہہ بولتا ثبوت ہیں۔مقوی ءباہ محرک، کمی انتشار، اعصابی وجسمانی کمزوری، آلہ ءتناسل کی رگوں میں خون کی روانگی بڑھا کر کجی لاغری کو دُور کر کے آلہ ءتناسل کی لمبائی اور موٹائی میں اضافہ کرنے کے لیے مفید ہے۔مسک بھی ہے۔بالکل کسی بھی قسم کے سائیڈ ایفیکٹ سے مبرّ اعطیہ۔

☆انتشار اور ٹائمنگ کے لیے بہت اچھے رزلٹ کا حامل نسخہ ہے۔پہلے دن عضوِ خاص سخت لوہے کی طرح سختی انتشار، فل منی گاڑھی، ٹائمنگ میں لاجواب اضافہ کرتا ہے۔ایک ماہ استعمال کریں۔منی کو گاڑھی کر کے ٹائمنگ میں خوب اضافہ کرتا ہے۔عضوِ خاص کی مکمل گروتھ کرتا ہے۔کمر درد، جوڑوں کا درد، گنٹھیا، یورک ایسڈ ،مہروں کا درد چٹکیوں میں غائب ہو جائے گا۔کھوئی ہوئی طاقت پھر سے لوٹ آئے گی اس کے استعمال سے کھوئی ہوئی جوانی پھر سے 18 سال کی طاقت وتوانائی بحال کرتا ہے۔ اس کے بعد کسی دوا کی ضرورت نہیں رہے گی۔مجلوقین حضرات اس سے پہلے ذکاوتِ حس کا علاج کروائیں۔

شورہ کبدتی

نمبر	نام	وزن
1	گندھک آملہ سار	10 گرام
2	قلمی شورہ	10 گرام
3	فلفل سیاہ	3 گرام

ترکیب : سب کا باریک سفوف بنالیں۔**استعمال** :1 تا 4 گرام دن میں 4 بار ہمراہ پانی یا دودھ **فوائد** :ملین ہے، ہر قسم کی بواسیر ،سوزشِ جگر (c)،سوزاک، پرانی پیچش، نزلہ وزکام، کھانسی حاد (گرم)، امعائی بخار، بندش بول، چھپاکی (الرجی)، کثرتِ طمث (حیض)، درد گردہ، ریگ گردہ ومثانہ وپتہ، درد پتہ، دردِ دل وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔

هوالشافی | **لبوبِ خاص الخاص** | هوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	گوند کیکر	500 گرام	9	مغز اخروٹ	75 گرام
2	سنگھاڑہ خشک	500 گرام	10	مغز پستہ	75 گرام
3	چھوہارہ	1 کلو	11	ناریل	75 گرام
4	سونڈھ	12 گرام	12	خولنجاں	12 گرام
5	قرنفل	12 گرام	13	مغز جائفل	12 گرام
6	دارچینی	12 گرام	14	عقرقرحا	12 گرام
7	فلفل دراز	6 گرام	15	مغز چلغوزہ یا کاجو	75 گرام
8	مغز بادام	75 گرام	16	شہد یا گڑ	3 کلو

ترکیب : چھوہاروں کی گٹھلی دور کرکے پانی میں پکائیں ۔نرم ہونے پر گرائنڈ کرلیں ۔اب چھوہاروں کا پیسٹ اور شہد (یا گڑ) ملا قوام گاڑھا ہونے تک پکائیں ۔پھر باقی اشیا باریک پیس کر اچھی طرح ملا دیں ۔تیار ہے

خوراک:10 گرام ہمراہ دودھ ۔صبح خالی پیٹ۔

فوائد: نوجوانوں کے تمام جنسی مسائل جیسے جریان، ذکاوتِ حس، احتلام، مثانہ کی گرمی جیسے مسائل کو دور کرنا اس کا ادنیٰ سا کارنامہ ہے ۔ چائے پانی کی طرح پتلے مادہ منویہ کو تو چند دن میں غلیظ کرکے قوت باہ کو مضبوط کرتا ہے ۔

هوالشافی | **معجون مجلوقین** | هوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	تج	20 گرام	10	گوکھرو	20 گرام	19	خشخاش سفید	50 گرام
2	تالمکھانہ	20 گرام	11	ثعلب مصری	20 گرام	20	تودری سفید	15 گرام
3	موصلی سفید	20 گرام	12	طباشیر	20 گرام	21	بہمن سرخ	10 گرام
4	موصلی سیاہ	20 گرام	13	مغز نارجیل	50 گرام	22	بہمن سفید	10 گرام
5	تخم اوٹنگن	20 گرام	14	مغز چلغوزہ	50 گرام	23	الائچی کلاں	20 گرام
6	ستاور	20 گرام	15	مغز بادام	50 گرام	24	فلفل دراز	40 گرام
7	شقاقل مصری	20 گرام	16	مغز فندق	50 گرام	25	شہد	کل کا 3 گنا
8	دارچینی	20 گرام	17	مغز پستہ	50 گرام	26	تل سفید	50 گرام
9	بوچھلی	20 گرام	18	مغز حب الزلم	25 گرام			

ترکیب:تمام ادویات کا باریک سفوف بنا کر شہد اچھی طرح مکس کرلیں ۔

استعمال:5 گرام صبح وشام نہار منہ، ہمراہ نیم گرم دودھ ۔گرمیوں میں بغیر شہد 3/4 گرام سفوف استعمال کرسکتے ہیں ۔

فوائد: مشت زنی سے خود کو تباہ کرنے والوں کو بھوک نہ لگنا، جسم اور جوڑوں میں درد، تھکاوٹ اور سستی، نظر کمزور ہو جانا، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے، بالوں کا گرنا اور سفید ہونا، یادداشت خراب ہونا، کمی سپرم، عضو میں تناؤ نہ ہونا، عضو کا ٹیڑھا ہونا، مباشرت میں ٹائمنگ بالکل نہ ہونا، پیشاب کے ساتھ قطرے آنا، جلق، مشت زنی واغلام کے باعث کمزوری، جریان واحتلام، سرعتِ انزال وقوتِ باہ کے لیے نہایت مفید ومجرب دوا ہے ۔

هوالشافی — **سفوف مغلظ جدید** — هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نمبر	نام	وزن
1	تخم کونچ مدبر	100 گرام	11	جِنسنگ	40 گرام
2	ثعلب مصری	40 گرام	12	تخم سرس	50 گرام
3	گوند کیکر	40 گرام	13	بہمن سفید	40 گرام
4	ثعلب پنجہ	40 گرام	14	پھلی ببول	60 گرام
5	زعفران	5 گرام	15	اصل السوس (ملٹھی)	50 گرام
6	تخم سریالہ	60 گرام	16	تالمکھانہ	30 گرام
7	موصلی سفید	40 گرام	17	بیج بند	30 گرام
8	مصطگی	20 گرام	18	سمندرسوکھ	30 گرام
9	تخم اوٹنگن	30 گرام	19	تخم لاجونتی	30 گرام
10	الائچی خورد	80 گرام	20	مصری	250 گرام

ترکیب: تخم کونچ کو بکری کے دودھ میں مدبر کر کے خشک کر لیں اور سب کا سفوف بنا کر شامل کر لیں۔

استعمال: صبح و شام خالی پیٹ ایک چمچ چائے والا نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فائدہ: جریان، احتلام، پیشاب کے قطروں کے لیے مفید ہے، ہر عمر کے افراد کے لیے موزوں ہر عتِ انزال کا خاتمہ کر کے ٹائمنگ میں مستقل اضافہ کرتا ہے، شوگر، بلڈ پریشر اور دل کے مریض بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ پانی کی طرح پتلی منی کو بھی زیادہ گاڑھا کرتا ہے۔ مادہ منویہ کی کمی کو پورا کرتا ہے۔ سپرم کاؤنٹ میں اضافہ کرتا ہے۔ لذتِ جماع میں اضافہ اور قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ مشت زنی، کثرتِ مباشرت اور دیگر غلط کاریوں سے ہونے والی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

هوالشافی — **طلاء مالکنگنی** — هوالکافی

نمبر	نام	وزن	نام	وزن
1	عروسک	12 گرام	دارچینی	60 گرام
2	عقرقرحا	25 گرام	جند بیدستر	6 گرام
3	لونگ	30 گرام	سم الفار	12 گرام
4	جلوتری	30 گرام	روغن زیتون	450 گرام
5	مالکنگنی	60 گرام		

مشت زنی سے ہونے والے نقصان کے ازالے کے لیے بہترین نسخہ

ترکیب: سم الفار کو باریک کر کے 2 کلو دودھ میں ملا دیں۔ ضامن لگا کر مکھن نکالیں اور روغن بنا لیں۔ باقی اشیاء جوکوب کر کے روغن زیتون میں 24 گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔ اس کے بعد ہلکی آنچ پر چیزوں کو جلائیں۔ آخر میں روغن سم الفار شامل کر کے نیچے اُتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کر لیں۔ بہترین طلاء تیار ہے۔

فائدہ: عضو میں سختی لاتا ہے، لاغری، سستی دور کرتا ہے۔ لمبائی اور موٹائی میں خاطر خواہ اضافہ کرتا ہے۔ ٹیڑھا پن ختم کرتا ہے۔ کوئی آبلہ وغیرہ نہیں ڈالتا ہے۔

هوالشافی — طاقت کا خزانہ/ دوائے شنگرف — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	شنگرف رومی	12 گرام	7	دار چینی	6 گرام
2	جائفل	12 گرام	8	جاوتری مکد	6 گرام
3	عروسک مکد	12 گرام	9	زعفران	3 گرام
4	فلفل سیاہ	25 گرام	10	پیاز سفید	100 گرام
5	قرنفل	6 گرام	11	مویز منقیٰ	60 گرام
6	الائچی کلاں	6 گرام			

ترکیب :شنگرف کو آب پیاز سفید میں کھرل کریں۔پھر فلفل سیاہ کے ہمراہ سحق بلیغ مثل غبار کر لیں ۔باقی ادویہ کا سفوف الگ الگ بنا کر اس میں شامل کر دیں۔منقی بغیر بیج میں شامل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

خوراک و فوائد :☆لقوہ و فالج کے لیے شوربہء مرغ یا عسل (شہد) کے ہمراہ دیں۔☆امساک کے لیے مکھن کے ہمراہ ☆وجع المفاصل کے لیے چرب لقمہ کے ساتھ۔مقوی باہ کے لی بالائی کے ساتھ۔اعصابی کمزوری کے لیے دودھ کے ساتھ۔بھروسہ کے ساتھ استعمال کریں۔ان شاءاللہ مکمل صحت ہوگی۔

هوالشافی — معجون جوانی — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	موصلی سفید	50 گرام	11	تالمکھانہ	20 گرام
2	خولنجاں	50 گرام	12	ثعلب پنجہ	20 گرام
3	اسگندھ	50 گرام	13	تخم اوٹنگن	20 گرام
4	ثعلب مصری	50 گرام	14	گوکھرو مدبر	20 گرام
5	مغز پنبہ دانہ	40 گرام	15	فلفل سیاہ	20 گرام
6	عقر قرحا	20 گرام	16	زنجبیل	20 گرام
7	تخم کونچ	20 گرام	17	الائچی خورد	15 گرام
8	گوند کیکر بریاں	20 گرام	18	انڈے کی زردیاں	20عدد
9	شقاقل مصری	20 گرام	19	زعفران	7 گرام
10	ستاور	20 گرام	20	شہد خالص	1200 گرام

ترکیب :تمام ادویات کو باریک سفوف کر کے روغنِ زرد میں چرب کریں۔زعفران الگ عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے شامل کریں۔شہد ملا کر اچھی طرح مکس کر لیں۔معجون جوانی تیار ہے۔

استعمال:5 گرام صبح و شام خالی پیٹ ہمراہ دودھ نیم گرم آدھا کلو۔

فوائد: جوانی،طاقت،فٹنس کے متلاشی حضرات کے لیے ہے۔عام جسمانی و اعصابی کمزوری و مردانہ کمزوری کو دور کرتا ہے۔عضوِ مخصوص کی کمزوری و لاغری،ڈھیلاپن،شہوت کی کمی کو دور کرتا ہے۔انتشار،تختی اور تناؤ بے مثال۔سرعتِ انزال کا خاتمہ،امساک بے تحاشہ پیدا کرتا ہے۔ذیابیطس شوگر کی وجہ سے ہونے والی پٹھوں کی کمزوری اور قوتِ باہ کی کمی کو دور،جسم سے سستی نقاہت،تھکاوٹ کا خاتمہ۔یہ معجون بالکل ناکارہ کمزور مردوں کا مکمل علاج ہے

ھوالکافی	مردانہ طاقت	ھوالشافی

1	کیلے کی پھول والی کلی	2 کلو	4	ناریل گری	250 گرام
2	مغز بادام	250 گرام	5	گھی دیسی	250 گرام
3	چاروں مغز	250 گرام	6	دودھ گائے	5 کلو
				مصری	500 گرام

ترکیب: کیلے کی پھلی کو گرائنڈ کرلیں۔ دودھ میں ڈال کر پکائیں۔jجب کھیر جیسا گاڑھا ہو جائے تو 2,3,4 نمبر اور مصری کو اچھی طرح کوٹ پیس کر ملا دیں۔ جب کھویا بن جائے اور پانی مکمل خشک ہو جائے تو اتار لیں۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک چمچ صبح و شام ہمراہ دودھ خالی پیٹ استعمال کرائیں۔

فائدہ: مردانہ کمزوری کے لیے نہایت تسلی بخش، لاجواب دوا ہے۔

ھوالکافی	طلاء خاص (عاشق صاحب)	ھوالشافی

1	سفید پیاز	500 گرام	8	لونگ	50 گرام
2	روغنِ کنجد	500 گرام	9	سبز مرچ	20 گرام
3	روغنِ زیتون	500 گرام	10	چربی ریچھ	10 گرام
4	خراطین	100 گرام	11	چربی شیر	10 گرام
5	جونک	100 گرام	12	چربی سئور	20 گرام
6	مال کنگنی	50 گرام	13	تیل سانڈھا	20 گرام
7	دارچینی	50 گرام			

ترکیب: چربی اور سانڈھے کے تیل کے علاوہ باقی اجزاء کو تیلوں میں 12 گھنٹے بھگو کر جلا دیں۔ جب جل جائیں تو سانڈھے کا تیل اور سب چربی کو گرم کر کے حل کر دیں۔

استعمال: 2 تا 3 قطرے حشفہ اور عضوِ تناسل کے نیچی والے حصے کو چھوڑ کر اوپری اور سائڈ پر لگائیں۔ اس سے پہلے زیر ناف بالوں کی صفائی کرلیں۔ عضوِ تناسل کی جڑ سے اوپر کے حصہ پر بھی طلاء لگا کر بالکل نرمی سے مالش کریں

احتیاط: طلاء لگانے کے بعد ہمبستری ہرگز نہ کریں۔ طلاء کی ہاتھ سے مالش کے بعد ہاتھ کو نیم گرم پانی سے دھولیں۔ ٹھنڈا پانی ہرگز استعمال نہ کریں اور نہ ہی ٹھنڈا پانی پینا ہے۔ صبح عضوِ تناسل کو گرم پانی سے دھولیں۔

ھوالشافی	معجون مغلظ نقرئی	ھوالکافی

نمبر	نام	وزن		نمبر	نام	وزن
1	مغز پستہ	50 گرام		9	تالمکھانہ	50 گرام
2	مغز اخروٹ	50 گرام		10	مغز جیا پوتا	50 گرام
3	مغز بادام	50 گرام		11	مغز بھنڈی	50 گرام
4	موصلی سفید	50 گرام		12	مغز بنولہ	50 گرام
5	ثعلب پنجہ	50 گرام		13	الائچی خورد	20 گرام
6	ثعلب مصری	50 گرام		14	فلفل سیاہ	30 گرام
7	مغز تخم کونچ	50 گرام		15	کشتہ مروارید	10 گرام
8	تخم اوٹنگن	50 گرام		16	کشتہ نقرہ	10 گرام
				17	خالص شہد	سب کا 3 گنا

ترکیب: تمام اجزاء کو اچھی طرح چھان کر صاف کر کے ہاون دستے میں ڈال کر ایک ایک کر کے کوٹیں۔ جب بالکل یکجان ہو جائے تو کشتہ جات ملا لیں۔شہد ملا کر بطریق معجون بنا لیں۔

استعمال: 1/1 چمچ صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں اور زندگی کا لطف اُٹھائیں۔

فوائد: خشک گرم اور گرم خشک سے پیدا ہونے والی بیماریوں اور کمزوریوں کو دور کرنے میں بے مثال ہے۔حتیٰ کہ شوگر کے مریضوں کو بھی قابلِ قدر فائدہ ہوتا ہے۔جسم انسانی میں مادہ تولید کی کتنی ہی کمی کیوں نہ ہو۔اس کے چند ہفتے مستقل استعمال سے مادہ تولید بکثرت پیدا ہو کر قوتِ باہ بحال ہو جاتی ہے۔اگر گرمی خشکی کی وجہ سے سرعتِ انزال ہو تو اس سے ایک ہفتے میں نمایاں فرق محسوس ہوتا ہے۔ عضلات گرمی کی زیادتی سے تحلیل ہو جاتے ہیں۔انسان کی انتشار اور بے رغبتی کا شکار ہو جاتا ہے۔عضوِ خاص میں سختی بالکل نہیں رہتی۔ معجون مغلظ کے استعمال سے یہ خرابی دور ہو کر درست ہو کر انتشارِ قوت اور سختی بحال ہو جاتی ہے۔

اگر آپ نے بے دردی سے خود کو اپنے ہاتھوں ضائع کیا ہے۔قوت نام کی چیز باقی نہیں ہے۔ ہر طرح کا علاج کروا کے قاصر ہو چکے ہیں تو پابندی سے دیگر لوازمات اور طریقہ علاج کو مدِ نظر رکھ کر اس معجون کو استعمال کریں۔ان شاء اللہ دل خوش ہو جائے گا۔

جلق، مشت زنی کی وجہ سے ہونے والی جسمانی کمزوری، چہرے کا رنگ پیلا پڑنا، پچکے گال اور خاص طور پر اعصابی یعنی دماغی کمزوری، نسیان (بھول جانا)، کسی کام کاج کو دل نہ کرنا، پٹھوں کا درد اور کھچاؤ، گھٹنوں سے آوازیں آنا، ٹینشن، ڈپریشن کا ہونا۔ان سب امراض کا شافی علاج ہے۔لیکن شرط یہ ہے کہ کچھ عرصہ پابندی سے اس کو استعمال کیا جائے۔

ایسے مریض جن کو اعصابی تسکین کی وجہ سے جماع کرنے میں بالکل لذت محسوس نہیں ہوتی اس کے استعمال سے جماع کی لذت دوبالا ہو جاتی ہے۔

سپرمز کی کمی کو پورا کرتی ہے۔غدود کی سوزش کو دور کر کے سرعت کا خاتمہ کرتی ہے۔گردوں اور مثانے کو طاقت دے کر قوت میں اضافہ کرتی ہے۔۔مولد رطوبات صالح ہیں۔چہرے کی چمک اور خوبصورتی کو بحال کرتی ہے۔سوزاک کے لیے مفید ہے منی کو شہد کی طرح گاڑھا کرتی ہے۔کمزور نوجوان لڑکے لڑکیوں کے لیے بہترین تحفہ ہے۔

ھوالشافی	طلسمی راز	ھوالکافی

1	ہڑتال ورقیہ اعلیٰ	10 گرام		3	لیموں کا رس	حسبِ ضرورت
2	فلفل سیاہ	20 گرام				

ترکیب: پہلے ہڑتال ورقیہ کو لیموں کے پانی یا اکیلی اتنا صلایہ کریں کہ مثل غبار ہو کر چمک ختم ہو جائے۔ پھر فلفل سیاہ کو پیس کر علیحدہ اتنا کھرل کریں کہ رڑک ختم ہو کر مثل غبار ہو جائے۔ اب فلفل سیاہ کے صلایہ میں تھوڑی تھوڑی ہڑتال ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ دونوں چیزیں آپس میں مل جائیں اور ساری دوا مثل غبار ہو جائے۔

استعمال : ایک چاول تا ایک رتی تک استعمال کرا سکتے ہیں۔ ایک چمچ چینی پر ایک چاول سے ایک رتی تک حسبِ عمر، جنس و مرض ڈال کر کھانے کے بعد چبا کر صبح و شام کھلا دیں۔

فوائد : مندرجہ ذیل تمام امراض میں استعمال کرا سکتے ہیں۔ خارش، داد، چنبل، بدہضمی، اختلاجِ قلب، سستی، کاہلی، تیزابیت، دل پر بوجھ، گھبراہٹ، تبخیرِ معدہ، آنتوں کا خمیر، خشک خارش، پھنسی پھوڑے، ہونٹ اور ایڑیوں کا پھٹنا، سرسام، کانوں میں شور، بادی بواسیر، مسّے، نواسیر، بھگندر، چہرے کی رنگت کا سیاہ ہونا، دانتوں کا بوسیدہ ہونا، دانت درد، دانتوں کا کیڑا لگنا، فیٹی لیور، کولیسٹرول، باؤ گولہ، عرق النساء، جوڑوں کا درد، پیشاب کی کثرت، خصیوں اور آلہءِ تناسل کا سکڑ کر کم ہو جانا، ریاحی درد، بازو اور ٹانگیں دبانے سے ڈکاروں کا اخراج، بال گرنا، بالچر، رحم کی رسولیاں، پیپ والے دانے، کینسر جیسے موذی امراض کے لیے انتہائی مفید ہے۔ پتے کی پتھری کے لیے انتہائی مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے علاوہ بھی بہت سے امراض پر کام کرتا ہے۔ یہاں مختصراً بتا دیا گیا ہے۔ اس سفوف کے 100٪ رزلٹ ہیں۔

مزاج کے اعتبار سے یہ خشک سرد اور خشک گرم مزاج یعنی سوداوی امراض میں جتنے بھی مرض ہیں اس دوا سے ختم ہو سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ۔ بشرطیکہ معالج قابل ہو۔ معالج مریض اور مرض کی نوعیت کے مطابق مناسب موقع پر درست مقدارِ خوراک استعمال کرانے کی استطاعت رکھتا ہو۔

نوٹ: اس دوا کو 20/25 دن سے زیادہ لگاتار استعمال نہ کرائیں۔ مزید استعمال کرانا مقصود ہو تو ہفتہ دس دن کے وقفے سے دوبارہ استعمال کرا سکتے ہیں۔

ھوالشافی	بے اولادی/ زیرو سپرم	ھوالکافی

بے اولادی زیرو سپرم کی ایک بڑی وجہ ویریکوسل یعنی خصیوں میں درد، سوزش، گچھا بن جانا یا رگیں بند ہو جانا۔ جس کی وجہ سے سپرم گروتھ یا پروڈکشن نہیں ہو پاتی۔ مسئلہ کچھ ہوتا ہے اور حکیم علاج کچھ کر رہے ہوتے ہیں۔ جب بھی سپرم پروڈکشن کی دوا استعمال کریں اور رزلٹ نہ ملے تو فوری خصیوں کا ٹیسٹ کروائیں۔ یہ مسئلہ دن بدن بڑھ رہا ہے

ترکیب: دیسی انڈوں کی زردیاں لیں۔ ان کا تیل نکال لیں۔ تیل خالص ہونا شرط ہے۔ پھر یہ کام کرے گا۔

استعمال: مزکورہ تیل کی خصیوں پر مالش کریں۔ چند دن استعمال کرائیں۔ پھر جا کر ٹیسٹ کرائیں۔ ان شاء اللہ دعائیں دیں گے

هوالشافی — # معجون مجلوقین — هوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	بچ	20 گرام	10	مغز بادام	50 گرام	19	الائچی کلاں	20 گرام
2	تالمکھانہ	20 گرام	11	مغز حب الزلم	25 گرام	20	دارچینی	20 گرام
3	موصلی سفید	20 گرام	12	مغز فندق	50 گرام	21	بوچھلی	20 گرام
4	موصلی سیاہ	20 گرام	13	مغز پستہ	50 گرام	22	گوکھرو	20 گرام
5	تخم اوٹنگن	20 گرام	14	تل سفید	50 گرام	23	ثعلب مصری	20 گرام
6	ستاور	20 گرام	15	خشخاش سفید	50 گرام	24	طباشیر	20 گرام
7	شقاقل مصری	20 گرام	16	تودری سفید	15 گرام	25	فلفل دراز	40 گرام
8	مغز نارجیل	50 گرام	17	بہمن سرخ	10 گرام	26	شہد خالص	کل کا 3 گنا
9	مغز چلغوزہ	50 گرام	18	بہمن سفید	10 گرام			

ترکیب :تمام ادویہ کا باریک سفوف بنالیں ۔بعد میں اچھی طرح شہد ملا کر معجون بنالیں ۔

خوراک:سردیوں میں 5 گرام صبح وشام ۔نہار مونہہ ہمراہ نیم گرم دودھ

گرمیوں میں سفوف استعمال کرسکتے ہیں شہد کے بغیر ۔3 تا 4 گرام اگر سفوف ہوتو ۔

فوائد: مشت زنی سے خود کو تباہ کرنے والوں کے لیے کہ جس سے عضو میں صحیح تناؤ کا پیدا نہ ہونا ۔مباشرت میں دورانیئے کا بالکل نہ ہونا ۔مادہ منویہ میں Sperm Count کا کم ہو جانا، پیشاب کے ساتھ قطرے آنا(عضو کا ٹیڑھا پن، جنسی کمزوری کی وجہ سے جسمانی کمزوری کا ہونا، بھوک کا نہ لگنا، تھکاوٹ، سستی نظر کمزور ہو جانا آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ہو جانا، بالوں کا گرنا اور سفید ہونا، جسم میں Metabolism کا ٹھیک کام نہ کرنے کی وجہ سے معدہ و جگر کی کارکردگی پر منفی اثرات، یادداشت (Memory Loss) کم ہو جانا) اس کے نقصانات میں شامل ہیں ۔یہ معجون مجلوقی جلق مشت زنی، سرعتِ انزال وقوتِ باہ کے لیے نہایت مفید ومجرب معجون ہے ۔

جب تک آپ Cause Of Action کو ختم نہیں کریں گے ۔آپ جو دوا مرضی استعمال کرلیں ۔کوئی فائدہ نہ ہوگا ۔مشت زنی پر قابو پانے کے لیے پہلے آپ کو مضبوط قوتِ ارادی کی ضرورت ہے ۔یعنی اپنے اوپر جبر کرنا سیکھیں ۔تمام ایسی عادات، اور ایسی محفلوں سے خود کو دور رکھیں ۔اپنے دماغ کو مثبت پہلوؤں کی جانب راغب کریں ۔ ہر وقت یہ سوچیں کہ میں نے اس الت سے جان چھڑانی ہے ۔جلدی سوئیں، جلدی جاگیں ۔جب بھوک لگے تو صحت مند خوراک کھائیں ۔فروٹ جوس، پھل اور خون پیدا کرنے والی اشیاء کا استعمال کریں ۔واک کو اپنی عادت بنائیں ۔ڈاکٹر کے مشورہ سے ملٹی وٹامن کا استعمال کریں ۔جنک فوڈ یعنی برگر پیزا اور گیس والی بوتلیں مت استعمال کریں ۔گوشت، دیسی مرغ، مچھلی کھائیں سبز پتوں والی سبزیاں پالک میتھی وغیرہ پکا کر کھائیں ۔حلیم کی طرز پر مکس دالیں کھائیں ۔شہد، کھجور، دودھ کا متوازن استعمال کریں ۔صفائی کا خاص خیال رکھیں ۔مذہبی رجحان اپنائیں ۔

یاد رکھیں جب تک آپ مکمل فٹ نہ ہوں شادی مت کریں ابھی تو آپ اس مصیبت سے دوچار ہیں اپنی لائف پارٹنر کو اس کی سزا نہ دیں ۔

ھوالشافی	سفوف گولڈ				ھوالکافی
1	موصلی سفید	10 گرام	20	تودری سفید	10 گرام
2	موصلی سیاہ	10 گرام	21	اسگندھ	10 گرام
3	ثعلب مصری	10 گرام	22	تودری سرخ	10 گرام
4	دانہءالائچی خورد	10 گرام	23	دارچینی	10 گرام
5	کشتہ صدف	3 گرام	24	اجوائن خراسانی	10 گرام
6	مغز کونچ	10 گرام	25	عقرقرحا	10 گرام
7	فلفل دراز	10 گرام	26	جائفل	10 گرام
8	گوندببول	10 گرام	27	موچرس	10 گرام
9	بہمن سفید	10 گرام	28	سروالی	10 گرام
10	بہمن سرخ	10 گرام	29	مال کنگنی	10 گرام
11	ثعلب پنجہ	10 گرام	30	لونگ	10 گرام
12	گوند کتیرا	10 گرام	31	چھلکا اسپغول	150
13	لاجونتی	10 گرام	32	کشتہ چاندی	3 گرام
14	کمرکس	10 گرام	33	زعفران	6 گرام
15	سنگھاڑا	10 گرام	34	کشتہ بیضہءمرغ	10 گرام
16	سمندرسوکھ	10 گرام	35	کشتہ قلعی	3 گرام
17	ستاور	10 گرام	36	کشتہءمرجان	3 گرام
18	جلوتری	10 گرام	37	کوزہ مصری	250 گرام
19	تالمکھانہ	10 گرام	38	اسپند	10 گرام

ترکیب: سب ادویہ کوپیس کرمثل غبار بنالیں اوراچھی طرح مکس کرلیں۔سفوف گولڈن تیار ہے۔شوگر کے مریض کوزہ مصری نہ ڈالیں۔تمام اجزاء کاخالص ہوناضروری ہے۔

استعمال: ہائی بلڈ پریشر اورشوگر کے مریض بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ایک چمچ رات کوسونے سے پہلے ہمراہ دودھ نیم گرم دیں۔

فائدہ: شوگر کے مریضوں کے لیے تحفہءنایاب ہے۔بے شمار مردانہ مسائل کاحل،بےاولادی کے مسئلے کوختم کردیتا ہے۔یہ نسخہ لائف ٹائم کام کرتا ہے۔گرم مزاج کی وجہ سے ٹائمنگ بڑھانااس کاادنہ ساکرشمہ ہے۔یہ نسخہ ہرموسم میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔اس نسخہ کو 18 سے 90 سال کامرداستعمال کرسکتا ہے۔اس نسخہ کاایک بھی سائیڈ ایفیکٹ نہیں ہے۔ہرقسم کی مردانہ کمزوری کوجڑ سے ختم کردیتا ہے،بالوں کوقبل ازوقت سفید ہونے سے بچاتا ہے،شوگر کے جومریض مایوس ہوچکے ہوں اسے ایک بارضروراستعمال کریں۔دماغ کی کمزوری کودور کرتا ہے۔سفوف گولڈ بےاولادجوڑوں کے لیے تحفہ ہے۔سپرمز کی پیدائش کوبڑھاتا ہےاورآدمی کوقابل اولادبناتا ہے۔عضوِ خاص میں حددرجہ سختی پیدا کرتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر فتق(ھرنیا)	ھوالکافی

1	برگ مدار سبز	4 تولہ	2	روغن کنجد	8 تولہ

ترکیب: برگ مدار کو روغن کنجد میں جلالیں۔اور خوب پیس کر مرہم کی طرح تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: فوطوں پر ضماد کرکے اوپر کسی کپڑے سے باندھ دیں۔

فوائد: فتق کے لیے اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر اعلیٰ	ھوالکافی

1	اذاراقی مدبّر (کچلا)	30 گرام
2	شنگرف رومی (مدبر در آب لیموں ۔ چمک ختم کرلیں)	10 گرام
3	ایلوا	10 گرام
4	فلفل سیاہ	10 گرام
5	آب ادرک	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک کر کے آب ادرک میں حبِ نخودی بنالیں

خوراک: ایک سے دو گولی دن میں دو مرتبہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کریں.

فوائد: بدہضمی، کھانسی، قبض، بندش حیض، درد کمر، ضعفِ باہ، گنٹھیا اور جوڑوں کے دردوں میں نہایت ہی مفید الاثر ہے۔

ھوالشافی	اکسیری نسخہ	ھوالکافی

اجزاء

1	بھلانواں	10 گرام
2	تِل سیاہ	10 گرام
3	مغز بادام	10 گرام
4	گری ناریل	10 گرام
5	مغز اخروٹ	10 گرام
6	مصری	80 گرام

ترکیب : بھلانواں کی ٹوپی اُتار کر باریک (ملائی کی طرح) کوٹ لیں (بھلانویں کی ٹوپی اُتارنے کے لیے تیز چھری کا استعمال کر لیں ۔ٹوپی اُتارتے وقت چھری کے ساتھ لگ جانے والے اس کے شہد کو ہاتھ سے نہ لگنے دیں)۔پھر بھلانویں میں باری باری تھوڑی تھوڑی دوسری چیزیں ڈال کر باریک رگڑائی کرتے جائیں (یاد رہے کہ پہلے کوئی ایک جزو تھوڑا تھوڑا ڈال کر شامل کریں اور رگڑیں۔ جب ایک جزو ختم ہو جائے تو دوسرا شروع کریں) اسی طرح تمام اجزا باری باری رگڑائی کر کے شامل کرتے جائیں۔اکٹھے ہرگز شامل نہ کریں۔

(**ضروری احتیاط**): بھلانویں کو کوٹتے وقت اس کی چھینٹ جسم پر نہ پڑے۔بے احتیاطی کرنے سے سخت الرجی ہو سکتی ہے۔ خدانخواستہ الرجی ہو جانے کی صورت میں مریض کو زیادہ سے زیادہ تل چبوائیں یا تلوں کا تیل پلائیں۔یا تلوں کے تیل میں تل کر کوئی چیز کھلائیں مثلاً پکوڑے وغیرہ۔اور متاثرہ حصہ پر تلوں کے تیل کی مالش کریں۔خشک کھانسی میں استعمال نہ کرائیں۔

خوراک :1 گرام خوراک کھانے کے بعد ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت لیں۔مقررہ خوراک سے ہرگز تجاوز نہ کریں۔

فوائد: غیر ضروری موٹاپا، کثرتِ بول، نسیان، دماغی کمزوری، قبض، بلغمی کھانسی، بلغمی دمہ، نزلہ، زکام، فالج، لقوہ، جسمانی دردیں، گنٹھیا ، جوڑوں و کمر کا درد، تمام بلغمی امراض میں استعمال کرایا جاسکتا ہے۔

ھوالشافی	امرت دھارا	ھوالکافی

اجزاء:

ست پودنیہ	1 تولہ
کافور	2 تولہ
ست اجوائن	1تولہ

ترکیب : تمام اجزاء کوعلیحدہ علیحدہ پیس کر بوتل میں ڈال لیں۔ کچھ دیر کے لیے دھوپ میں رکھ دیں۔ خود ہی تیل بن جائے گا

استعمال : (1) نزلہ زکام،سر درد کے لیے 2 بوند پیشانی پر مالش کریں (2) کان درد میں پانچ بوند روغن کنجد اور ایک بوند امرت دھارا ملا کر نیم گرم 2/2 بوند کان میں ڈالیں (3) چوٹ کی جگہ 2 بوند مالش کریں فوراً آرام ہو گا۔ (4) خارش پر روغن سرسوں میں ملا کر مالش کریں (5) اسی طرح دھدری Ring Worm ، چنبل پر لگائیں (6) مچھر، بھڑ، مکھی، بچھو کے کاٹے پر لگائیں سوزش اور جلن ختم ہو جائے گی (7) دانت درد میں پھاہا میں لگا کر داڑھ میں رکھ دیں اور رال گرائیں (8) دو بوند بتاشے میں ڈال کر بچوں کو کھلانے سے پیٹ کے کیڑے ختم ہو جائیں گے۔ (9) گلے کے درد کے لیے چند بوند گلے پر مالش کریں۔ (10) کھانسی کے لیے 2/3 بوند آدھے گلاس پانی میں ڈال کر پلائیں۔ (11) پیٹ کے درد کے لیے 2/3 بوند آدھے گلاس پانی میں ڈال کر پلائیں۔ (12) قے یا پیچش کے لیے 2/3 بوند آدھے گلاس پانی میں ڈال کر پلائیں (13) دمہ کے مریض کا اگر سانس ڈوب رہا ہے/ سانس لیتے وقت سیٹیاں بج رہی ہوں/ سانس لینے میں دقت ہو تو 3 بوند 2 گھونٹ تازہ پانی میں حل کر کے پلائیں فوراً آرام ہو گا۔ (14) درد گردہ میں درد کے مقام پر چند قطروں کی مالش کریں۔ 2 / 3 قطرے آدھا گلاس پانی میں ملا کر پلائیں۔ درد سے فوراً آرام ہو گا.

ھوالشافی	بیش بہا اکسیری تیل	ھوالکافی

اجزاء

1	پوست بیخ کنیر سفید	5تولہ
2	پوست بیخ کنیر سرخ	5تولہ
3	شیر گاؤ	5 کلو
4	شیر مدار (آک کا دودھ)	10تولہ
5	آب برگ دھتورہ	10تولہ
6	روغن کنجد	10تولہ

ترکیب : پوست بیخ کنیر سرخ وسفید ہر دو تازہ حاصل کر کے چھل لیں اور پانچ کلو شیر گاؤ میں ڈال کر جوش دیں اور بستور دہی جما کر مکھن نکال لیں۔ اس مکھن کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا شیر مدار ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ کھرل کرتے کرتے 10 تولہ شیر مدار شامل ہو جائے۔ بعد ازاں آب برگ دھتورہ اور روغن کنجد دونوں کو علیحدہ ملا کر آگ پر رکھیں۔ یہاں تک کہ پانی جل کر تیل باقی رہ جائے۔ اب اس کو مکھن والی دوائی میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو شیشی میں سنبھال رکھیں۔

جاری ہے

اس لیے عام فہم طریقہ میں عرض کی جاتی ہیں تاکہ استعمال کرنے میں سہولت رہے۔

استعمال و فوائد: امراضِ دماغ: (1) مرگی اور شقیقہ، بند نزلہ کے لیے کاپھل میں ملا کر دیں یا ویسے ہی بطور نسوار استعمال کریں۔(2) **امراضِ کان:** کان درد ، پیپ آنا ، بہرہ پن میں قدرے سرسوں کا تیل ملا کر نیم گرم کر کے 2/2 قطرے روزانہ ڈالیں۔ (3) **امراضِ فسادِ خون:** دھدری، چنبل ،خارش، پھوڑے پھنسی وغیرہ کے لیے اوپر لگائیں نیز اندرونی طور پر 3 قطرے تک چینی یا حلوہ میں ملا کر دیں۔ چند یوم کے استعمال سے فسادِ خون دور ہو کر خون صاف ہو جائے گا ۔جذام تک کو مفید ہے۔ نیز ورم طحال (تلی کا ورم)، ورم جگر (ہیپاٹائٹس)، باؤ گولہ (ہسٹریا)، استسقاء (پیٹ میں پانی پڑنا)، کرم شکم اور ہیضہ کے لیے ایک سے دو بوند تک پتاشہ میں کھلا کر اوپر سے مناسب عرق یا شربت دیا کریں مثلاً ورم جگر میں عرق مکوہ یا عرق کاسنی ۔اور ہیضہ کے لیے عرق پودینہ میں دیں۔ (4) **عصبی امراض:** فالج ،لقوہ ،رعشہ ،تشنج وغیرہ میں مالش کریں اور کھلائیں ۔(5) **بواسیر:** دو قطرے یومیہ بالائی یا مکھن میں دیا کریں اور ہر روز قضائے حاجت کے بعد مقعد کے اوپر ملا کریں۔ چند روز میں مٹے نیست و نابود ہو جائیں گے۔ (6) **بخار:** وہ بخار جو لرزہ سے آتے ہوں یا جو نوبت سے تیسرے یا چوتھے روز آتے ہوں ان سب کے لیے بخار سے دو گھنٹہ پیشتر دے دینے سے شرطیہ بخار رک جاتا ہے۔ (7) **زخم:** روغن مذکورہ ایک حصہ، روغن کنجد تین حصہ ملا کر زخموں پر لگایا کریں۔(8) **درد ہر قسم:** اگر کسی متورم جگہ پر روغن مذکور کی مالش کر دی جائے تو ورم تحلیل ہونے پر ہو گا تو اسی وقت تحلیل ہو جائے گا ورنہ پھوٹ جائے گا۔(9) **تریاقی اثر:** بھڑ، ہتیا (کابلی بھڑ)، مکھی، بچھو کے کاٹے کی جگہ مالش کر دینے سے نہ صرف یہ کہ تکلیف دور ہو جاتی ہے بلکہ ورم بھی نہیں ہونے پاتا۔ (10) **پتھری:** خواہ گردہ میں ہو یا مثانہ میں اس کی دو تین بوند جو کھار میں رکھ کر کھلانے سے اور اوپر مالش کرنے سے چند روز میں ریزہ ریزہ ہو کر نکل جائے گی ۔ (11) **غلط کاریاں:** ایسے لوگوں کے لیے لاجواب طلاء ہے۔ عضو پر مالش کریں اور اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ بے حد طاقت پیدا ہو گی جو بیان سے باہر ہے۔

ھوالشافی	اسگندھ اکسیر بدن	ھوالکافی

اجزاء نمبر 1

1	اسگندھ	50 گرام	3	فلفل سیاہ	50 گرام
2	سونٹھ	25 گرام	4	فلفل دراز	50 گرام

اوپر والی سب ادوات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف تیار کریں۔

اجزاء نمبر 2

1	تج	50 گرام	3	تیزپات	50 گرام
2	الائچی خورد	50 گرام	4	لونگ	50 گرام

اوپر والی سب ادویات کو علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف تیار کریں اور علیحدہ رکھیں

اجزاء نمبر 3

1	دودھ	5 کلو	3	روغن زرد	500 گرام
2	شہد خالص	2 کلو	4	مصری	500 گرام

جاری ہے

ترکیب

سب کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نرم آنچ جلائیں۔ جب جھاگ آجائے تو اس میں نمبر 1 والی ادویات ڈال دیں اور آنچ جاری رکھیں یہاں تک کہ دودھ کڑھنے لگے۔ پھر اس میں نمبر 2 والی ادویات کا سفوف ڈال دیں اور ہلاتے رہیں۔ یہاں تک کہ نجیری سی تیار ہو جائے۔ یعنی چاولوں کی طرح علیحدہ علیحدہ ہو جائے تو اتار لیں۔ پھر مندرجہ ذیل کا سفوف شامل کریں۔

اجزاء نمبر4

1	پپلا مول	75 گرام	7	گل دھاوا	75 گرام	13	چیتا	75 گرام
2	زیرہ سفید	75 گرام	8	طباشیر	75 گرام	14	ستاور	75 گرام
3	گلو	75 گرام	9	آملہ	75 گرام	15	ناریل	75 گرام
4	تگر	75 گرام	10	کافور	75 گرام	16	ناگر موتھا	75 گرام
5	جائفل	75 گرام	11	جڑاٹ سٹ	75 گرام	17	کشنیز خشک	75 گرام
6	صندل سفید	75 گرام	12	کتھ	75 گرام			

جملہ ادویات کو باریک پیس کر شامل کریں۔ تیار ہے۔ کسی چینی کے برتن میں محفوظ کرلیں۔

فوائد

یہ اکسیر تمام امراض بدن کے لیے واقعی اکسیر ہے۔ بدن کی عام کمزوری و لاغری کو دور کر کے فربہی پیدا کرتی ہے۔ چہرے کی بے رونقی اور پژمردگی زائل کر کے اسے بارونق اور جاذب نظر بناتی ہے۔ آئے دن نت نئی بیماریوں میں مبتلا ہونے والوں کے لیے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ کھانسی اور دمہ کے لیے بفضلہٖ شفا بخش حلیم الثبوت ہے۔ ان امراض کو نیست و نابود کرنے کے لیے جب استعمال کرائی جاتی ہے تو اللہ کے فضل سے عمدہ اور شاندار نتائج کی حامل ثابت ہوئی ہے۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ خدا کے حکم سے امراض کو بیخ و بن سے اکھاڑ کر رکھ دیتی ہے۔ نیز معدہ اور جگر کے لیے اکسیر سے بڑھ کر ہے۔ معدہ اور جگر کے ضعف کو مٹاتا ہے۔ کمیٔ خون اور یرقان کا قلع قمع کرتا ہے۔ تاپ تلی اور ورم طحال کے لیے بہت مفید ہے۔ پیٹ درد کے لیے ایک خوراک ہی کافی ہے۔ بواسیر خونی و بادی اس کے چند روزہ استعمال سے بالکل ختم ہو جاتی ہے۔ اسی طرح سنگرہنی، باؤ گولا اور دیگر امراضِ بادیہ و بلغمیہ کو چند دن میں اڑا دیتا ہے۔ بچوں کے تمام امراض میں کثیر النفع ہے۔ دق الاطفال والے بچوں کو موٹا تازہ اور تندرست بناتا ہے۔ عورتوں کے جملہ امراض کے لیے تو بیحد مفید و موثر ہے۔ کثرتِ طمث ایامِ خصوصی کے علاوہ دیگر دنوں میں خون کا جاری ہونا، سیلان الرحم کو بفضلہٖ نیست و نابود کرتا ہے۔ زوال پذیر جوانی کو از سرِ نو بحال کرتا ہے۔ مرجھائے ہوئے چہرے پر خون کی لہریں دوڑا دیتا ہے۔ جس عورت کو دودھ کم اترتا ہو اس کے استعمال سے جوئے شیر جاری ہو جاتا ہے۔ لٹکے ہوئے پستانوں کو پایۂ تکمیل تک پہنچاتا ہے۔ اسی طرح امراضِ مردانہ کی بیخ کنی کے لیے بھی تیر بہدف ہے۔ جریان، احتلام، سرعتِ انزال کے لیے اور قوتِ باہ، رقتِ منی تمام امراضِ مردانہ کے لیے بہت مفید و موثر ہے۔ قبض کے لیے اس سے بہتر شاید ہی کوئی دوائی ہو۔

ھوالشافی | چشمہ آبِ سعید شاہ گیلانی | ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	کافور	2 تولہ	5	ٹنکچر کلوروفارم	2 تولہ
2	نوشادر	1 تولہ	6	کاربالک ایسڈ	4 تولہ
3	ست اجوائن	1 تولہ	7	گندھک آملہ سار	1 تولہ
4	ست پودینہ	2 تولہ	8	پارہ (مصفّٰی) ترکیب درج ہے	1 تولہ

نوٹ: پارے کو مصفّٰی کرنے کا طریقہ: (کانچ کی بوتل میں تھوڑا سا پٹرول ڈال کر پارے کو ڈال دیں۔ ڈھکن کو مضبوط بند کر کے اچھی طرح ہلائیں۔ حتیٰ کہ پٹرول کالا ہو جائے۔ جب پٹرول کافی کالا ہو جائے تو احتیاط سے پٹرول کو تبدیل کر کے یہی عمل پانچ سات مرتبہ دہرائیں۔ یہاں تک کہ کالا ہونا بند ہو جائے۔ پارہ مصفّٰی ہو چکا ہے۔)

تیاری: پارے اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پارے کو گندھک میں ڈال کر رگڑیں (کالی سیاہ ہو جائے گی) باقی تمام کو بھی شامل کر کے 4 دن تک دھوپ میں بوتل میں بند کر کے رکھ دیں۔ جملہ ادویہ محلول ہو کر مرکب تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: 1۔ **درد سر ھمہ قسم:** پیشانی پر چند قطرے مالش کریں۔ نہایت مفید ثابت ہوگی۔ 2۔ **نزلہ و زکام:** چند قطرے بطور نسوار لیں۔ چلتے نزلے کو روکے گا، خشک کرے گا۔ بند ناک کو کھولے گا۔ چند بوندیں پیشانی پر ملیں اس سے بفضلہٖ نزلہ و زکام بلکہ سر درد کو فوراً آرام ہو جائے گا۔ 3۔ **صرع (مرگی):** عرقِ گلاب چند قطرے میں 2 بوند شامل کر کے چند روز حسبِ ضرورت ناک میں ٹپکائیں۔ 4۔ **دردِ چشم:** 1 قطرہ آدھا تولہ جوشاندہ سناور میں ملا کر آنکھ میں لگائیں انشاءاللہ شرطیہ آرام ہوگا۔ 5۔ **درد کان:** 1 بوند روغن گل میں ملا کر کان میں ڈالیں۔ درد اسی وقت رفع ہو جائے گا۔ نیز اگر کان میں پھوڑا پھنسی ہو تو یہی عمل کریں۔ 6۔ **کان کی کھجلی:** بادام روغن 10 بوند میں 1 بوند ملا کر کان میں لگائیں۔ 7۔ **ناک کی بد بو:** شیرہ صندل سفید 10 قطرے لے کر اس میں 1 قطرہ ملا کر نسوار لیا کریں۔ 8۔ **ناک کی پھنسیاں:** روغن گل 2 بوند میں 1 بوند ملا کر ناک کے نتھنوں میں جائے ماؤف پر لگایا کریں۔ 9۔ **نکسیر:** 1 بوند آبِ سعید 10 بوند سرکہ میں شامل کر کے نتھنوں میں ڈالیں۔ نکسیر کی بہتی ندی بند ہو جائے گی۔ 10۔ **دانت کا درد:** روئی کا ایک پھوہا لے کر آبِ سعید میں تر کر کے دانتوں پر ملیں۔ درد فوراً بند ہو کر آرام آ جائے گا۔ 11۔ **دانتوں کا ھلنا:** روزانہ بلا ناغہ 4 قطرے پھٹکڑی سفید (جلی ہوئی) کے سفوف 1 ماشہ میں ملا کر دانتوں پر ملیں۔ دانت کا ہلنا موقوف ہو جائے گا۔ 12۔ **مسوڑھوں سے خون اور پیپ کا نکلنا:** عرق پودینہ 1 چھٹانک میں 2 قطرے شامل کر کے دانتوں پر ملیں۔ چند روز کے عمل سے خون اور پیپ نکلنا بند ہو کر مسوڑھے مضبوط اور تندرست ہو جائیں گے۔ 13۔ **کھانسی:** عرقِ گاؤزبان حسبِ ضرورت میں سفوف فلفل دراز 3 ماشہ میں 3 بوند شامل کر کے چند روز استعمال کریں۔ بفضلہٖ آرام یقینی ہوگا۔ 14۔ **دمہ:** حسبِ ضرورت فلفل دراز کوٹ کر قدرے عرق سونف میں 3 بوند ملا کر پیا کریں۔ انشاءاللہ دمہ کا قلع قمع ہو جائے گا۔ 15۔ **ذات الجنب (نمونیہ، پسلی کا درد):** حسبِ ضرورت عرق بادیان (سونف) میں 4 بوند شامل کر دیں اور درد پر اس کی مالش کریں۔ 16۔ **بد ھضمی۔ پیٹ کا درد:** کھانا کھانے کے بعد تقریباً 4 بوند عرق سونف میں دیا کریں۔ 17۔ **قبض:** حسبِ ضرورت شربتِ بنفشہ میں 1 چھٹانک عرق گلاب 5 بوند چشمہ آبِ سعید ملا کر دیں۔ نہایت مفید ثابت ہوگا۔ 18۔ **پیچش:** آبِ انار میں 2 بوند شامل کر کے دیں۔ 19۔ **قے:** 2 بوند ہمراہ 1 گرام مصطگی رومی میں دیں۔ 20۔ **ڈنگ زھر ھر قسم:** مقامِ ماؤف پر روئی کی پھریری سے لگائیں۔ 21۔ **بخار ھر قسم:** ست گلو 1 تولہ، عرق گاؤزبان حسبِ ضرورت میں 10 بوند ملا کر دیں۔ 22۔ **ورم چوٹ وغیرہ:** روغن سرشف (سرسوں کا تیل) میں چند قطرے ملا کر ورم یا جائے چوٹ پر مالش کریں۔

هوالشافی | روغنِ سرخ | هوالکافی

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	مجیٹھ	5تولہ	16	عقرقرحا	6ماشہ
2	کاپھل	2تولہ	17	قسط تلخ	6ماشہ
3	تج	2تولہ	18	سازج ہندی	6ماشہ
4	چھڑیلہ	2تولہ	19	گھونگچی سفید	6ماشہ
5	سنبل الطیب	2تولہ	20	سداب	6ماشہ
6	ناگرموتھا	2تولہ	21	فلفل دراز	6ماشہ
7	لونگ	6ماشہ	22	برادہ صندل سفید	1تولہ
8	دارچینی	6ماشہ	23	صندل سرخ	1تولہ
9	جلوتری	6ماشہ	24	جڑسوسن	1تولہ
10	میدالکڑی	6ماشہ	25	الائچی خورد	1تولہ
11	آنبہ ہلدی	6ماشہ	26	سورنجاں شیریں	1تولہ
12	دار ہلد	6ماشہ	27	نرکچور	4تولہ
13	عودغرقی	6ماشہ	28	زعفران	5ماشہ
14	روغن کنجد	2 کلو	29	رتن جوت	3ماشہ
15	موم سفید	1تولہ	30	روغن مصالحہ عمدہ	1پاؤ
			31	نہری پانی	3 کلو

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوکوٹ کرعرق گلاب 1 کلونہری پانی 3 کلومیں ملاکر 24 گھنٹے کے لیےبھگودیں پھر دیگچی میں پکائیں۔ جب کلوبھر پانی رہ جائے تو کپڑے میں چھان کر 2 کلوروغن سم سم (تلوں کا تیل) ڈال کر پکائیں۔ جب پانی جل کر تیل رہ جائے تواس کے اندر 3 ماشہ رتن جوت ڈال کر پکائیں۔ جب رنگ خوب سرخ ہو جائے تو پن چھان لیں تو 1 تولہ موم سفید گرم حالت میں ڈال دیں۔ جب پگھل کرمل جائے تو سرد ہونے پر روغنِ مسالہ عمدہ پاؤ بھر ملا دیں۔

فوائد و استعمال : بالوں پرلگانے سے ان کولمبا کرتا ہے اوران کوگرنے سے روکتا ہے۔اوران کوسیاہ کرتا ہے۔ یہ روغن بہت سے امراض کے لیے جادواثر ہے۔ مثلاً نزلہ زکام کے لیے سر پر مالش کریں۔ درد ہرقسم، وجع المفاصل (گنٹھیا، کمر درد)، ذات الجب (پھیپھڑوں کا درد، پھیپھڑوں کا ورم، نمونیا)، فالج ،لقوہ ،عرق انساء (چھوٹے جوڑوں کا درد)، ڈبہ (بچوں کے نمونیا کا مرض/ سینے کا گڑھا)، کھانسی، ورم (بیرونی سوزش) ہرقسم ،رعشہ، طاعون کی گلٹی، آگ سے جلنا، بھڑ بچھو کا کاٹنا، خارش ہرقسم، سردی کے لیے بخار بدستور مالش کریں۔ انشاءاللہ ہرمرض میں اکسیر ثابت ہوگا۔ بنا کراس کی جادواثری دیکھیں۔

اجزاء

(1) تیل سرسوں 1 کلو (2) آک کے ان کھلے پھول تازہ/ناشگفتہ 100 گرام

ترکیب : پھولوں کو تیل میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پھول جل کر کوئلہ ہو جائیں تو تیل کو چھان کر سنبھال لیں۔

استعمال : چارپائی پر لیٹ کر سر چارپائی سے نیچے لٹکائیں۔ 3 / 2 قطرے ہر دو سوراخ بینی میں ڈالیں۔ سانس زور سے اوپر کھینچیں۔ تا کہ تیل ناک میں چلا جائے۔ صبح و شام اسی طرح کریں۔

فوائد: ناک کی تمام بیماریاں، سر درد، دردِ شقیقہ، نزلہ و زکام، کھانسی، مرگی، امراضِ چشم، آنکھ درد، آنکھ کی سرخی، گلے کے امراض، غشی، سحر بات (نیند کا زیادہ آنا، غنودگی) کو بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی — اچھا رس (جلاب) — ھوالکافی

1	پارہ	10 گرام
2	گندھک آملہ سار	10 گرام
3	سہاگہ	10 گرام
4	زنجبیل	10 گرام
5	فلفل سیاہ	10 گرام
6	جمال گوٹا (پتہ نکال کر)	20 گرام

ترکیب: پہلے پارہ اور گندھک کی کجلی تیار کریں۔ پھر دیگر ادویات ملا کر خوب کھرل کریں اور دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: یک گولی ہمراہ مصری 10 گرام کھلائیں اور اوپر سے جتنے گھونٹ پانی کے پئیں گے اتنے ہی اسہال آئیں گے

فوائد: امیرانہ جلاب ہے اس سے جسم ہلکا پھلکا ہو جاتا ہے اور طبیعت میں تازگی آجاتی ہے۔

پرھیز: کھانے میں دہی اور چاول دیں۔

ھوالشافی — اکثیرِ ھیضہ — ھوالکافی

1	گل نا شگفتہ عشر (مدار)	24 گرام
2	سہاگہ بریاں	10 گرام
3	دار فلفل	10 گرام
4	لونگ	20 گرام
5	زنجبیل	10 گرام

ترکیب: جملہ اجزاء کو پیس کر چوتھائی گرام کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ 60 گرام عرق سونف یا گرم پانی دیں۔

فوائد: ہیضہ کی آخری حالتوں تک کو مفید ہے۔ حتیٰ کہ اگر ناخن سیاہ ہو گئے ہوں تو یہ بہترین کام دے گی۔ ہر قسم کے ہیضہ کے لیے لاجواب اور اکثیر کا کام دینے والی دوا ہے۔

ھوالشافی — اکسیرِ پیٹ — ھوالکافی

1	سوڈا بائی کارب	60 گرام
2	نوشادر ٹھیکری	30 گرام
3	گیرو	15 گرام
4	فلفل سیاہ	6 گرام
5	ست اجوائن	2 گرام
6	ست پودینہ	1 گرام
7	کافور	1 گرام

ترکیب: ست اجوائن، پودینہ اور کافور کو شیشے کی ایک بوتل میں ڈال کر بند کر دیں۔ پانچ منٹ تک دھوپ میں رکھ دیں۔ تیل کی شکل اختیار کر لے گا۔ اب باقی چار چیزوں کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں۔ آپس میں ملا دیں اور تیار شدہ تیل اس میں ملا دیں۔ سفوف تیار ہے۔

استعمال: 3 گرام ہمراہ آب تازہ استعمال کرائیں۔

فوائد: ہیضہ کے لیے، دردِ معدہ کے لیے اور پیٹ درد کے لیے بے حد مفید ہے۔

هوالشافی — اکشیرِ سلیمانی — هوالکافی

1	نانخواہ	48 گرام		9	نمک سیاہ	48 گرام
2	بادیان	48 گرام		10	جوکھار	48 گرام
3	زیرہ سفید	48 گرام		11	فلفل سیاہ	24 گرام
4	پوست ہلیلہ زرد	48 گرام		12	زنجبیل	24 گرام
5	پوست بلیلہ	48 گرام		13	دانہ الائچی خورد	24 گرام
6	پوست آملہ	48 گرام		14	فلفل دراز	24 گرام
7	نمک ہندی	24 گرام		15	سہاگہ (بریاں)	24 گرام
8	نمک لاہوری	24 گرام		16	نوشادر	24 گرام

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنالیں۔

استعمال 2: گرام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: ضعفِ ہضم، دردِ شکم، ضعفِ اشتہا میں مفید ہے۔ بھوک بڑھانے میں عجیب الاثر ہے۔ خواہش طعام پیدا کرتا ہے۔ غذا بخوبی ہضم ہوتی ہے۔ جو لوگ امراضِ معدہ کے ہمیشہ شکار ہوں اور بھوک نہ لگتی ہو ان کے لیے یہ ایک بہترین تحفہ ہے۔

هوالشافی — امرت چورن — هوالکافی

1	دانہ الائچی خورد	ہم وزن
2	طباشیر	ہم وزن
3	ست گلو	ہم وزن

ترکیب: تینوں اشیاء ہم وزن لے کر اچھی طرح کوٹ کر باریک سفوف بنالیں۔ تیار ہے۔

خوارک : 2 رتی تا 1 ماشہ ہمراہ عرق سونف یا عرق گاؤزبان چورن ہذا استعمال کرنے سے قبل مریض کا پیٹ پاک وصاف ہونا چاہیئے تاکہ چورن خلو معدہ میں بخوبی اثر پذیر ہو سکے۔

فوائد: اعصاب کی عام کمزوری کو دور کرتا ہے۔ ان کی طاقت کو بحال رکھتا ہے۔ بخار ہر قسم کو اتارتا ہے۔ قوتِ ہاضمہ کو تقویت دیتا ہے۔ بدہضمی، نفخ (اپھارہ)، کراکر (پیٹ سے آوازیں آنا) کو دور کرتا ہے۔ غذا کو پوری طرح ہضم کر کے جزوِ بدن بناتا ہے۔ اور مریض کو کچھ ہی عرصہ میں تندرستی سے ہمکنار کر دیتا ہے۔

هوالشافی — عرق ہاضم — هوالکافی

1	عرق سونف	ایک بوتل سے ذرا سا کم	4	تیزاب گندھک	10 قطرے
2	چینی	1 کلو	5	رنگ سرخ (خوردنی)	حسبِ ضرورت
3	ٹری	1 گرام	6	روح کیوڑہ	چند قطرے

ترکیب : سب کو ملا دیں۔ خوش رنگ و خوشبودار شربت تیار ہے **فوائد**: یہ عرق خوش رنگ ، خوش ذائقہ ، فوری اثر ہاضم طعام ، دافع دردِ شکم ، دافع گھبراہٹ ، بےچینی ، قے ، تبخیر معدہ ، بدہضمی سے آنے والے دستوں کے لیے بے حد مفید اور فوری اثر ہے۔

ھوالشافی	اپنڈکس (قولنج)	ھوالکافی

1	روغنِ بابونہ	1تولہ
2	روغنِ بنفشہ	1تولہ
3	روغنِ گل	1تولہ

ترکیب و استعمال و فوائد

ان کو ملا کرر کھ لیں۔مقامِ درد پر مالش کریں۔قولنج کے لیے اعلیٰ درجے کی دوا ہے۔تجربہ شرط ہے۔

ھوالشافی	اپھارہ	ھوالکافی

1	سونف	10 گرام
2	پودینہ	10 گرام
3	نمک خوردنی	10 گرام
4	اجوائن	10 گرام
5	فلفل سیاہ	10 گرام

ترکیب: سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

استعمال:2 گرام ہمراہ پانی

فوائد: گیس اپھارہ میں مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق اکسیر معدہ	ھوالکافی

1	تیزاب گندھک	6 گرام
2	قندسیاہ	30 گرام
3	آب مقطر (اُبلا ہوا پانی)	750 گرام

ترکیب: ایک بوتل میں سب کو ملا کرر کھ لیں۔

استعمال:5ایک چمچ صبح و شام پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: معدہ اور جگر کو درست کر کے غذا کو جزوِ بدن بناتا ہے۔معدہ کے جملہ امراض کو دور کرتا ہے۔ضعفِ جگر، عظم طحال، ضعفِ۔اشتہاء کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق اکسیر معدہ 2	ھوالکافی

1	تیزاب گندھک	20قطرے	4	ست اجوائن	3 گرام
2	سوڈا بائی کارب	3 گرام	5	عرق گلاب	100 گرام
3	ست لیموں	3 گرام			

ترکیب: سب کو ملا کرر کھ لیں۔

خوراک: 5 تا 10 قطرے پانی میں ملا کر دیں۔

فوائد: یہ عرق ہیضہ، ورم معدہ ، کمی اشتہا، بدہضمی کے لیے اکسیر ہے۔

ھوالشافی — بد ھضمی — ھوالکافی

1	سونف	10 گرام
2	پودینہ	10 گرام
3	نمک خوردنی	10 گرام
4	اجوائن	10 گرام
5	فلفل سیاہ	10 گرام

ترکیب: سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔
استعمال: آدھا گرام ہمراہ پانی۔صبح وشام
فوائد: بدہضمی وامراض معدہ کے لیے تریاق ہے۔

ھوالشافی — امراضِ معدہ کے لیے چٹنی — ھوالکافی

1	دانہ ءالائچی خورد	50 گرام	7	اناردانہ	50 گرام
2	فلفل سیاہ	50 گرام	8	اِملی	50 گرام
3	زیرہ سفید	50 گرام	9	چھوہارے	100 گرام
4	دارچینی	50 گرام	10	کشمش	100 گرام
5	ادرک	50 گرام	11	سرکہ	250 گرام
6	نمک عام	50 گرام	12	چینی	250 گرام

﴿2﴾

1	سرکہ	100 گرام	7	دارچینی	20 گرام
2	کشمش	100 گرام	8	فلفل سیاہ	20 گرام
3	قند سیاہ	100 گرام	9	کشنیز	20 گرام
4	منقہ	50 گرام	10	زیرہ سفید	20 گرام
5	ادرک	50 گرام			
6	اناردانہ	50 گرام			

هوالکافی	بچوں کے معدہ کے لیئے	هوالشافی

50 گرام	سہاگہ (بریاں)	1
50 گرام	نوشادر ٹھیکری	2
50 گرام	پھٹکوی سفید (بریاں)	3
50 گرام	نمک سیاہ	4

ترکیب: میدہ کی طرح باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: بوقتِ حاجت ایک رتی بچے کو پانی میں حل کر کے پلائیں 2 مرتبہ روزانہ۔

فوائد: بچوں کے پیٹ کی خرابی کو بے حد مفید ہے۔ڈبہ (نمونیہ)، کھانسی، دست، بدہضمی، دودھ کا اُلٹنا اور بچوں کی دیگر امراض کے لئے بے حد مفید ہے۔

هوالکافی	چورن ھاضمہ	هوالشافی

2 تولہ	دانہ الائچی خورد
1 تولہ	فلفل سیاہ
1 تولہ	نمک سیاہ
2 تولہ	نوشادر ٹھیکری

ترکیب: تمام چاروں اجزاء کو باریک کوٹ کر باہم ملالیں۔

استعمال: تا 6 رتی دن میں 2 یا 3 مرتبہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: معدہ کے جملہ امراض کے لیے تریاق ہے۔اس کا چند روزہ استعمال ہی بدہضمی، نفخ (اپھارہ)، کراکر (پیٹ/انتڑیوں سے آوازیں آنا) اور ہاضمہ کی خرابی کو دور کرتا ہے۔ قوتِ ہاضمہ بڑھ جاتی ہے۔علتِ اشتہاء کا عارضہ زائل ہوجاتا ہے۔بھوک بخوبی لگنے لگ جاتی ہے اور کھائی ہوئی غذا جزوِ بدن بننے لگتی ہے۔غرضیکہ ضعفِ ہاضمہ اور معدہ کی بیماریوں سے تنگ آئے مریضوں کے لیے تحفہ معتد بہ ہے۔

هوالکافی	دافع تیزابیت گولیاں	هوالشافی

20 گرام	زنجبیل پاؤڈر	1
8 گرام	امرت دھارا	2
1 گرام	گیرو	3
40 گرام	سوڈا بائی کارب	4
12 گرام	گم اکیشیا پاؤڈر (گوند کیکر)	5

ترکیب: تمام ادویات کو ملا کر جنگلی بیر برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک تا دو گولی صبح دوپہر شام ہمراہ آب تازہ

فوائد: یہ بہت عمدہ اینٹی ایسڈ کارمینیٹو دوا ہے۔یعنی معدہ کے تیزاب کو مارتی ہے اور ہوا خارج کرتی ہے۔اس لیے ترش، بدہضمی کی علامات یعنی دردکلیجہ اور اپھارہ وغیرہ کے لیے خاص طور پر مفید ہے۔یہ ہیضہ، قے اور دستوں میں بھی دی جاسکتی ہے۔

ھوالکافی	درد مفاصل/ھیضہ/ امراض معدہ	ھوالشافی

50 گرام	بیخ مدار	1
12 گرام	فلفل اسود	2
12 گرام	نمک سونچر	3

ترکیب: ہرسہ ادویات کو خوب باریک پیس کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

استعمال و فوائد

1۔ دردمفاصل کے مریض کو ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ نیم گرم پانی دیں۔

2۔جب ہیضہ کے مریض کو کٹول پڑیں اور مایوسی کی حالت ہو تو ایک دو گولیاں دیں۔فوراً آرام ہو گا۔ جب ہیضہ کے مریض کو چاروں طرف سے مایوسی ہو تو اس وقت یہ گولیاں بے حد مفید ثابت ہوں گی۔

3۔کھانا کھانے کے بعد ایک گولی نگل لینے سے ہاضمہ درست رہتا ہے۔اور متلی ,قے ،قبض، پیٹ کے درد کے وقت ایک دو گولیاں نیم گرم پانی کے ہمراہ کافی ہوں گی۔

ھوالکافی	دوائے اپھارہ	ھوالشافی

12 گرام	نمک سیاہ	5	6 گرام	سونٹھ	1
12 گرام	زیرہ سفید	6	12 گرام	انیسوں	2
25 گرام	نمک لاہوری	7	12 گرام	سونف	3
			12 گرام	پودینہ خشک	4

ترکیب و استعمال: سب کا سفوف بنا کر رکھیں۔صبح وشام کھانا کھانے کے بعد 3 سے 6 گرام ہمراہ تازہ پانی لیں۔ پیٹ کے اپھارہ اور پیٹ درد میں مفید ہے۔

ھوالکافی	دوائے ھیضہ	ھوالشافی

6 گرام	نوشادر	4	10 گرام	لونگ پھول مدار	1
10 گرام	نمک سونچر	5	10 گرام	فلفل اسود	2
حسبِ ضرورت	رس ادرک	6	6 گرام	سہاگہ	3

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو ادرک کے رس میں کھرل کر کے گولیاں بقدرِ نخود بنائیں۔

فوائد: بدہضمی، پیٹ درد اور ہیضہ کے لیے مجرب ہے۔مناسب طریقہ سے مختلف امراضِ ہضم میں مفید ہے۔

ھوالشافی — دوائے معدہ و انتڑیاں — ھوالکافی

1	ہیرا ہینگ (اصلی)	50 گرام
2	زنجبیل	50 گرام
3	سہاگہ (بریاں)	50 گرام
4	نمک لاہوری	50 گرام
5	مولی کے پتوں کا پانی	40 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک کر کے مولی کے پتوں کے پانی کے ساتھ برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: یک تا دو گولی ہمراہ آب تازہ ۔صبح و شام

فوائد: معدہ اور انتڑیوں کے لیے بہت مفید ہے۔

ھوالشافی — دوائے سنگرھنی — ھوالکافی

1	سونٹھ	50 گرام
2	سونف	50 گرام
3	ہرڑ (پہلے گھی میں بھون لیں)	50 گرام
4	چینی	150 گرام

ترکیب: سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر ملالیں۔

استعمال و فوائد: 1 تا 3 گرام دن میں 2 بار۔ پیچش، سنگرہنی، کمزوریءمعدہ اور بدہضمی کے دستوں کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی — دوائے وجع الفواد (فمِ معدہ) — ھوالکافی

1	سفوف گل مدار	20 گرام
2	نمک سیاہ	20 گرام
3	اجوائن دیسی	100 گرام

ترکیب: سب ادویہ کو باریک پیس لیں

استعمال و فوائد: 1 گرام دن میں 4 بار ہمراہ نیم گرم پانی دیں۔فمِ معدہ کے لیے مخصوص ہے۔

ھوالشافی — گیس اپھارہ 1 — ھوالکافی

1	سہاگہ بریاں	10 گرام
2	زنجبیل	10 گرام
3	ہینگ	10 گرام
4	نمک سیاہ	10 گرام
5	آب برگ سہانجنہ	50 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر کے نخودی حبوب تیار کریں۔

استعمال و فوائد: ایک سے دو گولی ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔گیس اپھارہ و دیگر امراضِ معدہ کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی — گیس اپھارہ 3 — ھوالکافی

1	سونف	ہم وزن
2	سونٹھ	؍؍
3	پپلی	؍؍
4	الائچی کلاں	؍؍
5	ہرڑ کلاں	؍؍
6	شکرتری	؍؍

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔

استعمال: آدھا گرام بوقتِ ضرورت

فوائد: پیٹ درد، گیس و دیگر امراضِ معدہ کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی — گلابی چورن — ھوالکافی

1	چینی	500 گرام
2	ٹاٹری	20 گرام
3	سرخ مرچ (پسی ہوئی)	1 چمچ
4	نمک عام	1 چمچ

ترکیب: چینی کو باریک پیس لیں۔ سُرخ مرچ کو کپڑے سے باریک چھان لیں۔ نمک کو بھی چھان لیں۔ تینوں کو باہم ملا لیں۔ اس کے بعد ٹاٹری ملا کر پھر پیسیں۔ تیار ہے۔

استعمال و فوائد: معدہ کی ہر بیماری کے لیے، کھٹے ڈکار، بدہضمی وغیرہ کے لیے۔

ھوالشافی — حبِ اعلیٰ — ھوالکافی

1	تخم خطل	18 گرام
2	صبر زرد	18 گرام
3	ریوند چینی	18 گرام
4	کتیرا	4 گرام
5	زنجبیل	4 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر لعابِ گھیگوار سے حبوب تیار کریں۔

استعمال و فوائد: ایک سے دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ نہایت ہی اعلیٰ درجہ کی قبض کشاء ہے۔ گھبراہٹ/ بے چینی وغیرہ بالکل پیدا نہیں کرتی۔

ھوالشافی — حبِ اندرائن (قبض کشاء) — ھوالکافی

1	گودا اندرائن	1 تولہ	3	تروی/تربد	1 تولہ
2	سقمونیہ	4 ماشہ	4	مصبر	1 تولہ

ترکیب: تمہ ثابت لے کر گودہ نکال لیں بیج علیحدہ کر دیں۔ تروی کی لکڑی نکال کر علیحدہ کر لیں۔ اور سب کو باریک پیس لیں۔ عرق گلاب ڈال کر نخود برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال و فوائد: عمدہ قبض کشا ہے۔ 1 گولی نیم گرم دودھ کے ساتھ کھا کر سو رہیں۔ صبح اجابت بہ فراغت ہوگی۔ چند روز کے بعد قبض رفع ہوگی۔ 3 تا 4 گولیاں کھانے سے اسہال ہو کر بلغم اور صفراء کا اخراج ہوگا۔

ھوالشافی — حبِ دائمی قبض — ھوالکافی

1	سقمونیا	24 گرام
2	جلاپہ ہرڑ	24 گرام
3	ریوند عصارہ	24 گرام
4	مصطگی	24 گرام
5	زنجبیل	12 گرام
6	مرکی	12 گرام
7	مصبر	24 گرام

ترکیب: جملہ اجزاء کو پیس کر دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک تا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ یا پانی

فوائد: اعلیٰ درجہ کی قبض کشاء ہے۔علاوہ ازیں جگر کے سدہ کے لیے بھی مفید ہے۔یہ گولیاں دائمی قبض کا ایک مصدقہ علاج ہے۔

ھوالشافی — حبِ ھاضم — ھوالکافی

1	نمک سیندھا	75 گرام	7	فلفل سفید	75 گرام
2	نمک شیشہ	75 گرام	8	فلفل سیاہ	75 گرام
3	نمک سونچل	75 گرام	9	فلفل دراز	75 گرام
4	نمک سیاہ	75 گرام	10	پودینہ	75 گرام
5	نوشادر	75 گرام	11	آب لیموں	750 گرام
6	سہاگہ سفید	75 گرام			

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو آب لیموں میں خوب بھگو کر خشک کر لیجیے اور نخودی حبوب تیار کر کے سنبھال رکھیے۔

ترکیب استعمال: ایک سے دو گولی بوقتِ ضرورت تازہ پانی سے لیں۔

فوائد: کاسر ریاح اور مقوی معدہ ہے۔نہایت اعلیٰ دوا ہے۔معدہ کے تمام امراج کا قلع قمع کرتی ہے۔

ھوالشافی — حبِ خاص (قبض کے لیے) — ھوالکافی

1	مصبر	1 تولہ	3	مصطگی رومی	5 ماشہ
2	ریوند عصارہ	1 تولہ			

ترکیب: سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ملا دیں۔(مصطگی رومی کو نہایت آرام سے کوٹیں)۔ چند قطرے پانی ڈال کر ہلائیں۔مونگ برابر گولی بنالیں۔

استعمال و فوائد: خوراک: بچوں کے لیے 1 گولی بڑوں کے لیے 2 تا 4 گولی نیم گرم پانی کے ساتھ بخار ، سردرد ، قبض کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ نایاب (قبض کشاء)	ھوالکافی

1	کالا دانہ	1تولہ	3	تروی/تربد (مجوف)	1تولہ
2	سقمونیہ	1تولہ	4	ریوند خطائی	1تولہ

ترکیب: تروی کو چھیل کر اوپری حصہ (چھلکا) نکال لیں۔ لکڑی نکال کر پھینک دیں اور پیس لیں (لکڑی کا نکالنا ضروری ہے۔ نہایت زہریلی ہوتی ہے)۔ باقی سب کو بھی الگ الگ پیس کر ملا لیں۔ پانی یا عرق سونف ملا کر نخود برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال وفوائد: خوراک: 1 تا 3 گولی ہمراہ شیر گرم۔

ھوالشافی	حبِ پیٹ گیس	ھوالکافی

1	سونٹھ	9 گرام	7	ہرڑ سیاہ	9 گرام
2	کچور	9 گرام	8	دار چینی	9 گرام
3	پودینہ (نعناع)	9 گرام	9	پپلی	9 گرام
4	زیرہ سفید	9 گرام	10	انیسوں	9 گرام
5	سونف	9 گرام	11	ہینگ خالص بریاں	3 گرام
6	فلفل سیاہ	3 گرام			

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو کوٹ کر سہانجنہ کے رس 25 گرام اور رس لیموں 25 گرام میں تر وخشک کر کے عرق سونف میں گوندھ کر مٹر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: 2 سے 3 گرام کی گولی نیم گرم پانی سے دیں۔

فوائد: پیٹ کی گیس اور دردِ معدہ میں بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ تنکار (سہاگہ)	ھوالکافی

1	سہاگہ	1/2- 7 گرام	3	فلفل سیاہ	42 گرام
2	اجوائن خراسانی	3/4 - 8 گرام	4	مصبر	56 گرام

ترکیب تیاری: یک تا دو گولیاں رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی

خوراک: شیرہ کھیگوار میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

فوائد: بھوک لگاتی ہے۔ دائمی قبض کو رفع کرتی ہے۔ بڑھتے ہوئے پیٹ کو کم کرتی ہے۔

هوالشافی | **حبوب دائمی قبض** | هوالکافی

1	سہاگہ (بریاں)	2تولہ		3	فلفل سیاہ	12تولہ
2	اجوائن خراسانی	1/2- 2تولہ		4	مصبر	18تولہ
				5	مغز گھیکوار	حسبِ ضرورت

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر حسبِ ضرورت مغز گھیکوار شامل کر کے گھوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔

استعمال و فوائد: :خوراک: 1 تا 4 گولیاں رات کو کھانے کے بعد یا صبح و شام ہمراہ پانی نیم گرم۔ معدہ کے امراض کے لیے یہ گولیاں درحقیقت اکثیرِ بے نظیر ہیں۔ چند ہی خوراکوں سے نہایت حیرت انگیز فوائد معلوم ہوتے ہیں۔ گاہے بگاہے استعمال سے موودہ کے تمام امراض دور ہو جاتے ہیں۔ انکے استعمال سے معدہ کی کمزوری ، معدہ کی گرانی ، پیٹ کا بڑھنا تمام شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ کھایا پیا ہضم ہو کر خوارک جزوِ بدن بنی شروع ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب لگتے ہے۔ دائمی قبض بالکل نہیں رہتی۔

هوالشافی | **حبوب کبریت** | هوالکافی

1	گندھک آملہ سار	30 گرام		7	زنجبیل	120 گرام
2	نوشادر دیسی	30 گرام		8	سہاگہ (بریاں)	60 گرام
3	فلفل دراز	120 گرام		9	لونگ	60 گرام
4	فلفل سیاہ	120 گرام		10	ہینگ (بریاں)	30 گرام
5	جوکھار	60 گرام		11	نمک سیاہ	240 گرام
6	گل مدار شگفتہ	60 گرام		12	ست لیموں	180 گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنا لیں۔ ست لیموں کو پانی میں گھول لیں۔ سفوف کو ملا کر اس پانی کو ہمراہ خوب کھرل کریں۔ گولیاں بمقدار جنگلی بیر بنا لیں وَ۔

استعمال:2 تا 3 گولی روزانہ ہمراہ پانی

فوائد: ہاضم، خوش ذائقہ، مفرج ریاح، دافع قبض، دافع ہیضہ، دردِ معدہ کو نافع ہے۔ ایسے اشخاص جو کسی طویل بیماری کے سبب قوتِ معدہ کو زائل کر چکے ہیں۔ ان کے لیے نہایت مفید ہے۔ اس کے چند روز کے استعمال سے معدہ طاقتور ہو جاتا ہے

هوالشافی | **ھنگو دوائے معدہ** | هوالکافی

1	زیرہ سفید	ہم وزن		5	اجوائن دیسی	~
2	سونٹھ	~		6	نمک سیندھا	~
3	فلفل دراز	~		7	زیرہ سیاہ	~
4	فلفل سیاہ	~		8	ہینگ بریاں	~

ترکیب واستعمال: سب برابر برابر لے کر کوٹ چھان کرلیں۔خوراک 2 گرام ہمراہ عرق سونف یا تازہ پانی دیں۔

فوائد: بدہضمی، کمزوری معدہ، ہیضہ، پیٹ کی گیس، دست، باؤ گولہ (ہسٹیریا) کے لیے مفید ہے۔بھوک لگاتا ہے۔ غذا کو جلد ہضم کرکے جزوِبدن بناتا ہے۔جب کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو یہ چورن بہت ہی فائدہ مند ہے۔

ھوالشافی	ہاضمین	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	نمک طعام	85 گرام	8	فلفل سیاہ	25 گرام
2	نمک سیاہ	85 گرام	9	سونٹھ	25 گرام
3	نمک سونچل	85 گرام	10	لونگ	25 گرام
4	نمک سینڈھا	85 گرام	11	زیرہ سیاہ	25 گرام
5	نوشادر ٹھیکری	85 گرام	12	جائفل	25 گرام
6	اجمود کرفس	25 گرام	13	جلوتری	25 گرام
7	اجوائن	25 گرام	14	سرکہ انگوری	حسب ضرورت

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو سرکہ انگوری میں بھگو کر خشک کریں اور خوب باریک پیس کے سنبھال لیں۔

ترکیب استعمال: دو سے تین ماشہ دن میں تین مرتبہ بعد طعام ہمراہ آب تازہ دیجیے۔

فوائد: معدہ کو تقویت عطا کرتا ہے۔قوتِ ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔نہایت مفید و مجرب کمال نسخہ ہے۔

ھوالشافی	ہاضوم	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	نمک لاہوری	144 گرام	7	زنجبیل	26 گرام
2	دانہ الائچی	12 گرام	8	نمک سانبھر	12 گرام
3	سوڈا بائی کارب	24 گرام	9	نمک سونچل	12 گرام
4	ست لیموں	6 گرام	10	روغن شفاء (امرت دھارا)	19 گرام
5	فلفل گرد (سیاہ)	19 گرام	11	روغن دار چینی	3 گرام
6	فلفل دراز	12 گرام			

ترکیب: سب کو ملا کر خوب باریک کرلیں۔دوا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک تا ڈیڑھ گرام یا حسبِ موقع ہمراہ آب تازہ۔صبح وشام۔

فوائد: یہ سفوف امراض معدہ میں نہایت ہی مفید چیز ہے۔نفخ، قراقر، درد شکم، کی اشتہاء، آروغ ترش، وغیرہ میں بہت مفید ہے۔ اگر یہ سفوف پاس ہو تو کسی ور دوا کی ضرورت ہی نہیں رہتی۔اسہال، درد معدہ میں اکسیر ہے۔اس کی مداومت سے بھوک بڑھ جاتی ہے۔بدہضمی کوسوں دور بھاگتی ہے۔

ھوالشافی	ھچکی	ھوالکافی

الائچی خورد	3 ماشہ

ترکیب: آدھا کلو پانی میں الائچی خورد ڈال کر جوش دیں۔ جب نصف پانی رہ جائے تو اُتار لیں اور قدرے سرد ہونے پر چھان لیں۔

استعمال: روغن بادام 1 چمچ ڈال کر پلا دیں۔ انشا اللہ فوری طور پر افاقہ ہو جائے گا۔

فوائد: معدہ کے جملہ امراض کے لیے تریاق ہے۔ اس کا چند روزہ استعمال ہی بدہضمی، نفخ (اپھارہ)، کراکر (پیٹ/انتڑیوں سے آوازیں آنا) اور ہاضمہ کی خرابی کو دور کرتا ہے۔ قوتِ ہاضمہ بڑھ جاتی ہے۔ علّتِ اشتہاء کا عارضہ زائل ہو جاتا ہے۔ بھوک بخوبی لگنے لگ جاتی ہے اور کھائی ہوئی غذا جزوِ بدن بننے لگتی ہے۔ غرضیکہ ضعفِ ہاضمہ اور معدہ کی بیماریوں سے تنگ آئے مریضوں کے لیے تحفہ معتدبہ ہے۔

ھوالشافی	جوارش اِملی	ھوالکافی

1	املی	250 گرام		6	زرشک	125 گرام
2	آلو بخارا	250 گرام		7	منقہ	125 گرام
3	پودینہ دیسی	80 گرام		8	آملہ	60 گرام
4	زنجبیل	80 گرام		9	ست لیموں	60 گرام
5	انار دانہ	125 گرام		10	چینی	3 کلو

ترکیب: املی، آلو بخارا کو پانی میں بھگو دیں۔ جب نرم ہو جائے تو صاف ہاتھوں سے خوب ملیں اور موٹی چھاننی سے چھان لیں۔ دوسری ادویات کا باریک سفوف بنا لیں۔ پھر املی اور آلو بخارا کے پانی (زلال) میں چینی ملا کر قوام بنا لیں پھر زرشک اور منقہ (بیج نکال کر) کو کوٹ کر قوام میں ملا دیں۔ باقی ادویہ کا سفوف بھی ملا دیں۔ اُتارنے سے کچھ دیر پہلے تمام دوائیں شامل کرنے کے بعد ست لیموں ملا دیں۔ پھر اتار دیں

استعمال: 6 ماشہ تا 1 تولہ۔ دن میں چار مرتبہ پانی یا قہوہ کے ساتھ دیں یا ویسے ہی چٹا دیں۔

فوائد: بے حد مقوی اور محرک۔ صرف ایک خوراک سے دل خوش ہو جاتا ہے۔ ہیضہ جیسے موذی مرض میں جب پیاس کی کثرت، قے کا زور ہونا اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں ہو سکتی۔ زبان پر لگتے ہی پیاس ختم کر دیتی ہے۔ حملہ کی قے کے لیے تو آبِ حیات ہے۔ بچوں کی قے اور دست کے لئے فوری اثر ہے۔ خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے بچے اور عورتیں خوشی سے کھا لیتے ہیں۔

ھوالشافی	جوارش جالینوس	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار
1	اسارون	10 گرام
2	سنبل الطیب (بالچھڑ)	10 گرام
3	الائچی خورد	10 گرام
4	تج	10 گرام
5	دارچینی	10 گرام
6	جڑپان	10 گرام
7	لونگ	10 گرام
8	ناگرموتھا	10 گرام
9	سونٹھ	10 گرام
10	فلفل سیاہ	10 گرام
11	پپلی	10 گرام
12	قسط شیریں	10 گرام
13	عود بلسان	10 گرام
14	چرائتہ شیریں	10 گرام
15	حب الآس (موڑیاں)	10 گرام
16	کیسر اصلی	10 گرام
17	مصطگی رومی	25 گرام
18	چینی	125 گرام
19	شہد	250 گرام

ترکیب تیاری :شہد وچینی کا قوام بنا کر تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر ملا لیں۔ مصطگی رومی کو علیحدہ پیس کر کوٹی چھانی ہوئی ادویات میں ملایا جائے۔قوام کو انگیٹھی سے اتار کر اس میں کیسر کو عرق گلاب مناسب میں خوب کھرل کر کے ملا دیں۔پھر خشک دوا تھوڑی تھوڑی ڈال کر معجون تیار کریں۔اور جب تک سرد نہ ہو چمچہ ہلاتے رہیں۔

ترکیب استعمال6: تا9 گرام دونوں وقت ہمراہ عرق سونف یا تازہ پانی استعمال کریں۔

فوائد: بھوک لگاتی ہے،گیس خارج کرتی ہے،زیادتی پیشاب میں مفید ہے،بالوں کی سیاہی قائم رکھتی ہے۔

ھوالشافی	جلاب (1)	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار
1	قلمی شورہ	50 گرام
2	حب الملوک مدبر (جمال گوٹا مدبر)	50 گرام
3	نوشادر	50 گرام
4	گیرو	10 گرام

حب الملوک کو مدبر کرنا : حب الملوک کو کسی پوٹلی میں بند کر کے دودھ میں لٹکا دیں اور ہلکی آنچ پر پکائیں جب کھویا سا بن جائے تو نکال کر دھولیں۔پھر پتہ نکال دیں۔استعمال کریں۔

ترکیب تیاری : پہلے حب الملوک کو کھرل میں ڈال کر اس قدر گھوٹیں کہ اس میں سے تیل برآمد ہو جائے۔تب نوشادر اور قلمی شورہ ملا کر زوردار ہاتھوں سے گھوٹیں۔حتیٰ کہ تیل پھر نمودار ہو جائے۔اس وقت گیرو خوب باریک کیا ہوا شامل کر کے پھر اسی طرح کھرل کریں۔یہاں تک کہ چکنائی برآمد ہو جائے بس اس وقت اس کا پیڑا سا بنا کر ایک سے دو رتی کی گولیاں بنالیں **خوراک**: مریض کو پہلے تین وقت مونگ کی دال والے چاول یعنی کھچڑی دیں یا ایسی نرم غذا دیں جس سے معدہ نرم ہو جائے۔س کے بعد ایک سے دو رتی تک گرم دودھ کے ساتھ صبح کے وقت کھلا دیں اور جب تک جلاب چلانا مقصود ہو عرق سونف یا گرم پانی پلاتے رہیں۔

فوائد : مرگی،جلودھر(استسقاء)،بواسیر خونی ہو یا بادی،آنتوں کے چھوٹی بڑی قسم کے کیڑے،،ہسٹیر یا خرابیٔ خون ہر قسم،پھوڑے پھنسی،خارش،داد،چنبل،ناسو،رگھکندر اور آتشک سب کے لیے یہ جلاب بے حد مفید ہے۔

هوالشافی | جلاب 02 | هوالکافی

ترکیب: تمام ادویہ کو کھرل میں خوب رگڑیں۔ جب موم کی طرح ہو جائے تو گھی میں بریاں کر کے رکھ لیں۔
استعمال 2: رتی ہمراہ گرم پانی۔ ہر اجابت کے بعد 2 گھونٹ پانی پیتے رہیں۔ جس وقت اسہال بند کرنے مقصود ہوں تو گرم دودھ میں چینی ملا کر پی لیں۔ دست آنے بند ہو جائیں گے۔

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	قلمی شورہ	ہم وزن
2	مگھاں	"
3	مغز بادام	"
4	مغز جمال گوٹا	"

هوالشافی | جلاب (بے شمار بیماریوں کے لیے) | هوالکافی

ترکیب: پہلے حب الملوک مدبر کو کھرل میں ڈال کر اس حد تک کھرل کریں کہ اس میں سے تیل برآمد ہو جائے۔ اس وقت نوشادر ملا کر کھرل کریں پھر جب تیل برآمد ہو تو قلمی شورہ ملا کر کھرل کریں۔ اسی طرح جب پھر تیل برآمد ہو جائے تو اس وقت گیرو ملا کر کھرل کریں۔ یہاں تک کہ تیل برآمد ہو جائے۔ پس اس وقت اس کا پیڑا سا بنا کر کسی ڈبیہ میں بند کر کے رکھ لیں۔ اکسیری جلاب تیار ہے۔

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	حب الملوک مدبر	50 گرام
2	نوشادر	50 گرام
3	قلمی شورہ	50 گرام
4	گیرو	10 گرام

استعمال: مریض کو پہلے کم از کم تین وقت چاول مونگ کی کھچڑی دیں۔ یا ایسی نرم غذائیں کھلائیں کہ معدہ نرم ہو جائے۔ اس کے بعد مریض کو 1 سے 2 رتی تک گرم دودھ سے بوقتِ صبح جلاب دیں۔ جب تک جلاب چلانا مقصود ہو گرم پانی یا عرق سونف دیتے رہیں
فوائد: مرگی, جلودھر, بواسیر خونی وبادی, آنتوں کے چھوٹے بڑے کیڑے, باؤ گولہ, خرابیءخون ہر قسم, پھوڑا پھنسی, داد چنبل خارش, ناسور, بھگندر ، آتشک ،سب کے لیے یہ جلاب بے حد مفید ہے۔

هوالشافی | کمزوریء معدہ/ گیس / یرقان | هوالکافی

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔
استعمال: 2 گرام ہمراہ آب تازہ۔ صبح و شام
فوائد: کمزوریءہاضمہ، گیس اور یرقان کے لیے مفید ہے۔

نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	زیری سیاہ	ہم وزن
2	اجوائن دیسی	"
3	فلفل سیاہ	"
4	نمک سیاہ	"
5	ہرڑ زرد	"

ھوالشافی — خوش ذائقہ زیرہ سفید — ھوالکافی

1	زیرہ سفید	6 گرام
2	سیندھا نمک	6 گرام
3	سونٹھ	6 گرام
4	رس لیموں	120 گرام

ترکیب و استعمال : ان سب کو چینی کی پلیٹ میں ڈال کر اوپر سے رس لیموں ملا کر موں بند کر کے سات دن دھوپ میں رکھیں۔اس کے خشک ہو جانے پر دھوپ میں اچھی طرح خشک کر کے پیس کر چورن بنا لیں ایک سے دو گرام پانی کے ساتھ لینے سے جی متلانا ،بھوک نہ لگنا، بدہضمی ، دست او قے کو آرام آجاتا ہے۔ حاملہ عورت کا جب جی متلائے تو اسے بھی استعمال کرانا نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی — مرض عطشہ 1 (کمزوریء معدہ) — ھوالکافی

1	مغز بادام	10عدد	4	مصری	2تولہ
2	خشخاش	20 گرام	5	روغن گل	حسب ضرورت
3	مکھن	4 تولہ			

ترکیب و استعمال : مغز بادام 10عدد ،خشخاش دونوں کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔صبح گھوٹ کر مکھن،مصری ملا کر چٹائیں۔6 گرام روزانہ ہمراہ گاڑھی لسی

نوٹ : پتلی لسی فائدہ کی بجائے نقصان کرے گی

کئی دن تک ایسا ہی کریں۔روغن گل کی روزانہ مالش کرائیں اور نیم گرم روغن گل کانوں میں ڈالیں۔جوڑ درد کے لیے دیسی گھی میں مکس کر کے کھلائیں

ھوالشافی — مرض عطشہ 2 (کمزوریء معدہ) — ھوالکافی

1	نشاستہ گندم	3 تولہ	4	مصری	4 تولہ
2	چاروں مغز	1 تولہ	5	اطریفل کشنیزی	حسب ضرورت
3	روغن زرد	ڈیڑھ چھٹانک			

ترکیب و استعمال : نشاستہ گندم ،چاروں مغز،روغن زرد سب کو پانی میں پکائیں۔مصری ملا کر حریرہ بنائیں۔سرد کر کے اسے نوش کریں۔اطریفل کشنیزی روزانہ کھلائیں۔خوراک میں دلیہ گندم دیں۔

ھوالشافی — کشتہء زاج — ھوالکافی

1	زاج ابیض (پھٹکڑی سفید)	50 گرام		2	نوشادر	6 گرام

ترکیب :دونوں کو آب گھیگوار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر توے پر بریاں کریں۔اتار کر ایک 3 گھنٹے آب گھیگوار میں دوبارہ کھرل کر کے خشک کریں۔تاوقتیکہ مانند سرمہ ہو جائے۔ **استعمال** 2:رتی تا 1 ماشہ بدرقہ مناسبہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔**فوائد**:شربت قند سیاہ کے ساتھ دینے سے پیچش،مروڑ،اسہال خونی،کو نافع ہے۔آب گرم سے بخاروں کے لیے اکثیر ہے۔پرسوت کے بخاروں کے لیے بھی مفید ہے۔آنکھوں میں لگانے سے خارش،ککرے،دھند کو مفید ہے۔

ھوالکافی	لون دوائے معدہ	ھوالشافی

1	نمک سانبھر	80 گرام
2	اناردانہ	40 گرام
3	نمک سونچل	50 گرام
4	نمک وڑ	20 گرام
5	نمک سیندھا	20 گرام
6	پپلا مول	20 گرام
7	زیرہ سیاہ	20 گرام
8	تیزپات	20 گرام
9	پپلی	20 گرام
10	امل بید	20 گرام
11	ناگ کیسر	20 گرام
12	فلفل سیاہ	10 گرام
13	سونٹھ	10 گرام
14	زیرہ سفید	10 گرام
15	دارچینی	5 گرام
16	الاچی خورد	5 گرام
17	رس لیموں	حسب ضرورت

ترکیب: تمام ادویات کا سفوف بنا کر سات دن تک رس لیموں میں تر و خشک کریں اور پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: ایک گرام سے تین گرام تک عرق سونف یا نیم گرم پانی سے دیں۔

فوائد: باؤ گولہ، سنگرہنی، بدہضمی، پیٹ درد کے لیے مفید ہے۔ معدہ اور آنتوں کی ہوا ہوا خارج کرتا ہے۔ خوراک کو جلد ہضم کرتا ہے۔ نیز جملہ امراض پیٹ کے لیے مفید ہے۔

ھوالکافی	معجون پودینہ	ھوالشافی

1	اجوائن	25 گرام
2	پودینہ خشک	25 گرام
3	زیرہ سیاہ	25 گرام
4	زنجبیل	25 گرام
5	کرفس	25 گرام
6	مصطگی رومی	25 گرام
7	عقرقرحا	25 گرام
8	دانہ الاچی خورد	25 گرام
9	دارچینی	25 گرام
10	فلفل دراز	25 گرام
11	فلفل سیاہ	25 گرام
12	بروگ سداب	25 گرام
13	سونف	25 گرام
14	شہد	تمام کے وزن سے 3 گنا

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو الگ الگ باریک پیس کر سب کے وزن سے تین گنا شہد میں ملا کر معجون بنا لیں۔

استعمال: 9 یا 10 گرام رات کو ہمراہ عرق سونف، عرق گلاب یا پانی سے دیں۔

فوائد: درد قولنج، پیٹ درد، کمزوری ہاضمہ، منہ میں پانی آنا۔

ھوالشافی	معدہ کے لیے	ھوالکافی

1	پودینہ خشک	25 گرام	6	دانہ الائچی کلاں	25 گرام
2	سونف	25 گرام	7	زیرہ سفید	25 گرام
3	اجوائن	25 گرام	8	نوشادر	25 گرام
4	کشنیز	25 گرام	9	پوست بیخ مدار	25 گرام
5	انار دانہ	25 گرام	10	چینی	225 گرام

ترکیب : برابر وزن لے کر سفوف بنالیں اور باریک پیس کر چینی ملالیں ۔

استعمال و فوائد : 1 تا 3 گرام دو یا تین مرتبہ عرق گاؤزبان یا عرق سونف کے ہمراہ کھلائیں۔ پیٹ کی تمام امراض میں تیر بہدف ہے۔ ہیضہ کے لیے بھی مفید ہے۔ جوڑوں کا درد, کمر درد ، بخار جو معدہ یا انتڑیوں کی وجہ سے ہو یعنی ٹائیفائیڈ, موسمی بخار, پیچش ہر قسم خونی ہوں یا سادہ, پیٹ در, قبض, اپھارہ, کھٹے مٹھے ڈکار, بھوک کا نہ لگنا ان سب کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	نارا ج چورن	ھوالکافی

1	فلفل دراز	12 گرام	3	چینی	48 گرام
2	تروی شدہ	48 گرام			″

ترکیب : سب کا سفوف بنالیں۔

استعمال و فوائد : 6 تا 10 گرام رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نیم گرم دیں۔ یہ چورن دائمی قبض دور کرتا ہے۔ پیٹ درد، اپھارہ اور بلغمی مادہ نکالنے کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	نورانی چورن	ھوالکافی

1	پوست ہلیلہ زرد	30 گرام	8	دار چینی	24 گرام
2	نوشادر ولائتی	30 گرام	9	گیرو	24 گرام
3	تخم الائچی کلاں	12 گرام	10	پودینہ	24 گرام
4	فلفل دراز	24 گرام	11	انار دانہ	24 گرام
5	فلفل سیاہ	24 گرام	12	ست پودینہ	3 گرام
6	نمک طعام	24 گرام	13	نمک سیاہ	24 گرام
7	سونٹھ	24 گرام			

ترکیب : تمام ادویات کو خوب باریک پیس کر ست پودینہ ملا کر سنبھال رکھیئے۔

استعمال : دو سے تین ماشہ دن میں تین مرتبہ بعد طعام ہمراہ آب تازہ دیجئے۔

(جاری ہے)

فوائد: دردِ شکم، ورمِ معدہ، ضعف، جگر کو دور کرتا ہے۔ ضعفِ معدہ کو ختم کر کے غذا کو جزوِ بدن بناتا ہے۔ فتورِ ہضم کے باعث پیدا ہونے والی اکثر امراض کو ختم کرتا ہے۔

ھوالکافی	راحت	ھوالشافی

10 گرام	کالا نمک	4	40 گرام	زیرہ سفید	1
5 گرام	اجمود	5	30 گرام	سونٹھ	2
5 گرام	سیندھا نمک	6	20 گرام	فلفل سیاہ	3

ترکیب و استعمال: سب کا سفوف بنا کر رکھ لیں۔ کھانا کھانے کے بعد 2 سے 3 گرام استعمال کرنے سے ہاضمہ کی طاقت بڑھتی ہے۔ بدہضمی ، ہیضہ ، ہچکی اور پیٹ کی گیس کو آرام آجاتا ہے۔

ھوالکافی	پیٹ کی بیماریاں	ھوالشافی

6 گرام	زیرہ سفید	1
6 گرام	سیندھا نمک	2
6 گرام	سونٹھ	3
ڈیڑھ گرام	ہینگ اصلی بریاں	4

ترکیب: و استعمال و فوائد

سب کا چورن بنا کر رکھ لیں۔ دہی یا لسی میں ملا لینے سے ذائقہ بہت اچھا ہو جاتا ہے۔ بدہضمی اور پیٹ کی گیس کے لیے مفید ہے۔ دستوں اور آنتوں کے کیڑوں کے لیے کامیاب علاج ہے۔

ھوالکافی	بچوں کے پیٹ کی خرابی کے لیے	ھوالشافی

10 گرام	نوشادر ٹھیکری	3		10 گرام	سہاگہ	1
10 گرام	نمک سیاہ	4		10 گرام	پھٹکڑی	2

ترکیب: سہاگہ اور پھٹکڑی کو توے پر علیحدہ علیحدہ کھیل کر لیں اور پیس لیں۔ نوشادر اور نمک سیاہ کو بھی علیحدہ علیحدہ پیس لیں۔ پھر سب کو مکس کر لیں اور بوتل میں بند کر لیں۔

استعمال و فوائد: بوقتِ ضرورت بقدر 1 رتی پانی میں حل کر کے بچے کو دیا کریں (بڑے کو 1 ماشہ)۔ بچے کے پیٹ کی خرابی، نمونیہ (ڈبہ)، کھانسی، دست، بدہضمی، قے وغیرہ کو از حد مفید ہے۔

ھوالکافی	ذات الجنب (پھیپھڑے کا درد ، نمونیہ)	ھوالشافی

ترکیب: ایک انڈا لے کر محفوظ جگہ پر رکھ دیں۔ 40 / 45 دن کے بعد توڑ کر جمی ہوئی زردی کو نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں

استعمال و فوائد: بچے کے لیے 1 چاول کے برابر۔ بڑے کے لیے 2 چاول صبح شام چینی/شہد میں ملا کر دیں انتہائی مفید ہے۔

ھوالکافی	پاوڈر حب الملوک	ھوالشافی

3ماشہ	حب الملوک (جمال گوٹا)	1
1تولہ	دانہ الائچی خورد	2
1+5=6تولہ	چینی	3
1بوتل	عرق گاؤزبان	4

ترکیب: مغز حب الملوک اور الائچی خورد ہر دو کو ملا کر کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں جب میدہ کی طرح باریک ہو جائے تو اس میں ایک تولہ چینی ڈال کر خوب کھرل کریں۔6 گھنٹہ متواتر کھرل کرنے سے تیار ہو جاتی ہے۔

1۔ جو کہ بے نظیر جلاب کا کام دیتی ہے پھر لطف یہ ہے کہ نہ ہی مروڑ یا پیچش کا عارضہ ہوتا ہے۔ بلکہ اس سے آرام وسکون سے جلاب آتے ہیں

خوراک: 1 تا2 ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی۔

2۔ مذکورہ پاوڈر 1 ماشہ کو5 تولہ چینی میں ملا کر8 گھنٹہ تک خوب پیسیں یہ استعمال کی نہیں اس کو مزید آگے تیار کریں۔ یعنی اس میں سے ایک رتی کو بوتل میں ڈال کر اس کو عرقِ گاؤزبان سے پُر کر دیں اور 3 منٹ تک خوب ہلائیں تا کہ اچھی طرح حل ہو جائے۔

استعمال ☆ اسہال و پیچش : جب مریض کو بار بار حاجت ہو کر پانی سا خارج ہوتا ہو یا خون آتا ہو تو ایسے وقت میں اس عرق کی 3/3 ماشہ کی مقدارِ خوراک 3/3 گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔ انشا اللہ بہت جلد شفاء ہو گی

پیٹ درد : اگر پیٹ میں ناف کے نیچے درد رہتا ہو تو اور کسی طرح دور ہونے میں نہ آتا ہو تو بطریق مذکورا استعمال کریں

قے اور متلی: جب ملیریا بخار میں قے اور متلی تکلیف دے رہی ہو تو اس کے بند کرنے کے لیے ہر پندرہ بیس منٹ کے بعد بقدر 1 ماشہ استعمال کریں تو قے فوراً بند ہو گی۔ جی کا متلانا بند ہو جائے گا۔

باری والا بخار : بخار کی نوبت سے گھنٹہ گھنٹہ کے وقفہ سے 3 خوراک دے دیں۔ بخار رک جاتا ہے۔ نقاہت و کمزوری بخار وغیرہ کے بعد جب مریض کمزور ہو گیا ہو تو کمزوری کو رفع کرنے کے لیے بے نظیر چیز ہے۔ روزانہ بوقتِ صبح بقدر 2 ماشہ استعمال کرتے رہیں۔ مقوی بدن و معدہ ہے۔ چند روز میں کمزوری رفع ہو جاتی ہے۔ ضعفِ معدہ، بھوک نہ لگنا، بدہضمی کے لیے یہ دوا بے حد مفید ہے جس کی خوبی بعد از تجربہ معلوم ہو گی۔

ھوالکافی	حبِ تنکار (سہاگہ)	ھوالشافی

42 گرام	فلفل سیاہ	3	7 -1/2 گرام	سہاگہ	1
56 گرام	مصبر	4	8 - 3/4 گرام	اجوائن خراسانی	2

ترکیب تیاری: شیرہ گھیگوار میں کھرل کر کے چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: ایک تا دو گولیاں رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی

فوائد: بھوک لگاتی ہے۔ دائمی قبض کو رفع کرتی ہے۔ بڑھتے ہوئے پیٹ کو کم کرتی ہے۔

ھوالشافی — پرانی سنگرھنی — ھوالکافی

1	سنکھ (خاکستر)	30 گرام
2	سرکہ انگوری	حسبِ ضرورت
3	گل دھاوا	10 گرام
4	اندر جو شیریں	10 گرام
5	سنبل الطیب	5 گرام

ترکیب: سنکھ کو آگ میں تپا کر جب وہ سرخ ہو جائے تو سرکہ انگوری میں بجھا دیں۔اس پر سے قشر اُتریں گے۔وہ سرکہ میں جمع ہوتے جائیں گے۔اسی طرح کئی بار کریں۔جب خاکستر حسبِ ضرورت جمع ہو جائے تو اس میں مندرجہ ذیل ادویہ شامل کریں۔اوپر درج شدہ طریقہ کے مطابق خاکستر کیا ہوا سنکھ، گل دھاوا، اندر جو شیریں، سنبل الطیب تمام کو سرمہ کی طرح پیس کر رکھیں۔

استعمال :3 گرام تک۔ دو مرتبہ روزانہ ہمراہ پانی۔غذا کے طور پر اس مرض میں چاول باسمتی ہمراہ دہی بہت مفید ہیں۔

ھوالشافی — میٹھا قبض کشا سفوف — ھوالکافی

1	روغن حب السلوک (جمال گوٹا)	1قطرہ
2	بادام روغن	2 قطرے
3	روغن سونف	1قطرہ
4	سکرین	1رتی
5	چینی	1تولہ

ترکیب: سب کو کھرل کر کے یکجان کر کے بوتل میں بند کر لیں۔

استعمال:6ماشہ خوراک آدھا کلو نیم گرم دودھ کے ساتھ (چینی نہیں ڈالنی)

فوائد: سر درد، بواسیر، پیٹ درد ، پنڈلیوں کا درد، جوڑوں کا درد، ہاتھ پاؤں کا ٹوٹنا (درد کرنا) ان تمام امراض کے لیے یہ نہایت مفید دوا ہے کسی قسم کی گھبراہٹ نہیں ہوتی۔

ھوالشافی — قبض — ھوالکافی

1	کالا دانہ	100 گرام
2	چینی	500 گرام

ترکیب تیاری: کالا دانہ کو بھون کر باریک پیس لیں۔پھر چینی کا قوام بنا کر ملا لیں اور تھالی میں بچھا کر برفی بنا لیں۔

مقدار خوراک : رات کو سوتے وقت ایک ٹکڑا نیم گرم دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔

خوبی : صبح کھل کر پاخانہ آئے گا اور قبض کا عارضہ رفع ہو جائے گا۔

ھوالشافی — قوتِ ذائقہ کا زائل ہو جانا — ھوالکافی

1	عقر قرحا	1 گرام
2	شہد	6 گرام

ترکیب تیاری : عقر قرحا باریک پیس لیں

مقدار خوراک :ایک گرام عقر قرحا کو شہد 6 گرام میں ملا کر زبان پر ملیں۔ **یا**

عقر قرحا کو پانی میں جوش دے کر اس پانی سے کلیاں کرائیں۔

هوالشافی	سفوفِ اندرائن	هوالکافی

1	اندرائن (تمہ) پھل ثابت	1عدد	11	نمک شیشہ (عام)	1تولہ
2	تخم دھتورہ	2تولہ	12	فلفل سیاہ	6ماشہ
3	اجوائن دیسی	2تولہ	13	فلفل دراز	6ماشہ
4	اجوائن خراسانی	2تولہ	14	سونٹھ	1تولہ
5	تخم ہرمل	1تولہ	15	نمک سونچر/نمک سیاہ	1تولہ
6	نوشادر	1تولہ	16	بیخ سہانجنہ (خودلائیں)	1تولہ
7	قلمی شورہ	6ماشہ	17	پوست ہلیلہ	2تولہ
8	سہاگہ	1تولہ	18	مصر	2تولہ
9	بھنگ	6ماشہ	19	سونف	2تولہ
10	ثناءمکی	3تولہ	20	پوست بلیلہ (بہیڑہ)	1تولہ

ترکیب :سب کو باریک پیس کر چھان لیں اور سفوف بنالیں۔

استعمال فوائد: بے حد مصفی خون ہے۔اس کے استعمال سے ناسور ی، پھوڑے کو بہت فائدہ ہوتا ہے۔عمدہ قبض کشاء ہے۔ بدن کندن کی طرح نکھر آتا ہے۔بلڈ پریشر میں نہایت مفید ہے

خوراک : 6ماشہ رات کو کھانے کے بعد پانی کے ساتھ۔اگر مرض زیادہ ہو تو صبح وشام بھی استعمال کرا سکتے ہیں۔

هوالشافی	سفوف هاضم	هوالکافی

1	سونف	12 گرام	7	پودینہ	12 گرام
2	زنجبیل	12 گرام	8	سہاگہ	12 گرام
3	اجوائن	12 گرام	9	نمک طعام	12 گرام
4	فلفل سیاہ	12 گرام	10	نمک سیاہ	12 گرام
5	دارچینی	12 گرام	11	نوشادر	72 گرام
6	فلفل دراز	12 گرام			

ترکیب :سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال :1 گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد : ہاضم طعام، دردِ معدہ کو نافع ہے۔کاسر ریاح ، بدہضمی ، ہیضہ اور قے کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	سفوف مقوی ٔ معدہ	ھوالکافی

1	جلوتری	10 گرام
2	دارچینی	40 گرام
3	تیزپات	50 گرام

ترکیب: سب کا باریک پیس کرسفوف تیار کرلیں۔

استعمال 1 : تا 2 گرام دن میں تین تا چار مرتبہ ہمراہ نیم گرم پانی یا قہوہ

فوائد: مقوی ٔمعدہ وامعاء (انتڑیاں) اور قلب ہے۔جگر کی مشینی تحریک شروع کر دیتا ہے۔قابض ہے۔نفخ شکم اور گڑگڑاہٹ کے لیے مفید ہے۔مولدِ خون اور مقوی بدن ہے۔اس کے استعمال سے معدہ اور امعامیں زبردست قوت پیدا ہو جاتی ہے۔جگر متحرک ہو جاتا ہے۔بھوک بڑھ جاتی ہے۔پرانے اسہال جو کھانا کھانے کے بعد فوراً آتے ہوں۔بلکہ سنگرہنی تک کے لیے مفید ہے۔نیا خون پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔جس سے کمزوری دور ہو کر جسم کا دبلا پن دور ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	سفوف نعناع	ھوالکافی

1	نعناع خشک (پودینہ)	36 گرام
2	سماق	18 گرام
3	نمک سیاہ	18 گرام
4	فلفل سیاہ	7 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو کوٹ پیس کر/ چھان کر سفوف تیار کرلیں

استعمال:3 سے 5 گرام سفوف بعداز غذا صبح وشام ہمراہ آب تازہ

فوائد: محلل ریاح ،مقوی ٔمعدہ ، نفخ شکم میں مفید ہے۔

ھوالشافی	سکنجبین نعناعی	ھوالکافی

1	پودینہ خشک	25 گرام
2	آب لیموں	125 ملی لیٹر
3	قند سفید	500 گرام

ترکیب تیاری : پودینہ خشک کو 200 ملی لیٹر پانی میں کچھ دیر کے لیے بھگو دیں۔اس کے بعد اتنا جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے۔اب اس کو مل چھان کر اس میں عرق لیموں اور قند سفید شامل کر دیں۔سکنجبین کا قوام تیار کریں۔

فوائد : ہضم میں معاون ہے اور صفرا کو زائل کرتی ہے۔

مقدارِ خوراک :10 ملی لیٹر تا 20 ملی لیٹر ۔ صبح وشام بعداز غذا پلائیں۔

ھوالکافی	سکنجبین نانخواہ	ھوالشافی

1	نانخواہ (اجوائن)	60 گرام
2	زوفا	40 گرام
3	بھنگرہ کوہی	50 گرام
4	زیرہ سفید	20 گرام
5	سرکہ	2لیٹر
6	چینی	5 کلوگرام

ترکیب: سیریل نمبر1 تا 4 کوجوکوب کرکےایک لیٹر پانی اور ایک لیٹر سرکہ میں بھگو دیں صبح اس کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔نصف مقدار رہ جانے پراُتار کرموٹی ململ سے چھان لیں۔اور اس میں ایک لیڑ سرکہ اور آدھا لیٹر پانی کا ضافہ کرکےاس میں چینی شامل کرکےقوام بنالیں۔ٹھنڈا کرکے بوتلوں میں بھرلیں۔

فوائد: جس کوبھوک نہ لگے،جس کوغذاہضم نہ ہوتی ہو،جس کامعدہ کام نہ کرتاہویاجس کوگیس کامسئلہ ہووہ اس کوایک بارآپ کے کہنے پراستعمال کرے گااس کے بعدوہ خودہی آپ کادوست ہوجائے گا۔

ھوالکافی	سنگرھنی کا جادو اثر نسخہ	ھوالشافی

1	مٹھاتیلیہ مدبّر	6 گرام
2	افیون خالص	6 گرام
3	کشتۂ فولاد	3 گرام
4	ابرک سیاہ	7 گرام
5	شیر گاؤ	حسبِ ضرورت

ترکیب: ان سب کوشیر گاؤمیں کھرل کرکےرتی برابر گولیاں بنا لیں۔خشک کرکےمحفوظ کرلیں۔

خوراک 1 تا2 گولی ہمراہ دودھ دن میں 3/ 2 مرتبہ دیں۔

استعمال تندرست اور جوان گائے کےگرم دودھ سے دیں بغیر میٹھا کیےہوئے دودھ سے دیں۔پہلے روز تمام دن میں ڈیڑھ کلو دودھ دیناچاہیے۔پھرپاؤپاؤبھرروزانہ بڑھاتے جائیں۔بھوک اور پیاس کے درمیان بھی دودھ ہی دیں۔پانی اور باقی ہرقسم کی غذابند کر دینی چاہیے۔

ھوالکافی	سٹومکین	ھوالشافی

1	جوہر نوشادریانوشادرخام	24 گرام
2	آملہ سار مصفی	24 گرام
3	آب مولی	240 گرام
4	سرکہ ولائتی	120 گرام
5	ست اجوائن	6 گرام
6	ست پودینہ	4 گرام
7	پیپرمنٹ سبز ولائتی	2 گرام

ترکیب و استعمال : نوشادراور آملہ مصفی کوآب مولی میں کھرل کریں خشک ہونے پرسرکہ میں کھرل کریں۔پھر باقی اجزاء ملاکرکھرل کرکے رکھ لیں۔صبح وشام بقدر نصف رتی پتاشہ یاگلقند میں ملاکرکھلائیں۔اوپر سے کوئی مناسب عرق 60 گرام دیں۔ **فوائد**: خوشبودار،خوش ذائقہ،زوداثر/برق تاثیر رکھنے والی دواہے۔یہ ایک دوابہت سے امراض کے لیے کارآمد ہے۔ہیضہ ،طاعون،قولنج،بدہضمی،قبض شکم،ضعفِ معدہ،بھوک نہ لگنا،کھٹی ڈکاریں،چھاتی کی جلن،بدہضمی کے دست اورتلی کی بیماریوں میں لاجواب ہے۔

زہریلے جانوروں کے کاٹے پر اس کو لگا دینے سے فوراً آرام آجاتا ہے۔ دیوانہ کتا کاٹ لے اور یہ دوا پاس ہو تو پچھنے لگا کر مل دیں۔ بے خوف رہیں۔ بچھو، بھڑ وغیرہ کے لیے بھی عجیب تاثیر رکھتی ہے ۔ اس میں اس قدر تاثیرات ہیں کہ جن کا تحریر کرنا باعثِ طوالت ہوگا معدہ کی بیماریوں کے لیے اکسیر سے کم نہیں۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ غذا ہضم کرتی ہے۔ بدہضمی، اپھارہ اور درد کو دور کر کے معدہ کو تندرست کرتی ہے۔ زہریلے جونوروں کے کاٹنے پر اس کا استعمال بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	صفرا۔ ترشی	ھوالکافی

تعارف و علامات: جب نہایت گرم اور تیز و ترش مصالہ دار اشیاء کے کثرتِ استعمال سے صفرا ترش ہو جاتا ہے تو انسان کے معدہ میں ترشی اس کثرت سے بڑھتی ہے کہ کھائی ہوئی غذا فوراً ہی تیزاب جیسی تیز ترشی کے ساتھ مل کر نہایت ترش ہو جاتی ہے۔ اس تیز ترشی کے باعث مقام معدہ و فمِ معدہ میں سخت جلن ہوتی ہے۔ کھٹی اور کڑوی ڈکاریں آتی ہیں۔ صفرا بگڑ کر تیز کھٹا ہو جاتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ 1۔ اوپر کی جانب ترشی معدہ میں ہوتی ہے اور مریض کو کھٹی ڈکاریں آنا اور ڈکار کے ساتھ ترشی کا مونہہ میں آنا یا ترش قے آنا یہ علامات ہوتی ہیں۔ 2۔ اس مرض میں جب صفرا بگڑ کر بجائے معدہ کے آنتوں میں چلا جاتا ہے تو مریض کو زرد یا سرخ رنگ کے پتلے دست آتے ہیں۔ آنتوں میں جلن اور جسم پر سرخ رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہیں۔

1	ترکٹا	40 گرام	5	پوست بیخ چترا	40 گرام
2	ترپھلہ	40 گرام	6	گندھک مصفا	20 گرام
3	ترپھلہ	40 گرام	7	پارہ مصفا	10 گرام
4	بابڑنگ (واوڑنگ)	40 گرام			

ترکیب: پارہ و گندھک کو خوب کھرل کریں۔ جس وقت کاجل کی مانند ہو جائے تو 1 تا 5 ادویہ کو خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے اس میں ملا دیں۔

استعمال: ڈیڑھ تا 3 گرام تک گھی اور شہد ملا کر ہمراہ دودھ گائے استعمال کرائیں۔

نوٹ: اگر دوا کی مقدار بڑھائیں تو اسی ترتیب سے گھی اور شہد کی مقدار بھی بڑھا دیں۔

فوائد: ترشی صفرا و بدہضمی کی بہترین دوا ہے۔

ھوالشافی	صفرا۔ ترشی 1	ھوالکافی

تعارف و علامات: جب نہایت گرم اور تیز و ترش مصالہ دار اشیاء کے کثرتِ استعمال سے صفرا ترش ہو جاتا ہے تو انسان کے معدہ میں ترشی اس کثرت سے بڑھتی ہے کہ کھائی ہوئی غذا فوراً ہی تیزاب جیسی تیز ترشی کے ساتھ مل کر نہایت ترش ہو جاتی ہے۔ اس تیز ترشی کے باعث مقام معدہ و فمِ معدہ میں سخت جلن ہوتی ہے۔ کھٹی اور کڑوی ڈکاریں آتی ہیں۔ صفرا بگڑ کر تیز کھٹا ہو جاتا ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ 1۔ اوپر کی جانب ترشی معدہ میں ہوتی ہے اور مریض کو کھٹی ڈکاریں آنا اور ڈکار کے ساتھ ترشی کا مونہہ میں آنا یا ترش قے آنا یہ علامات ہوتی ہیں۔ 2۔ اس مرض میں جب صفرا بگڑ کر بجائے معدہ کے آنتوں میں چلا جاتا ہے تو مریض کو زرد یا سرخ رنگ کے پتلے دست آتے ہیں۔ آنتوں میں جلن اور جسم پر سرخ رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہیں۔

نمبر	دوا	وزن
1	ترکٹا	10 گرام
2	ترپھلہ	10 گرام
3	ناگرموتھا	10 گرام
4	بابڑنگ (واوڑنگ)	10 گرام
5	دانہ الاپچی خورد	10 گرام
6	تیزپات	10 گرام
7	قرنفل	60 گرام
8	تربدسفید	240 گرام
9	مصری	360 گرام

ترکیب تیاری : سب کو علیحدہ علیحدہ وباریک پیس کر یکجا ملادیں۔

خوراک و استعمال : 3 تا 6 گرام تک خالی معدہ ہمراہ آب تازہ صبح وشام استعمال کرائیں۔

فوائد: ترشی ،صفرا وبدہضمی کی نہایت عمدہ دوا ہے۔

ھوالشافی	**اکسیر معدہ**	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن
1	نمک سیاہ	10 گرام
2	کلونجی	10 گرام
3	ترپھلا	20 گرام
4	الاپچی	10 گرام
5	ست لیموں	10 گرام
6	ست اجوائن	10 گرام
7	ست پودینہ	10 گرام

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو باریک پیس کر باہم ملالیں۔

خوراک و استعمال :1 تا 2 گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فوائد: گیس،قبض،تزابیت اور معدہ کے دیگر امراض میں مفید ہے۔

ھوالشافی	**سنگرھنی / دست/مروڑ**	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن
1	اتیس	ہم وزن
2	ناگرموتھا	〃
3	شوناک	〃
4	زنجبیل	〃
5	گل دھاوا	〃
6	لودھ پٹھانی	〃
7	اسگندھ بالا	〃
8	بیل گری	ہم وزن
9	موچرس	〃
10	پاٹھا	〃
11	اِندرجو	〃
12	کوڑسک	〃
13	مغز گٹھلی آم	〃
14	لاج ونتی	〃

ترکیب تیاری: تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

استعمال: 2 سے 3 گرام ہمراہ چاولوں کے دھون یا پانی سے دیں اسے بھی کیپسولز میں بند کر کے استعمال کیا جائے تو بہتر ہے۔

فوائد: ہر قسم کے دست،مروڑ، سنگرہنی کے لیے لاثانی ہے۔بچوں کے دست اور مروڑ وغیرہ میں بھی مفید ہے۔

ھوالکافی	صفرا۔ ترشی 3(تیزابیت)	ھوالشافی

تعارف و علامات :جب نہایت گرم اور تیز و ترش مصالہ دار اشیاء کے کثرتِ استعمال سے صفرا ترش ہو جاتا ہے تو انسان کے معدہ میں ترشی اس کثرت سے بڑھتی ہے کہ کھائی ہوئی غذا فوراً ہی تیزاب جیسی تیز ترشی کے ساتھ مل کر نہایت ترش ہو جاتی ہے۔اس تیز ترشی کے باعث مقام معدہ و فمِ معدہ میں سخت جلن ہوتی ہے۔ کھٹی اور کڑوی ڈکاریں آتی ہیں۔ صفرا بگڑ کر تیز کھٹا ہو جاتا ہے۔اس کی دو قسمیں ہیں۔ 1۔ اوپر کی جانب ترشی معدہ میں ہوتی ہے اور مریض کو کھٹی ڈکاریں آنا اور ڈکار کے ساتھ ترشی کا مونہہ میں آنا یا ترش قے آنا یہ علامات ہوتی ہیں۔ 2۔ اس مرض میں جب صفرا بگڑ کر بجائے معدہ کے آنتوں میں چلا جاتا ہے تو مریض کو زرد یا سرخ رنگ کے پتلے دست آتے ہیں۔آنتوں میں جلن اور جسم پر سرخ رنگ کے دھبے پڑ جاتے ہیں۔

☆شنٹھی کھنڈ☆

1	سفوف زنجبیل	200 گرام
2	چینی	1 کلو
3	گھی	500 گرام
4	دودھ	4 کلو

ترکیب تیاری : سب کو ملا کر عمدہ لوہے کی کڑاہی یا قلعی دار برتن میں ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب ماوا یا ربڑی کی طرح گاڑھا ہو جائے اور دودھ میں پانی کا حصہ نہ رہے۔تو اس میں مندرجہ ذیل اجزاء کا سفوف تیار کر کے شامل کر دیں۔

دوسرا مرحلہ

1	دھنیا	9 گرام
2	آملہ خشک	9 گرام
3	ناگرموتھا	9 گرام
4	زیرہ سفید	9 گرام
5	فلفل دراز	9 گرام
6	بنسلوچن (طباشیر)	9 گرام
7	دارچینی	9 گرام
8	تیزپات	9 گرام
9	الائچی خورد	9 گرام
10	زیرہ سیاہ	9 گرام
11	پوست ہلیلہ	9 گرام
12	فلفل سیاہ	4-1/2 گرام
13	ناگ کیسر	4-1/2 گرام
14	شہد	100 گرام

شنٹھی کھنڈ تیار ہے

خوراک و استعمال : 6 تا 12 گرام تک ہمراہ دودھ صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد:ترشی ،صفرا و بدہضمی کی نہایت عمدہ دوا ہے۔

هوالشافی — سرخابی — هوالکافی

1	فلفل سیاہ	ہموزن
2	نوشادر	؍؍
3	گیرو	؍؍

تیاری : تینوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر باہم ملالیں۔

ترکیب استعمال: دو سے چار رتی تک .

فوائد : پیچش، بدہضمی اور پیٹ کی تمام بیماریوں کے لیے مفید ہے۔

هوالشافی — تریاقِ معدہ و امعاء (انتڑیاں) — هوالکافی

1	گندھک آملہ سار	20 گرام
2	اجوائن دیسی	40 گرام
3	برگ پودینہ	20 گرام

ترکیب: سب کا باریک سفوف بنالیں۔

خوراک 1 تا 2 گرام دن میں 4 مرتبہ ہمراہ آب نیم گرم

فوائد: دردمعدہ وامعاء (انتڑیاں)، قے اور اسہال، معدہ وامعاء میں بے چینی وسوزش و ورم، یورک ایسڈ کی زیادتی، ریاح شکم اور باؤ گولہ کے لیے مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مصفی خون ہے۔ دافع نزلہ وزکام ہے۔ درددانت اور ماسخورہ کے لیے بھی مفید ہے۔ خارش کے لیے اچھی دوا ہے۔

هوالشافی — تروی جلاب — هوالکافی

گل قند	125 گرام
بادام روغن	25 گرام
سقمونیا	6 گرام

ترکیب : تمام چاروں اجزاء کو کوٹ کر باہم ملالیں۔

خوراک : 1 چمچ رات کو گرم دودھ کے ساتھ۔

فوائد: گیس ، قبض ، بہترین تروی جلاب ہے۔

هوالشافی — ضیق النفس بلغمی — هوالکافی

1	تخم میتھی	40 گرام
2	رائی	20 گرام
3	کلونجی	20 گرام
4	کاکڑاسنگی	80 گرام

ترکیب: سب کا باریک سفوف بنالیں۔

خوراک: 1 تا 2 گرام دن میں 4 بار ہمراہ تازہ پانی۔

فوائد: عضلاتی غدی ہے۔ محرک شش (پھیپھڑے) ہے، ہاضم، مخزن بلغم، حابس، نزلہ وزکام، کھانسی، بلغمی اسہال، بلغم کی زیادتی سے ہاضمہ کی خرابی، فمِ معدہ کا درد، کھاری ڈکاریں آنا میں مفید ہے ۔

ھوالشافی	امعاء (آنتوں کے امراض)	ھوالکافی

تعارف: آنتوں (Intestines) کی 3 اقسام ہے (1) چھوٹی آنتیں ,(2) بڑی آنتیں (3) امعاء مستقیم اور قولون آنت
چھوٹی آنتیں: اس کی لمبائی تقریباً 1/2 22 فٹ ہوتی ہے۔اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔
اثنا عشری: یہ چھوٹی آنت کا پہلا حصہ ہوتا ہے جو معدہ کے بواب سے شروع ہوتا ہے اور معا صائم تک جاتا ہے اس حصہ آنت میں مختلف کیمیاوی عمل ہوتے ہے کیونکہ صفرا اس نالی میں گرتا ہے اور لبلبے کی رتوبت بھی اسی میں گرتی ہے۔
صائم: اسے صائم اس لئے کہتے ہیں کہ بعد موت یہ خالی ہوتی ہے اس کی لمبائی تقریباً ساڑھے سات فٹ ہوتی ہے
معادقیق: یہ چھوٹی آنت کا آخری حصہ ہوتا ہے کیونکہ یہ حصہ پیچ دار ہوتا ہے یہ پتلی ہوتی ہے اس کی لمبائی تقریباً ساڑھے گیارہ فٹ ہوتی ہے
بڑی آنتیں: بڑی آنت کی لمبائی تقریباً پانچ فٹ ہوتی ہے یہ چھوٹی آنت کے آخری حصہ سے شروع ہوکر قولون آنت تک جاتی ہے یہ آنت حجم میں بڑی اور ساخت میں دبیز ہوتی ہے یہ آنت چھوٹی آنت کے آخری حصہ سے ایک دم بڑی ہو جاتی ہے
اعور: بڑی آنت کے شروع میں زائدہ اعور ہوتا ہے زائدہ اعور سے بڑی آنت سیدھی اُوپر اُٹھتی ہے بڑی آنت کا یہ حصہ پیڑو کی دائیں جانب رہتا ہے معادقیق اور اعور کے جائے ملاپ پر ایک کواڑ ہوتا ہے جس میں ایک لمبا اور تنگ سوراخ ہوتا ہے یہ کواڑ بڑی آنت سے غزا اور ہوا کو چھوٹی آنتوں میں واپس نہیں جانے دیتا۔ بڑی آنت اعور سے شروع ہوکر اوپر جاتی ہے اور جگر سے مس کرتی ہوی طحال کی ترف جاتی ہے اور قولون آنت سے ملتی ہے۔
قولون آنت: یہ طحال سے نیچے شروع ہوتی ہے اور مبرز کے مقام پر ایک دم باریک ہو جاتی ہے اور امعاء مستقیم کے نام سے مقعد کے ساتھ مل جاتی ہے اسی آنت میں اکثر قولنج ہوتا ہے مستقیم آنت تقریباً آٹھ انچ لمبی ہوتی ہے یہ قولون کے آخر سے شروع ہوکر مبرز پر ختم ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی	اسہال	ھوالکافی

اگر کسی وجہ سے غذا آنتوں میں نہ رُکے اور جلد خارج ہو جائے تو اسے اسہال کے نام سے یاد کرتے ہیں۔عموماً دست غذا کے کسی وجہ سے ہضم نہ ہونے کی وجہ سے آتے ہیں۔
اسباب: ثقیل وبادی، کثرت مصالہ دار اغذیہ، آنتوں کے اورام یا خراش دار چیز کا استعمال، ضعفِ جگر، ضعفِ معدہ آنتوں کی قوتِ ماسکہ کی کمزوری کبھی بے جوڑ غذاؤں کے باعث مثلاً کھیرے یا خربوزے کے ساتھ لسی یا دودھ کا استعمال وغیرہ۔

ھوالشافی	سفوف ھمدرد	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	پوست خشخاش	30 گرام	4	رال سفید	30 گرام
2	اسپال	60 گرام	5	کشتہ مرجان	12 گرام
3	کوڑا سک	60 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک پاؤڈر کر کے محفوظ کریں۔

جاری ہے

ترکیب استعمال : تین گرام صبح، دوپہر، شام ہمراہ آب سرد لیں۔

فائدہ : مزمن اسہال اور سنگرہنی میں نہایت ہی مجرب ہے۔

ھوالشافی	حبِ فیروز	ھوالکافی

1	مازو	100 گرام	3	شقیقل خالص	50 گرام
2	مائیں	100 گرام	4	صمغ عربی	12 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : 250 ملی گرام دن میں تین وقت ہمراہ آبِ سرد خالص دیں۔

فائدہ : تمام قسم کے اسہال میں اسمِ بامسمّٰی ہے

نوٹ : پرہیز واجب ہے۔

ھوالشافی	حبِ شفیق	ھوالکافی

1	مغز تخم نیب	ہم وزن	3	ازراقی مدبر	؍؍
2	گوگل بھینسا	؍؍			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر عرق سونف کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : 1 تا 2 گولی ہمراہ شیر گاؤ یا آبِ سرد سے کھلائیں۔

فائدہ : بواسیر بادی و ریاحی، قراقر معدہ، سلسل البول، اسہال ریاحی اور ریاح شکم میں تحفہ سے کم نہیں۔

ھوالشافی	دوائے سُرخ	ھوالکافی

1	سنگ جراحت	برابر وزن	2	گیرو	برابر وزن

ترکیب: دونوں ادویہ کو نہایت باریک مثل غبار بنالیں۔

ترکیب استعمال : 3 گرام ہمراہ شربت کوکنار (پوست خشخاش) دیں یا شربتِ قابض سے دیں۔

فائدہ : خونی اسہال، بواسیر خونی، نفث الدم، کثرتِ حیض میں مجرب ہے۔

ھوالشافی	عرق کافوری	ھوالکافی

1	کافور	25 گرام	2	سپرٹ	50 گرام

ترکیب : کافور کو پیس کر بوتل میں ڈال لیں اور اوپر سے سپرٹ ڈال کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : 2 تا 3 قطر یکوزہ مصری یا بتاشہ پر ڈال کر ہر دو گھنٹے بعد دیں۔ ہیضہ کے لیے 3 قطرے ایک چمچ پانی میں ملا کر پلائیں۔

فائدہ : ہیضہ میں اگر مریض کا بدن سرد اور ناخن نیلے ہو جائیں اور جسم میں تشنج واقع ہو جائے تو اس کی ایک خوراک سے مریض آنکھیں کھول لیتا ہے۔ نیز کثرتِ حیض، نفث الدم، خونی بواسیر، خونی اسہال یا پھیپھڑوں سے خون آنے میں نہایت ہی اکسیر الاثر ہے۔

هوالشافی	تریاق سنگرهنی	هوالکافی

1	سنکھ	60 گرام	2	آب لیموں	250 گرام

ترکیب: سنکھ کے اندر تھوڑا تھوڑا آب لیموں ڈال کر کھرل کرتے رہیں یہاں تک کہ آب لیموں ختم ہو جائے تو محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام تین تین ماشہ ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: اس نسخے کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے سنگرہنی جیسے عسر العلاج اور اسہال کہنہ کو چند خوراکوں سے صحت حاصل ہوتی ہے بنائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔

هوالشافی	اکسیر اسهال	هوالکافی

1	صمغ عربی	ہم وزن	3	طباشیر	ہم وزن
2	گوند کتیرا	ہم وزن	4	سنگ جراحت	ہم وزن

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے سنبھال رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر، شام چار گرام ہمراہ شربت خشخاش 50 گرام یا شربت انجبار 50 گرام دیں

فائدہ: ہمہ اقسام کے اسہال میں مفید ہے

هوالشافی	دوائے انتخاب	هوالکافی

1	پوست سنگدانہ مرغ	1 تولہ	3	غنچہ انار ترس تازہ	5 تولہ
2	سنڈھ	10 تولہ	4	افیون	6 تولہ

ترکیب: سنڈ کو بھون لیں پھر باریک پیس لیں پھر افیون اور اسگندانہ مرغ پوڈر کر کے مکس کر لیں بعدہ غنچہ انار ڈال کر خوب کھرل کریں کہ گولی بندھ جائے۔

استعمال: 2 تا 4 گولی دن میں تین مرتبہ ہمراہ آب سرد دیں بعدہ مقدار کم کرتے جائیں حتیٰ کے ایک ایک گولی رہ جائے

فائدہ: پرانے سے پرانے اسہال جو کسی بھی دوا سے ٹھیک نہیں ہوتے۔ ان اسہال کو ٹھیک کرنا اس کا ادنیٰ سا کرشمہ ہے

پرهیز: دھلی دال مونگ اور چاول کی کھچڑی کے علاوہ دیگر اغذیہ سے پرہیز واجب ہے۔

هوالشافی	شربت پیچش	هوالکافی

1	بہی دانہ	ہم وزن	6	بنفشہ	؍؍
2	چھلکا اسپغول	؍؍	7	تخم خطمی	؍؍
3	عناب	؍؍	8	گل خطمی	؍؍
4	لہسوڑیاں	؍؍	9	ریشہ خطمی	؍؍
5	گل نیلوفر	؍؍	10	سونف	؍؍

ترکیب: پہلے بہی دانہ چھلکا اسپغول کا الگ الگ لعاب نکال لیں۔ اور دوسری ادویہ کا جوشاندہ تیار کر لیں پھر دونوں کو ملا کر چینی 3 پاؤ

پاؤڈال کرقوام تیار کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: روزانہ دو دو تولہ شربت عرق سونف میں ملا کر استعمال کریں۔

فائدہ: لاعلاج پیچش کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔

ھوالشافی	سفوف درویشی	ھوالکافی

1	شاخ مرجان	50 گرام

ترکیب: شاخ مرجان پچاس گرام کو اچھی طرح کوٹ چھان کر سنبھال رکھیں۔

استعمال: 1 ہزار ملی گرام کیپسول دن میں دو مرتبہ دیں ہمراہ آب سرد خالص۔

فائدہ: خواہ زحیر صادق مین کتنا ہی درد اور خون آرہا ہو اس کے استعمال سے مرض نابود ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	سفوف زحیر	ھوالکافی

1	بیلگری	2تولہ	5	پوست خشخاش	1تولہ
2	گٹھلی آم	1تولہ	6	ہرڑ	1تولہ
3	موچرس	1تولہ	7	گل دھاوا	1تولہ
4	زیرہ سفید	1تولہ	8	کھتہ سفید	1تولہ

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح، شام، دوپہر دو سے تین ماشہ ہمراہ آب سر یا دہی والی لسی سے دیں۔

فائدہ: زحیر صادق و کاذب میں نہایت ہی تیز بہدف ہے۔

ھوالشافی	آئنہ مطب	ھوالکافی

1	انجبار مائیں	ہم وزن	3	رال سفید	؍؍
2	مازو	؍؍	4	گوند کتیرا	؍؍

ترکیب: تمام ادوایات کو باریک پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو گرام صبح شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: خونی پیچش، کثرت الدم وغیرہ کے لئے معمول ہے۔

ھوالشافی	سنگرھنی	ھوالکافی

اسہال و پیچش کے پرانے ہونے پر انتڑیوں کے اندر کا پردہ چھل جاتا ہے اور اس کی قوت ماسکہ کمزور ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے مریض جو کچھ کھاتا پیتا ہے وہ ہضم ہوئے بغیر ہی دستوں کی صورت میں خارج ہو جاتا ہے عموماً صبح کے وقت پانچ متعفن قسم کے دست آجاتے ہیں جس کی وجہ سے مریض روز بروز کمزور ہو جاتا ہے بسا اوقات آنتوں مین ورم ہو کر بھی ہو جاتا ہے۔

هوالشافی — **دافع سنگرهنی** — هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	اندر جو تلخ	12 گرام	6	تخم بھنگ	24 گرام
2	مغز کدو	12 گرام	7	سونف بریاں	12 گرام
3	مصطگی	12 گرام	8	پوست ساق افیون	3 گرام
4	طباشیر	12 گرام	9	کچلہ مدبر	6 گرام
5	گل دھاوا	24 گرام	10	کشتہ فولاد	12 گرام
			11	افیون	3 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ماشہ دہی کے ہمراہ دن میں دو مرتبہ دیں۔

فائدہ: سنگرہنی کے لئے نہایت مفید چیز ہے۔اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں دیکھا ہے آپ بھی آزمائیں۔

هوالشافی — **قبض** — هوالکافی

تعارف: اگر پاخانہ معمول کے مطابق نہ آئے یعنی روزانہ حاجت ہونے کی بجائے دوسرے تیسرے روز آیا کرے یا روزانہ آتا ہو مگر تھوڑا تھوڑا کئی بار آئے اور بافراغت نہ آئے تو دونوں صورتوں کو قبض ہی کہیں گے۔عموماً دردسر،نزلہ و زکام،نظر کی کمزوری۔بھوک کی کمی،دل کی گھبراہٹ،بواسیر،دردِ کمر وغیرہ قبض کے باعث لاحق ہوتی ہے۔

اسباب: قابض اور ثقیل اغذیہ کا بکثرت استعمال،تمباکو نوشی،افیون کا استعمال،رحمی امراض،موٹاپا،عصبی امراض،صفرا کی کمی یا پیدا نہ ہونا وغیرہ اسباب میں شامل ہیں۔

اقسام: اس کی دو اقسام ہیں۔1۔دائمی قبض 2۔عام قبض

دائمی قبض عموماً لوگوں کو سالہا سال رہتی ہے۔جبکہ عام قبض کسی ثقیل غذا وغیرہ سے ہو جاتی ہے۔

هوالشافی — **ازراقی پلز** — هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	ازراقی مدبّر	120 گرام	5	دانہ الائچی کلاں	24 گرام
2	زعفران	6 گرام	6	سرنجاں شیریں	36 گرام
3	جلوتری	12 گرام	7	زنجبیل	120 گرام
4	دارچینی	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں یا گولی کی شکل دے دیں۔

استعمال: ایک نخودی گولی صبح و شام مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں،

فائدہ: اعصابی امراض،فالج،لقوہ،دائمی قبض،خرابی معدہ و جگر،ضعفِ دماغ و باہ اور ضعفِ اعضائے رئیسہ کے لیے مفید و مجرب ہے

ھوالشافی	سفوف قبض	ھوالکافی

1	پوست ہلیلہ زرد	12 گرام	3	گل سرخ	12 گرام
2	برگ سنا کی مصفی	12 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو پاؤڈر کرلیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 3 تا 6 گرام گرم پانی یا گرم دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ تجارتی اور راز کا نسخہ ہے۔

فائدہ: قبض کے لیے بہت مفید ہے۔ دردسر، نزلہ وزکام کو بھی دفع کرتا ہے۔

ھوالشافی	سفوف اوجاع	ھوالکافی

1	سورنجاں شیریں	24 گرام	6	پوست ترپھلا	12 گرام
2	سنا مکی	24 گرام	7	مغز بادام	12 گرام
3	سونف	24 گرام	8	زعفران	3 گرام
4	اسپند	24 گرام	9	قند سفید	120 گرام
5	زنجبیل	24 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کو پاؤڈر کرلیں اور محفوظ کرلیں۔

استعمال: 12 گرام صبح وشام ہمراہ گرم دودھ۔

فائدہ: وجع المفاصل اور قبض وغیرہ میں مفید ہے۔

ھوالشافی	حب خاندانی	ھوالکافی

1	اجوائن دیسی	12 گرام	4	املی	36 گرام
2	سہاگہ	24 گرام	5	نمک دیسی	6 گرام
3	جمال گوٹا	12 گرام	6	گودہ کوارگندل	36 گرام

ترکیب: تمام خشک اجزاء کو پاؤڈر کرلیں۔ پھر زلال املی میں کھرل کریں اور آخر میں کوارگندل کے پانی میں خشک کریں۔ نخودی حبوب بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2/2 گولی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ گرم سے لیں۔

فائدہ: قبض، دردسر، بدہضمی، نفخ، دردِ شکم، دردِ ریح وغیرہ کے لیے صدری اور معمول مطب نسخہ ہے

ھوالشافی	حب ملیّن	ھوالکافی

1	مصبر	24 گرام	3	نوشادر	24 گرام
2	ریوند عصارہ	24 گرام	4	مصطگی رومی	12 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر نخودی حبوب بنالیں۔

ھوالکافی	حب امرت	ھوالشافی

1	مصبر	60 گرام	3	سہاگہ بریاں	12 گرام
2	مرچ سیاہ	36 گرام	4	دیسی اجوائن	48 گرام
			5	کیسٹرآئل	حسب ضرورت

ترکیب:سب ادویات کو باریک کرکے گھیگوار کے گودے میں کھرل کریں پھر قدرے کیسٹر آئل میں چرب کرکے نخود ی گولیاں بنا لیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولی رات کو ہمراہ نیم گرم دودھ استعمال کریں۔

فوائد: آہستہ آہستہ دائمی قبض دور ہو جاتی ہے بھوک کھل کر لگتی ہے امعاء کے افعال اور قوتِ بصارت وسماعت بحال ہو جاتی ہے ہسٹریا اور احتباس الطمث میں بھی مفید الاثر ہے نیز حیض کی بے قاعدگی دور ہو جاتی ہے۔

ھوالکافی	میٹھی موج	ھوالشافی

1	سقمونیا ولائتی نمبر (1)	24 گرام	3	روغنِ بادام	60 گرام
2	چینی	500 گرام	4	شیرہ مربہ ہی	حسب ضرورت

ترکیب:سقمونیا کو باریک پیس کر چینی میں ملاکر روغنِ بادام ڈال کر چرب کریں۔پھر شیرہ مربہ ہی بلکل تھوڑا سا ڈالیں جس سے رنگین ہو جائے البتہ معجون نہ بنے۔محفوظ کرلیں۔

استعمال:12 گرام میٹھی موج ایک گلاس گرم دودھ میں ڈال کر نوش کریں۔

فوائد:قبض دائمی ہو یا عارضی ہو نہایت ہی لاجواب ہے کمرشل نسخہ ہے بنالیں اور موج کریں۔

ھوالکافی	دوائے سیمابی	ھوالشافی

1	پارہ مصفی	12 گرام	5	فلفل سیاہ	12 گرام
2	گندھک آملہ سار	12 گرام	6	زنجبیل	12 گرام
3	مغز جمال گوٹا	12 گرام	7	مغز تخم ارنڈ	36 گرام
4	فلفل دراز	12 گرام			

ترکیب:پہلے گندھک و پارہ کی کجلی تیار کرلیں پھر دیگر ادویات ملاتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں نہایت باریک کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

استعمال:1/2 تا ایک گرام ہمراہ گرم دودھ دیں۔

فوائد:بلکل بے ضرر اور اعلیٰ درجہ کی دوا ہے سب سے اہم بات یہ ہے کہ جتنا دودھ گرم ہوگا اتنے ہی زیادہ جلاب آئیں گے۔کسی قسم کی گھبراہٹ بھی نہ ہوگی۔متلی،قے اور کمزوری بھی نہیں ہوگی۔سرد پانی پینے سے اسہال بند ہو جائیں گے۔

هوالشافی

مزیدار چورن

هوالکافی

نمبر	نام	وزن
1	زنجبیل	20 گرام
2	مگھاں (فلفل دراز)	20 گرام
3	لونگ (قرنفل)	20 گرام
4	دار چینی	20 گرام
5	کشنیز (دھنیا خشک)	40 گرام
6	عقرقرحا	40 گرام
7	چھال جڑ چترا	40 گرام
8	کالی مرچ (فلفل سیاہ)	40 گرام
9	زیرہ سیاہ	80 گرام
10	نمک سیاہ	80 گرام
11	نمک سیندھا	80 گرام
12	زیرہ سفید بریاں	600 گرام
13	انار دانہ	600 گرام

ترکیب: سب کو (سوائے انار دانہ) علیحدہ علیحدہ باریک کوٹ پیس کر ملا لیں۔ انار دانہ کو پانی میں بھگو کر اس کے لعاب میں سفوف ملا کر گولیاں بنا لیں۔

خوراک: 4 تا 2 گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد: ذائقہ دار ہے، خوب بھوک لگاتا ہے بدہضمی، کمزوری ہاضمہ، قے، متلی، اپھارہ، پیٹ درد، سر درد اور بے چینی میں مفید ہے۔

هوالشافی

جوارش معدہ

هوالکافی

نمبر	نام	وزن
1	مربہ سیب	250 گرام
2	مربہ آملہ	250 گرام
3	مربہ گاجر	250 گرام
4	مربہ ہرڑ	250 گرام
5	گلقند	250 گرام
6	زرشک	50 گرام
7	کشنیز	20 گرام
8	صندل سفید	20 گرام
9	گل سرخ ایرانی	20 گرام
10	الائچی خورد	20 گرام

ترکیب: جملہ خشک ادویات کو باریک پیس لیں۔ مربہ جات کی گٹھلی دور کر کے ڈوری ڈنڈے سے پیسٹ بنا لیں اور خشک سفوف ملا کر خوب گھوٹیں۔ گلقند ملا کر جوارش تیار کریں۔

خوراک: 50 گرام روزانہ۔ دائیں طرف کے فالج میں 100 گرام روزانہ کھلائیں۔

فوائد: غدی تحریک سے ضعفِ قلب، خشکی نیند نہ آنا، گھبراہٹ، بے چینی، مالیخولیا، خفقان تبخیر معدہ، قبض کشاء ہے۔ مجرب المجرب ہے۔ ہائی بلڈ پریشر، دل کی دھڑکن کا تیز ہو جانا۔ دور کرنے میں معاون ہے۔

هوالشافی

معجون قبض کشاء

هوالکافی

نمبر	نام	وزن
1	گلقند	250 گرام
2	سقمونیا ولائتی نمبر 1	12 گرام

ترکیب: سقمونیا کو اچھی طرح باریک پیس کر پاوڈر کر گلقند میں اچھی طرح ملا لیں۔ (سقمونیا ولائتی نمبر 1 لیں نمبر 2 کام نہیں کرے گا)

خوراک: آدھا چمچ رات کو سوتے وقت نیم گرم دودھ ایک گلاس کے ہمراہ۔

فوائد: پہلی خوراک ہی اپنا اثر ایسا دکھاتی ہے کہ آدھی رات کو بستر سے اٹھنا لازم ہو جاتا ہے۔ جن کو ایک ہفتہ تک بھی حاجت نہیں ہوتی پہلے ہی دن بغیر درد کے اجابت ہو جاتی ہے۔ پرانی سے پرانی قبض کا خاتمہ کرتا ہے۔

هوالشافی	جلاب کا نسخہ (انتہائی اعلیٰ اور مجرب، عاشق صاحب)	هوالکافی

1	مغز جمال گوٹہ	50 گرام		2	گیرو	100 گرام

ترکیب : کپڑے کی ایک پوٹلی بنا کر مز جمال گوٹہ کو اس میں بند کر کے ایک پاؤ گوبر میں تھوڑا پانی ملا کر کسی دیگچی میں پوٹلی کو کسی لکڑی کی ڈنڈی سے لٹکا کر آگ پر رکھ دیں۔خیال رہے کہ پوٹلی پیندے کو ٹچ نہ کرے اور گوبر میں ڈوبی ہوئی بھی ہو۔ 30 منٹ تک پکائیں۔اس کے بعد نکال کر دھولیں۔ پھر یہی عمل گوبر کی بجائے ایک پاؤ دودھ سے دہرائیں۔ پھر نکال کر اس کا درمیانی پتہ چھری کی مدد سے دُور کریں۔ باقی کو خشک کر کے پیس کر گیرو کے ساتھ مکس کر دیں۔ تیار ہے۔2 رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک : دوائی شروع کرنے سے پہلے تین دن تک دیسی گھی سے تیار کردہ دلیہ کھلائیں۔ پھر 1 گولی نیم گرم دودھ کے ساتھ کھانے کے بعد استعمال کرائیں (صرف ایک مرتبہ)۔استعمال کے بعد پھر تین دن تک دیسی گھی سے بنا ہوا دلیہ ہی کھلائیں۔

نوٹ: بعض لوگوں کا معدہ انتہائی سخت ہوتا ہے۔اگر جلاب نہ آئے تو 10 دن کے وقفے سے دوبارہ دیں۔

هوالشافی	اسھالی	هوالکافی

1	اسپغول	ہم وزن		5	گل ارمنی	؍
2	تخم ریحان	؍		6	صمغ عربی	؍
3	نشاستہ	؍		7	طباشیر	؍
4	حماض	؍		8	روغن گل	حسبِ ضرورت

ترکیب : پہلی 3 ادویات کے علاوہ تمام ادویات کو باریک کر کے روغن گل میں چرب کر کے محفوظ رکھ لیں۔

استعمال: 3 ماشہ صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق گلاب دیں۔**فائدہ**: پیچش عنبرہ کے لیے نہایت ہی اعلیٰ فوائد کی حامل دوا ہے۔

هوالشافی	سفوف شافی	هوالکافی

1	طباشیر نقرہ	50 گرام		7	کوزہ مصری	50 گرام
2	کشنیز	50 گرام		8	نارجیل دریائی	30 گرام
3	صندل سفید	50 گرام		9	کشتہ عقیق	20 گرام
4	دانہ الائچی خورد	50 گرام		10	کشتہ مرجان	10 گرام
5	زہر مہرہ	50 گرام		11	ورق چاندی	3 گرام
6	کہربا شمعی	50 گرام		12		

ترکیب : تمام ادویات کو نہایت باریک پیس لیں اور کشتہ جات ملا کر محفوظ رکھ لیں۔

استعمال: 1 تا 3 گرام ہمراہ آب انار یا بہی یا شربت وغیرہ سے کھلائیں ہچکی کے لیے مکھن میں ملا کر چٹائیں ۔تقویتِ دماغ کے لیے علی الصبح نہار موبنہ مکھن میں کھلائیں۔

فائدہ: الحمدللہ عزوجل ہمہ اقسام کی گرم امراض ایک ہی خوراک سے سکون مل جاتا ہے ہیضہ، طاعون، متلی، دل کی دھڑکن، جریانِ خون ہر قسم، خونی بواسیر، نکسیر، نفث الدم، خونی پیچش، کثرتِ حیض ہچکی، تقویتِ دل، ہرقسم کے اسہال اطفال اور حمیات میں مجرب ہے۔

هوالشافی	دوائے اسہال	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	طباشیر	سب ہم وزن		8	گل سرخ	〃
2	اقاقیا	〃		9	مائیں	〃
3	دم الاخوائن	〃		10	کتھ سفید	〃
4	گل ارمنی	〃		11	افیون	〃
5	گوند کیکر	〃		12	دانہ الائچی خورد	〃
6	انجبار	〃		13	گلنار	〃
7	مروڑ پھلی	〃				

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 2 تا 3 گرام ہمراہ آب سرد، دن میں 3 مرتبہ دیں۔

فائدہ: پیچش اور دستوں میں نہایت مفید ہونے کے ساتھ ساتھ زیادتی حیض اور جگر کی کمزوری کے لیے بھی لاثانی ہے۔

هوالشافی	اکسیرِ سنگرہنی	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	موچرس	سب ہم وزن		5	بیلگری	〃
2	گل سرخ	〃		6	کوکنار	〃
3	گل دھاوا	〃		7	دال چنا	〃
4	مصطگی رومی	〃				

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 4/4 گرام ہمراہ آب تازہ، صبح، دوپہر، شام دیں۔

فائدہ: ہر قسم کے پیچش خصوصاً سنگرہنی کے لیے مجرب ہے۔

هوالشافی	برائے پیچش	هوالکافی

نمبر	دوا	وزن		نمبر	دوا	وزن
1	کالا کوڑا	سب ہم وزن		2	کاکڑا سنگی	〃

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 4 تا 6 گرام ہمراہ آب تازہ، صبح و شام دہی سے دیں۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو دن میں 3 مرتبہ بھی دے سکتے ہیں۔

فائدہ: پیچش ہمہ اقسام میں لاثانی و بے نظیر دوا ہے۔

ھوالشافی	تریاقِ دیدان (پیٹ کے کیڑوں کے لیے)	ھوالکافی

1	مصبر	ہم وزن		3	سنونین	″
2	کمیلا	″		4	کیلومل	″

ترکیب :تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کر لیں۔

خوراک:بچوں کو250 ملی گرام (2 رتی) اور بڑوں کو 1 گرام میٹھے دودھ کے ساتھ دیں۔

فوائد: ہمہ اقسام کے کیڑے مار کر خارج کرنے میں بے خطا، لاجواب نسخہ ہے

ھوالشافی	معجون پودینہ	ھوالکافی

1	اجوائن	25 گرام		8	دانہ الائچی خورد	25 گرام
2	پودینہ خشک	25 گرام		9	دارچینی	25 گرام
3	زیرہ سیاہ	25 گرام		10	فلفل دراز	25 گرام
4	زنجبیل	25 گرام		11	فلفل سیاہ	25 گرام
5	کرفس	25 گرام		12	بروگ سداب	25 گرام
6	مصطگی رومی	25 گرام		13	سونف	25 گرام
7	عقرقرحا	25 گرام		14	شہد	تمام کے وزن سے 3 گنا

ترکیب تیاری :تمام اجزاء کو الگ الگ باریک پیس کر سب کے وزن سے تین گنا شہد میں ملا کر معجون بنا لیں۔

ترکیب استعمال:9 یا 10 گرام رات کو ہمراہ عرق سونف ، عرق گلاب یا پانی سے دیں۔

فوائد : دردِ قولنج ، پیٹ درد ، کمزوری ءہاضمہ ، مونہہ میں پانی آنا۔

ھوالشافی	حبِ کِرم کش	ھوالکافی

1	مصبر	12 گرام		4	پلاس پاپڑا	12 گرام
2	کمیلا	12 گرام		5	آڑو کے پتے	12 گرام
3	باؤبڑنگ	12 گرام				

ترکیب:تمام ادویات کو باریک پیس کر حبوب بقدر جنگلی بیر بنا لیں۔

استعمال: 2/2 گولی صبح وشام ہمراہ عرق سونف دیں۔

فوائد:ان گولیوں سے کیڑے ہلاک ہو کر خارج ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی

معجون قبض کشاء

ھوالکافی

1	سقمونیا ولائتی (NO.1)	12 گرام	3	روغن بادام (optional)	12 گرام
2	گلقند	250 گرام			

ترکیب: سقمونیا کو اچھی طرح کھرل کرکے باریک پیس کر پاؤڈر کرلیں۔ (پہلے اس کا رنگ سیاہی نما ہوگا پیسنے کے بعد آف وائیٹ زردہوجائے گا) اس کے بعد اس کو گلقند میں اچھی طرح مکس کرلیں۔ اس کو بعد روغنِ بادام بھی خوب اچھی طرح ملادیں۔

استعمال: آدھا چمچ رات کو سوتے وقت ایک گلاس نیم گرم دودھ کے ساتھ لیں۔

فائدہ: پہلی خوراک ہی اپنا اثر ایسے دکھاتی ہے کہ آدھی رات کے بعد بستر سے اٹھنے پر مجبور کردیتی ہے۔ جو لوگ ایک ایک ہفتہ واش روم کی حاجت محسوس نہیں کرتے، یہ معجون پہلے ہی دن سب اثرات دور کردے گا۔ بغیر درد یا مروڑ کے اجابت ہوتی ہے۔ پرانی سے پرانی قبض کا خاتمہ کرتا ہے۔

نوٹ: سقمونیا ولائتی نمبر 1 ہونا ضروری ہے۔ نہیں تو یہ کام نہیں کرے گا۔ روغنِ بادام کے بغیر بھی کام کرے گا۔ شامل کرنے سے سونے پر سہاگہ ہوگا۔

ھوالشافی

جوارش مراقیہ

ھوالکافی

1	مربہ ہلیلہ	سات عدد	10	فلفل سفید	5 گرام
2	مربہ سیب	60 گرام	11	فلفل سیاہ	3 گرام
3	رُب آملہ	84 گرام	12	گل سُرخ	5 گرام
4	رُب ہلیلہ	84 گرام	13	گل سیوتی (گلاب کی مانند ایک پھول)	3 گرام
5	مصطگی	7 گرام	14	گل گاؤزبان	5 گرام
6	الائچی خورد	7 گرام	15	انگوزہ (ہینگ)	7 گرام
7	زیرہ سفید	9 گرام	16	پودینہ	7 گرام
8	دانہ الائچی کلاں	5 گرام	17	مصری	120 گرام
9	سنبل الطیب (بالچھڑ)	5 گرام	18	عرق گلاب	120 گرام

ترکیب: تمام خشک ادویہ کا پاؤڈر بنالیں۔ رب ہلیلہ، رب آملہ، مربہ جات اور مصری کا عرق گلاب میں قوام بنالیں اور مذکورہ دوائیں ملا کر جوارش تیار کرلیں۔

استعمال: 9 گرام دن میں 2 وقت ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: ضعفِ ہضم، ریح البواسیر، باؤگولہ اور دائمی قبض کے لیے نہایت ہی مفید الاثر ہے نیز دل و دماغ کو طاقتور بناتی ہے۔

هوالشافی — قبضی — هوالکافی

1	مغز بادام مقشر	100 عدد	4	چہار مغز	24 گرام
2	سونف	36 گرام	5	الائچی خورد	24 گرام
3	برگ سنا مکی مصفی	36 گرام	6	نبات سفید (مصری)	120 گرام

ترکیب: تمام ادویات کا باریک پاوڈر بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : 9 گرام رات سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ۔

فوائد : دائمی اور اتفاقیہ قبض میں مفید ہے۔ چہرے کو بارونق بناتا ہے۔ فعل امعاء کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ جسم کو تقویت دے کر وزن بڑھاتا ہے۔ اپنے فوائد میں اسم با مسمیٰ ہے۔

هوالشافی — دوائے قبض — هوالکافی

1	ہلیلہ سیاہ	24 گرام	3	شہد	36 گرام
2	مغز بادام شیریں مقشر	24 گرام			

ترکیب: سب کو الگ الگ کوٹ کر شہد ملا کر معجون بنالیں۔

استعمال : 12 گرام رات سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ۔

فوائد : دائمی قبض کو دور کرنا، بواسیر ریحی اور تبخیر کو ختم کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے۔

هوالشافی — حبِ دائمی قبض — هوالکافی

1	مغز سونف	60 گرام	2	گودہ گھیکوار	180 گرام

ترکیب: دونوں کو خوب کھرل کریں۔ یہاں تک کہ حبوب بننے کے قابل ہوجائے۔ نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال : ایک گولی صبح وشام ہمراہ نیم گرم دودھ۔

فوائد : دائمی قبض کو دور کرنے کے لیے سو فیصد مجرب و آزمودہ ہے۔

هوالشافی — حبِ ملیّن — هوالکافی

1	گل بنفشہ	60 گرام	4	گل سُرخ	60 گرام
2	بہی دانہ	60 گرام	5	پوست ہلیلہ زرد	48 گرام
3	سنا مکی مصفی	60 گرام	6	مغز جمال گوٹا	12 گرام

ترکیب: تمام ادوایات کو نہایت باریک پیس کر حبوب بمثل چار رتی بنالیں اور محفوظ کرلیجیے۔

استعمال : ایک سے دو گولی رات کو گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد : قبض پرانی ہو یا نئی زکام موسمی ہو یا بخار ہو یہ گولیاں نہایت مفید ہے یہ اشتہاری نسخہ ہے۔

ھوالکافی	قولنج	ھوالشافی

تعارف: قولنج سے مراد قولون آنت میں رکاوٹ یا سدہ۔ یہ رکاوٹ چاہے براز (پاخانہ) کے خشک ہو کر سدے کی شکل میں ہو یا ہوا رُکنے سے یا اس حصہء آنت میں ورم ہو یا سوزش اس قولنج ہی سے موسوم کرتے ہیں۔

اسباب: خشک اور قابض اشیاء کے کثرتِ استعمال کے باعث غلیظ مادے آنتوں میں رک کر تکلیف کا سبب بنتے ہیں۔ بعض اوقات بادی اشیاء کے کثرتِ استعمال سے بھی یہ نوبت آجاتی ہے۔ اس مرض میں شدید دردِ شکم ہوتا ہے جسے دبانے سے فائدہ محسوس ہوتا ہے اور اگر اس شکائت کے ساتھ پیشاب بھی بند ہو جائے تو مریض کی ہلاکت کا اندیشہ ہوتا ہے۔

ھوالکافی	حبِ شافی	ھوالشافی

1	سیماب	12 گرام	6	زنجبیل	100 گرام
2	گندھک آملہ سار	12 گرام	7	ازراقی مدبر	50 گرام
3	مٹھا تیلیہ	12 گرام	8	سورنجاں شیریں	50 گرام
4	فلفل سیاہ	100 گرام	9	گوگل بھینسا	50 گرام
5	فلفل دراز	100 گرام	10	آب ادرک	1 کلو

ترکیب: تمام ادویات کو خوب باریک پیس لیں۔ اور پارہ و گندھک کی کجلی تیار کر کے ملا کر آب ادرک میں خوب کھرل کریں اور نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ گرم دودھ دیں۔

فوائد: دردِ قولنج، ذات الریہ، ذات الجب، درد گردہ، وجع المفاصل، درد کمر، گنٹھیا اور نزلہ و زکام میں تیر بہدف ہے

ھوالکافی	پیٹ کے کیڑے	ھوالشافی

تعارف: دیدان امعاء کی تین اقسام ہیں۔ 1- کدو دانے 2- کیچوے 3- چنونے

☆ **کدو دانے:** جو کیڑے پیچ دار آنت یا کانی آنت میں پیدا ہوتے ہیں انہیں کدو دانے کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ اسی آنت کی جسامت کے مطابق ہوتے ہیں۔

☆ **کیچوے:** امعاء صائم اور بارہ انگشتی آنت میں جب کیڑے پیدا ہوتے ہیں۔۔ انہیں کیچوے کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ آنتیں لمبی اور سیدھی ہوتی ہیں اس لیے اسی سائز کے کیچوے اس میں پیدا ہوتے ہیں۔

☆ **چنونے:** یہ آنتوں کے آخری حصے میں پیدا ہوتے ہیں۔ اس حصہء آنت کو مستقیم آنت کا نام دیتے ہیں۔ کیونکہ یہ آنتیں چھوٹی اور سیدھی ہوتی ہیں۔ اس لیے یہاں پیدا ہونے والے کیڑے بھی چھوٹے ہوتے ہیں۔

نوٹ: جدید تحقیق ثابت کرتی ہے کہ آنتوں کے اندر جو رطوبات متعفن ہو جاتی ہیں وہ بھی اس مقام کے کیڑوں میں تبدیل ہو جاتی ہیں

ھوالکافی	مسہل کامل	ھوالشافی

1	جمالگوٹا	60 گرام	2	فلفل سیاہ	60 گرام

ترکیب: دونوں کو خوب کھرل کریں حتیٰ کہ تیل نکلنے لگے پھر ایک گولا بنا کر کڑاہی میں رکھ کر اوپر اتنا پانی ڈال کر خوب پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو نخودی حبوب تیار کرلیں۔

استعمال: ایک گولی گلقند میں لپیٹ کر استعمال کریں۔

فوائد: مسہل بے ضرر ہے۔ تمام فاسد مادوں کو خارج کرتی ہے۔ اگر دست بند نہ ہوں تو کھانڈ ملا شربت نوش فرمائیں۔

ھوالکافی	حب جدید	ھوالشافی

1	سہاگہ	5 گرام	3	صبر سقوطری	56 گرام
2	اجوائن خراسانی	6 گرام	4	فلفل سیاہ	48 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو آب گھیکوار میں کھرل کر کے نخودی حبوب بنالیں۔

استعمال: 2 گولی گرم دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: دائمی قبض اور وقتی فاسد مادوں کو خارج کرنے میں بھروسہ کا نسخہ ہے۔

ھوالکافی	مسہل بے ضرر	ھوالشافی

1	گندھک آملہ سار	24 گرام	5	زنجبیل	60 گرام
2	پارہ	12 گرام	6	ہلیلہ زرد	72 گرام
3	سہاگہ	24 گرام	7	مغز تخم ارنڈ	84 گرام
4	فلفل سیاہ	36 گرام	8	جمال گوٹا	12 گرام

ترکیب: پہلے گندھک و پارہ کی کجلی بنائیں۔ پھر دیگر ادویات پیس کر ملا کر کھرل کریں کہ پاؤڈر ہوجائے۔ پھر محفوظ کرلیں۔

استعمال: 2 سے 3 رتی ہمراہ شرگاؤ دیں۔

فوائد: مسہل بے ضرر ہے اور کسی قسم کی کوئی تکلیف بھی نہیں ہوتی۔

ھوالشافی	قولنج	ھوالکافی

تعارف: قولنج سے مراد قولون آنت میں رکاوٹ یا سدہ۔ یہ رکاوٹ چاہے براز (پاخانہ) کے خشک ہوکر سدے کی شکل میں ہو یا ہوا رُکنے سے یا اس حصہء آنت میں ورم ہو یا سوزش اس قولنج ہی سے موسوم کرتے ہیں۔

اسباب: خشک اور قابض اشیاء کے کثرتِ استعمال کے باعث غلیظ مادے آنتوں میں رک کر تکلیف کا سبب بنتے ہیں۔ بعض اوقات بادی اشیاء کے کثرتِ استعمال سے بھی یہ نوبت آجاتی ہے۔ اس مرض میں شدید درد شکم ہوتا ہے جسے دبانے سے فائدہ محسوس ہوتا ہے اور اگر اس شکائت کے ساتھ پیشاب بھی بند ہوجائے تو مریض کی ہلاکت کا اندیشہ ہوتا ہے۔

ھوالشافی	حبِ شافی	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	سیماب	12 گرام	6	زنجبیل	100 گرام
2	گندھک آملہ سار	12 گرام	7	ازراقی مدبر	50 گرام
3	میٹھا تیلیہ	12 گرام	8	سورنجاں شیریں	50 گرام
4	فلفل سیاہ	100 گرام	9	گوگل بھینسا	50 گرام
5	فلفل دراز	100 گرام	10	آب ادرک	1 کلو

ترکیب؛ تمام ادویات کو باریک پیس لیں پارہ وگندھک کی کجلی تیار کر کے ملا کر آب ادرک میں خوب کھرل کریں نخودی گولیاں بنالیں

استعمال: ایک گولی صبح وشام۔ ہمراہ گرم دودھ دیں۔

فائدہ: درد قولنج، ذات الریہ، ذات الجنب، درد گردہ، وجع المفاصل، درد کمر، گنٹھیا، نزلہ وزکام میں تیر بہدف ہے۔

ھوالشافی	حبوب قبض کشاء	ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	سقمونیا ولائتی	ہم وزن		مویز منقہ	؍؍
2	جلابہ ہرڑ	؍؍		مغز بادام	؍؍

ترکیب؛ تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 تا 2 گولیرات کو سوتے وقت ہمراہ نیم گرم دودھ دیں۔

فائدہ: پرانی سے پرانی قبض پر کام کرتا ہے۔ اس کے استعمال سے پیٹ میں مروڑ یا درد نہیں ہوتا۔ بے ضرر اور زود اثر دوا ہے

ھوالشافی — عرق اکسیر بدن — ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار
1	کسیلی کسیلا (چھیلی چھیلا)	1 کلو
2	چھالیہ	1 کلو
3	دارچینی	1 کلو
4	مویز منقیٰ	ڈھائی کلو
5	گل دھاوا	ڈھائی کلو
6	صندل سفید	250 گرام
7	بالچھڑ	250 گرام
8	ناگرموتھا	250 گرام
9	موصلی سیاہ	125 گرام
10	اجمود	125 گرام
11	کالی زیری	125 گرام
12	اسگندھ	125 گرام
13	اجوائن	125 گرام
14	سونف	125 گرام
15	الائچی خورد	125 گرام
16	الائچی کلاں	125 گرام
17	بھنگرہ تازہ	500 گرام
18	نرکچور (زرنباد)	500 گرام
19	آملہ	500 گرام
20	خشخاش	500 گرام
21	سیب	500 گرام
22	اجوائن خراسانی	500 گرام
23	لونگ	500 گرام
24	جلوتری	500 گرام
25	جائفل	500 گرام
26	گڑ	30 کلوگرام

ترکیب تیاری : تمام ادویات کوکوٹ چھان کر پرانے زیرِ استعمال گھڑے میں ڈال کر گڑ ملائیں اور اتنا پانی ڈالیں کہ 4 / 4 اُنگل تک اوپر چڑھ جائے۔ پھر اس کا موںہہ اچھی طرح بند کر کے زمین میں دفن کر دیں۔ 15 دن کے بعد جتنا پانی ڈالا گیا تھا اس کا تیسرا حصہ عرق کشید کر لیں۔

فوائد : مقوی، تمام بدن کو طاقت دیتا ہے۔ جسم کو فربہ کرتا ہے۔ قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ بدن کی تمام کمزوریوں کو دور کرتا ہے۔ لاجواب شے ہے۔

ھوالشافی — دُبلا پن 1 LEAN NESS — ھوالکافی

اسگندھ ، **موصلی سفید** برابر لے کر کوٹ کر چینی ملائیں اور قدرے ادرک کا اضافہ کر کے ہر روز 25 گرام کھا کر اوپر سے دودھ پئیں۔

ھوالشافی — دُبلا پن 2 — ھوالکافی

1۔**مغز بادام** 2۔ **نشاستہ** 3۔ **گوند کتیرا** 4۔ **چینی** برابر لے کر سفوف بنائیں اور بقدر ایک تولہ کھلا کر اوپر سے دودھ گائے پی لیا کریں۔

ھوالشافی	دُبلا پن 3	ھوالکافی

1	نخود	55 گرام	5	مغز بادام	55 گرام
2	چاول	50 گرام	6	خشخاش	55 گرام
3	گندم	50 گرام	7	میدہ	55 گرام
4	جو	50 گرام	8	چینی	800 گرام

ترکیب : نخود کو ایک دن رات دودھ میں تر وخشک کر کے پیس لیں۔ تمام اجزاء کو بھی پیس لیں اور ملا لیں۔

تعریف مرض: اس مرض میں مریض حد سے زیادہ دبلا پتلا نظر آتا ہے۔

وجوھات : تھوڑی یا ناقص غذا کا استعمال، ترکِ ریاضت، مٹی کھانے کی عادت، غم وغصہ، فکر و تردد، کثرتِ ملاپ، پیٹ کے کیڑے، جسم میں خون کا نہ پیدا ہونا وغیرہ سے یہ عارضہ لاحق ہو جاتا ہے۔

غذا و پرھیز : ترشی والی اغذیہ سے پرہیز کریں۔ تازہ پھل، سبزیاں، خالص دیسی گھی دودھ خوب استعمال کریں۔

استعمال : ہر روز 100 گرام تازہ دودھ میں ملا کر نوش کریں۔

ھوالشافی	دوائے شفاء	ھوالکافی

1	موویز منقہ	1 پاؤ	3	مغز اخروٹ	100 گرام
2	منقہ	1 پاؤ	4	بادام	100 گرام

ترکیب : منقہ کے بیج نکال کر منقہ کو کوٹ لیں۔ پھر مغز اخروٹ اور مغز بادام باریک پیس کر شہد میں گھوٹ کر ملا لیں اور محفوظ کر لیں۔ تیار ہے۔

خوراک : 1 ماشہ صبح دوپہر، شام ہمراہ دودھ۔

فوائد : کمزوری جسم ، ڈیپریشن ، فالج ، لقوہ ، مردانہ کمزوری ، نسیان (بھول جانا) ،کمر درد ، پنڈلیوں میں درد ، گھٹنوں میں درد ،لو بلڈ پریشر اور شدید سردی کے موسم کا مقابلہ کرنے کے لیے بہت موثر دوا ہے۔

ھوالشافی	حب مقویء اعصاب	ھوالکافی

1	سلاجیت	3 گرام	5	مغز تخم تمر ہندی	6 گرام (بریاں)
2	ثعلب مصری	6 گرام	6	اقاقیا	6 گرام
3	موچرس	6 گرام	7	دودھ برگد	حسب ضرورت
4	مصطگی رومی	6 گرام			

ترکیب تیاری: 1 تا 6 تمام ادویات کو باریک پیس کر دودھ برگد میں نخودی گولیاں بنا لیں۔

خوراک : سوتے وقت ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ نیم گرم روزانہ

فوائد : عصبی کمزوری کے علاوہ یہ گولیاں زبردست مقوی ء دماغ اور دافع نزلہ ہیں۔

ھوالشافی	جوارش املی	ھوالکافی

1	املی	250 گرام	6	ذریشک	125 گرام
2	آلوبخارا	250 گرام	7	منقہ	125 گرام
3	پودینہ دیسی	60 گرام	8	آملہ	60 گرام
4	سونٹھ	60 گرام	9	ست لیموں	60 گرام
5	اناردانہ	125 گرام	10	چینی	3 کلو

ترکیب : املی۔ آلوبخارا کو پانی میں بھگودیں۔ جب نرم ہوجائے تو صاف ہاتھوں سے خوب ملیں۔ اور موٹی چھاننی سے چھان لیں۔۔ دوسری ادویات کا باریک سفوف بنالیں۔ پھر املی اور آلو بخارا کے پانی (زلال) میں چینی ملا کر قوام بنالیں۔ پھر زیشک اور منقہ (بیج نکال کر) کو کوٹ کر قوم میں ملا دیں۔ باقی ادویہ کا سفوف بھی ملا دیں۔ اُتارنے سے کچھ دیر پہلے تمام دوائیں شامل کرنے کے بعد ست لیموں ملادیں۔ پھر اُتار دیں۔

استعمال: 6ماشہ تا 1تولہ۔ دن میں 4 مرتبہ۔ پانی یا قہوہ کے ساتھ یا چٹا دیں۔

فوائد : بے حد مقوی اور محرکِ قلب ہے۔ صرف ایک خوراک سے دل خوش ہو جاتا ہے۔ ہیضہ جیسے موذی مرض میں جب پیاس کی کثرت۔ قے کا زور ہونا اس سے بڑھ کر کوئی دوا نہیں ہو سکتی۔ زبان پر لگتے ہی پیاس ختم کر دیتی ہے۔ حاملہ کی قے کے لیے تو آبِ حیات ہے۔ بچوں کی قے اور دست کے لیے فوری اثر ہے۔ خوش ذائقہ ہونے کی وجہ سے بچے اور عورتیں خوشی سے کھا لیتے ہیں۔

ھوالشافی	کمزور و لاغر بچے	ھوالکافی

1	خالص دیسی گھی یا مکھن
2	دیسی شکر

ترکیب استعمال و فوائد : دیسی گھی یا مکھن کو دیسی شکر میں ملا کر روٹی کے ساتھ مستقل کھلائیں۔ دیسی گھی کی مالش کرائیں۔ کچھ دیر بعد گرم پانی کے ساتھ نہلائیں

ھوالشافی	کمزوری	ھوالکافی

1	سگندھ ناگوری		4	شہد	
2	ست گلو		5	دیسی گھی	
3	پپلی				

ترکیب و فوائد : تینوں اجزاء کا الگ الگ سفوف بنا کر باہم ملائیں۔ ہر روز صبح کے وقت یہ سفوف گھی اور شہد میں ملفوف کر کے کھاتے رہنے سے جسم مضبوط بنتا ہے۔ ضعف کی ہمہ گیر شکایت رفع ہو کر قوتِ ہاضمہ ترقی پذیر ہوتی ہے اور کھایا پیا جزوِ بدن بن کر طاقت ملتی ہے۔ یہ نہایت زود اثر نسخہ ہے۔

ھوالکافی	# جسم میں خون پیدا کرنا	ھوالشافی

1	ٹماٹر	4 کلو		4	سرکہ	1لیٹر
2	کشمش	500 گرام		5	گڑ	2 کلو
3	ادرک	100 گرام			نمک مرچ	حسبِ ضرورت

ترکیب: ٹماٹر کاٹ کر مٹی کی ہانڈی میں پکائیں۔ جب گل جائیں تو ٹماٹر کے بیج اور چھلکے دُور کر کے اس میں گڑ، سرکہ، ادرک اور کشمش شامل کر کے گاڑھا قوام بنائیں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال: ہر کھانے کے آدھا گھنٹہ بعد 2 چمچ پانی کے ساتھ لیں۔

فوائد: دل، دماغ، معدہ اور جسم کو طاقت دیتا ہے۔ دماغ کی رطوبتیں چھانتا ہے اور بھوک خوب لگتی ہے۔

هوالشافی	آبِ انگوزہ (ھینگ)	هوالکافی

1	ہیراہنگ خالص	50 گرام
2	نوشادر	50 گرام
3	نمک عام	50 گرام

ترکیب : تینوں اجزاء کو باریک پیس کر بوتل میں ڈالیں۔ (بوتل کا سائز۔عرق والی/ 3 پاؤ پانی والی) اور کھو۔لتا ہوا پانی اتنی مقدار میں ڈالیں کہ بوتل بھر جائے۔پانی دودھ کی طرح ہوجائے گا

استعمال : ایک ایک چمچ بوقتِ ضرورت دن میں 2 تا 3 مرتبہ دیں۔

فوائد : محلل ریاح ، ہاضم ، بلغمی کھانسی کے لیے بے حد مفید ہے۔ورم طحال (تلی) ، ضعفِ ہضم کے لیے نہایت مفید ہے ۔ ہسٹیر یا کے لیے بھی نافع ہے ۔ دردِ معدہ اور ہر قسم کے جسمانی درد جہاں بھی ہوں اس کے استعمال دور ہو جاتے ہیں نیز رحم کی رسولی , حیض کی تنگی میں عجیب الاثر ثابت ہوگا۔

هوالشافی	اولاد کی آرزو	هوالکافی

سگندھ ناگوری 5 گرام کو روغن گاؤ میں نرم آنچ پر بریاں کریں۔پھر اس میں دودھ اور مصری ملا کر ابالیں۔جب قدرے گاڑھا ہو جائے تو اتار کر سرد کریں۔ایام سے فارغ ہونے کے تیسرے دن بعد یہ مرکب 12 دن تک ہر صبح عورت کو استعمال کرائیں۔اس جوشاندہ میں شدھ کیا ہوا گھی بھی 12 یوم متواتر پلانے سے آرزو پوری ہوتی ہے۔

هوالشافی	اولاد میں وقفہ	هوالکافی

پیاز کا پانی نکال کر عضوِ تناسل پر لگائیں۔خشک ہونے پر صحبت کریں۔حمل کبھی نہ ہوگا۔

هوالشافی	عورتوں میں چھاتی کی گِلٹیاں	هوالکافی

(1) کچلہ ۔(2) سہاگہ بریاں

ترکیب : ہم وزن لیکر باریک کریں۔حسبِ ضرورت لیموں کا پانی لے کر کھرل کریں یہاں تک کہ ملائم ہو جائے۔محفوظ کرلیں۔

فوائد : آپریشن کے لائق گلٹیوں کے لیے نہایت مفید ہے۔بوقتِ ضرورت بقدرِ ضرورت پانی میں گیلی کر کے لیپ کرائیں۔صرف ایک ہی لیپ سے گلٹی ختم ہو جائے گی۔

هوالشافی	بندشِ ایام	هوالکافی

1	مصبر شدھ	25 گرام	3	مُرمکی	25 گرام
2	ہیرا کسیس	25 گرام	4	ہینگ خالص	25 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک پیس کر پانی کے ہمراہ نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت ایک گولی ہمراہ عرق سونف یا گرم پانی دیں۔

فوائد : بندش ایام کے لیے مفید ہے

ھوالشافی	حبِ ہسٹیریا (1)	ھوالکافی

1	چھوٹی چندن بوٹی (اسرول)	آدھا ماشہ	3	فلفل سیاہ	4رتی
2	بالچھڑ	1ماشہ	4	اجوائن خراسانی	2رتی

ترکیب: (ایسی ایک خوراک) تمام اجزاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: اوپر دی گئی ایسی ایک خوراک صبح وشام دیں۔

فوائد: ہسٹیریا/پاگل پن کے لیے مفید ہے

ھوالشافی	حبِ ہسٹیریا (2)	ھوالکافی

1	ہینگ	1 گرام	3	بالچھڑ	1 گرام
2	بابونہ	1 گرام	4	لہسن شدھ	12 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: یک گولی صبح دوپہر شام دیں۔

فوائد: ہسٹیریا/پاگل پن کے لیے مفید ہے

ھوالشافی	حبِ کثرتِ ایام	ھوالکافی

1	پھٹکڑی سفید	50 گرام	3	شربتِ انجبار	حسبِ ضرورت
2	چینیا گوند	50 گرام			

ترکیب: دونوں ادویہ کو پیس کر شربتِ انجبار میں نخودی گولیاں بنالیں۔

ستعمال: 2 گولی ہمراہ عرق سونف یا گرم پانی دیں۔

فوائد: کثرتِ ایام کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	حبِ مدر ایّام (1)	ھوالکافی

1	مصبر شدھ	25 گرام	4	سہاگہ بریاں	25 گرام
2	ہیراکسیس	25 گرام	5	رس ایلو ویرا	
3	ہینگ بریاں خالص	25 گرام		حسبِ ضرورت	

ترکیب: تمام ادویہ کو کنوار گندل کے رس میں کھرل کر کے دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

ستعمال: 2 گولی صبح وشام قبل از ایام ایک ہفتہ ہمراہ عرق سونف یا گرم پانی شروع کروادیں۔ایام کے دنوں میں بھی استعمال جاری رکھیں۔

فوائد: ایام جاری کرانے کے لیے مفید ہے۔

هوالشافی	حبِ مدر ایّام (2)	هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	مصبر شدہ	25 گرام	3	سفوف دارچینی	25 گرام
2	ہیرا کسیس	25 گرام	4	شہد	حسبِ ضرورت

ترکیب: ہر سہ ادویات کو شہد میں ملا کر تین تین رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 1 گولی صبح وشام قبل از ایام ایک ہفتہ ہمراہ عرق سونف یا گرم پانی شروع کروادیں۔

فوائد: ایام جاری کرانے کے لیے مفید ہے۔

هوالشافی	حیض کشاء	هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	ھوءبیر	50 گرام	3	رائی	25 گرام
2	مرمکی	50 گرام			

ترکیب: سب کو باریک سفوف بنا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 2 تا 4 گولی روزانہ گرم پانی یا قہوہ کے ساتھ۔

فوائد: ابندش حیض۔ مسلسل استعمال کرنے سے بڑھا ہوا پیٹ۔رحم اور پیٹ کی رسولیاں۔موٹاپا ۔جسمانی دردیں۔اختناق الرحم میں مفید ہے۔

نوٹ: اگر دوران علاج مروڑ یا درد ہو تو سونف، زیرہ سفید، اور اجوائن کا قہوہ بنا کر دیسی گھی 2 / 1 (آدھا) چمچ ڈال کر پلائیں۔ ایک دو روز کے لیے دوائی بند کرادیں۔

هوالشافی	استقرارِ حمل بانجھ پن (عورتوں کے لیے)	هوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	دارھی پیپل	25 گرام	4	سمندر پھل	25 گرام
2	ناگ کیسر	25 گرام	5	سونٹھ	25 گرام
3	تخم شولنگی	25 گرام	6	شہد یا اسپغول یا شیر بڑ	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام ادویہ کو شہد، اسپغول، گڑ ، یا دودھ بوڑھ میں بھگو کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال بعد فراغتِ حیض بروزِ غسلِ اول ۔گیلے سر ایک عدد شولنگی کا بیج نگل لیا جائے اور ایک عدد گولی بوقتِ صبح پانی کے ساتھ نگل لیں۔ مسلسل 40 روز تک 40 گولیاں کھائیں۔

نوٹ: پہلی گولی اور 1 عدد بیج شولنگی ضرور عورت گیلے سر کھائے۔جس روز عورت پہلی گولی کھائے اس روز حتی المقدور پوری خواہش سے صحبت کریں۔انشا اللہ حمل قائم ہوجائے گا۔

پرہیز: سُرخ مرچ مکمل طور پر، ترشی، کچا میٹھا (گڑ وغیرہ)، تلی ہوئے چیزوں سے پرہیز۔اچار وغیرہ

ھوالشافی	کثرتِ ایام	ھوالکافی

1	اسگندھ ناگوری	3 گرام	3	مصری	6 گرام
2	رال سفید	2 گرام			

ترکیب / فوائد: کثرتِ ایام میں جب ایام کا سیلاب بے تحاشا جاری ہو تو ایسی پریشان اور نازک حالت میں اسگندھ ناگوری کا باریک سفوف، رال سفید کا سفوف، اور مصری، کا باریک سفوف باہم ملا کر محفوظ رکھ لیں۔ یہ سفوف تازہ پانی کے ہمراہ پھانک لینے سے کثرتِ ایام کی پریشانی چشم وزدن میں ختم ہو جاتی ہے۔

ھوالشافی	لیکوریا (1)	ھوالکافی

1	گندم	1 کلو	5	سپاری	5 تولہ
2	پوست مغیلاں (کیکر)	5 کلو	6	پھلی کیکر چھوٹی (کچی)	5 تولہ
3	مازو	10 تولہ	7	گھی دیسی	1 کلو
4	نرکچور	10 تولہ	8	چینی	2 کلو

ترکیب: پوست کیکر کو جوکوب کر کے 10 کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر جب پانی 2 کلو رہ جائے تو اُتار لیں مل چھان کر نکھار کر صاف پانی حاصل کر کے گندم (صاف شدہ) ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو گندم کو دھوپ میں خشک کر لیں۔ پھر اس کو پیس کر آٹا بنالیں اور گھی میں بھون لیں۔ دوسری ادویہ کا سفوف بنا کر اس میں شامل کر لیں۔ چینی ڈال کر خوب آمیز کر کے سنبھال رکھیں۔

استعمال: صبح وشام کھانے کے بعد 5 تولہ کھلا کر آدھا کلو گرم دودھ پلائیں۔

فوائد: بہت مقوی ء رحم ہے۔ اگر قبض کی شکایت ہو تو 5 تولہ گھی مزید دودھ میں ڈال کر پلائیں۔ (اس سے قبض لازمی ہوگی)۔ رحم کی رسولی میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	لیکوریا (2)	ھوالکافی

1	سپاری دکنی	10 تولہ	4	مائیں کلاں	5 تولہ
2	دودھ گائے	2 کلو	5	کمرکس	5 تولہ
3	مائیں خورد	5 تولہ	6	مصری	10 تولہ

ترکیب: سپاری دکنی کو کوٹ کر دودھ گائے میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ دھیمی آگ پر پکائیں جب تمام دودھ خشک ہو کر سفوف باقی رہ جائے تو مائیں خورد، مائیں کلاں، کمرکس، مصری کو کوٹ چھان کر آگ پر ہی گرم گرم ملائیں اور سرد ہونے پر ڈبے میں بھر لیں۔

استعمال: 6 ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ

فوائد: یہ نسخہ اس مرض کے لیے نہایت مفید ہے اور سریع الاثر ہے۔ ہر قسم کے مرض کو صرف 15 یوم میں بند کر دیتا ہے۔ کمر درد اور موررضاعت کو بہت فائدہ دیتا ہے۔

ھوالکافی	لیکوریا (3)	ھوالشافی

1	سہاگہ (بریاں)	5 تولہ		5	مروارید	1-1/4تولہ
2	مازو (بھون لیں۔ سیاہ نہیں کرنا)	5 تولہ		6	عنبر اشہب	1-1/4تولہ
3	کچلہ	5 تولہ		7	عرق گلاب	حسب ضرورت
4	مصطگی رومی	10تولہ				

نوٹ: کچلہ لے کر ایلو ویرا کے پانی میں بھگو دیں حتی کہ پانی خشک ہو جائے۔ پھر چھلکا اُتار کر اندر سے پتہ بھی نکال دیں۔ دوبارہ ایلو ویرا یا ادرک کے پانی میں بھگو دیں (2 اِنچ تک پانی چڑھ جائے) خشک ہونے پر نرم نرم کوٹ لیں۔ اس میں سے 5 تولہ لے لیں

ترکیب : ہر دوا کو علیحدہ علیحدہ باریک پیس لیں اور چھان کر وزن کر لیں۔ عنبر اشہب کو عرق گلاب میں حل کر کے اس میں تمام ادویہ باریک کر کے ملا کر کھرل میں گوندھیں اور چنے برابر گولیاں بنا لیں۔

استعمال: 1 گولی صبح ہمراہ نیم گرم دودھ شہد ملا ہوا۔ شدید مرض میں 1 گولی بوقتِ عصر بھی استعمال کرائیجا سکتی ہے۔ دوا نوشِ جاں کرنے سے قبل تھوڑا سا دودھ پی لیں اس کے بعد بقیہ دودھ کے ساتھ دوا لیں۔ یہ گولیاں عورتوں کی مخصوص اور مخفی تکالیف کو دور کرتی ہیں۔ جوان کی تندرستی اور قوت کو آہستہ آہستہ بالکل خراب کر دیتی ہیں اور بعد میں بڑھاپے کی حالت طاری کر دیتی ہیں۔ رحم سے سفید رطوبت کا جاری رہنا ، جریان منی اور غدی کا ہونا / انہی شکایتوں کے نام ہیں۔ 1 ماہ مسلسل کھلائیں۔ اس کی چند ہی خوراکوں سے یہ مرض دور ہو جاتا ہے

فوائد: اس کے استعمال سے معدہ میں غضب کی طاقت پیدا ہوتی ہے۔ مرجھائے ہوئے چہرے میں آب وتاب پیدا کرتی ہے۔

سیلان الرحم کے جملہ امراض مثلاً اعضا شکنی، دردِ کمر، سستی اور نفرت و بیزاری کا خاتمہ کرتی ہے۔

غذا: دودھ، چاول، دلیہ، بکری کے گوشت کا شوربہ، روٹی، دال مونگ

پرہیز: گرم ترش، تیل سے تیار شدہ اور قابض اشیاء سے پرہیز کریں۔ وظیفہ عزوجیت کی کثرت سے پرہیز کریں۔

نوٹ: دوران حمل یا دوران حیض یہ دوا بالکل استعمال نہ کریں۔

ھوالکافی	حیض کے مسائل کے لیے (1)	ھوالشافی

1	رال	25 گرام		3	سنگ جراح	25 گرام
2	گیرو	25 گرام				

ترکیب و استعمال : تمام اجزاء کو باریک پیس لیں۔ تیار ہے۔ 3 / 3 ماشہ کی پڑیاں بنا لیں۔ صبح وشام دودھ کی لسی کے ساتھ 7 یوم تک استعمال کرائیں۔

یا

1۔ پوست خشخاس = 1 تولہ + 2۔ انجبار = 1 تولہ۔ دونوں کو جوکوب کر کے مٹی کے کورے برتن میں بھگو دیں۔ صبح اس کے ساتھ دن میں 3 بار استعمال کرائیں۔

فوائد: حیض کی زیادتی یا کمی کو اعتدال پر لا کر متعلقہ تکالیف کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	حیض کے مسائل کے لیے (2)	ھوالکافی

گٹھی کو اوپر سے چھیل کر کالا چھلکا اتار دیں۔ باریک سفوف 2 تا 3 ماشہ چاول کی پچھ کے ساتھ صبح دوپہر شام چار پانچ روز تک استعمال کرائیں۔ حیض کی زیادتی یا کمی کو اعتدال پر لا کر متعلقہ تکالیف کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	نسوانی	ھوالکافی

1	سفوف اسگندھ ناگوری	100 گرام	4	روغن زرد	حسب ضرورت
2	سفوف زنجبیل	100 گرام	5	پرانا گڑ	800 گرام
3	سفوف فلفل سیاہ	25 گرام			

ترکیب : سب ادویہ کو روغن زرد گاؤ خالص میں بریاں کریں۔ گڑ کی چاشنی بنا کر یہ سفوف اس میں ڈال دیں اور یکجان کر لیں۔ پھر کسی چینی کے برتن میں محفوظ کر لیں۔

استعمال: اس معجون میں سے ہر روز 40 گرام کی مقدارِ خوراک دودھ یا پانی کے ساتھ استعمال کرنا ئیں۔

فوائد: اس سے امراضِ مستورات رفع ہو جاتے ہیں۔ اور زندگی کیف آور ہو جاتی ہے۔ امراض، سوداوی و بلغمی، مستورات کے پیچیدہ امراج پرسوت روگ وغیرہ دم دبا کر بھاگ جاتے ہیں۔ اس کے استعمال سے عورتوں کے پستانوں میں دودھ کی فراوانی ہوتی ہے اور عورت کی نیم مردہ زندگی میں صحت وتندرستگی نمایاں ہو کر چہرہ گلاب کی مانند شاداب ہو جاتا ہے

ھوالشافی	رحم کی رسولیاں	ھوالکافی

1	رس گھیگوار	12 گرام	2	سہاگہ (پسا ہوا)	1 گرام

ترکیب و استعمال: دونوں ادویہ کو ملا کر رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ کمزور مریضوں کو نصف خوراک دی جائے۔ مریضہ کو آرام سے رکھیں۔ ہلکی زود ہضم غذا کھلائیں۔ بادی اور نفاخ غذاؤں سے پرہیز کرائیں۔

فوائد : پیٹ یا رحم میں رسولی پیدا ہوگئی ہو تو اُس کے ازالہ کے لیے مفید ہے۔ واضح رہے کہ ڈاکٹری علاج میں رسولی کا علاج اپریشن کے سوا نہیں ہو سکتا۔ البتہ طبِ قدیم میں یہ خوبی ہے کہ وہ بغیر اپریشن کے صرف خوردنی دوا سے پیٹ کی رسولی رفع کر سکتی ہے۔ بشرطیکہ دیرینی اور جسم میں زیادہ نہ پھیلی ہوئی ہو۔ علاوہ ازیں یہ دوا تلی اور باؤ گولہ میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	سفوف بندشِ ایام	ھوالکافی

1	ریوند چینی	25 گرام	4	زیرہ سفید	25 گرام
2	قلمی شورہ	25 گرام	5	شکر تری	100 گرام
3	جوکھار	25 گرام			

ترکیب :: تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

استعمال و فوائد: 6 گرام ہمراہ پانی۔ دن میں 2 بار قبل از ایام ایک ہفتہ شروع کروا دیں ایام جاری کرانے کے لیے مفید ہے

ھوالشافی — سیلان — ھوالکافی

1	اسگندھ ناگوری	4 گرام،	4	ناگ کیسر	2 گرام
2	چکنی سپاری	2 گرام	5	درخت اشوک کی چھال	3 گرام
3	آملہ خشک	2 گرام		مصری	20 گرام

ترکیب :: سیلان کے عارضہ میں اسگندھ ناگوری کا سفوف 4 گرام، چکنی سپاری کا سفوف 2 گرام، آملہ خشک کا سفوف 2 گرام، ناگ کیسر کا سفوف 2 گرام، درخت اشوک کی چھال کا سفوف 3 گرام، مصری 20 گرام سب ادویات کو باہم ملا کر دودھ کے ساتھ صبح وشام 3 گرام پھانک لینے سے یہ عارضہ خواہ پرانا ہو یا پرانا رفع ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی — شربت مفید النساء — ھوالکافی

1	مجیٹھ		5	تخم میتھے	
2	سوئے		6	کھوکھڑی کپاس	
3	اجوائن		7	بندال/گھگر بیل	
4	تخم سن		8	چینی	

ترکیب :: سب کو خستہ بختہ کر کے ڈیڑھ کلو پانی میں بھگو دیں۔ نرم آگ پر پکائیں۔ نصف کلو رہ جائے تو چینی ملا کر شربت بنائیں

استعمال : حیض شروع ہونے سے ایک دو روز پہلے شروع کرادیں۔ ایک بوتل 6 یوم میں ختم کرنی ہے ۔

نوٹ : حاملہ خاتون کو نہیں دینی ہے **فوائد** حیض کو جاری کرتا ہے۔ کمی یا زیادتی حیض ۔ باؤ گولہ (ہسٹیریا)۔ ماہواری کی جملہ خرابیاں دور ہو کر عورت حمل کے قابل ہو جاتی ہے۔ ایسی عورتیں جن کو 20 سال سے حمل نہ ہو سکا ہو اس کے استعمال سے ان کا بانجھ پن دور ہو جاتا ہے اور اولاد جیسی نعمت سے مالا مال ہو جاتی ہیں۔

ھوالشافی — تنگیء حیض — ھوالکافی

1	ھوبیر	12 گرام		رائی	12 گرام
2	حنظل (اندرائن)	12 گرام		سنبل طیب	50 گرام

ترکیب :: باریک سفوف بنا کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال وفوائد :1 تا 4 گولی روزانہ گرم پانی یا قہوہ کے ساتھ۔ حیض سے دو چار روز پہلے شروع کرادیں۔ فوائد: حیض کھل کر آئے گا تکلیف ختم ہو جائے گی۔ سیلان الرحم ۔ دائمی قبض۔ قبض ۔ ریاح شکم ۔ اختناق الرحم کے لیے بے حد مفید ہے۔ مسلسل استعمال سے چند ماہ بعد رحم کی مکمل صفائی ہو جائے گی۔ تب ہی حمل قرار پائے گا۔ بانجھ پن کو دور کرتی ہے۔

نوٹ : گر دوران علاج مروڑ یا درد ہو تو سونف، زیرہ سفید، اور اجوائن کا قہوہ بنا کر دیسی گھی 2 / 1 (آدھا) چمچ ڈال کر پلائیں۔ ایک دو روز کے لیے دوائی بند کرادیں۔

ھوالشافی	حبِ استقرارِ حمل	ھوالکافی

1	زعفران	ہم وزن	7	طباشیر انڈین	ء
2	جائفل	ء	8	تخم سروالی	ء
3	ناگیسر	ء	9	مال کنگنی	ء
4	قرنفل	ء	10	گل دھاوا	ء
5	دانہ الائچی خورد	ء	11	سپاری	ء
6	تخم اوٹنگن				

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پاؤڈر بنا کر شہد کی مدد سے حبوب نخودی بنا کر محفوظ کرلیں۔

استعمال : روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گرم دیں۔

فوائد : استقرارِ حمل کی استعداد پیدا کر کے عورت کو صاحبِ اولاد بنانے میں آزمودہ نسخہ ہے۔ 41 یوم استعمال کروائیں۔

☆لڑکیاں ھی لڑکیاں☆

بعض عورتوں کے ہاں کثرت سے لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہیں اور اولادِ نرینہ کے لیے مختلف حیلے بہانے تلاش کرتے ہیں۔ اکثر اوقات مایوسی کا مونہہ دیکھنا پڑتا ہے۔ لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہونا ایک بیماری ہے۔ اس کا علاج ممکن ہے۔

ھوالشافی	سفوف نرینہ	ھوالکافی

1	موصلی سیاہ	برابر وزن	5	برادہ دندان فیل	ء
2	موصلی سفید	ء	6	تخم عباسی	ء
3	گوکھرو	ء	7	پوست بیخ سنبل	ء
4	تخم اوٹنگن				

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: بعد حیض روزانہ 12 گرام عورت اور 12 گرام مرد پانچ یوم کھائیں اور مباشرت کریں۔ ان شاءاللہ عزوجل اس ترکیب سے ہر مہینے کریں۔

فائدہ: اس سے ایک طرف تو رحم میں استقرارِ حمل کی قوت پیدا ہو گیا ور دوسرا جو حمل ہو گا ثابت قدم رہتے ہوئے نرینہ اولاد کا حامل ہو گا ان شاءاللہ !!!

☆عسرِ ولادت☆

تعریف مرض: بچہ با آسانی پیدا نہیں ہوتا۔ اس سے عورت کو وضع حمل کے وقت شدید تکلیف ہوتی ہے حتیٰ کہ بعض اوقات موت واقع ہو جاتی ہے۔ بعض اوقات بچہ پیٹ میں ہی مر جائے تو شدید مشکلات پیدا ہو جاتی ہیں۔

حفظِ ماتقدم :اگر نویں ماہ کے شروع ہوتے ہی حاملہ کو نہار مونہہ 9 گرام روغنِ بادام شیریں نیم گرم دودھ میں پلائیں تو نہایت مفید ہے۔ تیز ترش، غلیظ اور قابض دواؤں سے پرہیز واجب ہے۔ ہلکی سادہ اور مرغن غذائیں کھلائیں تو بچہ بلا تکلیف پیدا ہو گا۔

هوالشافی — اکسیرِ درد رحم — هوالکافی

1	پوست خشخاش	3 گرام		3	عرق بادیان	120 گرام
2	شہد خالص	25 گرام				

ترکیب: دونوں کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں جب آدھا رہ جائے تو پن کر چھان لیں۔

استعمال: عرق بادیان اس میں ملا کر مریضہ کو 2 مرتبہ پلا دیں۔

فائدہ: ان شاء اللہ عزوجل ایسا درد جو بعد ولادت ہوتا ہے ختم ہو جائے گا۔ آزمودہ ہے۔

هوالشافی — اکسیر عسر ولادت — هوالکافی

1	زعفران کشمیری	12 گرام		2	جند بید ستر	12 گرام

ترکیب: دونوں ادویات کو نہایت باریک پیس لیں۔

استعمال: آدھا گرام ہمراہ شیر گاؤ دیں

فائدہ: فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا

نوٹ: طاقت کے لیے بعد میں مزید کوئی دوا دیجیے۔

هوالشافی — سپاری پاک برائے لیکوریا — هوالکافی

1	چکنی سپاری	250 گرام		9	اسگندھ ناگوری	20 گرام
2	شیر گاؤ	2 کلو		10	ست گلو	20 گرام
3	گھی دیسی	500 گرام		11	گوکھرو کلاں	36 گرام
4	گوند کیکر	12 گرام		12	طباشیر	12 گرام
5	کہربا شمعی	12 گرام		13	زیرہ سفید	12 گرام
6	مائیں	12 گرام		14	آملہ	12 گرام
7	سمندر سوکھ	12 گرام		15	موصلی سفید	50 گرام
8	لودھ پٹھانی	12 گرام		16	دیسی چینی	کل کا برابر وزن

ترکیب: پہلے چکنی سپاری کو باریک کر کے شیر گاؤ میں ڈال کر خوب پکائیں کہ کھویا بن جائے بعد میں اس کھویا کو دیسی گھی میں بریاں کیجیے۔ پھر تمام ادویات دیگر کو خوب باریک کر لیجیے۔ باقی تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔ چینی کا قوام بنا کر باقی پسی ہوئی ادویات کو آہستہ آہستہ اس میں ڈال کر ملاتے جائیں۔ جب اچھی طرح مکس ہو جائیں تو معجون بنا کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: 6 تا 12 گرام ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام دیں۔

فائدہ: فی زمانہ اس نسخہ کی بڑی دھوم ہے۔ عورتوں کے امراض رحم میں خصوصاً سیلان الرحم میں بہت ہی مفید الاثر ہے۔ حتیٰ کہ رحم میں طاقت پیدا کر کے استقرار حمل ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	اختناق الرحم / ہسٹیریه / باو گولہ	ھوالکافی

اختناق الرحم: اختناق سے مراد گلا گھٹنا ہے چونکہ اس مرض کا تعلق رحم سے ہے اس لیے اسے اختناق الرحم کہا جاتا ہے۔

ہسٹیریه: یونانی لغت میں اس سے مراد رحم ہے۔اسی نسبت سے ڈاکٹری میں بھی اس کا نام ہسٹیریہ ہے۔

اسباب: عموماً اس بیماری میں نازک مزاج، نازک اندام، شہری عورتیں یا لڑکیاں بتلا رہتی ہیں خصوصاً جنکو کھانے پینے، کام کاج، پڑھائی وغیرہ سے بےفکری ہو۔جوانی بھرپور ہو تو ان شباب کے ایام میں کوئی غیر معمولی صدمہ یا واقعہ ہو جائے تو مزاج بگڑ کر مرض پیدا کر دیتا ہے۔عشق محبت کی داستانیں، غم وغصہ، دہشت ناک خبر، ناول، افسانہ، فلم وغیرہ جو برداشت نہ ہوسکیں۔جنسی خواہشات کی تشنگی، ایام کی خرابی، عیش پرستی، مایوسی، نفسیاتی جذبات کی شدت، دماغی وجسمانی محنت، عورتوں کا زیادہ عمر کنوارہ رہنا، دائمی قبض، نفخ شکم، مشت زنی، عشقیہ باتیں سننا یا کرنا، جنسی اشتعال دلانے والی فلمیں دیکھنا وغیرہ۔ایسے اسباب نوجوان بچیوں کو ہسٹیریہ جیسے خوفناک مرض میں بتلا کر دیتا ہے۔

علامات: مرض کی شدت اور خفت کے لحاظ سے علامات کا اظہار ہوتا ہے۔عموماً مریضہ محسوس کرتی ہے کہ پیڑو سے ایک گولہ اوپر چڑھ رہا ہے۔اور حلق میں جا کر اٹک جاتا ہے۔جس سے دم گھٹتا ہے اور بےہوشی ہو جاتی ہے۔معمولی مرض میں بےہوشی برائے نام اور مریضہ جلد ہوش میں آجاتی ہے۔مگر تھکن، دردسر اور مایوسی کا شکار نظر آتی ہے۔مرض کی شدت میں مریضہ زور زور سے ہنستی ہے یا روتی ہے۔پھر بےہوش ہو جاتی ہے۔چہرہ سرخ، سانس تیز، ہاتھ پاؤں سرد اور تشنج ہوتا ہے۔بعض اوقات مریضہ اپنے سر کے بال نوچتی ہے۔بدن کے کپڑے پھاڑتی ہے اور دیوار سے سر ٹکراتی ہے۔اردگرد کے آدمیوں کو کاٹتی ہے۔مارتی ہے۔باربار گلے کی طرف اُنگلی سے اشارہ کرتی ہے۔جب مرض کا زور چند منٹ سے چند گھنٹے تک کا ہوتا ہے۔

ھوالشافی	دوائے ہسٹیریه	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار		نمبر	دوا	مقدار
1	ہینگ	36 گرام		5	فلفل دراز	12 گرام
2	نمک سنگ	12 گرام		6	نمک سونچر	12 گرام
3	نمک دریا	12 گرام		7	آب لیموں	500 گرام
4	زنجبیل	12 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک کر کے آب لیموں میں کھرل کریں۔محفوظ کرلیں۔

استعمال: 3/3 گرام صبح وشام ہمراہ آب تازہ۔**فائدہ**: اختناق الرحم میں چوٹی کی دوا ہے۔

ھوالشافی	اکسیر اختناق	ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار		نمبر	دوا	مقدار
1	زعفران	3 گرام		5	زنجبیل	12 گرام
2	بسباسہ	3 گرام		6	اسگندھ ناگوری	12 گرام
3	فلفل دراز	6 گرام		7	برگ پان	5عدد
4	جوزبوا	6 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کونہایت باریک کرلیں۔اور حبوب بقدر دانہ ماش بنالیں۔محفوظ کرلیں۔

استعمال: روزانہ ایک گولی ہمراہ آب تازہ۔

فائدہ: اختناق الرحم میں بے حد مفید ہے۔

ھوالکافی	حب ھسٹیریہ				ھوالشافی
6 گرام	زعفران	3	25 گرام	صبر مغسول	1
6 گرام	ہیرا کسیس	4	25 گرام	مرکی مصفی	2

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر کالی مرچ برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: 2/2 گولیاں صبح وشام مناسب بدرقہ کے ہمراہ دیں۔

فائدہ: عسرِ طمث،اختناق الرحم کے لیے مجرب ہے۔

ھوالکافی	اکسیر عسر طمث (تنگیٔ حیض)				ھوالشافی
12 گرام	ہیرا کسیس ولائتی	3	50 گرام	دار چینی	1
حسبِ ضرورت	شہد	4	12 گرام	ایلوہ	2

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 2/2 گولیاں صبح وشام چائے کے ہمراہ دیں۔

فائدہ: بندش حیض میں اکسیر ہے۔باقاعدگی استعمال سے قبض دور ہوجاتی ہے۔باؤ گولہ اور بے قائدہ حیض دور ہوجاتی ہے۔

ھوالکافی	سفوف مدرین				ھوالشافی
6 گرام	قلمی شورہ	3	6 گرام	سنگ یہود	1
3 گرام	گیرو	4	6 گرام	جوکھار	2

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر سنبھال رکھیے۔

استعمال: 3/3 گرام دن میں 2 مرتبہ دیں۔

فائدہ: احتباس الطمث میں نہایت کامل بھروسہ کا نسخہ ہے۔

ھوالکافی	حب مدرون				ھوالشافی
ءِ	ہیرا کسیس	3	برابر وزن	ہیرا ہینگ بریاں	1
ءِ	مرکی	4	ءِ	ایلوا	2

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: 2/2 گولیاں صبح وشام چائے کے ہمراہ دیں۔

فائدہ: بندشِ حیض،بے قائدگی حیض اور ادرارِ حیض میں سچانی نسخہ ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

اکسیر کثرتِ حیض

1	بال ناریل سوختہ	50 گرام		3	کشتہ سنگ جراحت	〃
2	دانہ الائچی خورد			4	شہد	تین گنا

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر شہد میں معجون بنالیں۔ محفوظ کرلیں۔

استعمال : 10 گرام صبح ،10 گرام شام ہمراہ شیر بکری پانی ملا ہوا دیں۔

فائدہ: ان شاءاللہ تین خوراکوں سے کثرت حیض بند ہو جائے گا بھروسہ کی چیز ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

پڑیائے جادو

1	سنگ جراحت شگفتہ	ہم وزن		4	گوند کتیرا	〃
2	رال سفید	〃		5	تج	〃
3	الائچی خورد			6	سمندر سوکھ	〃

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کرلیں

استعمال : 6 گرام صبح ،دوپہر ،شام ہمراہ شربتِ انجبار یا شربتِ صندل دیں۔

فائدہ: کثرت حیض کے لیے بہترین اثرات کی حامل کامیاب ولاثانی دوا ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

سفوف کرامت

1	گوند کتیرا	3 گرام		4	بیخ انجبار	〃
2	گوند کیکر	〃		5	گل انار	2 گرام
3	مغز کدو	〃		6	دل الاخوئن	〃

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کرلیں

استعمال : 6 گرام صبح ،دوپہر ،شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: کثرت طمث کے لیے بہترین دوا ہے۔

هوالشافی | هوالکافی

اکسیر استخاضہ

1	خرما			3	تالمکھانہ	
2	رسونت			4	لودھ پٹھانی	

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کرلیں ۔

استعمال : 10 گرام صبح ،دوپہر ،شام ہمراہ شربت انجبار دیں۔

فائدہ: جب حیض زیادہ دنوں تک جاری رہے تو اس کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

هوالشافی — اکسیرِ نفاس — هوالکافی

1	تالمکھانہ	12 گرام	4	آملہ مقشر	12 گرام
2	سنگ جراحت	12 گرام	5	گلنار	6 گرام
3	تمر ہندی	12 گرام	6	گیرو	6 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو نہایت باریک پیس کر محفوظ کر لیں ۔

استعمال : 6 گرام صبح، شام ہمراہ آب تازہ دیں۔

فائدہ: حاملہ عورتوں کے جاری شدہ خون کو روکنے میں جید الاثر ہے۔ کثرتِ نفاس کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔

هوالشافی — خارش رحم — هوالکافی

1	کافور	1 گرام	2	عرق گلاب	مناسب مقدار

ترکیب: کافور کو عرق گلاب میں حل کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال : فرج میں ملیں۔

فائدہ: چند مرتبہ لگانے سے کلی شفاء ہو گی۔ گرم اور سخت اشیاء سے پرہیز کریں۔

هوالشافی — رکاوٹ — هوالکافی

1	کریر کے تازہ پھول	36 گرام	2	دیسی گھی بقدر ضرورت	مناسب مقدار

ترکیب: اسکی سبزی یعنی سالن بنالیجیے۔

استعمال : ایامِ ماہواری سے فراغت کے بعد روزانہ بلا ناغہ تین دن تک کھلاتے رہیے۔

فائدہ: تین دن کے استعمال سے ایک سال تک حمل میں رکاوٹ رہے گی۔

هوالشافی — جوشاندہ مسقط — هوالکافی

1	اسگندھ ناگوری	12 گرام	4	ایلوا	6 گرام
2	زنجبیل	12 گرام	5	قند سیاہ کہنہ	36 گرام
3	جڑ بانس سیاہ	12 گرام	6	پانی	750 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو پانی میں جوش دیجیے۔ آدھا حصہ رہ جانے پر مل چھان کر سنبھال لیں۔

استعمال: روزانہ صبح، دوپہر، شام 36/36 یا 60/60 گرام پلا دیں۔

فائدہ: جنین یا حمل کو گراتا ہے۔ حیض کھول دیتا ہے۔ ایسا تیر ہے جو کبھی خطا نہیں گیا۔

نوٹ : ہر حال میں خوفِ خدا عزوجل کو دل میں رکھیئے۔ صرف اور صرف جائز ضرورت کے لیے استعمال کریں۔

ھوالشافی	اکسیر مانع حمل	ھوالکافی

1	سرمہ سفید	5 گرام		2	شیر میش (بھیڑ)	200 گرام

ترکیب: سرمہ کو شیر میش میں خوب کھرل کریں۔ کوزہ گلی میں بند کر کے 20 کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پھر شیر میش میں کھرل کریں۔ اور آگ دیجیے۔ اسی طرح تیسری مرتبہ بھی کریں۔ بعدہ کھرل کر کے سنبھال رکھیے۔

استعمال: بوقتِ ضرورت عورت کے ایام ماہواری ختم ہونے پر ایک رتی روزانہ کھلاتے رہیے۔

فائدہ: نہایت مفید مانع حمل دوا ہے۔ سات یوم متواتر استعمال کرنے سے شرطیہ طور پر ایک سال تک حاملہ نہ ہوگی۔

ھوالشافی	لیکوریا بند	ھوالکافی

1	گل سپاری	12 گرام		6	کشتہ قلعی	2 گرام
2	گل پستہ	12 گرام		7	کشتہ مرجان	3 گرام
3	گوند ڈھاک	12 گرام		8	کشتہ عقیق	1-1/2 گرام
4	اندر جو شیریں	25 گرام		9	کوزہ مصری	100 گرام
5	اسگندھ ناگوری	25 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کا سفوف بنالیں۔

استعمال: آدھا چمچ صبح و شام خالی پیٹ ہمراہ دودھ۔

فائدہ: لیکوریا کے لیے انتہائی موثر دوا ہے۔

پستانوں کے امراض

ھوالشافی	ضماد قلتِ لبن	ھوالکافی

1	مردار سنگ			3	میتھی	
2	زیرہ سیاہ			4	سرکہ	

ترکیب: تمام ادویات کا سفوف بنا کر سرکہ سے لیپ بنا کر محفوظ کریں۔

استعمال: دن میں 2 بار لیپ کریں۔

فائدہ: بغیر کسی تکلیف کے دودھ کی پیدائش کم ہو جاتی ہے اور پستانوں میں سختی بھی پیدا ہو جاتی ہے۔

مفرد علاج

☆ پھٹکڑی سفید پستانوں پر لگانا بھی قلت لبن کا باعث بنتا ہے۔

ھوالکافی	پاوڈر افزائشِ لبن	ھوالشافی

1	تودری سرخ	ہم وزن		2	ستاور	"

ترکیب: دونوں کو باریک پیس لیں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال: ایک تولہ پاوڈر روزانہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کروائیں۔

فائدہ: ان شاءاللہ عزوجل چند دنوں میں ہی دودھ کی نہریں بہہ نکلیں گی۔نیز کثرتِ مادہ منویہ بھی پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے اور اس میں غلظت بھی پیدا ہو جاتی ہے۔بدن کو موٹا کرتا ہے اور قوی کرتا ہے۔

ھوالکافی	ضماد افزائشِ لبن	ھوالشافی

1	آرد باقلہ	ہم وزن		4	جو مقشر آرد	"
2	گل بنفشہ	"		5	برنج ساٹھی	"
3	گل خطمی	"		6	روغن کنجد	حسبِ ضرورت

ترکیب: دونوں کو باریک پیس کر چقندر کے پانی میں گوندھ کر قدرے روغنِ کنجد ملا لیں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت گرم کر کے پستانوں پر لگائیں۔

فائدہ: اس ضماد سے عورتوں کے پستانوں میں دودھ کی کثرت ہو جاتی ہے اور کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوتی۔

ھوالکافی	معجون کثرتِ دودھ	ھوالشافی

1	تودری سرخ	ہم وزن		5	مغز چلغوزہ	"
2	تودری سفید	"		6	مغز چرونجی	"
3	خشخاش سفید	"		7	مغز فندق	"
4	مغز بادام	"		8	مغز حبۃ الخضر	"

ترکیب: تمام ادویات کو باریک کر کے گائے کے گھی میں چرب کر کے سہ چند چینی کا قوام بنا کر پاوڈر مکس کر کے معجون تیار کریں اور محفوظ کر لیں۔

استعمال: ایک تولہ صبح،ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فائدہ: عورت کی بھرپور جوانی کو لوٹاتی ہے،جسم میں طاقت کا خزانہ پیدا کر کے دودھ کی کثرت کر دیتی ہے۔لاثانی مجرب ہے۔

☆ طغرے ☆

☆ مغز بنولہ ایک تولہ ایک پاؤ دودھ میں کھیر بنا کر کھانا ہے

☆ زیرہ سفید 3 ماشہ صبح اور 3 ماشہ شام ہمراہ دودھ کھانا مفید و مجرب ہے۔

☆ کشتہ فولاد بھی انہی فوائد کا حامل ہے۔

☆ کثرت سے دودھ پینا بھی بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	دودھ کا جم جانا	ھوالکافی

اس مرض میں دودھ پستانوں میں جم جاتا ہے اور بعض اوقات نالیوں میں رک کر متعفن ہو کر پنیر کی مانند جم کر پستانوں کو سخت کر کے درد کا باعث بنتا ہے۔

اسباب: دودھ کی نالیوں میں بلغم کا جمنا، نالیوں میں سدے بننا، پستانون کے عضلات کا رگوں پر دباؤ، دودھ کا زیادہ دیر تک رگوں میں رکے رہنا، نالیوں میں رسولیاں پیدا ہونا، بعض اوقات کوئی زہریلی کیفیت کا پیدا ہونا وغیرہ۔

ھوالشافی	طلاء چنبیلی	ھوالکافی

1	خراطین مصفی	50 گرام		2	روغنِ چنبیلی	50 گرام

ترکیب: خراطین مصفی کو پاوڈر بنا کر روغنِ چنبیلی ڈال کر محفوظ کر لیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت پستانوں پر طلاء کریں۔

فائدہ: اندر کی رسولیوں کو تحلیل کر کے اور سدوں کو خارج کر کے دودھ کی رکاوٹ کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	ٹکور جلالی	ھوالکافی

1	گل بابونہ	12 گرام		4	خطمی	12 گرام
2	پودینہ	12 گرام		5	السی	12 گرام
3	میتھرے	12 گرام		6	پانی	1 کلو

ترکیب: تمام ادویات کو پانی میں پکائیں۔

استعمال: گرم گرم پانی سے پستانوں پر ٹکور کریں۔ نیز اس کے ثقل کو روغن بابونہ میں ملا کے لیپ کریں۔

فائدہ: دودھ کو رقیق کر کے، سدوں کو خارج کر کے دودھ کو جاری کرتا ہے۔

مفرد علاج: نمکین گرم پانی کا بہنا مفید الاثر ہے۔

پستانوں کا ڈھیلا ہونا

اس مرض میں عورت کے پستان ڈھیلے ہو کر لٹک جاتے ہیں۔ جس سے عورت کا حسن برباد ہو کر رہ جاتا ہے۔ عورت احساسِ کمتری کا شکار ہو جاتی ہے۔ **اسباب**: کمی خون، بچوں کو زیادہ عرصہ تک دودھ پلانا، پستانوں کی رگوں کا خون سے خالی ہونا، بلغم کی کثرت وغیرہ

ھوالشافی	ٹکور جلالی	ھوالکافی

1	پوست شجر انار	250 گرام		6	اجوائن خراسانی	60 گرام
2	پوست شجر بکائن	250 گرام		7	آب افشردہ ثمر بکائن	120 گرام
3	پوست کیکر	250 گرام		8	آب افشردہ ثمر کیکر	120 گرام
4	پوست شجر جامن	250 گرام		9	آب خالص	3 کلو
5	ہلیلہ زرد	120 گرام		10	روغن سرشف	آدھا کلو

جاری ہے

گذشتہ سے پیوستہ

ترکیب : تمام ادویات کو آب خالص میں خوب پکائیں ۔جب پانی آدھا جل جائے تو پن چھان کر تیل سرسوں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں ۔پھر جب پانی جل جائے تو آئل کو فلٹر کر لیں ۔پھر اس میں جنگلی کبوتر کی سوختہ ہڈیاں ثمر بکائن سوختہ ،گلنار سوختہ ،ایک ایک تولہ شامل کر کے کھرل کریں اور محفوظ کر لیں ۔**استعمال**:پستانوں کو دو وقت مل کر سینہ بند باندھ لیں ۔

فوائد:پستانوں کو چھوٹا گول اور سخت کرتا ہے ۔بشرطیکہ عرصہ تک استعمال کیا جائے ۔

ھوالشافی	برسٹنگ آئل	ھوالکافی

1	پوست درخت کیلا	12 گرام		4	چوب زرد	36 گرام
2	پوست درخت انجیر	12 گرام		5	روغن گاؤ	36 گرام
3	پوست درخت انار	12 گرام				

ترکیب :تمام ادویات کو روغنِ زرد میں جلا دیں ۔فلٹر کر کے محفوظ کر لیں ۔

ترکیب استعمال:دن میں دو وقت نیم گرم مالش کریں ۔اور ربر یز یر چڑھا لیں ۔

فائدہ: چند دنوں میں پستانوں کو مثل شباب آور بنا دے اور سخت بنا کر بڑھاپے کو جوانی کی صورت میں پیش کرے ۔مجرب ہے ۔

ھوالشافی	حبوب نسواں	ھوالکافی

نمبر ﴿1﴾

1	ہیرا کسیس	12 گرام		4	ہینگ ایرانی	6 گرام
2	مرمکی	12 گرام		5	پتری فولاد	5 گرام
3	مصبر سیاہ	12 گرام		6	ریوند خطائی	12 گرام

ترکیب : سب کا سفوف بنا لیں اور لعاب گھیگوار سے نخودی گولیاں بنا لیں ۔

استعمال:ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب نیم گرم دیں

نمبر ﴿2﴾

حب اسارون

1	اسارون (کوڑانڈیا)	50 گرام		2	ریوند خطائی	50 گرام

ترکیب :دونوں کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنا لیں ۔

ترکیب استعمال:1/1 گولی صبح و شام نیم گرم پانی سے دیں ۔اس کے فوائد بھی اور پروا لے ہی ہیں ۔ان دونوں کی ایک ایک گولی ملا کر صبح و شام دیں ۔

فائدہ :عورت کی ہر مرض پر بلا تفریق اچھے رزلٹ ہیں ۔ورم رحم ،سوزش رحم ،حیض کا تکلیف اور درد سے ہونا ،کم ہونا یا زیادہ ہونا ،حیض کا بند ہو جانا اور بانجھ پن کے لیے یہ دونوں نسخے بنا کر دیں

﴿عورتوں میں پانی کی تھیلیاں﴾

اجزاء : کشتہ کوڑیاں

استعمال : آدھا گرام ۔صبح و شام

هوالشافی	اکسیرِ شوگر	هوالکافی

نمبر	نام	مقدار
1	**کشتہ قلعی**	10 گرام
2	کشتہ مرجان	10 گرام
3	کشتہ صدف مروارید ی	10 گرام
4	کشتہ فولاد	10 گرام
5	گلوخشک	10 گرام
6	برگ جامن	10 گرام
7	رُب جامن	10 گرام
8	ملٹھی	10 گرام
9	گوندکتیرہ	10 گرام
10	گل نیلوفر	10 گرام
11	گل گاؤزبان	10 گرام
12	گل سرخ	10 گرام
13	گِل ارمنی	10 گرام
14	خشخاش	10 گرام

ترکیب: سب کوکوٹ چھان کران میں چاروں کشتہ جات ملائیں۔(کشتہ جات اجمل یاہمدرد کے لیں)

استعمال: آدھا گرام تا 1 گرام ہمراہ پانی دن میں ایک مرتبہ۔شوگر کے لیے اکسیر ہے۔

هوالشافی	دوائے ذیابیطس	هوالکافی

نمبر	نام	مقدار
1	ست برگ جامن (آدھا کلو زم پتے کا پانی پکا کرست بنالیں)	5 گرام
2	کشتہ قلعی	5 گرام
3	شاخ مرجان (جلالیں)	5 گرام
4	صدف سوختہ (جلالیں)	5 گرام
5	ملٹھی	5 گرام
6	گوندکیکر	5 گرام
7	گوندکتیرا	5 گرام
8	طباشیر	5 گرام
9	گل گاؤزبان	5 گرام
10	مروارید	5 گرام
11	گل سرخ	5 گرام
12	کشنیز (دھنیا)	5 گرام
13	تخم خرفہ	5 گرام
14	برادہ صندل سفید	5 گرام
15	کافور	5 گرام
16	گِل ارمنی	5 گرام
17	تخم خشخاش	5 گرام
18	مغز چلغوزہ/مغزاخروٹ	5 گرام
19	ست گلو	5 گرام
20	موصلی سیاہ	5 گرام
21	تخم سروالی	5 گرام

ترکیب: سب کاباریک سفوف بناکرکشتہ ملادیں۔

استعمال: 5 گرام ہمراہ توڑ ہی (دہی کو کپڑے میں ڈال کر لٹکا دیں پانی نیچے جمع ہوجائے گا) دن میں ایک مرتبہ۔طبیعت زیادہ خراب ہوتو دومرتبہ بھی کھلائی جاسکتی ہے۔

فوائد: حرارتِ جگر کودور کرکے بفضلہٖ مرض ذیابیطس کودور کرنے والا واحد سفوف ہے۔شوگر کے لاعلاج مریض انشا اللہ استعمال کرنے سے کافی بہتر محسوس کرتے ہیں۔گردوں کوتقویت دیتا ہے۔امید سے بڑھ کر پائیں گے۔بڑے بھروسہ کی چیز ہے۔

هوالشافی — سفوف شوگر — هوالکافی

1	مغز تمر ہندی	100 گرام	4	گڑ مار بوٹی	100 گرام
2	خستہ گٹھلی جامن	100 گرام	5	تخم سکھ چین	100 گرام
3	خام پھلی کیکر	100 گرام	6	کشتہ بیضہ مرغ	25 گرام

ترکیب : تمام اجزاء کا باریک سفوف بنالیں

استعمال : 1/2 چائے والا چمچ صبح وشام ہمراہ آب تازہ (ایک ماہ کا کورس)

دوسرے ماہ ایک وقت لیں

تیسرے ماہ کبھی کبھی لیں۔

هوالشافی — ذیابیطس — هوالکافی

ذیابیطس

وجوہات...... شوگر کی سب سے بڑی اور مشہور وجہ جسم میں 'انسولین' کی کمی ہوتی ہے۔ یہ مرض آہستہ آہستہ بڑھتا ہے لہٰذا کئی سالوں تک مریض کو اس کا علم ہی نہیں ہوتا۔ زیادہ میٹھی چیزیں جیسے چینی، مصری، میٹھے پھلوں کا زیادہ استعمال، چاول اور میدہ سے بنی ہوئی چیزیں بھی اس مرض کی وجہ بن سکتی ہیں۔

علامات...... شوگر کے مریض کو بار بار پیشاب آتا ہے، مریض کو پیاس زیادہ اور بھوک بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ کمزوری اور گھبراہٹ ہونے لگتی ہے، سر میں درد اور قبض ہو جاتی ہے، جلد خشک ہو جاتی ہے اگر کہیں زخم آ جائے تو جلدی نہیں بھرتا، جسم پر خارش رہتی ہے۔

علاج:۔

(۱) زیادہ پیاس کی صورت میں پانی میں لیموں کا رس نچوڑ کر پلائیں۔

(۲) زیادہ ٹماٹر استعمال کریں۔ اس سے پیشاب میں شوگر آنا بند ہو جاتی ہے۔

(۳) کریلے اور جامن کی گٹھلیاں ہموزن لے کر خشک کر لیں صبح وشام ایک ایک چمچ پانی کے ساتھ پھانک لیں۔

(٤) 15 گرام کریلے کا رس 100 گرام پانی میں ملا کر تین ماہ تک پلانا باعث شفاء ہے۔

(۵) آدھے لیٹر پانی میں 200 گرام کریلے اُبال لیں جب ایک چوتھائی پانی رہ جائے تو چھان کر پی لیں۔

(٦) چنے کی روٹی متواتر دس دن تک کھاتے رہنے سے پیشاب میں شوگر آنا بند ہو جاتی ہے۔

(۷) 60 گرام دانہ میتھی ایک گلاس پانی میں بارہ گھنٹے تک بھگوئے رکھنے کے بعد چھان کر روزانہ دو بار متواتر چالیس دن تک پیتے رہنے سے شوگر کا مرض بالکل ٹھیک ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سبز میتھی بطور سبزی پکا کر کھانا فائدہ پہنچاتا ہے۔

(۸) پیشاب زیادہ آنے اور پیاس لگنے کی صورت میں آٹھ گرام ہلدی پوڈر پانی میں حل کر کے دن میں دو بار لیں۔

(۹) کاجو، مونگ پھلی اور اخروٹ کو پانی میں بھگو کر کھلائیں۔

(۱۰) تازہ آلو لیکر اس میں شہد ملا کر پینا مفید ہے۔

احتیاط...... نشاستہ دار چیزوں سے دور رہیں۔ پھلوں میں آلوچہ، خوبانی، سیاہ شہتوت، اوکاڑ، جامن، لیموں اور فالسہ کھلا سکتے ہیں۔ زیادہ سے زیادہ سیر اور ورزش کرنی چاہئے۔

ھوالشافی	حبِ ذیابیطس	ھوالکافی

اجزاء (1)

	ہرڑ کابلی	36 گرام	5	دانہ الائچی خورد	36 گرام
2	بلیلہ	36 گرام	6	ست گلو	36 گرام
3	آملہ	36 گرام	7	سلاجیت	36 گرام
4	ہلدی	36 گرام	8	کشتہ قلعی	36 گرام

ترکیب : سب کو باریک پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔

اجزاء (2)

1	ہرڑ کابلی	30 گرام	5	پوست نیم تازہ	150 گرام
2	بلیلہ	30 گرام	6	گوگل بھینسا	60 گرام
3	آملہ	30 گرام	7	طباشیر	10 گرام
4	گلو تازہ	250 گرام			

ترکیب :پانچ کلو پانی میں اجزاء نمبر 2 سیریل نمبر 1 تا 5 ڈال کر رات کو بھگو دیں۔صبح جوش دیں جب پانی نصف رہ جائے تو چھان کر 60 گرام گوگل بھینسا ڈال دیں اور نرم آگ پر پکائیں۔شیر کی طرح گاڑھا ہونے پر سفوف مندرجہ بالا نمبر 1 اس میں ڈال دیں۔اور گولیاں بقدر نخود بنالیں۔

خوراک :2 گولیاں ہمراہ شیر گاؤ تازہ استعمال کرائیں۔ایک مرتبہ روزانہ

فوائد :ان شاللہ !3 روز میں شفا ہو جائے گی۔نہایت عمدہ اور مفید چیز ہے۔مگر مکمل فائدہ حاصل کرنے کے لیے اس کو 15 یوم تک ضرور استعمال کرائیں۔

ھوالشافی	حبِ ذیابیطس	ھوالکافی

1	معجون فلاسفہ	10 گرام	2	مغز پستہ	10 گرام
3	شہد خالص	10 گرام			

ترکیب :مغز پستہ کو تھوڑا سا کوٹ لیں۔تا کہ باہم آمیز ہو کر معجون کی شکل لے لے۔تینوں کو ملا لیں۔

خوراک :6 ماشہ صبح و شام

فوائد : کمزوری مثانہ اور کثرت بول کے لیے مفید ہے۔ذیابیطس کے لیے دینا ہو تو 1 رتی کشتہ زمرد کے ساتھ دینا چاہیئے۔

هوالکافی	ذیابیطس مجرب نسخہ	هوالشافی

ہم وزن	اوپٹیم	1
〃	ہیرا کسیس	2
〃	کچلہ مدبّر	3
〃	کونین سبز	4
〃	پکھان بید	5

ترکیب تیاری :: تمام اجزاء کو الگ الگ باریک پیس کر پانی کے ساتھ دو دو رّتی کی گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح وشام کھانے کے بعد۔

نوٹ : مریض کو روزانہ انڈے دیسی گھی اور گوشت وغیرہ کھلائیں۔

پرہیز : نمک، مصالہ جات سے پرہیز کرائیں۔

هوالکافی	ڈیابیٹیز نِل	هوالشافی

1	پوست بیہڑہ	250 گرام		2	گندھک آملہ سار	250 گرام

ترکیب: پہلے پوست کو آدھا کلو پانی میں بھگو دیں۔ اسی پانی میں رگڑ کر چھان لیں۔ پھر گندھک آملہ سار اس میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ یہاں تک کہ خشک ہو جائے۔ پھر کپڑ چھان۔ کر کے محفوظ کر لیں۔

استعمال : 3 تا 6 گرام صبح وشام پانی کے ساتھ لیں۔

فائدہ: تمام شکایات رفع ہو کر مریض ہمیشہ کے لیے صحت مند اور تندرست وتوانا وطاقتور ہو جائے گا۔ ہزاروں نا اُمید اچھے صحت مند ہو چکے ہیں۔ اطمینان سے استعمال کرائیں اس کے استعمال کروانے سے کار ہنگل بغیر آپریشن دور ہو جاتا ہے۔۔ اسی آسان نسخہ سے شہرت کی بلندیوں کو حاصل کریں۔

هوالکافی	دوائے ذیابیطس	هوالشافی

1	گڑمار بوٹی	750 گرام		3	سفوف گٹھلی جامن	250 گرام
2	زنجبیل	250 گرام				

ترکیب: تمام ادویات کو نہایت باریک پاوڈر بنا کر محفوظ کر لیں۔ **استعمال** : 2 تا 3 گرام صبح وشام پانی کے ساتھ لیں۔

فائدہ: ذیابطس کی جملہ علامات کو دور کر کے صحت عطا کرنے کے لیے مفید ہے۔

هوالکافی	ذیابیطس مجرب نسخہ	هوالشافی

1	اوپٹیم	ہم وزن		4	کونین سبز	〃
2	ہیرا کسیس	〃		5	پکھان بید	〃
3	کچلہ مدبّر	〃				

ترکیب: تمام اجزاء کو الگ الگ باریک پیس کر پانی کے ساتھ دو دو رّتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی صبح وشام کھانے کے بعد

نوٹ: مریض کو روزانہ انڈے دیسی گھی اور گوشت وغیرہ کھلائیں۔ **پرہیز** : نمک، مصالہ جات سے پرہیز کرائیں۔

ھوالشافی	اکسیر کلاع 01 (موںہہ کا چھالے)	ھوالکافی

1	سہاگہ بریاں	ہم وزن
2	کتھا سفید	؍؍
3	شہد	؍؍

ترکیب تیاری و استعمال : دونوں کو باریک پیس کر رکھ لیں۔ بوقتِ ضرورت شہد میں ملا کر موںہہ کے اندر چھالوں پر لگائیں۔ زبان سے اچھی طرح لگا دیں۔ اگر حلق سے نیچے اتر جائے تو کوئی حرج نہیں۔ نہایت اکسیر ہے۔

ھوالشافی	اکسیر کلاع 02 (موںہہ کا چھالے)	ھوالکافی

1	زیرہ سفید	1 ماشہ
2	کتھا سفید	4 رتی

ترکیب استعمال و فوائد: زیرے کو موںہہ میں ڈال کر چبائیں۔ لعاب پیدا ہو گا۔ پھر تھوڑی دیر بعد کتھا چبائیں۔ ان دونوں چیزوں کے لعاب کو زبان سے چھالوں پر لگاتے رہیں۔ انشاللہ پہلی بار کے عمل سے ہی ٹھیک ہو جائے گا۔ اس طرح معلوم ہو گا جیسے برف لگا لی ہو۔

ھوالشافی	جوارش مصطگی (رال بہنے کے لیے)	ھوالکافی

1	مصطگی	23 گرام	3	عرق گلاب	200 گرام
2	شکر سفید	400 گرام	4	عرق بادیان	حسبِ ضرورت

ترکیب : مصطگی کہ باریک پیس کر عرق گلاب میں قوام بنا کر سفوف شامل کریں۔

استعمال: 5 تا 9 گرام بوقت صبح ہمراہ عرق بادیان 150 گرام استعمال کریں۔

ھوالشافی	جوارش زیرہ (رال بہنے کے لیے)	ھوالکافی

1	بورہ ارمنی	9 گرام	4	زیرہ سفید	75 گرام
2	فلفل سیاہ	27 گرام	5	گڑ	900 گرام
3	زنجبیل	30 گرام			

ترکیب : سب کو کوٹ چھان کر گڑ کے قوم میں جوارش بنائیں۔

استعمال: 7 گرام یومیہ.

فوائد: موںہہ سے رال بہنے بلغم کی زیادتی کے لیے فوری اثر ہے۔

هوالشافی — **اکسیر قلاع 03 (مونہہ کے چھالے)** — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	قلمی شورہ	3 گرام	6	گل سُرخ	3 گرام
2	کتھ سفید	3 گرام	7	کافور	12 گرام
3	الائچی خورد	3 گرام	8	نیلا تھوتھا بریاں	6 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک چٹکی بھر دوا دانوں پر مل دیا کریں۔

فائدہ: جہاں کوئی دوا کارگر نہ ہو وہاں اس دوا کو آزمائیے۔ایک سو ایک فی صد مجرب ہے۔

هوالشافی — **دوائے لکنت** — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	اسطوخودوس	برابر وزن	8	نوشادر	〃
2	فلفل سیاہ	〃	9	زمین کند	〃
3	خولنجاں	〃	10	نمک لاہوری	〃
4	عقرقرحا	〃	11	سہاگہ بریاں	〃
5	کندر	〃	12	مغز بادام	〃
6	تج	〃	13	شہد	کل کا 4 گنا
7	لونگ	〃			

ترکیب: تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد میں ملا لیجیے۔

استعمال: دن میں تین مرتبہ 3/3 گرام زیر زبان لگا کر مل دیا کریں۔

فائدہ: لکنت کے لیے اکسیر صفت ہے۔

هوالشافی — **اکسیر قلاع 4** — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برگ گاؤزبان سوختہ	6 گرام	6	سنگ جراحت	6 گرام
2	کباب چینی	6 گرام	7	ہلیلہ سیاہ	6 گرام
3	دانہ ءالائچی خورد	6 گرام	8	زیرہ گلاب	4 گرام
4	کتھہ سفید	6 گرام	9	کشنیز خشک	4 گرام
5	شورہ قلمی	6 گرام	10	طباشیر سفید	4 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو خوب باریک کر کے کپڑ چھان کرلیں۔محفوظ کرلیں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت چٹکی بھر صبح و شام چھالوں پر چھڑکیں اور مونہہ نیچے کے کے رال بہنے دیں۔

فائدہ: دو یا تین دنوں میں قلاع میں اکسیر مجرب ہے۔

ھوالشافی — سفوف قلاع — ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	گل سُرخ	3 گرام	4	الائچی خورد	3 گرام
2	کتھہ سفید	3 گرام	5	کافور	1 گرام
3	قلمی شورہ	3 گرام	6	نیلا تھوتھا	آدھا گرام

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس کر محفوظ کرلیں۔

استعمال: دن میں دو تین مرتبہ چھالوں پر لگا دیں۔

فائدہ: موئہہ آنے میں نہایت ہی مجرب ہے۔

ھوالشافی — غرغرہ گندہ دھنی — ھوالکافی

نمبر	نام	مقدار	نمبر	نام	مقدار
1	مازو	72 گرام	5	پھٹکڑی شگفتہ	72 گرام
2	حب الآس	72 گرام	6	طباشیر	72 گرام
3	زرودرد	72 گرام	7	سرکہ	1 کلو
4	گلنار	72 گرام	8	پانی	1 کلو

ترکیب: تمام ادویات کو باریک پیس لیں۔ پانی اور سرکہ اُبالیں۔ تمام ادویات کا سفوف اس میں ڈال دیں۔

استعمال: نیم گرم پانی سے کلیاں کریں۔

فائدہ: پیپ اور ریشہ کو ختم کرتا ہے اور موئہہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ خون آنے میں نہایت ہی مجرب ہے۔

طغرے

☆ پھٹکڑی ایک ماشہ، نیلا تھوتھا چار چاول پیس کر پانی میں حل کر کے کلیاں کرائیں۔

☆ کافور اور ست پودینہ دونوں باہم ملا کر پھریری سے لگا دیا کریں۔

☆ ٹنکچر آئیوڈین دانتوں اور مسوڑھوں پر دن میں دو مرتبہ لگایا کریں۔

☆ سہاگہ بریاں شہد میں ملا کر دونوں وقت زبان کی جڑ پر ملنا مفید ہے۔

☆ دارچینی اور فلفل دراز کا چبانا بھی مفید ہے۔

☆ روغنِ گاؤ نیم گرم ناف میں لگانے سے ہونٹوں کا پھٹنا ختم ہو جاتا ہے۔ آزمائش ضروری ہے۔

ھوالشافی — بے نظیر منجن — ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن
1	تر پھلا (ہرڑ، بہیڑا، آملہ)	12 گرام
2	پوست انار	6 گرام
3	پھٹکڑی بریاں	6 گرام
4	نیلا تھوتھا بریاں	1 گرام
5	الائچی خورد	6 گرام
6	کافور	1 گرام
7	لونگ	1 گرام

ترکیب: تمام ادویہ کو پیس کر منجن تیار کریں۔
فوائد: یہ منجن بدبوءِ دہن نیز پائیوریا کے لیے اکسیر ہے۔

ھوالشافی — دانت کا درد — ھوالکافی

(1): لہسن کو چھیل کر، کوٹ کر ٹکیہ بنالیں۔ جس طرف درد ہو اسی طرف کے ہاتھ کے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے درمیانی حصہ پر باندھ دیں۔ دس منٹ کے بعد اُتار دیں اور اس جگہ پر مکھن یا گھی لگا دیں۔(2) بھینس کا مکھن 1 چھٹانک لیکر 5 عدد گول سرخ مرچ ثابت ڈالدیں اور ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب مرچیں جل کر سیاہ ہو جائیں تو احتیاط رکھیں کہ مرچیں پھٹ نہ جائیں۔ ورنہ جلن ہوگی۔ دانت کے درد کے مخالف کان میں 3 / 2 قطرے ڈال دین۔ دانت/داڑھ کے درد کو فوری آرام ہوگا۔

ھوالشافی — دانتوں کے لیے لاجواب تحفہ — ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن
1	عقرقرحا	20 گرام
2	قرنفل	20 گرام
3	کتھ	20 گرام
4	لوٹا سجی	20 گرام
5	ست پودینہ	6 گرام

ترکیب و استعمال: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر باریک کر کے سفوف بنالیں۔ بطور منجن صبح وشام استعمال کریں۔
فوائد: مسوڑھوں کا ورم، پائیوریا، گوشت خورہ، خون کا آنا غرضیکہ دانتوں کے اکثر امراض کے لیے اکثیر الاثر ہے۔ قوتِ ذائقہ اور سونگھنے کی حس کو تیز کرتا ہے۔ اعلیٰ درجہ کا اینٹی بائیوٹک منجن ہے، اپنی مثال آپ ہے۔

ھوالشافی — ٹوتھ پاؤڈر — ھوالکافی

نمبر	دوا	وزن
1	سفوف دارچینی	12 گرام
2	سپاری سوختہ	12 گرام
3	توتیا بھنا ہوا	12 گرام
4	کافور	12 گرام
5	کتھہ	12 گرام
6	کھریا مٹی (چاک) چائنہ کلے	75 گرام

ترکیب و استعمال: خوب کھرل کرلیں بس پاؤڈر تیار ہے۔ **فوائد**: اس کے موجد کا دعویٰ ہے کہ دانتوں کے جملہ امراض کا بے نظیر علاج، میل کو دور کرتا ہے بدبوءِ دہن کا دافع ہے دانتوں کو مثل موتیوں کے چمکاتا ہے

ھوالشافی	دانتوں کے لیے لاجواب تحفہ	ھوالکافی

1	پوست ہلیلہ	10 گرام		6	کتھ پاپڑیا	10 گرام
2	آملہ منقیٰ	10 گرام		7	لودھ پٹھانی	10 گرام
3	دار فلفل (پیپل)	10 گرام		8	ماز و سبز	10 گرام
4	فلفل سیاہ	10 گرام		9	نیلہ تھوتھا بریاں	2 گرام
5	زنجبیل	10 گرام				

مونھہ کی خوشبو کے لیے

اگر مونہہ کی خوشبو بھی کرنا چاہیں تو اوپر والے اجزاء میں درج ذیل اجزا بھی شامل کرلیں

1	سعد کوفی	10 گرام	2	دانہ ہیل	10 گرام

ترکیب و استعمال: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر باریک کر کے سفوف بنالیں۔ بطور منجن ملا کے دیا کریں۔

فوائد: درد دندان اور جنبش دندان کو مفید ہے۔ دانت خوش رنگ اور مونہہ کی خوشبو کے لیے بہترین ہے۔

ھوالشافی	تریاق گوشت خورہ	ھوالکافی

1	اسفنج سوختہ/کف دریا	3 تولہ		4	فلفل سیاہ	1 تولہ
2	سیپ سوختہ	6 تولہ		5	گندھک آملہ سار	3 تولہ
3	مُر مکی	3 تولہ				

ترکیب و استعمال: سب کو باریک پیس کر ملالیں۔ تیار ہے۔

ماس خورہ کے لیے تریاق ہے۔ حسبِ ضرورت دانتوں پر ملیں اور 4 رتی تا 1 ماشہ (ہمراہ پانی) کھلائیں۔ دانتوں کے درد، دانتوں سے پیپ آنا، دانتوں کا ہلنا، دانتوں کو کیڑا لگنے کے علاوہ دانتوں کے اکثر امراض کے لیے مفید ہے

ھوالشافی	منجن آب دار	ھوالکافی

1	سرمہ سفید	5تولہ		3	کافور	3تولہ
2	رنگ گلابی (جرمن)	10روپے		4	کاربالک ایسڈ	1تولہ

ترکیب: سرمہ سفید کو ہلکا ہلکا کوٹ کر چنے کے برابر ڈلیاں بنالیں۔ رنگ کو تھوڑے سے پانی میں حل کر کے سفید سرمے کی ڈلیاں اس میں ڈبو دیں۔ پھر باہر نکال کر دھوپ میں رکھ دیں۔ خشک ہونے پر کھرل میں ڈال کر پیس لیں۔

سرمہ فی تولہ 8 قطرے کے حساب سے روغن کافور تیزابی شامل کرلیں۔ منجن تیار ہے۔

روغن کافور تیزابی بنانے کا طریقہ:

کافور 3 تولہ مل کر پاؤڈر بنالیں۔ شیشی میں ڈال کر ایک تولہ کاربالک ایسڈ شامل کردیں۔ لیکوڈ بن جائے گا۔

ھوالشافی	منجن چھال کیکر	ھوالکافی

1	چھلکا درخت کیکر	50 گرام	5	فلفل سیاہ	1 گرام
2	کتھا	12 گرام	6	سونٹھ	1 گرام
3	سپاری	12 گرام	7	مصطگی رومی	12 گرام
4	سنگ جراح	12 گرام	8	نار موتھا	6 گرام

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

استعمال و فوائد: روزانہ دانتوں پر ملیں۔ تھوڑی دیر بعد کلی کریں۔ پائیوریا و دانت درد کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	منجن توتیا	ھوالکافی

1	زنجبیل	ہم وزن	8	فلفل دراز	ہم وزن
2	ہیرا کسیس		9	نمک سانبھر	
3	فلفل سیاہ		10	نمک لاہوری	
4	فلفلموَیہ (پپلا مول)		11	نمک سمندری	
5	توتیا		12	نمک سونچر	
6	بڑنگ کابلی		13	نمک سیاہ	
7	مازو سبز				

ترکیب و استعمال: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر باریک کر کے سفوف بنالیں۔ بطور منجن صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد: دانتوں کی تمام بیماریوں کے لیے مفید ہے۔ ان کی صحت کا محافظ ہے۔

ھوالشافی	سفوف ماس خورہ	ھوالکافی

1	گندھک آملہ سار	2تولہ	3	پودینہ	2تولہ
2	جوائن دیسی	4تولہ			

ترکیب و استعمال: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر باریک کر کے سفوف بنالیں۔ بطور منجن صبح و شام استعمال کریں تینوں اجزاء کا سفوف بنا کر 1 تا 2 ماشہ کھانے کے بعد ہمراہ نیم گرم پانی کھلائی جا سکتی ہے

فوائد :ادردِ معدہ ، انتڑیوں کے درد ، قے ، اسہال ، معدہ اور انتڑیوں کی سوزش ، ورم یورک ایسڈ کی زیادتی ، ریاح شکم (گیس) ، ہسٹریا ، اعلیٰ درجہ کی مصفی ءخون بھی ہے ، دافع نزلہ وزکام ، درد دانت اور ماس خورہ کے لیے بے حد مفید دوا ہے نیز خارش کے لیے اچھی دوا ہے۔

ھوالشافی	ٹوتھ پیسٹ (ڈینٹل کریم)	ھوالکافی

1	ست پودینہ	1 ماشہ		6	کاربالک ایسڈ	10 قطرے
2	کبابہ	2 ماشہ		7	یوکلپٹس آئل	10 قطرے
3	ہیراکسیس	2 ماشہ		8	نشاستہ	1 تولہ
4	کافور	3 ماشہ		9	گلیسرین	حسبِ ضرورت
5	انزروٹ	3 ماشہ				

ترکیب و استعمال: سب کو کوٹ پیس کر گلیسرین میں ملا کر کریم بنالیں۔تھوڑی سی کریم برش سے دانتوں پر ملیں۔ دانتوں کے تمام امراض میں بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	بنوں ٹوتھ پاوڈر	ھوالکافی

1	لنگ کیکر	50 گرام		4	پھٹکڑی بریاں	25 گرام
2	پودینہ خشک	50 گرام		5	لیموں کارس	50 گرام
3	لونگ	25 گرام				

ترکیب: دونوں کو ملا کر خوب کھرل کے مثل غبار کر کے لیمن رس ملا کر خشک کر کے رکھ لیں۔

خوراک: مسوڑوں پر لگا کر مونہہ کھول دیں۔پانچ سے دس منٹ تک لگا رہنے دیں۔رال بہنے دیں۔اس کے بعد اچھے سے کلی کرلیں۔سو سال تک بھی دانت نہ گریں گے۔

ھوالشافی	اکسیری منجن	ھوالکافی

1	مجیٹھ	12 گرام		6	سعد کوفی (سٹھراں)	12 گرام
2	باوبڑنگ	12 گرام		7	سنبل الطیب (بالچھڑ)	12 گرام
3	مازو بے سوراخ	12 گرام		8	دانہ الائچی کلاں	12 گرام
4	کتھ سفید	12 گرام		9	طوطیا	6 گرام
5	فلفل سیاہ	12 گرام				

ترکیب: طوطیا کو توے پر رکھ کر آگ جلائیں۔جب بھن کر خاکستری مائل ہو جائے تو باقی ادویہ ملا کر سرمہ کے مانند کر کے محفوظ کر لیں۔منجن تیار ہے۔

استعمال: رات کو سوتے وقت برش سے لگا کر دانتوں پر آہستہ آہستہ ملیں۔پھر مونہہ کو ڈھیلا چھوڑ کر رال کو ٹپکائیں۔صبح اُٹھ کر غرارے کریں۔پھر اس فوائد معلوم ہو جائیں گے۔

فوائد: یہ منجن دانتوں کی تمام تکالیف کا مداوا ہے۔دانتوں سے بدبو آنا، خون نکلنا، پیپ بہنا، پانی لگنا، دانتوں کا ہلنا، کیڑا لگنا، مسوڑھے پھول جانا، دانتوں کا سیاہ ہو جانا اور رامخورہ کے لیے بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	اکسیر دندان	ھوالکافی

1	عقرقرحا	ہم وزن		4	مازو	؍؍
2	فلفل سیاہ	؍؍		5	کافور	؍؍
3	نوشادر	؍؍		6	پھٹکڑی بریاں	؍؍

ترکیب : تمام ادویات کو نہایت باریک کرکے سفوف بنالیں۔

خوراک: بوقتِ ضرورت درد والے مقام پر لگادیجیے۔

فوائد : دانتوں کا درد منٹوں میں دور ہو جاتا ہے۔

ھوالشافی	تریاق گوشت خورہ	ھوالکافی

1	شب یمانی بریاں	12 گرام		5	طباشیر	3 گرام
2	نیلا تھوتھا بریاں	2 گرام		6	خرمہرہ زرد سوختہ	4عدد
3	گل سرخ	3 گرام		7	زیرہ سفید	2 گرام
4	کتھ سفید	3 گرام				

ترکیب : تمام ادویات کو باریک پاوڈر بنا کر محفوظ کریں۔

خوراک: قدرے دانتوں پر مل لیجیئے اور لعاب گراتے رہیے۔

فوائد : گوشت خورہ میں ازحد مجرب ہے۔

ھوالشافی	بنوں ٹوتھ پاوڈر	ھوالکافی

1	سوڈیم بائی کارب	50 گرام		2	پھٹکڑی سفید	50 گرام

ترکیب : دونوں کو ملا کر خوب کھرل کیجیے۔

خوراک: بوقتِ ضرورت دانتوں پر مالش کیجیے۔

فوائد : دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے۔خون کو روکتا ہے۔نہایت مفید اور مجرب نسخہ ہے۔

ھوالشافی	اکسیر دندان	ھوالکافی

1	پوست بیخ مغیلاں	50 گرام		5	ناگر موتھا	75 گرام
2	مصطگی رومی	12 گرام		6	پاپڑہ	12 گرام
3	فلفل سیاہ	1 گرام		7	زنجبیل	1 گرام
4	سنگ جراحت	12 گرام				

ترکیب : تمام ادویات کو باریک پاوڈر بنا کر محفوظ کریں۔

استعمال: بوقتِ ضرورت دن میں تین مرتبہ استعمال کریں اور لعاب باہر گراتے جائیں۔

فائدہ: امراض دندن میں ہر لحاظ سے لاجواب کمال ہے۔

ھوالشافی	حب کبد نوشادری موٹاپا کیلئے (OBESITY)	ھوالکافی

1	نوشادر	12 گرام	7	ہرڑ کابلی	12 گرام
2	نمک طعام	12 گرام	8	ہرڑ سیاہ	12 گرام
3	نمک سیاہ	12 گرام	9	باؤبڑنگ	12 گرام
4	سہاگہ بریاں	12 گرام	10	فلفل سیاہ	12 گرام
5	نمک لاہوری	12 گرام	11	زنجبیل	12 گرام
6	نرکچور	12 گرام		عرق گلاب	حسبِ ضرورت

ترکیب: تمام اجزاء کونہایت باریک پیس کرعرق گلاب میں کھرل کرکے نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال و فوائد: دن میں دوتا چار گولیاں کھانے کے بعد عرق سونف یا پانی سے استعمال کریں۔ موٹاپا دور کرنے کی بہترین دوا ہے

غذا و پرہیز: دن میں دوتا چار گولیاں کھانے کے بعد عرق سونف یا پانی سے استعمال کریں۔ موٹاپا دور کرنے کی بہترین دوا ہے

مزید یہ کہ : ہرڑ سیاہ گھوٹ کر 4 گرام کی مقدار میں استعمال کرنا بھی موٹاپا کو کم کردیتا ہے۔

ھوالشافی	موٹاپا	ھوالکافی

1	چونا	12 گرام	2	شہد	300 گرام

ترکیب: چونے کو شہد میں ملا کر اچھی طرح رگڑلیں۔ اس کے بعد کپڑے سے چھان لیں تاکہ چونا نکل جائے۔ محفوظ کرلیں

مقدار خوراک : گرام صبح وشام چٹائیں۔ **فوائد :** موٹاپا مکمل طور پر ختم ہوجائے گا۔

ھوالشافی	سفوف مھزل (دُبلا کرنیوالا)	ھوالکافی

1	لک مغسول (لاکھ)	7 گرام	5	برگ سداب	12 گرام
2	تخم بادیان	12 گرام	6	مرزنجوش	3 گرام
3	نانخواہ	12 گرام	7	بورہ ارمنی	3 گرام
4	زیرہ سیاہ	12 گرام			

ترکیب: بورہ ارمنی کو کھرل کرکے علیحدہ رکھ لیں اور بقیہ دواؤں کو کوٹ پیس/ چھان کر سفوف تیار کرکے اس میں سفوف بورہ ارمنی شاملکریں۔

خوراک: صبح کو نہار مونہہ سفوف 5 گرام ہمراہ آب تازہ

فوائد: موٹاپا کم کرتا ہے اور بدن کو سڈول بناتا ہے۔

ھوالشافی	گنجا پن	ھوالکافی

1	جونک	10عدد	6	دار چینی	30 گرام
2	دیسی انڈے کی زردیاں	10عدد	7	عقرقرحا اصلی	50 گرام
3	میتھی دانہ	50 گرام	8	بالچھڑ	50 گرام
4	کلونجی	50 گرام	9	روغن کنجد	750 گرام
5	ناگرموتھا	70 گرام			

ترکیب: تمام جڑی بوٹیوں کو جوکوب کر کے پانی میں بھگودیں۔24 گھنٹے کے بعد فلٹر کرلیں۔اس پانی کو روغن کنجد میں نرم آگ ہر پکائیں۔پانی اُڑ جائے تو اتار لیں۔تیار ہے۔

استعمال: گنجے پن میں ہرروز 2 مرتبہ لگاتا ہے۔

فائدہ: ایک ماہ کے اندر اندر دوبارہ بال پیدا ہونا شروع ہوجائیں گے،بال گرنے سے روکتا ہے،بالوں کو مضبوط،گھنا،چمکدار کرتا ہے

ھوالشافی	بال گرنا بند	ھوالکافی

1	روغنِ ناریل	1پونڈ	5	خوشبو چنبیلی	آدھا اونس
2	روغن بادام	1اونس	6	خوشبو صندل	آدھا ڈرام
3	روغنِ کدو	آدھا اونس	7	خوشبو گلاب	آدھا ڈرام
4	روغن کنجد	1اونس	8	خوشبو کیوڑا	آدھا ڈرام

ترکیب: تمام چیزوں کو ملالیں اور تین ہفتوں کے لیے محفوظ کردیں۔پھر نکال کر استعمال کریں۔

استعمال: بالوں کو دھوکر خشک کر کے روزانہ صبح لگائیں اور جڑوں میں مساج کریں۔

فائدہ: یہ تیل دماغی خشکی کو ختم کرتا ہے۔بال گرنا بند ہوجاتے ہیں۔دومونہہ ہونا،ٹوٹنا،دراز نہ ہونا وغیرہ میں لاجواب ہے۔

ھوالشافی	نایاب ھیئر آئل اعلیٰ درجہ	ھوالکافی

1	روغن کنجد	3 کلو	8	برگ ریحان	250 گرام
2	تیل نیم نمولی	300 گرام	9	گھیکوار	500 گرام
3	روغن بادام دیسی	150 گرام	10	آملہ	500 گرام
4	روغنِ ناریل	360 گرام	11	لیموں کے چھلکے	250 گرام
5	برگ نیم	ڈیڑھ کلو	12	کنوں کے چھلکے	250 گرام
6	گل نیم	250 گرام	13	گلاب کی تازہ پتیاں	500 گرام
7	برگ تلسی	250 گرام	14	رتن جوت	30 گرام

ترکیب: نیم کے پتوں میں 1 کلو پانی ڈال کر۔۔۔۔دم دیکر ہلکی آنچ پر 10 منٹ پکائیں۔ٹھنڈا ہونے پر کھولیں اور پانی نچوڑ لیں۔ نیم کے پھول میں آدھا کلو پانی ڈال کر۔۔۔۔دم دیکر پکائیں۔ٹھنڈا ہونے پر نچوڑ لیں۔تلسی اور ریحان کے پتے ایک ساتھ۔۔آدھا

کلو پانی میں ڈال کر 5 منٹ پکائیں۔پھر ٹھنڈا ہونے پر کپڑے سے نچوڑ لیں۔آملہ کو 24 گھنٹے کے لیے اڑھائی کلو پانی میں بھگو دیں۔پھر پکائیں۔3 پاؤ کے تریب پانی رہ جانے پر ٹھنڈا کر کے دبا کر نچوڑ لیں۔کینو اور لیموں کے تازہ چھلکوں میں 1 کلو پانی ڈال کر، پکا کر ٹھنڈا ہونے پر نچوڑ لیں۔گلاب کی پتیوں میں 1 پاؤ پانی ڈال کر۔۔دم دے کر 3 منٹ پکائیں۔ٹھنڈا ہونے پر کپڑے میں دبا کر نچوڑ لیں۔پھر سب پانی مکس کر کے ایلو ویرا کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے روغن کنجد ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔جب پانی جل جائے تو ایلو ویرا کے ٹکڑے جلنا شروع ہو جائیں گے۔جب ایلو ویرا کے ٹکڑے جلنے کے قریب ہوں تو اُتار لیں۔رنگ سرخ کرنے کے لیے گرم گرم میں رتن جوت ملا کر رکھ دیں۔

فوائد: لاجواب، شاندار تیل ہے۔دماغ کو تر و تازہ رکھتا ہے۔طلباء کے لیے مفید ترین ہے۔دماغی تھکاوٹ کو دور کرتا ہے۔بصارت کا محافظ ہے۔بچوں کے سر میں جوؤں کے لیے بہترین والا جواب ہے۔

بالوں کا گرنا، ٹوٹنا، دو شاخہ ہونا، بالوں کی فنگس، بالوں کا وقت سے پہلے سفید ہونا، خشکی سکری، سر کی چھوٹی چھوٹی پھنسیاں، بالوں کا باریک اور کمزور ہونا، نیز بالوں کو لمبے اور مضبوط بناتا ہے۔

ھوالشافی	بالوں کے لیے جادوئی تیل					ھوالکافی
1	روغنِ کنجد	750 گرام		9	منڈی بوٹی	25 گرام
2	آب ادرک	250 گرام		10	عناب ایرانی	50 گرام
3	آب پیاز	250 گرام		11	دار چینی	50 گرام
4	مور پنکھ کے پتے	250 گرام		12	آملہ خشک	50 گرام
5	روغنِ کلونجی	50 گرام		13	گندھک آملہ سار	20 گرام
6	لیموں کا رس	50 گرام		14	پوست اخروٹ تازہ	100 گرام
7	کیسٹر آئل	50 گرام		15	گوکھر و کلاں	50 گرام
8	روغنِ بادام	50 گرام				

ترکیب: تمام اجزاء کو جو کوب کر کے 12 گھنٹے کے لیے رکھ دیں پھر بہت ہلکی آنچ پر جلا کر سیاہ کر لیں۔تیل کو چھان لیں اور ٹھنڈا کر کے بوتل میں محفوظ کر لیں۔

خوراک: روزانہ بالوں کی جڑوں میں ہلکا مساج اچھی طرح کریں۔

فوائد: گنج پن کا آخری علاج ہے۔بالوں کا گرنا، بالچر، بال باریک ہونا، کمزور ہونا، خشکی سکری کا خاتمہ کرتا ہے، بالوں کو مضبوط بناتا ہے، لمبا اور گھنا کرتا ہے۔

ھوالشافی	بال افزاء ھیئر آئل	ھوالکافی

1	برہمی بوٹی	50 گرام	9	گل موتیا	50 گرام
2	ہلیلہ	50 گرام	10	رتن جوت	50 گرام
3	بلیلہ	50 گرام	11	آملہ	100 گرام
4	بادیان	50 گرام	12	روغن ناریل	500 گرام
5	امربیل	50 گرام	13	کیسٹرآئل	250 گرام
6	منڈی	50 گرام	14	روغن کنجد	1 کلوگرام
7	گل سُرخ	50 گرام	15	خوشبو	حسبِ ضرورت
8	برگ حنا	50 گرام	16	پانی	6 کلوگرام

ترکیب تیاری: خشک اجزا عد پانی میں پوٹلی باندھ کرلٹکا دیں اور آگ پر چڑھا دیں۔ جب پانی 2 کل رہ جائے تو اُتار کر پانی نتھار/ پُن لیں۔ اس میں تمام تیل شامل کر کے پکائیں حتیٰ کہ پانی خشک ہو جائے تو آگ بند کر دیں۔ حسبِ ضرورت خوشبو شامل کر دیں۔ خشک بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔

فوائد: کمزور بالوں کو طاقتور بناتا ہے۔ بالوں کو گھنا اور لمبا کرتا ہے۔ خشکی ختم کرتا ہے۔ بال جھڑنے سے روکتا ہے۔ بالوں کو نرم چمکدار اور سلکی بناتا ہے۔ قبل از وقت بالوں کو سفید ہونے سے روکتا ہے۔ دماغی کمزوری دور کرنے میں بھی معاون ہے۔

ھوالشافی	مستقل بال کالے کرنے کی دوا	ھوالکافی

ترکیب: 1 تولہ پارہ درخت پر لگے ہوئے انار میں سوراخ کر کے ڈال دیں پھر کسی چیز سے سوراخ کو بند کر دیں۔ 8 دن کے بعد انار کو درخت سے توڑ لیں۔ اس کے اندر کالے رنگ کا پانی بنا ہوگا۔ اس کالے پانی کو سر پر 4 / 3 گھنٹے کے لیے لگا دیں۔ اس کے بعد سر کو پانی سے دھولیں۔ بال بہت لمبے عرصے کے لیے کالے ہو جائیں گے۔

ھوالشافی	بالوں کی پیدائش کو روکنا	ھوالکافی

1۔ بالوں کو صاف کر کے سورنجاں تلخ باریک سفوف کر کے لگانا مفید ہے۔ 2۔ جونک کو نمک سادہ میں لت پت کر کے خشک کر کے پیس کر بال اکھاڑ کر لگانے سے بال پیدا نہیں ہونگے۔ 3۔ سمندر جھاگ، اوپئیم، اجوائن خراسانی۔ برابر وزن سرکہ میں پیس کر لگانا مفید ہے۔ 4۔ انجیر کے پتوں کا رس جانڈ (جنڈ، جنڈی) کا درخت جو کہ ہر جگہ پایا جاتا ہے اس کے کچے پھل کو سانگر کہتے ہیں جب یہ پک جاتا ہے تو اس کو بھینسنجھ کہتے ہیں۔ یہ حد درجہ قابض ہوتا ہے۔ جس جگہ کے بال عمر بھر کے لیے ناپید کرنے ہوں۔ پہلے اس جگہ کو استرے سے خوب صاف کریں۔ پھر جانڈی کے پھل یا سانگر کا ضماد کریں۔ تین دن تک یہ عمل کریں۔ بال عمر بھر نمودار نہیں ہونگے۔ 5۔ الکوہل 12 گرام۔ آئیوڈین 750 گرام ۔ روغن تارپین اصلی 50 گرام۔ کیسٹر آئل 2 گرام۔ ان سب کو حل کر کے شیشی میں بھر کر رکھ لیں۔ تیار ہے۔ ایک ہفتہ کے بعد قابل استعمال ہوگا۔ جہان کے بال اڑانے ہوں وہاں پہ دن میں تین چار بار لگائیں۔ بالہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے 6 . تخم قرطم لے کران کے مغز نکال لیں۔ کولہو یا مشین میں ان کا تیل نکال لیں۔ جہاں کے بال اڑانے ہوں پہلے بال صاف کر کے وہاں اس تیل کو دن میں روزانہ دو تین بار لگائیں۔ بال ہمیشہ کے لیے اڑ جائیں گے۔

ھوالشافی	گل رس ھئیر آئل	ھوالکافی

1	خالص سرسوں کا تیل	1 کلوگرام		10	برادہ صندل	1تولہ
2	خشک آملہ	1 چھٹانک		11	طباشیر	آدھا تولہ
3	بہیڑہ	2عدد		12	لونگ	11عدد
4	چھوٹی ہڑڑ	4عدد		13	الائچی خورد	4عدد
5	بڑی ہڑڑ	2عدد		14	الائچی کلاں	4عدد
6	رتن جوت	2تولہ		15	مہندی کے سبز پتے	2تولہ
7	بالچھڑ	1تولہ		16	بیری کے پتے	2تولہ
8	چھڑ چھڑیلا	1تولہ		17	کچور	1تولہ
9	ناگرموتھا	1تولہ		18	لھسوڑے	4عدد

ترکیب تیاری : مہندی کے پتے سبز ہوں تو ڈالیں ورنہ رہنے دیں۔ کوٹنے والی اشیاء کو کوٹ کر تمام اجزاء کو 2 سیر پانی میں ڈال کر 24 گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔ پھر پکائیں جب 1 سیر پانی رہ جائے تو تیل ملا کر پکائیں حتیٰ کہ پانی خشک ہو جائے تو چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔ نہایت صاف اور خوشبودار تیل برآمد ہوگا

فوائد : بالوں کو لمبا اور چمک دار بناتا ہے۔ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ ان میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے۔ دماغی ضعف اور نزلہ زکام کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	کیش بہار آئل	ھوالکافی

1	روغن کنجد	500 گرام		5	روغنِ حنا	25 گرام
2	روغن بادام	50 گرام		6	روغن خس	25 گرام
3	روغن صندل	25 گرام		7	گلیسرین	25 گرام
4	روغن چنبیلی	25 گرام		8	رتن جوت	60 گرام

ترکیب : روغنیات کو بوتل میں بھر کر رتن جوت کوٹ کر ملا دیں۔ ایک دن دھوپ میں پڑا رہنے دیں۔ دوسرے دن فلالین کے کپڑے سے چھان لیں اور خوبصورت شیشیوں میں بھر لیں۔

فوائد: یہ تیل نہایت عمدہ، خوشنما اور خوشبودار گلابی رنگ کا ہوگا۔ دماغی کمزوری اور خشکی کو دور کر کے بالوں کو سیاہ چمکدار کرتا ہے۔ دماغ کو ٹھنڈک اور آنکھوں کو تراوٹ پہنچاتا ہے۔

ھوالشافی	گنج پر بال	ھوالکافی

1	بابچی	ہم وزن	3	ہلدی	ہم وزن
2	کمیلہ	ہم وزن	4	بورک (پاؤڈر/ایسڈ) (سہاگہ)	ہم وزن

سب کو سرسوں کے تیل میں کھرل کرلیں (سب کو الگ الگ باریک کر کے کھرل کریں) لئی سی بن جائے گی۔ گنجے سر پر لگوائیں بال اُگ آئیں گے۔

(دیگر نسخہ)

کشمش عمدہ لے کے اس کے نصف مصبّر (ایلوویرا) لے کر کھرل میں پیسیں اور پانی ملا کر لیپ کریں۔ چند روز میں بال اُگ آئیں گے

ھوالشافی	ھیئر کلر	ھوالکافی

1	مازو (بڑے سائز میں)	150 گرام
2	سنگ راسخ	50 گرام
3	کمرکس	20 گرام
4	نوشادر	8 گرام
5	سلاجیت	4 گرام

ترکیب: مازو کو گرم ریت میں بھون لیں۔ جب تڑخنے لگیں تو کسی برتن میں بند کرلیں۔ ٹھنڈے ہونے پر باریک پیس لیں۔ باقی اجزاء کو الگ الگ باریک پیس کر سب کو ملا کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: پہلے بالوں کو صابن سے دھو کر خشک کر لیں۔ حسب ضرورت سفوف لے کر نیم گرم پانی میں لئی سی بنالیں۔ اُنگلی سے بالوں میں لگائیں۔ خشک ہونے پر دھولیں اور تیل لگالیں۔

فوائد: بالوں کو کالی گھٹاؤں کی طرح سیاہ کرتا ہے۔ دماغ کی شریانوں کو بند نہیں کرتا۔ نیز انگلی یا جلد پر نشان نہیں ڈالتا۔

ھوالشافی	بالوں کے لیے تیل	ھوالکافی

1	روغنِ کنجد	250 گرام	4	سہاگہ (بوریکس)	6 گرام
2	بزائن	آدھا ڈراپر	5	چونا	20 گرام
3	عرق گلاب	250 گرام	6	خوشبو (بادام)	حسبِ ضرورت

ترکیب: عرق گلاب میں چونا ڈالکر اچھی طرح ہلائیں۔ بار بار ہلاتے رہیں جب تہہ نشیں ہو جائے تو اوپر سے پن لیں۔ عرق گلاب کو ہلکا گرم کر کے سہاگہ حل کریں۔ پھر تیل میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر ہلاتے رہیں اور ملا دیں۔ پھر ایسنس (خوشبو) ملا دیں۔ ہلاتے رہیں۔ گاڑھی سفید رنگ کی کریم بن جائے گی۔ بوتل میں ڈال لیں۔ سر پہ لگائیں۔

ھوالشافی	بالوں کے لیے تیل	ھوالکافی

نمبر	اجزاء	مقدار	نمبر	اجزاء	مقدار
1	روغنِ بادام	200 گرام	4	موم سفید	10 گرام
2	لائم واٹر	225 گرام	5	سٹرونیلا آئل (سنگترے کا تیل)	10 گرام
3	گلیسرین	40 گرام			

ترکیب: پہلے موم کو ہلکی آنچ پر گرم کرلیں۔ پھر بادام روغن اور گلیسرین ملا دیں۔ تھوڑا تھوڑا لائم واٹر ملاتے اور ہلاتے جائیں۔ سفید لوشن بن جائے گا۔ ٹھنڈا ہونے پر سٹرونیلا آئل ملا دیں۔ بوتل میں محفوظ کرلیں۔

ھوالشافی	قائم ہیئر آئل	ھوالکافی

آکاش بیل تروتازہ لے کر حسبِ ضرورت لے کر روغن کنجد میں پیس کر چھان کر بحفاظت رکھ لیں۔ اور روزانہ بالوں کو کنگھی سے لگایا کریں۔ انشاءاللہ تھوڑے ہی دنوں کے مسلسل استعمال سے بال گرنے رک جائیں گے۔ ان کی جڑیں مضبوط ہو جائیں گی۔ اگر بال قائم روغن کے ساتھ ساتھ کوئی مقوی دوا بھی استعمال کراتے جائیں تو سونے پر سہاگہ کا کام ہوگا۔ بہت جلد بال گرنے سے محفوظ ہو جائیں گے۔ اور دماغ میں تقویت آجائے گی۔ دوبارہ ان کے گرنے کا احتمال نہ رہے گا۔

ھوالشافی	روغنِ گیسوءِ دراز	ھوالکافی

نمبر	اجزاء	مقدار	نمبر	اجزاء	مقدار
1	حب الآس (مورد) کے پتے	240 گرام	7	لاذن	40 گرام
2	زردرو	20 گرام	8	سپاری چھلکا انار	40 گرام
3	پرسیاؤشاں	20 گرام	9	پوست بہیڑہ	40 گرام
4	طباشیر	20 گرام	10	پوست ہرڑ زرد	60 گرام
5	گردسماق	20 گرام	11	مازو سبز	60 گرام
6	پھول انار	20 گرام	12	آملہ مقشر خستہ نمودہ	100 گرام

ترکیب تیاری: سب دواؤں کو کوٹ چھان لیں اور 4 کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ اگلے دن دھیمی آنچ پر پکائیں، جب آدھا حصہ رہ جائے تو مل کر چھان لیں اور اس میں ڈھائی کلو خالص تلوں کا تیل ڈال کر نرم نرم آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل جائے تو تیل کو چھان کر رکھ لیں۔ چاہیں تو مناسب خوشبو بھی شامل کرلیں۔

استعمال و فوائد: بوقتِ ضرورت تھوڑا سا تیل بالوں میں لگائیں۔ بالوں میں جذب کریں۔ بالوں کو لمبا اور چمک دار بناتا ہے۔ بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ ان میں قدرتی چمک پیدا کرتا ہے۔ ان کی سیاہی قائم رکھتا ہے۔ ساتھ ہی یہ مقوی دماغ بھی ہے۔

ھوالشافی	تیل بنانے کا آسان طریقہ	ھوالکافی

ترکیب : روغنِ کنجد لے کراس کو نہایت دھیمی آگ پر پکائیں۔اس میں ایک فی صد پھٹکوی سفید پیس کر ملا دیں۔تھوڑی دیر میں پھٹکوی پگھل کر تیل میں حل ہو جائے گی۔تب تیل کو اُتار کر ٹکا دیں۔تیل نہایت صاف شفاف ہو جائے گا۔اب اسے فلٹر کر لیں۔پھر اس میں پیپر منٹ اور کافور ملا دیں۔اس سے تیل کی بو دور ہو جائے گی۔اب جو تیل بنانا ہو اس کی خوشبو اور رنگ اس میں ملا دیں۔

ھوالشافی	تیل آنولہ	ھوالکافی

1	تازہ سبز بنارسی آملے کا رس	1 کلو		3	سبز رنگ	حسبِ ضرورت
2	روغنِ کنجد	2 کلو			خوشبو	

ترکیب: تازہ اور سبز بنارسی آملے لے کر ان کو کوٹ کر گٹھلی نکال دیں۔گودہ کوٹ کر اس کا رس نکال لیں۔ایک سیر رس کو روغن کنجد 2 کلو میں ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔حتیٰ کہ تمام رس جل جائے اور تیل باقی رہ جائے۔اب اس کو نیچے اُتار کر کپڑے سے چھان لیں۔اس میں سبز رنگ و خوشبو ملا لیں۔

فائدہ: یہ تیل دماغی کمزوری اور تھکاوٹ کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	تیل چنبیلی	ھوالکافی

1	روغنِ کنجد مصفّی	10 کلو		4	برگاموٹ آئل	12 گرام
2	خوشبو چنبیلی	50 گرام		5	صندل کا خالص تیل	10 گرام
3	لرنڈر فلاور آئل	12 گرام				

ترکیب: تمام خوشبوئیات کو آپس میں ملا کر تیل میں حل کر لیں۔رنگ ملانے کی ضرورت نہیں۔اسی طرح دوسرے تیل بھی تیار کیے جا سکتے ہیں۔

ھوالشافی	سبز دھنیا کا تیل	ھوالکافی

ترکیب: سبز دھنیا کا رس لے کر آنولہ کے تیل کی طرح تیار کریں اور کوئی مفید خوشبو ملا لیں۔یہ تیل دماغ کو سکون بخشتا ہے۔دماغی کمزوری اور دماغ کی اکثر بیماریوں کو دور کرتا ہے۔اس سے نہایت بھینی خوشبو آتی ہے۔

ھوالشافی	لاجواب و مفید تیل	ھوالکافی

1	صاف بے بو کیسٹر آئل	1 کلو		2	روغن بادام	250 گرام

ترکیب: عمدہ خوشبو حسبِ ضرورت، آپس میں ملا لیں۔یہ تیل بالوں کے چمکاتا ہے، لمبا کرتا ہے۔گنج، دماغی کمزوری اور نسیان کے لیے اکسیر ہے۔

ھوالشافی	بالوں کو لمبا اور طاقتور کرنے کا تیل	ھوالکافی

1	تیل ناریل	50 گرام		6	روغنِ خشخاش	25 گرام
2	تیل تلی	50 گرام		7	گلیسرین	25 گرام
3	لیکوئیڈ پیرافین	50 گرام		8	کیسٹر آئل	25 گرام
4	روغنِ کدو	25 گرام		9	لونگ کا تیل	6 گرام
5	روغنِ بادام	25 گرام		10	دارچینی کا تیل	6 گرام

ترکیب: سب کو آپس میں ملالیں۔

فوائد: دماغی کمزوری، نیند کا نہ آنا، سر چکرانا، یاداشت کا کمزور ہوجانا، بالوں کا گرنا اور گنجاپن کے لیے نادر نمونہ ہے۔ مہنگا ضرور ہے لیکن بے حد فوائد کا حامل ہے۔

ھوالشافی	عام بازاری تیل	ھوالکافی

1	تیل ناریل	ہم وزن		4	عمدہ وائیٹ آئل	؍؍
2	تیل مونگ پھلی	؍؍		5	زیتون کا تیل	؍؍
3	کیسٹر آئل	؍؍				

ترکیب: سب کو باہم ملالیں۔ جو بھی تیل بنانا ہو اس میں وہی خوشبو اور رنگ ملالیا جاتا ہے۔

ھوالشافی	روغنِ گلاب	ھوالکافی

1	ناریل یا تلی کا تیل	2 پونڈ		3	بنزائل ایسی ٹیٹ	2 ڈرام
2	خوشبو گلاب	1 اونس		4	رنگ	حسبِ ضرورت

ترکیب: سب کو ملالیں۔ تیار ہے

ھوالشافی	روغنِ آملہ اصلی	ھوالکافی

1	آملہ خشک	250 گرام		4	تیل ناریل	1 کلو
2	ہلیلہ	125 گرام		5	پانی	1 کلو
3	بلیلہ	125 گرام		6	رنگ وخوشبو	حسبِ ضرورت

ترکیب: پہلے ہلیلہ، بلیلہ، آملہ کو جو کوب کر کے پانی میں رات کو بھگو دیں۔ دوسرے دن پکائیں۔ جب پانی 750 گرام رہ جائے تو چھان لیں۔ اب ایک قلعی دار برتن میں تیل ڈال دیں اور اس میں مذکورہ پانی شامل کر کے ہلکی آگ پر پکائیں یہاں تک کہ پانی خشک ہوجائے۔ بالآخر سبز رنگ اور خوشبو حسبِ ہدایت شامل کردیں۔

هوالشافی | **درجه اول آمله هئیر آئل** | هوالکافی

نمبر	اجزاء	وزن	نمبر	اجزاء	وزن
1	آملہ مصفا خشک	250 گرام	6	بال چھڑ	250 گرام
2	دھنیا خشک	250 گرام	7	جڑیاں	250 گرام
3	چھال چھڑیلا	250 گرام	8	مہندی کے پتے	250 گرام
4	برادہ صندل	250 گرام	9	مشک کافور	12 گرام
5	خس سفید	250 گرام	10	دانہ الائچی خورد	12 گرام

ترکیب: بمطابق سابقہ ترکیب اول سے تیار کریں۔

ھوالشافی	سفوف حُسن افزا	ھوالکافی

کریموں اور پاؤڈروں کے دلدادہ اس دوا کو استعمال کریں۔ جو اِن جملہ فضولیات سے دور کردیتی ہے۔اپنے کالے رنگ کو گورابنالیں۔اس دوا سے اپنے چہرے کو پاک صاف کرلیں۔رنگ نکھر کرگلاب کی پتی جیسا ہو جائے گا

اجزاء

1	گل سُرخ	1تولہ	12	ٹرمس	1تولہ
2	صندل سفید	1تولہ	13	بوُکی دارھی	1تولہ
3	صندل سُرخ	1تولہ	14	مجیٹھ	1تولہ
4	افیون	1تولہ	15	کافور	1تولہ
5	لودھ پٹھانی	1تولہ	16	ہلدی	1تولہ
6	ناگرموتھا	1تولہ	17	مغزبادام	1تولہ
7	سمبل طیب	1تولہ	18	کنجد سیاہ	1تولہ
8	زہرہ سفید	1تولہ	19	سوڈابائی کارب	3تولہ
9	آردمور	1تولہ	20	زعفران	6ماشہ
10	آردجو	1تولہ	21	عمدہ انگریزی صابن	5تولہ
11	آردباقلا	1تولہ			

ترکیب و استعمال : سب کو باریک پیس کرسفوف بنا کر رکھیں۔بوقتِ ضرورت تھوڑا سادودھ لے کراس میں تھوڑا سا سفوف ڈال دیں۔لئی سی بنا کرچہرہ پر ملیں۔تھوڑی دیر بعد چہرے کو گرم پانی سے دھولیں۔پھر کسی نرم کپڑے سے صاف کر کے تھوڑا سا بادام روغن ملیں۔تھم،کیل،چھائیاں،مہاسے،بفضلہ سب دور ہو کر چند دنوں میں چہرہ خوب صاف اور سرخ وسفید گلاب کی پنکھڑی کی طرح ہو جائے گا۔

ھوالشافی	سیاہ داغ/ چھائیاں	ھوالکافی

اجزاء

1	گلیسرین	25 گرام
2	عرق گلاب	100 گرام
3	لیموں کارس	1عدد

ترکیب: تینوں ادویہ کو ملا کرگھول بنالیں۔

استعمال : سیاہ داغوں اور چھائیوں کے لیے مفید ہے۔

هوالشافی | ## وینشنگ کریم (اُبٹن) | هوالکافی

1	گِھلی بادام	1پاؤ
2	مجیٹھ	1تولہ
3	ہلدی	1تولہ
4	چھڑچھڑیلا	1تولہ
5	بالچھڑ	1تولہ

ترکیب و استعمال :

سب کو باریک پیس کراچھی طرح ملائیں۔یکجان کر کے رکھ دیں۔اس میں سے تھوڑا سا اُبٹن لے کر پانی میں ملا کر بدن اور چہرہ پر ملیں۔چہرہ کا کھردرا پن ، دھبے اورجھریاں دور ہو کر رنگت نکھر جائے گی۔نیز بدن کی پسینے کی بوا ور کثرت زائل ہو جائے گی

هوالشافی | ## اُبٹن آرائشِ حُسن | هوالکافی

1	خشخاش	ہموزن		4	آنبہ ہلدی	؍
2	کچور	؍		5	صندل سرخ	؍
3	ناگرموتھا	؍		6	نارنگی کے چھلکے کا سفوف	؍

ترکیب: سب کا سفوف بنا کراس میں نارنگی کے چھلکے کا سفوف ملا لیں۔تیار ہے

استعمال و فوائد: بوقت ضرورت جسم پر مالش کر کے غسل کرلیا کریں۔جلد بدن نرم ملائم چمکیلی اور خوبصورت ہو جائے گی۔خوشبوؤں کی لہریں دماغ کو معطر کر دیں گی۔

هوالشافی | ## اُبٹن شباب افروز | هوالکافی

1	بابڑنگ	ہم وزن		6	آنبہ ہلدی	؍
2	باپچی	؍		7	کچور	؍
3	خشخاش	؍		8	ناگرموتھا	؍
4	پاڑی	؍		9	صندل سفید یا سرخ	؍
5	پوست ترنج	؍		10	خوشبوئیات	حسبِ ضرورت

ترکیب: سب کا سفوف بنالیں۔اس میں حسبِ پسند خوشبوئیات ملا لیں۔تیار ہے۔

استعمال: بوقتِ ضرورت جسم پر مالش کریں۔

هوالشافی | ## گُل اندامی | هوالکافی

1	برگ نیم	ہم وزن		3	آنبہ ہلدی	؍
2	برگ انار شیریں	؍		4	برگ حنا	؍

ترکیب / استعمال و فائدہ: سب کا سفوف بنالیں۔اس میں تیل سرسوں ملا کر چہرے اور جسم پر خوب مالش کریں۔ایک گھنٹہ بعد غسل کریں۔جسم و چہرہ گلاب کی مانند ہو جائیں گے۔

هوالشافی — **گلعذاری** — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	آردمسور	10 گرام	4	پوست سنگترہ	〃
2	آردباقلا	〃	5	سوڈابائی کارب	〃
3	آردجو	〃	6	مغزبادام	25 گرام

ترکیب: ادویہ کوفتنی کو کوٹ کر چھان لیں اور دوسری ادویہ میں ملا کر سفوف بنالیں۔

استعمال: حسبِ ضرورت سفوف پانی میں ملا کر رات کو سوتے وقت چہرے پر ملیں۔ صبح اُٹھ کر نیم گرم پانی سے چہرہ دھوڈالیں۔ بعد ازاں کوئی خوشبودار عمدہ تیل یا تیل ناریل مل لیں۔

فائدہ: دیکھنے والے کو صنم قاتل کا دھوکا ہوگا۔

هوالشافی — **گلعذاری** — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	گل سرس	ہم وزن	3	صندل	〃
2	لودھ	〃	4	ناگ کیسر	〃

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال: ایک تولہ سفوف لے کر دہی میں ملا کر چہرہ، جسم پر ملیں۔ کچھ دیر بعد دھوڈالیں۔

فائدہ: چہرہ نہایت خوبصورت نکل آئے گا۔ داغ چھائیاں وغیرہ دور ہو جائیں گے۔

هوالشافی — **گل روئی** — هوالکافی

نمبر	دوا	وزن	نمبر	دوا	وزن
1	برگ نیم	ہم وزن	5	صندل سفید یا وڈر	〃
2	ہلیلہ	〃	6	کچور	〃
3	بلیلہ	〃	7	گیہولا	〃
4	آملہ	〃	8		

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال: تیل سرسوں میں حسبِ ضرورت ملا کر چہرہ اور جسم پر ملیں۔

فائدہ: چمک ودمک دوچند ہو جائے گی۔ چھائیں وغیرہ دور ہو جاتی ہیں۔

ھوالشافی — اکسیرِ جگر (صدری نسخہ) — ھوالکافی

1	ہڑز زرد	125 گرام	7	پودینہ	125 گرام
2	بہیڑہ	125 گرام	8	دروونج عقربی	125 گرام
3	آملہ	125 گرام	9	پتری فولاد	150 گرام
4	زنجبیل	125 گرام	10	عرق کچلہ (ٹنچر نکس وامیکا)	100 گرام
5	تیزپات	125 گرام	11	چینی	10 کلو
6	اجوائن	125 گرام	12	پانی	15 کلو

ترکیب: سوائے پتری فولا اور عرق اذراقی کے تمام ادویہ کوکوٹ کر 15 کلو پانی میں بھگودیں 24 گھنٹے کے بعد 12 کلو عرق کشید کریں

خوراک: 6 ماشہ تا 1 تولہ دن میں 3 بار ہمراہ پانی یا چائے

فوائد: بے حد مقوی ءِدل ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دے کر صالح خون پیدا کرتا ہے۔ شربتِ فولا وغیرہ اس کے سامنے ہیچ ہیں۔ ضعفِ معدہ، بدہضمی، کمی اشتہا کے لیے خاص چیز ہے۔ جن لوگوں کے کھایا پیا نہیں لگتا، ان کے لیے نعمت غیر مترقبہ ہےضعفِ قلب کے مریضوں کے لیے حیران کن مقوی ءاثر ہے ہیپاٹائیٹس B,C اس کے سامنے کچھ بھی نہیں۔

ھوالشافی — عرق افسنتین — ھوالکافی

1	افسنتین	250 گرام

ترکیب تیاری: 250 گرام افسنتین کو 4 کلوگرام پانی میں رات کوبھگودیں ۔ صبح عرق کشید کریں۔

استعمال: 120 گرام کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں یا 60 گرام عرق افسنتین، 60 گرام عرق بادیان اور 24 گرام شربتِ کثوث ملا کردیں

فوائد: عرق افسنتین جو ورم جگر اور جگر کے سُددوں کو توڑتا ہے۔

ھوالشافی — عرق انناس — ھوالکافی

ترکیب : انناس 12 عدد چھلکوں کودور کرکے اس کو پتلی پتلی قچریاں کاٹ کر بادیان 1 کلو ، خارخسک 2 کلو، مجیٹھ 1 کلو۔ ان سب کو جوکوب کرلیں۔ پرسفید 2 کلو کدوکش کریں اور سب کو ایک دیگ میں بھر کراتنا پانی ڈالیں کہ وہ دوا ڈوب جائے۔ دو دن کے بعد عرق کشید کریں۔

خوراک : 48 سے 84 گرام ہمراہ شربت بزوری 48 گرام دیں۔

انناس کے طبی فوائد : گردہ ومثانہ کی پتھری وریت کوخارج کرنے میں مدد دیتا ہے۔ پیٹ کے کیڑوں کوختم کرتا ہے، پسینہ لاکر بخار کی شدت کوکم کرتا ہے۔ جسم کی سوجن، پیشاب کی رکاوٹ، پیشاب میں البومن جاتا ہو، جگر بڑھ گیا ہو، بھوک نہ لگتی ہو، سب عوارضات کے لیے مفید ہے ۔ لو لگنے ، بدہضمی ، خناق ، یرقان و امراضِ جگر، آنکھوں کی سوزش، سرخی، درد میں مفید ہے ۔ عرق انناس جومثانہ وگردہ کی پتھری وریت میں استعمال کرتے ہیں۔

ھوالشافی	عرق الائچی	ھوالکافی

1	الائچی خورد	120 گرام

ترکیب :الائچی خورد 120 گرام کو معمولی کوٹ کر 5 کلوگرام پانی میں کو بھگودیں بعد میں 2 کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 36 گرام سے 60 گرام

فوائد: دل کو فرحت وتقویت دیتا، قے ودستوں کو روکتا، ریاح کو خارج کرتا، ہیضہ وگھبراہٹ میں مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق فلفل احمر	ھوالکافی

1	فلفل احمر	250 گرام

ترکیب :سرخ مرچ کو 4 کلو پانی میں رات کو بھگودیں۔ پھر صبح 2 کلو عرق کشید کریں۔

خوراک: 24 گرام عرق رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔

فوائد:عرق فلفل مرگی کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق عناب	ھوالکافی

1	عناب	250 گرام

ترکیب:عناب کو ذرا سا کوٹ کر 5 کلو پانی میں 24 گھنٹے کے لیے بھگودیں۔پھر عرق کشید کریں۔

خوراک: 60 سے 144 گرام تک

فوائد:عرق عناب خون کو صاف کرتا ،دل ودماغ کو قوت دیتا اور غلیظ مواد کو پتلا کرتا ہے۔ مسکن خون وصفرا ہے۔

ھوالشافی	گنٹھیا اور آنوں کے دست	ھوالکافی

نمبر شمار	نام جزاء	مقدار		نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	زنجبیل	100 گرام		6	الائچی کلاں	2 تولہ
2	ناگ کیسر	50 گرام		7	پوست ہلیلہ کلاں	50 گرام
3	چیتا	50 گرام		8	پانی	3 کلو
4	سونف	50 گرام				
5	پودینہ	20 گرام				

ترکیب :تمام اجزاء کو رات کو پانی میں بھگودیں۔صبح بطریق عرق کشید کریں

خوراک: 30 تا 40 گرام

فوائد: عرق زنجبیل جو گنٹھیا اور آنوں کے دستوں کے لیے نافع ہے۔

هوالشافی | ## ٹوٹے ہاڑ کو جوڑنا | هوالکافی

نمبر شمار	نام جزاء	مقدار	نمبر شمار	نام اجزاء	مقدار
1	برگ ارجن	50 گرام	6	ستاور	50 گرام
2	گل ارجن	50 گرام	7	میدہ لکڑی	50 گرام
3	ہارسنگھار کی چھال	50 گرام	8	بید کی جڑ	50 گرام
4	لاکھ	50 گرام	9	پانی	8 کلو
5	اسگندھ	50 گرام			

ترکیب : تمام اجزاء کورات کو پانی میں بھگودیں۔صبح بطریق عرق کشید کریں

خوراک: 30 تا 40 گرام

فوائد: عرق ارجن جوٹوٹے ہار کو جوڑتا ہے۔

هوالشافی | ## عرق آتشک | هوالکافی

1	برادہ شیشم	100 گرام	8	پھول منڈی	50 گرام
2	ہرڑزرد	30 گرام	9	پھول مہندی	30 گرام
3	ہرڑسیاہ	30 گرام	10	برگ مہندی	30 گرام
4	آملہ	30 گرام	11	پھول گلاب	30 گرام
5	بہیڑہ	30 گرام	12	پھول نیم	30 گرام
6	ثنا مکی	30 گرام	13	تربد سفید	30 گرام
7	سونف	30 گرام			

ترکیب: تمام ادویات کو باہم ملاکرعرق بدستور بنالیں۔

خوراک: 20 گرام صبح اور 20 گرام شام

فوائد: مصفی خون، آتشک ،جذام، داد، چھائیں کے لیے مفید ہے۔

هوالشافی | ## عرق برنجاسف | هوالکافی

1	برنجاسف	120 گرام	5	بادیان	120 گرام
2	شکاعی	120 گرام	6	مویز منقیٰ	120 گرام
3	بادآورد	120 گرام	7	مکوسبز کا پانی	720 گرام
4	بادرنجبویہ	120 گرام			

ترکیب: تمام اجزاء کو 12 کلوگرام پانی میں رات کو بھگودیں صبح مکوہ سبز کا پانی ملاکرعرق کشید کریں

خوراک : 72 تا 144 گرام **فوائد:** عرق برنجاسف جو کہ اورام احشا کو تحلیل کرتا، جگر کے امراض، بلغمی بخاروں میں مفید ہے

ھوالشافی	عرق ادرک	ھوالکافی

1	ادرک کچلا ہوا	200 گرام	5	اجمود	20 گرام
2	کرنجوا	20 گرام	6	بھارنگی (کپاس)	20 گرام
3	پیپل	20 گرام	7	پوست ہلیلہ کلاں	100 گرام
4	پپلا مول	20 گرام	8	گڑ پرانا	300 گرام

ترکیب: تمام ادویات کو 6 کلو پانی میں 6 گھنٹے تک بھگو کر عرق بدستور بنالیں۔

خوراک: 30 گرام صبح اور 40 گرام روزانہ

فوائد: عرق ادرک جوفوطوں کے درد کو رفع کرتا ہے۔اور سانس، کھانسی، زکام وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	عرق اجوائن	ھوالکافی

1	اجوائن دیسی	1 کلوگرام

ترکیب: (1) 1 کلو اجوائن کو 12 کلوگرام پانی میں تھوڑا سا کوٹ کر بھگو دیں۔صبح عرق کشید کریں۔(2) اجوائن کو کوٹ کر باریک کپڑے کی تھیلی میں باندھیں تین لکڑیوں کے سہارے دیگچہ میں لٹکا دیں اس میں 5 کلو پانی ڈال کر 3 کلو عرق کشید کریں اس طریقہ سے یہ فائدہ ہے کہ اجوائن کے بیج دیگچہ کے پیندا یا کنارے سے نہیں لگتے ورنہ وہ جل جاتے ہیں اور عرق میں بھی جلا ہوا ذائقہ پیدا کر دیتے ہیں

خوراک: 60 گرام عرق کسی مناسب معجون، جوارش یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

فوائد: ہیضہ، دردِ معدہ، اپھارہ، سوء القنیہ، ضعفِ ہضم، جگر کے فساد اور بھوک کی کمی کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق چرائتہ	ھوالکافی

1	چرائتہ	5	جل نیم	9	چھلکا اندرونی درخت بکائن
2	شاہترہ	6	برادہ شیشم	10	مہندی کے پتے
3	سرپھوکہ	7	چھلکا اندرونی درخت کچنار	11	آملہ
4	پھول منڈی	8	چھلکا اندرونی درخت نیم	12	دودھ گائے تازہ

مقدار: نمبر شمار 1 تا 11 ہر ایک آدھا کلوگرام + نمبر شمار 12، 2 کلوگرام

ترکیب: نمبر شمار 1 تا 11 کو سات کلوگرام پانی میں 24 گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔پھر 2 کلوگرام دودھ گائے تازہ شامل کر کے عرق کشید کریں۔

خوراک: 50 تا 70 گرام استعمال کریں۔

فوائد : خون کی تیزی، جلن، خشکی، سوزش، خارش، پھنسیوں اور زہریلے امراض کا علاج ہے۔جو مریض سلفا اور اینٹی بایوٹک ڈرگز سے الرجک ہیں۔انہیں اس کا استعمال کر کے فائدہ اٹھانا چاہیے۔

ھوالشافی	نافع بھگندر	ھوالکافی

1	املتاس	100 گرام
2	مال کنگنی	100 گرام
3	نسوت	50 گرام
4	مجیٹھ	50 گرام
5	کوٹ	40 گرام
6	برگ نیب	100 گرام

ترکیب: 4 کلو پانی میں 6 گھنٹے کے لیے بھگو دیں پھر عرق کشید کریں

خوراک: 30 تا 40 گرام تک دیں۔

فوائد: عرق جنبو جو بھگندر کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	مقوی گردہ و مثانہ معدہ و جگر	ھوالکافی

1	بادیان نیم کوفتہ	250 گرام

ترکیب :250 گرام بادیان نیم کوفتہ کو 5 کلوگرام پانی میں 24 گھنٹے بھگو دیں پھر عرق کشید کریں۔

خوراک: 72 تا 144 گرام تک

فوائد: عرق بادیان مقوی گردہ و مثانہ، مقوی معدہ و جگر، کاسر ریاح ہے

ھوالشافی	عرق بنفشہ	ھوالکافی

1	گل بنفشہ	250 گرام

ترکیب: 250 گرام گل بنفشہ 6 کلوگرام پانی میں بھگو کر 3 کلوگرام عرق کشید کریں۔

خوراک : 72 تا 144 گرام تک

فوائد: عرق بنفشہ جو نزلہ و زکام اور درد سر میں مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق گلاب	ھوالکافی

1	گل گلاب تازہ	500 گرام		3	پانی صاف	5 کلو
2	صندل سفید	6 گرام				

ترکیب : بطریق 4 بوتل عرق کشید کریں۔ اگر تازہ گلاب دستیاب نہ ہو تو خشک گلاب کے پھول 250 گرام استعمال میں لائیں۔

فائدہ: گرمی اور قبض کے لیے مفید ہے۔ دل کو تقویت دیتا ہے۔

ھوالشافی — عرق مدار ۔ھیضہ / بد ھضمی — ھوالکافی

1	بیخ مدار	50 گرام	7	الائچی خورد	25 گرام
2	گل مدار	50 گرام	8	تیزپات	10 گرام
3	فلفل سیاہ	50 گرام	9	کافور	30 گرام
4	پیپل	50 گرام	10	خس	10 گرام
5	تالیس پتر	25 گرام	11	گل سُرخ	50 گرام
6	الائچی کلاں	25 گرام	12	پانی	4 کلو

ترکیب : تمام اجزاء کورات کو پانی میں بھگودیں۔صبح بطریق عرق کشید کریں

خوراک: 20 تا 40 گرام

فوائد: عرق مدار جو ہیضہ اور بدہضمی کو مفید ہے

ھوالشافی — عرق مبارکی — ھوالکافی

1	گاؤزبان	50 گرام	6	گل سرخ	40 گرام
2	گل گاؤزبان	50 گرام	7	خوب کلاں	40 گرام
3	مکو	50 گرام	8	گل نیلوفر	30 گرام
4	اذخر	50 گرام	9	پانی	5 کلوگرام
5	عناب	50 گرام	10	کاسنی	40 گرام

ترکیب: بطریق معروف 2 لیٹر عرق کشید کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

خوراک: 50 گرام صبح / 50 گرام شام ہمراہ سفوف طباشیر استعمال کرائیں۔

فوائد : مبارکی اور عام بخاروں کے لیے بے حد فائدہ مند دوا ہے۔

ھوالشافی — عرق پنج کول ورمِ جگر، تلی اور امراض شکم — ھوالکافی

1	پیپل	100 گرام	4	چیتا	100 گرام
2	پپلامول	100 گرام	5	سونٹھ	100 گرام
3	چب	100 گرام	6	پانی	5 کلوگرام

ترکیب:: تمام اجزاء کو 5 کلوگرام پانی میں 6 گھنٹے بھگودیں۔ پھر عرق کشید کریں۔

خوراک : 30 تا 40 گرام

فوائد: عرق پنج کول ورم جگر، تلی اور دردِ شکم و جملہ امراض میں مفید ہے۔

هوالشافی — عرق قولنج اور دردِ معدہ — هوالکافی

1	گل سرخ	250 گرام
2	گل گاؤزبان	250 گرام
3	پودینہ خشک	250 گرام
4	برگ تنبول (برگ پان)	250 گرام
5	نانخواہ	120 گرام
6	صعتر	120 گرام
7	دارچینی	120 گرام
8	زنجبیل	120 گرام
9	قرنفل	120 گرام
10	خولنجاں	120 گرام
11	بارش کا پانی	2بوتل
12	عرق گلاب	4بوتل
13	عرق بید مشک	2بوتل
14	سادہ پانی	10 کلوگرام
15	الائچی خورد	120 گرام

ترکیب :تمام ادویات کو نیم کوب کر کے عرقیات اور پانی ملا کر 7 کلو عرق نکال لیں۔

خوراک : 60 تا 84 گرام

فوائد:عرق پان قولنج اور درد معدہ میں مفید ہے۔

هوالشافی — عرق مشکل کشاء — هوالکافی

1	نوشادر ٹھیکری	60 گرام
2	سہاگہ	25 گرام
3	مصبر	12 گرام
4	ریوند خطائی	12 گرام
5	سوڈا خوردنی	12 گرام
6	گندھک آملہ سار	12 گرام
7	کنوار گندل کا گودہ	1 کلوگرام
8	سونف	50 گرام
9	پودینہ	50 گرام
10	الائچی خورد	12 گرام
11	کشتہ فولاد	12 گرام

ترکیب :تمام ادویہ کو 2 بڑی بوتلوں میں ڈال کر اور پانی بھر کر دھوپ میں رکھیں۔ جب تمام ادویات حل ہو جائیں تو عرق کشید کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

خوراک:12 گرام دن میں 3 مرتبہ استعمال کریں۔

فوائد :جسمانی کمزوری، لو بلڈ پریشر، دافع قبض، ریح شکن، مقوی جگر، مصلح طحال، مقوی معدہ، ہیضہ و بدہضمی، فواق (ہچکی)، دردِ شکم و معدہ، ورم تلی، درد تلی، کمی خون، سوالقنیہ اور دردِ شکم میں نہایت ہی مفید ہے۔

ھوالشافی — عرق مصفیٔ خون — ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار		نمبر	دوا	مقدار
1	عناب	5 دانہ		9	گاؤزبان	20 گرام
2	شاہترہ	50 گرام		10	عشبہ مغربی	100 گرام
3	سرپھوکہ	50 گرام		11	پرسیاؤشاں	20 گرام
4	برادہ لکڑی شیشم	50 گرام		12	کاسنی	100 گرام
5	منڈی	50 گرام		13	ملوخشک	100 گرام
6	برگ مہندی	50 گرام		14	پانی	16 کلو
7	بسفائج	50 گرام		15	چرائتہ	20 گرام
8	ہرڑکالی	50 گرام				

ترکیب :تمام ادویات کو 16 کلو پانی میں رات کو بھگودیں۔صبح 8 کلو عرق نکال لیں۔

خوراک: 20 گرام صبح وشام ہمراہ شربت عناب 30 گرام دیں۔بغیر شربت بھی پیا جاسکتا ہے۔

فوائد : اعلیٰ درجہ کا مصفیٔ خون ہے۔

ھوالشافی — ضعفِ معدہ،بواسیر،یرقان — ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار		نمبر	دوا	مقدار
1	ترایمان	120 گرام		6	پٹول پتر	24 گرام
2	ہلدی	24 گرام		7	ترپھلا	36 گرام
3	دارہلدی	24 گرام		8	بانسہ	24 گرام
4	کٹکی	24 گرام		9	جوانسہ	24 گرام
5	نیب کی چھال	24 گرام		10	اندرجو	24 گرام

ترکیب : تمام اجزاء کو 5 کلو پانی میں 8 گھنٹے پانی میں بھگودیں۔بطریق عرق کشید کریں

خوراک : 48تا60 گرام

فوائد :عرق ترایمان جو ضعفِ معدہ،بواسیر اور یرقان کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی — داد اور کھجلی — ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار		نمبر	دوا	مقدار
1	پوست ہلیلہ زرد	150 گرام		6	گندھک	10 گرام
2	آنولہ	100 گرام		7	سونٹھ	10 گرام
3	بہیڑہ	50 گرام		8	کشنیز	50 گرام
4	شاہترہ	50 گرام		9	پانی	4 کلو
5	چرائتہ	50 گرام				

ترکیب : تمام اجزاء کو 3 گھنٹے پانی میں بھگودیں۔بطریق عرق کشید کریں۔

خوراک : 30 تا 40 گرام

فوائد: عرق ترپھلا جوداد اور کھجلی کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی	عرق نیلوفر	ھوالکافی
1	گل نیلوفر	1500 گرام

ترکیب : گل نیلوفر 1500 گرام کو 10 کلوگرام پانی میں رات کو بھگودیں صبح عرق کشید کریں۔

خوراک : 120 گرام عرق میں 24 گرام شربت نیلوفر ملا کر پلائیں۔

فوائد : عرق نیلوفر مقوی دل ودماغ، پیاس بجھاتا ،نزلہ حار، دردسر حار میں مفید ہے۔

ھوالشافی	عرق پودینہ متلی ، قے ، ھیضہ ،بد ھضمی	ھوالکافی
1	پودینہ (نعناع)	1 کلوگرام

ترکیب : پودینہ (نعناع) 1 کلوگرام کو 10 کلوگرام پانی میں بھگوکر 6 کلوگرام عرق حاصل کریں۔

خوراک: تھوڑی غذا کھانے کے بعد 24 تا 48 گرام خوراک۔

فوائد: عرق پودینہ مقوی معدہ، ہاضم طعام، ملین ومشتہی ہے کاسر ریاح ہے۔سوہضمی میں مفید ہے۔

عرق قرنفل

ھوالشافی — ھوالکافی

1	لونگ	7 گرام		6	زعفران	3-1/2 گرام
2	اجوائن دیسی	7 گرام		7	گل بابونہ	3-1/2 گرام
3	انیسون	7 گرام		8	تخم کرفس	3-1/2 گرام
4	بادیان	7 گرام		9	دارچینی	14 گرام
5	مشک	3-1/2 گرام		10	پانی	16 گنا

ترکیب : تمام اجزاء کو 3 گھنٹے پانی میں بھگودیں۔عرق کشید کرتے وقت مشک وزعفران کی پوٹلی انبیق کے مونہہ پر لٹکادیں۔

خوراک : 30 تا 40 گرام

فوائد : عرق قرنفل کاسر ریاح اور تقویتِ معدہ کے لیے مفید ہے۔

عرق عشبہ

ھوالشافی — ھوالکافی

1	عشبہ	150 گرام		2	چوب چینی	100 گرام

ترکیب : دونوں ادویہ کو موٹا موٹا کوٹ کر رات کو 5 کلو پانی میں بھگوکر صبح کو 3 بوتل عرق کشید کریں۔

خوراک : 100 گرام عرق، 20 گرام شربتِ عناب میں ملا کر پلائیں۔

فوائد: خون کو صاف کرتا ہے۔پھوڑے پھنسیاں، جوڑوں کے درد، زہریلے امراض اور سوداوی امراض میں مفید ہے۔

ھوالشافی	عـــــرق تتـــــن	ھوالکافی

1	تمباکو	2 کلو	6	پودینہ خشک	60 گرام
2	نانخواہ	250 گرام	7	خطمیانہ	60 گرام
3	دارچینی	120 گرام	8	سنبل الطیب	60 گرام
4	لونگ	60 گرام	9	ساذج ہندی	60 گرام
5	دانہ الائچی	60 گرام			

ترکیب :سب کو 8 کلو پانی میں رات کو بھگودیں۔3بوتل عرق کشید کریں۔

خوراک:ایک تولہ صبح وشام بعداز غذادیں۔

فوائد :معدہ جگراور طحال کی بیماریوں میں مفید ہے۔

ھوالشافی	ضعفِ معدہ	ھوالکافی

1	دارچینی	200 گرام	3	الائچی خورد	100 گرام
2	تیزپات	100 گرام	4	پانی	4 کلوگرامb

ترکیب :تمام اجزاء کورات کوپانی میں بھگودیں۔صبح بطریق عرق کشید کریں

خوراک :30 تا 40 گرام

فوائد : عرق ترجات ضعفِ معدہ کودور کرتا ہے۔

ھوالشافی	گنٹھیا بائے	ھوالکافی

1	چوب چینی	250 گرام	4	مغز بھلاوہ	60 گرام
2	بیخ ارنڈ	250 گرام	5	بادیان	60 گرام
3	زنجبیل	125 گرام	6	منقیٰ	60 گرام

ترکیب :تمام اجزاء کو6 کلوگرام پانی میں6 گھنٹے کے لیے بھگودیں۔عرق کشید کریں۔

خوراک : 36 تا 50 گرام

فوائد :عرق چوب چینی جوگنٹھیا کودور کرتا ہے۔

هوالشافی — گنٹھیا بائے — هوالکافی

1	چوب چینی	250 گرام	4	مغز بھلاوہ	60 گرام
2	بیخ ارنڈ	250 گرام	5	بادیان	60 گرام
3	زنجبیل	125 گرام	6	منقیٰ	60 گرام

ترکیب :تمام اجزاءکو6 کلوگرام پانی میں 6 گھنٹے کے لیے بھگو دیں۔عرق کشید کریں۔

خوراک : 36 تا 50 گرام

فوائد:عرق چوب چینی جوگنٹھیا کو دور کرتا ہے۔

هوالشافی — خون میں اضافه اور صفائی — هوالکافی

1	چوب چینی	240 گرام	8	اگر	25 گرام
2	اننت مول	60 گرام	9	نگند	60 گرام
3	پوست ہرڑ	60 گرام	10	گوکھرو	60 گرام
4	منقیٰ	120 گرام		مجیٹھ	25 گرام
5	شاہترہ	60 گرام	11	پانی	6 کلوگرام
6	تگر	25 گرام			

ترکیب:پانی6 کلومیں بھگوکرعرق کشید کریں۔

خوراک : 50 گرام تا 60 گرام تک مقرر ہے

فوائد : عرق چوب چینی جوخون کو بڑھاتا ہےاور صاف کرتا ہے۔

هوالشافی — نافع فالج — هوالکافی

1	دیودار (چیڑ)	125 گرام		تربد	50 گرام
2	جڑاندرائن	25 گرام		پوست ہرڑکلاں	50 گرام

ترکیب:بطریق عرق کشید کریں

خوراک : 40 تا50 گرام روزانہ تک مقرر ہے۔

فوائد : عرق دیودار جوفالج کو دور کرتا ہے۔

ھوالشافی — رحم کا ناسور — ھوالکافی

1	عشبہ مغربی	300 گرام	10	منڈی	100 گرام
2	چوب چینی	200 گرام	11	سرپھوکہ	100 گرام
3	برادہ لکڑی شیشم	200 گرام	12	خارخسک	100 گرام
4	گل نیلوفر	100 گرام	13	صندل سفید	100 گرام
5	گل بنفشہ	100 گرام	14	صندل سرخ	100 گرام
6	گاؤزبان	100 گرام	15	پوست ہرڑ سیاہ	50 گرام
7	پھول گلاب	100 گرام	16	سناء کے پتے	50 گرام
8	شاہترہ	100 گرام	17	مہندی کے پتے	50 گرام
9	چرائتہ	100 گرام	18	پانی	15 گنا

ترکیب تیاری: تمام ادویات کو پندرہ گنا پانی میں 24 گھنٹے تر کر کے کل پانی کا دو تہائی عرق نکال لیں۔

استعمال:50 گرام صبح وشام ہمراہ شربت عشبہ 30 گرام دیں۔

فوائد: ناسوررحم کے لیے نہایت مفید علاج ہے۔

پرہیز: زودہضم ومقوی غذادیں۔دیرہضم اغذیہ سے سخت پرہیز کریں۔

ھوالشافی — سخت درد گنٹھیا — ھوالکافی

1	ارنڈ کی جڑ	400 گرام
2	سونٹھ	200 گرام

ترکیب : ارنڈ کی جڑ کو 5 کلو پانی میں پیس کر چھان لیں، بعدہ سونٹھ کو کچل کر اس پانی میں 6 گھنٹے کے لیے بھگودیں عرق کشید کریں

خوراک : 30 تا 40 گرام روزانہ تک مقرر ہے۔

فوائد : عرق سونٹھ گنٹھیا کے سخت درد کو رفع کرتا ہے۔

ھوالشافی — عرق بید مشک — ھوالکافی

1	بید مشک کے پھول	250 گرام	2	پانی	6 کلو

ترکیب: بطریق عرق کشید کریں۔

ھوالشافی	عرق کیمیا	ھوالکافی

1	راکھ برگ جھاؤ	6 کلو		8	لوٹا سجی	60 گرام
2	برادہ آہن	250 گرام		9	جوکھار	60 گرام
3	میگنیشیا	500 گرام		10	ہیرا کسیس	12 گرام
4	آب جامن	2 کلو		11	سبز کونین	12 گرام
5	آب پودینہ	2 کلو		12	تیزاب گندھک	30 گرام
6	نوشادر	60 گرام		13	پانی خالص	8 کلوگرام
7	سہاگہ	60 گرام				

ترکیب : تمام ادویہ کو پانی میں ڈال کرخوب بند کر کے اچھی طرح ہلائیں۔ پھر 20 یوم تک رکھ چھوڑیں۔ پھر فلٹر کر کے محفوظ کرلیں۔

استعمال: ایک ایک اونس دن میں 3 مرتبہ استعمال کریں۔

فائدہ :معدہ وجگر کوتقویت دینے میں سریع الاثر ہے۔ضعفِ جگر،سدا جگر،ورم طحال،سوالقنیہ ،استسقاء اور یرقان میں نہایت اکسیر ہے

ھوالشافی	عرق مشکل کشا	ھوالکافی

1	نوشادر ٹھیکری	60 گرام		7	کشتہ فولاد	12 گرام
2	سہاگہ	25 گرام		8	کنوار گندل کا گودہ	1 کلوگرام
3	مصبر	12 گرام		9	سونف	50 گرام
4	ریوند خطائی	12 گرام		10	پودینہ	50 گرام
5	سوڈا خوردنی	12 گرام		11	الائچی خورد	12 گرام
6	گندھک آملہ سار	12 گرام				

ترکیب : تمام ادویہ کو 2 بڑی بوتلوں میں ڈال کراور پانی بھر کردھوپ میں رکھیں۔ جب تمام ادویات حل ہو جائیں تو عرق کشید کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال:12 گرام دن میں 3 مرتبہ استعمال کریں۔

فائدہ:دافع قبض،ریح شکن،مقوی جگر،مصلح طحال،مقوی معدہ، ہیضہ وبدہضمی ،فواق (ہچکی)،دردِ فم ومعدہ،ورم تلی،دردتلی،کمی خون،لو بلڈ پریشر،تھکاوٹ،جسمانی کمزوری،سوالقنیہ اور دردِ شکم میں نہایت ہی سریع الاثر ومفید ہے۔آزمودہ مجرب مطب ہے

عرقیات کی دنیا میں کسی تحفہ ء خاص سے کم نہیں۔

ھوالشافی	عــــرق کیــوڑہ	ھوالکافی

1	پھول کیوڑہ پھلیاں یابالیاں	6عدد		2	پانی	4 کلو

ترکیب: بطریق 4بوتل عرق کشید کریں۔

استعمال: 50 گرام دوسری مناسب دواؤں کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فائدہ: دل کی دھڑکن کو دور کرتا اور دل ودماغ جگر کو طاقت اور فرحت بخشتا ہے۔

ھوالشافی	سر کی جوئوں کی دوا	ھوالکافی

(1) 1۔ نیم کا تیل : 1 تولہ 2۔ پارہ : ڈیڑھ ماشہ

ترکیب : کھرل کرکے حل کردیں۔ سر پر 2 گھنٹے کے لیے لگادیں جوئیں ختم ہوجائیں گی۔

(2) نیم کی نمولیاں کو اچھی طرح گھوٹ لیں پیسٹ بن جائے گی اس پیسٹ کو سر پر دو گھنٹے کے لیے لگادیں جوئیں ختم ہو جائیں گی۔

(3) مولی کا پانی : 1 تولہ پارہ : 1 رتی

دونوں کو کھرل میں حل کرکے ایک دھاگہ اس میں بھگو دیں۔ خشک ہونے پر گلے میں ڈال دیں۔ انشا اللہ جوئیں ختم ہو جائیں گی

ھوالشافی	عرق/ شربت کو تا دیر محفوظ کرنے کیلیئے	ھوالکافی

اجزاء : ایسڈ سلی سلاس (رنگ والی دوکان سے)

ترکیب : 5 رتی فی سیر گرم گرم حالت میں ملادیں

ھوالشافی	مٹی کے تیل کی بد بوُ دُور کرنا	ھوالکافی

1	تیل مٹی	1 کلو
2	دریا کی ریت	250 گرام
3	فلفل سیاہ	12 گرام
4	قرنفل	12 گرام
5	کافور	12 گرام

نوٹ : ولائتی خوشبوؤں میں سے کوئی خوشبو نصف چھٹانک فی کلو شامل کریں۔ تو نہایت اعلیٰ درجے کا ہیئر آئل تیار ہوگا۔

ترکیب : مٹی کے تیل اور ریت کو ملاکر متواتر تین یوم تک پڑا رہنے دیں۔ بعد ازاں فلٹر کرکے اس میں باقی اجزاء شامل کرکے تین یوم تک دھوپ میں رکھیں۔ تیار ہوجائے گا۔

خوراک : 3 گرام

استعمال و فوائد : طاعون، ہیضہ، خنازیر اور دیگر وبائی امراض میں نافع ہے۔ بیرونی طور پر ذات الجنب، ذات الریاء، وجع المفاصل اور ہر قسم کی دردوں میں مالش کرکے روئی باندھ دیں۔

ھوالکافی	پارے کو مصفیٰ کرنا	ھوالشافی

اجزاء و ترکیب ساخت : کانچ کی بوتل میں پٹرول تھوڑا ساڈالیں۔پارہ ڈال کراچھی طرح بند کرکے ہلائیں پٹرول کالا ہوناشروع ہوجائے گاجب کالا ہوجائے توپٹرول تبدیل کردیں۔یہی عمل 5/7 مرتبہ دہرائیں۔

ھوالکافی	سکرین کا گھولنا	ھوالشافی

اجزاء و ترکیب ساخت :سکرین سادہ پانی میں مشکل سے گھلتی ہے۔لہٰذا اسے گھولنے کے لیے پانی میں کھار ملالیا جاتا ہے۔سکرین(550) 2 اونس،سوڈابائی کارب یک اونس،ڈسٹلد واٹر 10 اونس۔7سوڈابائی کارب پانی میں ملاکرایک کونڈی میں رکھیں۔اس میں تھوڑی تھوڑی کرکے سکرین گھول لیں۔جب سب سکرین گھل جائے توباریک کپڑے میں چھان کراتنا پانی ملادیں کہ کل ایک پونڈگھول ہوجائے

ھوالکافی	وائٹ آئل بنانا	ھوالشافی

اجزاء و ترکیب ساخت

1	تیل مٹی	5 کلو
2	سفوف زاج سفید(پھٹکڑی)	125 گرام

ترکیب : مٹی کے تیل اورپھٹکڑی کے سفوف کوملاکرکسی ایسے برتن میں جس کامونہہ اچھی طرح بند ہوسکے ڈال دیں اوراس طرح اسے دودن تک پڑارہنے دیں۔بعدازاں نکالیں۔تیل کی بدبودورہوکربالکل وائٹ آئل بن جائے گا۔پھرکام میں لائیں۔

سر کی جوئوں کی دوا

☆1 نیم کاتیل۔1 تولہ 2۔ پارہ۔ ڈیڑھ ماشہ

ترکیب:کھرل کرکے حل کردیں۔سرپر2 گھنٹے کے لیےلگادیں جوئیں ختم ہوجائیں گی۔

☆نیم کی نمولیاں لے کراچھی طرح گھوٹ لیں پیسٹ بن جائے گی۔اس پیسٹ کوسرپردوگھنٹے کے لیےلگادیں۔جوئیں ختم ہوجائیں گی

☆ مولی کاپانی۔1 تولہ پارہ ۔1 رتی

ترکیب: دونوں کوکھرل میں حل کرلیں۔اس کے بعدایک دھاگہ لےکراس میں بھگودیں۔خشک ہونے پرگلے میں ڈال دیں۔ ان شااللہ جوئیں ختم ہوجائیں گی۔

ھوالشافی	گرائپ واٹر	ھوالکافی

1	سوئے	500 گرام
2	کشمش سبز یا سبز انگور	500 گرام
3	پانی	5 کلو
4	سکرین یا شہد اصلی حسبِ ذائقہ	1 رتی
5	سوڈا بائی کارب	12 گرام

ترکیب: سیریل نمبر 1 تا 2 کا عرق 3 کلو بطریق حاصل کریں اس عرق میں سوڈا بائی کارب حل کر کے عرق میں سکرین 1 رتی۔ یا شہد حسبِ ذائقہ ملا کر عرق کو میٹھا کر لیں۔

ترکیب استعمال: 2 تا 3 گرام تک حسبِ عمر دیں۔ شیشی ہلا کر پلائیں۔

فوائد: بچوں کی بدہضمی پیچش، مروڑ، ہرے پیلے دست، کھانسی، دانت نکلنے کی تکلیف وغیرہ کے لیے ازحد مفید ہے۔ بچوں کو موٹا تازہ کرتا ہے اور خوبصورت بناتا ہے

ھوالشافی	سکنجبین عنصلی	ھوالکافی

1	اچھا تازہ پیاز	1 کلو
2	سرکہ	8 لیٹر
3	شہد	250 گرام
4	چینی	16 کلوگرام
5	ست لیموں	50 گرام

ترکیب: اچھا تازہ پیاز لے کر صاف کر کے اس کے ٹکڑے کر لیں۔ اس کو سرکہ میں ڈال کر شہد بھی ملا دیں۔ ہلکی آنچ پر پکائیں۔ پیاز گل جانے پر اس کو موٹی ململ سے چھان لیں۔ اور اس حاصل شدہ پانی میں چینی اور ست لیموں شامل کر کے قوام تیار کریں۔ ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں محفوظ کر لیں۔

فوائد: یہ اور سب کچھ کرنے کے علاوہ قوتِ مردانہ کو بھی بحال کرنے میں معاون ہے۔ استسقاء، ورم گردہ کی وجہ پیدا ہونے والے سے استسقاء، سل ودق میں مفید ہے۔ یہ دماغی خمار اور جسمانی تھکان کو دور کرتا ہے۔

صبح نہار منہ اس کا استعمال تازگی پیدا کرنے والا اثر رکھتا ہے، اس کا فراری روغن محرک، مدر بول اور مخرج بلغم ہے۔ یہ قلب کی حرکت کو قدرے سرک کرتا ہے۔

پیشاب کی مقدار کو بڑھاتا ہے۔ اس سے بلغم کے اعضائے بول اور امعاء کی رطوبتوں کے ہمراہ جسم سے اخراج پاتا ہے۔ رطوبتِ ہاضمہ پیدا کرتا ہے، قبض کشا ہے، دردسر کو نافع ہے، گلے کی سوزش کو دور کرنے میں معاون ہے، اس کا استعمال سینہ اور پھیپھڑوں سے لیس دار مواد کو خارج کرتا ہے، کھانا ہضم کرنے کے ساتھ ساتھ بھوک پیدا کرتا ہے، مقوی معدہ ہے۔

پیٹ کے کیڑوں کو مارتا ہے، امراضِ جگر وطحال میں مفید ہے۔ اس کے مسلسل استعمال سے گردہ ومثانہ کی پتھری خارج ہو جاتی ہے۔ جسمانی کمزوری، خواتین میں ایام کی بے قاعدگی میں مفید ہے۔ اس کا استعمال وبائی امراض سے حفظِ ماتقدم ہے۔

ھوالشافی	سیلانِ خون و بخار	ھوالکافی

ترکیب: گلو سبز، برگ بانسہ اور انجبار کو رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح بطریق عرق کشید کریں۔ اس عرق میں کیلشیم لکٹیٹ (تھوڑے سے عرق میں حل کر کے) ملا کر چینی ڈال کر شربت پکا لیں۔ جب شربت پک جائے تو ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں محفوظ کر لیں۔ (سوڈا واٹر میں جو رنگ ملائے جاتے ہیں وہ شامل کر لیں)

1	گلو سبز	250 گرام
2	برگ بانسہ	250 گرام
3	بیخ انجبار	250 گرام
4	چینی	1500 گرام
5	کیلشیم لکٹیٹ	12 گرام

خوراک: 6 گرام صبح و شام ہمراہ پانی یا شیر گاؤ

فوائد: یہ شربت پھیپھڑے کے زخم دور کرتا ہے۔ ہر قسم کے خون کے بہاؤ کو روکنے کے لیے اور پرانے بخاروں، تپ دق، کھانسی وغیرہ کے لیے از حد مفید ہے۔

ھوالشافی	شربتِ ادرک	ھوالکافی

ترکیب: ادرک اور باقی اجزاء کو موٹا کوٹ کر رات کو بھگو دیں۔ صبح بطریق عرق کشید کریں۔ پھر عرق میں چینی شامل کر کے قوام تیار کریں۔ اسی دوران ست لیموں شامل کر دیں۔ پھر ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔

1	ادرک	1 کلوگرام
2	چینی	20 کلوگرام
3	ست لیموں	12 گرام
4	دار چینی	40 گرام
5	فلفل سیاہ	40 گرام
6	تیز پات	40 گرام
7	قرنفل	40 گرام

فوائد: کاسر ریاح اور باہ کو قوی کرتا ہے۔ قوتِ حافظہ کو تیز کرتا ہے۔ بلغم کو نکالتا ہے۔ جوڑوں سمیت ہر قسم کی دردوں کو (سرد امراض) میں مفید ہے۔ قوتِ مدافعت کو بڑھاتا ہے۔ مائیگرین (دردِ شقیقہ) میں آرام دیتا ہے۔ ذہنی اور اعصابی تناؤ دور کرتا ہے۔ پیٹ درد/اپھارہ میں مفید ہے۔ سانس لینے کے مسائل کو دور کرتا ہے۔ خون کی روانی کو بہتر بنانے میں مددگار ہے۔ متلی اور قے سے نجات کا اچھا قدرتی ذریعہ ہے۔ مونہہ کی بدبو کو ختم کرتا ہے۔ انتڑیوں کی سوزش کو دور کرتا ہے۔ یرقان اور بواسیر میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	صافی	ھوالکافی

1	شاہترہ	30 گرام	5	عناب	30 گرام
2	سرپھوکہ	30 گرام	6	ہلیلہ سیاہ	30 گرام
3	منڈی بوٹی	30 گرام	7	بسفائج	20 گرام
4	چرائتہ	30 گرام	8	عشبہ	20 گرام

ترکیب: جملہ ادویہ کو نیم کوفتہ کر کے دو کلو پانی میں بھگو کر ایک بوتل عرق نکالیں۔ سوا سیر چینی ملا کر شربت تیار کریں۔ جب قوام کی مانند گاڑھا ہو جائے تو اتار لیں۔ 4 گرین پوٹاشیم آئیوڈائیڈ ڈال کر خوب اچھی طرح حل کریں۔ بس صافی تیار ہے۔

ھوالشافی — شربتِ بادیان — ھوالکافی

1	بیخ بادیان	250 گرام
2	بیخ کاسنی	250 گرام
3	بیخ کرس (سویا)	250 گرام
4	بیخ اذخر	250 گرام
5	انجیر زرد	250 گرام
6	عناب	1250 گرام
7	بہی دانہ	1250 گرام
8	گاؤزبان	1250 گرام
9	اصل السوس	1250 گرام
10	مویز منقیٰ	1250 گرام
11	گل سرخ	1250 گرام
12	ثنا مکی	1250 گرام
13	تمر ہندی	1250 گرام
14	سپستاں (لہسوڑیاں)	2250 گرام
15	بادیان	2250 گرام
16	پرسیاؤشاں	2250 گرام
17	ریشہ خطمی	250 گرام
18	گڑ	40 کلوگرام

ترکیب: تمام اجزاء کو 8 گنا پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی باقی رہ جائے تو چھان کر 40 کلوگرام گڑ ملا کر قوام تیار کریں۔

استعمال و فوائد 25: گرام ہمراہ پانی۔ صبح وشام

معدہ، جگر اور آنتوں کی بیماریوں، قبض، نفخ، دردِ شکم، بدہضمی اور تمام بخاروں میں جو پیٹ کی خرابی سے ہوتے ہیں۔ جگر کمزور ہو یا بڑھ گیا ہو (ہیپاٹائٹس B,C) اس کے استعمال سے اصلی حالت میں آجاتا ہے۔

ھوالشافی — شربت بزوری بارد (ٹھنڈا) — ھوالکافی

1	تخم خربوزہ	18 گرام
2	تخم ککڑی	18 گرام
3	تخم کھیرا	18 گرام
4	مغز تخم تربوز	9 گرام
5	تخم کاسنی	25 گرام
6	شکر سفید	1 کلوگرام

ترکیب: تمام اجزاء کو پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شکر سفید ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال و فوائد : 25 تا 50 گرام روزانہ پانی میں حل کر کے۔

جگر کی گرمی کو زائل کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ گرم اور تیز بخاروں میں مفید ہے۔

هوالشافی — شربت بزوری حار(گرم) — هوالکافی

1	پوست بیخ کاسنی	110 گرام
2	تخم کاسنی	75 گرام
3	پوست بیخ بادیان	75 گرام
4	بادیان	36 گرام
5	تخم کرس (سویا)	36 گرام
6	پوست بیخ کرس	36 گرام
7	تخم کسوس (بیخ امربیل)	18 گرام
8	شکر سفید	1 کلوگرام

ترکیب: تخم کسوس (بیخ امربیل) کو کسی پوٹلی میں بند کر کے تمام اجزاء کے ساتھ 2 کلو پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شکر سفید ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک: 25 تا 50 گرام روزانہ پانی میں حل کر کے۔

فوائد: گردے اور مثانے کے امراض میں مفید ہے۔

هوالشافی — شربت بزوری معتدل — هوالکافی

1	تخم کاسنی	60 گرام
2	تخم کھیرا	60 گرام
3	تخم خربوزہ	60 گرام
4	تخم خارخسک (بھنگرہ)	60 گرام
5	بیخ کاسنی	60 گرام
6	بیخ بادیان	60 گرام
7	چینی	2250 گرام
8	پانی	3 کلو

ترکیب: تمام اجزاء کے ساتھ 3 کلو پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شکر سفید ملا کر شربت تیار کریں۔

خوراک: 25 تا 50 گرام روزانہ پانی میں حل کر کے۔

فوائد: جگر، گردہ، مثانہ کے مواد کو پیشاب کے ذریعے خارج کرتا ہے۔ نیز مرکب بخاروں میں مفید ہے۔

هوالشافی — شربتِ آلو بخارا — هوالکافی

1	پکا ہوا آلو بخارا	250 گرام
2	املی	60 گرام
3	گلقند	60 گرام
4	چینی	1500 گرام

ترکیب: شربت بنانے کے لیے پکا ہوا آلو بخارا لیں۔ اچھی قسم کی املی لے کر صاف کر کے 750 ملی لیٹر پانی میں ہلکی آنچ پر پکنے دیں اس میں گلقند بھی ڈال دیں۔ اس حد تک کہ پانی 300 ملی لیٹر رہ جائے اب اسے اتار کر موٹی ململ میں چھان لیں اس کے بعد چینی میں سابقہ آمیزہ ڈال دیں۔ اس میں ایک لیٹر پانی ملا کر ہلکی آنچ پر قوام کریں۔ ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں۔

فوائد: یہ صفراوی بخاروں، درد سر، قے و متلی اور پیاس کی شدت میں استعمال ہوتا ہے۔ دل کی حرارت اور سوزش میں بھی مفید ہے اس میں غذائی ضروریات پورا کرنے کی صلاحیت بھی موجود ہے۔

نوٹ: اس میں یہ بات بھی ذہن نشین رکھیں کہ یہ شربت مسلسل آٹھ یوم سے زیادہ نہ پئیں۔

هوالکافی	شربتِ آلو	هوالشافی

ترکیب: شربت بنانے کے لیے صاف ستھرے آلو لے کے دھوکر ابال لیں اور بعد میں ان کے چھلکے اتار کر ان کو عرق گلاب میں اچھی طرح مسل کر ایک یوم کے لیے رکھ کر حل کریں۔ پھر اگلے روز اوپر سے عرق نتھار لیں دوگنا چینی ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر سوڈیم بینزووبیٹ شامل کریں۔ ہلکا زرد رنگ اور کیوڑہ شامل کر کے ٹھنڈا ہونے دیں۔ پھر بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔

1	صاف ستھرے آلو	5 کلوگرام
2	عرق گلاب	10 لیٹر
3	چینی	20 کلوگرام
4	سوڈیم بینزووبیٹ	40 گرام
5	ہلکا زرد رنگ	
6	کیوڑہ	

فوائد: اس میں کاربوہائیڈریٹ، معدنی اجزاء، اور حیاتین وافر مقدار میں پائے جاتے ہیں۔ جس سے درازئ عمر میں مدد ملتی ہے۔ بچوں کی بڑھوتری کے لیے بہترین ہے۔ پیاس سے تسکین، معدے کی تیزابیت، خونی دست، قبض اور پیٹ کا اپھارہ میں مفید ہے

هوالکافی	شربتِ آڑو	هوالشافی

ترکیب: آدھا کلو آڑو لے کر گٹھلیوں سے پاک کریں اور ان کا چھلکا اتار لیں۔ اب ان کو 1 کلو عرق گلاب میں نرم آنچ پر پکائیں۔ پندرہ منٹ تک پکا کر موٹی ململ سے چھان کر صاف کر لیں۔ اب اس کو دوبارہ چولہے پر چڑھائیں اور 500 گرام عرق گلاب ڈال کر ایک کلو چینی ڈال دیں۔ نرم آنچ پر پکائیں قوام ہوجانے پر چیک کریں کہ کفگیر سے شربت اٹھائیں اور ٹھنڈی جگہ پر ایک قطرہ گرائیں۔ اگر موتی کی طرح جم جائے تو شربت تیار ہے ۔ اگر قطرہ گر کر آٹے کے پیڑے کی طرح پھیل جائے تو شربت کو مزید جوش دیں۔ اس مرحلے پر اس میں شہد اور سوڈیم بینزووبیٹ ڈال دیں۔ قوام ہونے پر ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں۔

1	آڑو	500 گرام
2	عرق گلاب	1500 گرام
3	چینی	1 کلوگرام
4	سوڈیم بینزووبیٹ	3 گرام
5	شہد	125 ملی لیٹر

فوائد: یہ شربت بچوں کی ہڈیاں مضبوط کرنے کے علاوہ ان کی نشوونما کرتا ہے۔ شیر خوار بچوں کو ایک ایک ٹی سپون دن میں دوبار دینا ان کی صحت کو برقرار رکھتا ہے۔ یہی شربت بڑی عمر کے لوگ پانچ ٹیبل سپون گلاس میں ڈال کر پانی کا اضافہ کر کے دن میں ایک بار پی ہیں۔

ھوالکافی	شربتِ انجبار	ھوالشافی

1	انجبار	250 گرام		3	پانی	1-1/2 کلو
2	چینی	1 کلو				

ترکیب : رات کو انجبار کو تھوڑا کوٹ کر پانی میں بھگو دیں۔ صبح پکائیں ۔ جب پانی 1 کلو رہ جائے تو پن چھان لیں۔ پھر چینی ڈال کر پکائیں اور قوام پر لے آئیں۔ تیار ہے۔

استعمال : بڑوں کے لیے ایک تولہ صبح و شام

ھوالکافی	شربتِ آملہ	ھوالشافی

ترکیب : تازہ آملے لے کر اسے 4 یوم تک چونے کے پانی میں بھگوئیں اور چونا روزانہ بدلیں پانچویں روز ان کو گٹھلیوں سے الگ کر کے قاشوں کو گرم پانی میں اچھی طرح پکا کر ان کو چھان کر نکال لیں کر باریک پیس لیں پھر اس میں دوگنا عرق گاؤزبان ملا لیں اس میں دوگنا چینی کا اضافہ کر کے قوام تیار کریں پھر سوڈیم بینزوویٹ 4 گرام شامل کر کے قوام کو ٹھنڈا کر لیں اور بوتلوں میں بھر لیں۔

1	تازہ آملہ	
2	چونے کا پانی	
3	عرق گاؤزبان	
4	چینی	
5	سوڈیم بینزوویٹ	

ھوالکافی	شربتِ انجبار	ھوالشافی

ترکیب: نجبار کو موٹا موٹا کوٹ کر رات کو 1 کلو پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب پانی آدھا کلو رہ جائے تو چھان لیں ۔ آدھا کلو مصری ملا کر شربت کا قوام تیار کر لیں۔

1	انجبار	250 گرام
2	مصری	500 گرام
3	کہربا	حسب ضرورت

استعمال: 3 تولہ شربت کو پانی میں ملا کر دن میں تین بار پلائیں صرف ایک خوراک کے ساتھ 1 ماشہ کہربا کا سفوف بنا کر دیں۔

فوائد: شدید سے شدید نکسیر کے لیے بہترین اثر رکھنے والی دوا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

دیگر نکسیر

سفید شیشہ لے کر سرکہ میں باریک پیس لیں۔ مریض کی ٹنڈ کروا کر سر پر شیشہ کی لیپ کریں۔ خشک ہونے پر سرکہ سے تر کرتے رہیں۔ پانچ چھ مرتبہ یہی عمل دہرائیں۔ انشاءاللہ نکسیر کے لیے تریاق کا کام کرے گی۔

هوالشافی

شربتِ بیر

هوالکافی

1	صحت مند کاٹھے بیر	2 کلو
2	عرق گلاب	1لیٹر
3	چینی	4 کلو
4	شہد	1لیٹر
5	ٹاٹری پاؤڈر	2 گرام

ترکیب: اچھے اچھے بیر جو جسامت میں عناب کی طرح ہوں اور پختہ ہوں۔نیم گرم پانی میں اچھی طرح دھولیں اور تازہ پانی میں بھگو دیں۔دوسرے روز ان کو اچھی طرح مل چھان کر عرق گلاب،چینی،شہد اور ٹاٹری ملا کر قوام کریں۔ٹھنڈا کر کے بوتلیں بھرلیں اور مضبوط ڈھکن لگادیں۔

هوالشافی

شربتِ چکوترہ GRAPE FRUIT

هوالکافی

1	چکوترے کا جوس	2لیٹر
2	چینی	4 کلو
3	شہد	1لیٹر
4	سوڈیم بیز وویٹ	5 گرام

ترکیب: 2لیٹر چکوترے کا جوس لے کر اس میں 4 کلو چینی اور 1 لیٹر شہد شامل کر کے تیز آنچ پر قوام بنائیں۔آخر میں سوڈیم بیز وویٹ 5 گرام ملا کر ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں

فوائد: اس کا مزاج سرد تر ہے۔دل کو طاقت اور فرحت دیتا ہے۔ جسمانی غیر ضروری حرارت کو کم کرتا ہے۔بالخصوص معدہ میں موجود غیر فطری گرمی کو قطع کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔بھوک بڑھاتا ہے۔چربی کو کم کرتا ہے۔نیز چربی بننے کے عمل کو روکنے میں اہمیت رکھتا ہے۔غرضیکہ اس میں وہ تمام خوبیاں موجود ہیں جو ترش پھلوں (سنگترہ،مالٹا،لیموں) میں پائی جاتی ہیں۔

هوالشافی

شربتِ چقندر

هوالکافی

1	چقندر کا جوس	2لیٹر
2	شہد	1 کلوگرام
3	چینی	2 کلوگرام
4	سوڈیم بینز وویٹ	5 گرام

ترکیب: چقندر کا جوس لے کر اس میں شہد اور چینی ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔پھر سوڈیم بینز وویٹ شامل کر کے ھنڈا کرلیں۔بوتلوں میں بھر کر محفوظ کرلیں۔

فوائد: لیوکیمیا کے مریضوں کو بالخصوص اور اپنے گھر آنے والے مہمانوں کی خدمت کر کے ان کی دعائیں سمیٹیں کہ اس سے عمومی کمزوری دور ہوگی۔

هوالشافی

شربتِ فولاد

هوالکافی

1	پتری فولاد	50 گرام	3	ست لیموں	3 گرام
2	عرق گلاب	1 کلو	4	خوشبو گلاب	حسبِ ضرورت

ترکیب و خوراک: پتری فولاد کو عرق گلاب میں حل کر کے چینی ڈال کر قوام پکائیں۔ست لیموں،خوشبو اور سرخ رنگ حسبِ ضرورت ملائیں۔ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں۔ 1 تا 2 چمچ صبح وشام دودھ میں ملا کر۔

ھوالشافی	شربتِ گاجر	ھوالکافی

1	گاجر کا جوس	2لیٹر
2	چینی	4 کلو
3	ست لیموں	3 گرام

ترکیب 2.لیٹر گاجر کا جوس لے کر اس میں 4 کلو چینی شامل کر کے 3 گرام ست لیموں ملا کر ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھر لیں

فوائد: مزاج میں گرم تر ہے۔مفرح ومقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ بلغم نکالتا ہے۔رکی ہوئی رطوبتوں کو خارج کرتا ہے جبکہ اس میں مقوہ باہ اثرات بھی پائے جاتے ہیں۔آنکھوں کے بعض امراض بھی اس سے درست ہوجاتے ہیں جبکہ مقوی ءبصارت بھی ہے۔اختلاج قلب کے مریضوں کے لیے ٹانک کی حیثیت رکھتا ہے۔مقوی اعصاب بھی ہے اس میں پروٹینز اور معدنیات بکثرت ہیں۔اس کیرٹن کی موجود مقدار جگر میں جا کر وٹامن اے میں تبدیل ہوجاتی ہے

ھوالشافی	شربتِ کدو	ھوالکافی

1	کدو کا جوس	2لیٹر		4	ست لیموں	3 گرام
2	شہد	1 کلوگرام		5	ہلکا سبز رنگ	
3	چینی	2 کلوگرام		6	کیوڑہ	

ترکیب: کدو کا جوس لے کر اس میں شہد اور چینی ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔پھر ست لیموں شامل کر کے قوام بنائیں۔آخر میں ہلکا سبز رنگ اور کیوڑہ کا اضافہ کر کے ٹھنڈا کر لیں بوتلوں میں بھر کر محفوظ کر لیں۔

فوائد: یہ پیاس کو تسکین دیتا ہے۔باعثِ فرحت ہے۔

ھوالشافی	شربتِ کیلا	ھوالکافی

1	ایسنس کیلا	6قطرے		4	رنگ سبز	1 گرام
2	چینی	2 کلو		5	ورق چاندی	حسبِ ضرورت
3	ٹاٹری	5 گرام		6		

ترکیب: چینی کو پانی میں ڈال کر قوام بنائیں۔اس دوران ٹاٹری بھی شامل کر دیں۔قوام ہوجانے پر اتار کر ٹھنڈا ہوجانے پر ٹھیک ایسنس ڈال کر سبز رنگ ملا کر تیار کر لیں۔چاہیں تو ورق چاندی کا اضافہ کر کے خون کن شربتِ کیلا تیار ہے۔

ھوالکافی	شربتِ کھجور	ھوالشافی

1	گداز کھجور	1 کلو		4	چینی	1 کلو
2	عرق گلاب	2+2= 4لیٹر		5	ست لیموں	3 گرام
3	شہد	2 لیٹر				

ترکیب 1: کلوگداز کھجوریں لے کر2لیٹرعرق گلاب میں اس کا گودہ بھگو دیں اور ہلکی آنچ پر پکا کر اس کا گودہ نرم کریں اور موٹی ململ سے چھان لیں۔اس میں 3 گرام ست لیموں ڈال دیں اور 2لیٹرعرق گلاب ملا کر اس میں 2لیٹرشہداور 1 کلو چینی ملا کر قوام کر لیں اور ٹھنڈا کر کے صاف بوتلوں میں بھرلیں۔

ھوالکافی	شربتِ خوبانی	ھوالشافی

1	اچھی پکی ہوئی خوبانی	1 کلو		3	چینی	4 کلو
2	عرق گلاب	2لیٹر		4	ست لیموں	5 گرام

ترکیب : چھی طرح پکی ہوئی خوبانیاں لے کر ان کو دوحصوں میں تقسیم کر کے ان کی گٹھلیاں علیحدہ کر دیں۔گودہ عرق گلاب میں بھگو دیں۔دوسرے دن اچھی طرح مل چھان کر ان کا چھلکا اور ریشے نکال دیں۔حاصل شدہ پانی میں چینی ڈال کر ست لیموں ملا کر قوام کریں۔ٹھنڈا کر کے بوتلیں بھرلیں اور مضبوط ڈھکن لگا دیں۔

ھوالکافی	شربتِ لھسن	ھوالشافی

1	لہسن کارس	1لیٹر		3	عرق گلاب	3لیٹر
2	عرق اجوائن	2لیٹر		4	چینی	6 کلوگرام

ترکیب :لہسن کارس اور دونوں عرقیات لے کر جوش دیں جب آدھا رہ جائے تو اُتار کر ٹھنڈا کر لیں۔کم از کم ایک گھنٹہ کے بعد اوپر کا پانی نتھار کر چینی ڈال کر قوام تیار کر لیں اور محفوظ کر لیں اور مندرجہ ذیل معاملات میں استعمال میں لائیں۔

فوائد ::اس میں تریاقی اثرات بھی ملتے ہیں۔جسمانی فضلات کو رقیق کر کے خارج کر کے جسمانی حرارت کو معمول پر لانے میں بے مثل ہے۔ہاضمہ درست کرنے پر بہترین عامل ہے۔فالج ،لقوہ۔وجع الفاصل (جوڑوں کا درد)اور رعشہ میں انتہائی مفید ہے۔جسم میں بلغم کی پیدائش وافزائش کا دشمن ہے۔مقوی جسم اور قوت باہ میں از حد مفید ہے۔جراثیم کش اور تریاق ہے۔لہسن کی بو سے ہی بہت سے جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔اس کا مسلسل استعمال حافظہ تیز کرتا ہے۔دماغ اور بینائی کو قوت دیتا ہے۔کسی بھی وباء کی صورت میں اس کا استعمال جراثیم کو جسم کے اندر داخل ہونے سے روکتا ہے۔جسم میں پہلے سے موجود مواد اس کے مسلسل استعمال سے آہستہ آہستہ خارج ہو جاتے ہیں۔اس سے دل ودماغ اور جسم تینوں فوائد حاصل کرتے ہیں اور صالح خون پیدا کرنے میں اس کا بڑا حصہ ہے۔

دماغی امراض، کزاز اور دق وسل کے لیے بے حد مفید ہے۔اس سے مختلف جراثیم اور طفیلی کیڑے اس تیزی سے ہلاک ہوتے ہیں کہ کسی دوسری دوا یا غذا سے نہیں ہوتے۔ یہ جسم میں پیدا ہونے والے بیکٹیریا کی پیدائش کو روکتا ہے۔اس میں پائی جانے والی انرجی جسمانی صحت اور طاقت برقرار رکھتی ہے۔اس کو انتڑیوں کی جراثیمی بیماریوں میں بھی مفید پایا گیا ہے۔ محققین کہتے ہیں کہ دق کے مرض میں (جب تک دنیا میں لہسن موجود ہے) مریضانِ دق کو مایوس نہیں ہونا چاہیے۔اس میں خون کو تقویت پہنچانے کے علاوہ خود بھی جزوِ بدن بننے کی صلاحیت موجود ہے۔

اب تازہ ترین تحقیق یہ کہتی ہے کہ دل کے دورے کو روکنے میں لہسن سے بڑا حصہ کسی سبزی کا نہیں ہوسکتا کہ یہ کولیسٹرول بننے اور جمے رہنے کی دشمن ہے اور دونوں صورتوں کو روکتا ہے۔اس کے نتیجے میں شریانوں کی دیواریں سخت نہیں ہوتیں اور اس سے بلڈ پریشر ہائی نہیں ہوسکتا چنانچہ دل محفوظ رہتا ہے یہ قدرتی طور پر مقوی باہ بھی ہے۔جدید تحقیق بھی اس بات کی شاہد ہے کہ جنسی طاقت میں کمی کی کوئی بھی وجہ ہو اس کو دور کرنے میں لہسن جتنا معاون ہے عقل دنگ رہ جاتی ہے آج کی ٹینشن زدہ زندگی میں اس جیسا محرک (قدرتی) نہیں مل سکتا اس کا استعمال پھوڑے پھنسی اور چھائیاں ختم کرتا ہے مصفیٔ خون اثرات بھی رکھتا ہے۔جلدی امراض میں بھی مفید ہے۔غرضیکہ اس شربت کا استعمال اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ آپ اپنے گھر اور خاندان کے لیے ایک قدرتی چوکیدار رکھ رہے ہیں۔جس کی تنخواہ آپ کی قوت برداشت کا امتحان بالکل نہیں لیتی۔

ھوالشافی	شربتِ منقہ	ھوالکافی

1	اچھی قسم کا مویز منقیٰ	250 گرام		4	ست لیموں	2 گرام
2	عرق گاؤزبان	2لیٹر		5	رنگ	حسبِ ضرورت
3	چینی	2 کلو				

ترکیب: اچھی قسم کا مویز منقیٰ لے کر اس میں سے بیج نکال دیں اور عرق گاؤزبان میں بھگو دیں۔دوسرے دن اس کو کونڈی ڈنڈے سے اچھی طرح کوٹ کر موٹے ململ کے کپڑے سے چھان لیں۔چینی اور ست لیموں ڈال کر قوام کریں۔ٹھنڈا ہونے پر محفوظ کر کے بوتلوں میں بھرلیں۔

فوائد: کسی بھی قسم کی کمزوری کے لیے بطور ٹانک استعمال کریں اور قدرتِ کاملہ کے نظارے دیکھیں۔

ھوالشافی	شربت ناشپاتی	ھوالکافی

1	ناشپاتی	2 کلو		3	ست لیموں	2 گرام
2	چینی	1 کلو		4	رنگ	حسبِ ضرورت

ترکیب: اچھی پکی ہوئی ناشپاتیاں لیں۔بطریق گاجران کا جوس حاصل کریں۔پھر چینی اور ست لیموں ڈال کر قوام تیار کریں۔محفوظ کرلیں۔

هوالشافی	شربتِ صدر	هوالکافی

1	گل گاؤزبان	33 گرام	8	بادیان	15 گرام
2	گاؤزبان	15 گرام	9	عناب	45 گرام
3	تخم کتان (السی)	15 گرام	10	پوست خشخاش	27 گرام
4	ابریشم	15 گرام	11	تخم خطمی	27 گرام
5	پرسیاؤشاں	15 گرام	12	سپستاں (لہسوڑیاں)	39 گرام
6	ملٹھی	15 گرام	13	بہی دانہ	12 گرام
7	اجوائن دیسی	15 گرام	14	چینی	900 گرام

ترکیب: سب کو 8 گنا پانی میں جوش دے کر جب تہائی رہ جائے تو مل چھان کر چینی ملا کر قوام تیار کریں۔

ترکیب استعمال و خوراک :25 گرام ہمراہ عرق گاؤزبان 50 گرام۔ صبح و شام خالی پیٹ سینے کے اکثر امراض مثلاً کھانسی، دائمی نزلہ، ضیق النفس اور سل ودِق کے لیے بے حد مفید ہے

هوالشافی	شربتِ سہانجنہ	هوالکافی

1	سہانجنہ کے پتوں کا جوس	1 لیٹر	3	ست لیموں	3 گرام
2	چینی	1 کلو	4	رنگ	حسبِ ضرورت

ترکیب: سہانجنہ کے پتوں کا جوس لے کر اس میں شہد اور چینی کا اضافہ کر کے ست لیموں ڈال کر قوام کریں۔ ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں محفوظ کرلیں۔

فوائد: یہ شربت بچوں کی ہڈیاں مضبوط کرنے کے علاوہ ان کی نشو ونما کرتا ہے. شیر خوار بچوں کو ایک ایک ٹی سپون دن میں دو بار دینا ان کی صحت کو برقرار رکھتا ہے۔ یہی شربت بڑی عمر کے لوگ پانچ ٹیبل سپون گلاس میں ڈال کر پانی کا اضافہ کر کے دن میں ایک بار پی لیں تو بہت سے ہیلتھ ٹانکس سے بچ سکتے ہیں۔

هوالشافی	شربتِ عناب	هوالکافی

1	عناب	250 گرام	3	پانی	ڈیڑھ کلو
2	چینی	1 کلو			

ترکیب: رات کو عناب کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح اچھی طرح مسل دیں اور پکائیں۔ جب پانی 1 کلو رہ جائے تو پن چھان لیں۔ پھر چینی ڈال کے پکائیں اور قوام پر لے آئیں۔ تیار ہے۔

استعمال و فوائد : **خوراک** بڑوں کے لیے : ایک تولہ صبح شام

ھوالشافی	شربتِ ٹماٹر	ھوالکافی

1	ٹماٹر کا رس	2لیٹر		3	چینی	4 کلوگرام
2	شہد	1 کلوگرام		4	سوڈیم بینزوویٹ	5 گرام

ترکیب : ٹماٹر کے رس میں شہد اور چینی ملا کر ہلکی آنچ پر پکائیں ۔پھر سوڈیم بینزوویٹ شامل کر کے ٹھنڈا کرلیں ۔بوتلوں میں بھر کر محفوظ کرلیں

فوائد: جگر کے فعل کو درست کرتا ہے ۔جسم کے منافذ کو کھول کر ان کے ذریعے ردی اور بیماریاں پیدا کرنے والے مادے خارج کرتا ہے ۔خون کی کمی میں مفید ہے ۔خون کی تیزابیت کو دور کرتا ہے ۔فولاد اور کیلشیم اور دیگر نمکیات کی کمی کو دور کرتا ہے ۔جسم کو طاقت دیتا ہے ۔معدہ اور انتڑیوں کو صاف کرتا ہے ۔جراثیموں کو ہلاک کر کے صاف اور عمدہ خون پیدا کرتا ہے ۔موٹاپا ،کمیء خون اور قبض میں مفید ہے ۔زیادہ شراب نوشی سے جسم میں جمع ہونے والے زہریلے مواد کا خارج کرنے میں لاثانی ہے ۔زیادہ خوراک کے کھانے اور کمیء ورزش کی وجہ سے جو ٹاکسن (زہریلے مواد) جسم میں جمع ہو جاتے ہیں ان کو دور کرنے کے لیے ازحد مفید ہے ۔دل کے امراض میں بھی بہت ہی مفید ہے ۔نسوں کو طاقت دیتا ہے ،بھوک بڑھاتا ہے ۔ہاضمہ ٹھیک کرتا ہے ۔مونہہ کے چھالوں کو مفید ہے ۔کمزور ،لاغر اور دودھ پیتے بچوں کی افزائش کے لیے بیحد مفید ہے ۔بچوں کی جسمانی نشوونما کے لیے نہایت مفید ہے ۔بچوں کو استعمال کرانے سے سوکھے کا روگ نہیں ہوتا ۔بچوں کے ہیضے میں بھی مفید ہے ۔

ھوالشافی	شربت کھانسی بخار	ھوالکافی

1	گلو سبز	250 گرام		5	پانی	3 کلو
2	برگ بانسہ	250 گرام		6	چینی	ڈیڑھ کلو
3	بیخ انجبار	250 گرام		7	رنگ سرخ خوردنی	حسب ضرورت
4	کیلشیم لکٹیٹ	12 گرام				

ترکیب : سیریل نمبر 1 تا 3 کا عرق ڈیڑھ کلو بطریق حاصل کریں اس عرق میں کیلشیم لکٹیٹ حل کر کے پانی میں چینی ملا کر قوام تیار کریں ۔جب قوام تیار ہونے کو ہو تو رنگ سرخ ملا کر شربت تیار کرلیں ۔ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں **خوراک** : 2 ٹیبل سپون صبح شام ہمراہ پانی یا شیر گاؤ **فوائد**: پھیپھڑے کے زخم کو دور کرتا ہے ہر قسم کے خون کو روکتا ہے اور پرانے بخاروں ،تپ دق ،کھانسی وغیرہ کے لیے ازحد مفید ہے

ھوالشافی	اکسیر دمہ و کھانسی	ھوالکافی

1	ملٹھی	50 گرام		4	نوشادر	6 گرام
2	سونف	؍		5	چینی	750 گرام
3	کشنیز	؍		6	سرخ رنگ خوردنی	حسب ضرورت

ترکیب: سیریل نمبر 1 تا 3 کا عرق ڈیڑھ کلو بطریق حاصل کریں ۔پھر چینی ملائیں اور چینی حل ہونے کے ساتھ ہی نوشادر بھی ملا دیں اور قوام کی تیاری کے دوران مناسب مقدار میں رنگ ملا دیں قوام تیار ہونے پر اتار لیں ۔ٹھنڈا کر کے بوتلوں میں بھرلیں ۔

ترکیب استعمال 2: ٹیبل سپون صبح شام ہمراہ دوگنا پانی ملاکر

فوائد: اعصابی کمزوری، دمہ، کھانسی، بلڈ پریشر، نیند کا نہ آنا وغیرہ

ھوالشافی	شربتِ مفرح الارواح	ھوالکافی

1	گل نیلوفر	5 تولہ		7	مغز بادام	3 تولہ
2	گل بنفشہ	5 تولہ		8	گل گوھل	1 تولہ
3	گل گاؤزبان	5 تولہ		9	عرق گلاب	1/2 کلو
4	آلو بخارا	5 تولہ		10	عرق بید مشک	1/2 کلو
5	صندل سفید	1 تولہ		11	مصری	2-1/2 کلو
6	مغز خیارین (کھیرا)	3 تولہ		12	پانی	3 کلو

ترکیب: سوائے مغزیات کے باقی ادویہ کورات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح نرم آگ پر جوش دیں۔ جب پانی نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر قوام بنالیں۔ پھر مغزیات کو گھوٹ کر عرقیات میں ملا کر پن لیں اور قوام میں شامل کر دیں۔ پھر پکائیں اور شربت کے قوام پر لا کر اُتار لیں۔ تیار ہے۔

فوائد: دافع حرارت، خفقان حار (گرمی کی وجہ سے دیل کا تیز دھڑکنا)، دل کو فرحت اور سرور دیتا ہے، طبیعت کو چُستو چالاک بناتا ہے۔ گھبراہٹ، بے قراری اور طیش کو تسکین دیتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔

ھوالشافی	شربتِ مقویٔ معدہ	ھوالکافی

1	سونف	3 تولہ		5	عرق سونف	ڈیڑھ پاؤ
2	اُفسنطین	3 تولہ		6	عرق بید مُشک	ڈیڑھ پاؤ
3	گاؤزبان	3 تولہ		7	عرق گاؤزبان	ڈیڑھ پاؤ
4	ابریشم	3 تولہ		8	مصری	3 پاؤ

ترکیب: خشک ادویات کورات کو ورقیات میں بھگو رکھیں۔ صبح نرم آگ پر پکائیں۔ جب نصف عرق رہ جائے تو مل چھان کر پن لیں اور مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: 3 تولہ عرق صبح اور 3 تولہ شام کو اور 10 تولہ عرق گاؤزبان کو 10 تولہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کی گھبراہٹ، پریشانی، وسواس، معدہ کی کمزوری، ضعفِ دماغ، مقوی معدہ، مقوی دماغ، مقوی قلب۔ ان سب امراض میں ازالہ کے لیے یہ شربت انتہائی مفید ہے۔

ھوالشافی	سکنجبین لیموں	ھوالکافی

1	آب لیموں	110 گرام		3	سرکہ خالص	110 گرام
2	عرق گلاب	110 گرام		4	چینی	750 گرام

ترکیب : سب کو ملا کر پکائیں۔قوام ہوجانے پر اُتار لیں۔

خوراک : 20 تا 40 گرام پانی میں حل کر کے پیئیں۔

فوائد:صفرا کی تسکین میں خاص طور پر مفید ہے۔صفراوی قے کو روکتی ہے۔ پیاس بجھاتی ہے اور متلی بند کرتی ہے۔

ھوالشافی	سکنجبین بزُوری مُعتدل	ھوالکافی

1	تخم کرفس	20 گرام		4	سرکہ خالص	20 گرام
2	تخم کاسنی	״		5	چینی	1 کلو
3	سونف	״		6	پانی	1500 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو نیم کوفتہ کر کے رات کو سرکہ اور پانی میں بھگو دیں صبح 1 کلو چینی ملا کر پکائیں۔قوام ہوجانے پر اُتار لیں۔

خوراک: 20 تا 40 گرام صبح کو عرق گاؤزبان 120 گرام میں ملا کر پیئیں

فوائد: پیشاب کھول کر لاتی ہے اور جگر و طحال کے فضلوں کو خارج کرتی ہے۔ بخار میں بھی مفید ہے

ھوالشافی	سکنجبین نعناع	ھوالکافی

1	پودینہ خشک	20 گرام		3	چینی	500 گرام
2	آب لیموں	100 گرام		4	پانی	500 گرام

ترکیب: پودینہ کو پانی میں جوش دے کر چھان لیں پھر آب لیموں اور چینی ملا کر قوام کر لیں
قوام ہوجانے پر اُتار لیں۔

خوراک : 20 تا 40 گرام صبح کو عرق بادیان 120 گرام میں ملا کر پیئیں

فوائد : بھوک لگاتی ہے غذا کو ہضم کرتی ہے صفرا کی تیزی کو کم کرتی ہے نیز متلی و قے کو روکتی ہے۔

ھوالشافی — شربتِ بادام — ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	مغز بادام شیریں	120 گرام	5	تخم خرفہ سیاہ	30 گرام
2	مغز تخم خربوزہ	30 گرام	6	سہاگہ	12 گرام
3	مغز تخم خیارین	30 گرام	7	آب لیموں تازہ	120 گرام
4	دانہ الائچی سفید	30 گرام	8	چینی	2 کلو

ترکیب: آب لیموں کے علاوہ تمام ادویات کو 1 کلو پانی میں پیس کر شیرہ نکال لیں۔ پھر اس میں آب لیموں اور چینی ڈال کر شربت کا قوام بنالیں۔تیار ہے۔

استعمال:50 گرام شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد:موسمِ گرما میں یہ شربت بہت مفید ہے، پیاس روکتا ہے، گھبراہٹ و بے چینی میں مستعمل ہے

ھوالشافی — شربتِ روح افزاء — ھوالکافی

نمبر	دوا	مقدار	نمبر	دوا	مقدار
1	گل گاؤزبان	50 گرام	9	کشنیز خشک	25 گرام
2	ابریشم مقرض	50 گرام	10	برگ بادرنجبویہ	25 گرام
3	گل کیوڑہ	50 گرام	11	برادہ صندل سفید	25 گرام
4	گل نیلوفر	50 گرام	12	خس تازہ	25 گرام
5	گل سیوتی	25 گرام	13	الائچی سفید	25 گرام
6	گل گڑھل	25 گرام	14	روح بید مشک	25 گرام
7	عرق گلاب تازہ	15بوتل	15	روح کیوڑہ	35 گرام
8	رشنہ	35 گرام	16	چینی	22 کلو
8A	رس بھری رنگ	حسبِ ضرورت			

ترکیب:عرق گلاب میں 24 گھنٹے بھگو کر بطریق معروف 15 کلو عرق حاصل کریں۔پھر اس میں 22 کلو چینی شامل کر کے شربت پکائیں اور میل ہٹاتے جائیں۔ جب شربت کا قوام بن جائے تو چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔پھر روح بید مشک اور روح کیوڑہ ملا کر بوتلوں میں بھرلیں۔خوش رنگ بنانے کے لیے رنگ رس بھری بقدر مناسب ملالیں۔شربت تیار ہے۔

استعمال:20 تا 25 گرام شربت پانی میں حل کر کے برف ملا کر استعمال کریں۔

فوائد:تقویتِ قلب وگرمی اور وحشت کو زائل کرتا ہے۔روح کو فرحت بخشتا ہے۔جس کا موسمِ گرما میں استعمال گرمی کی ان تمام بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے جو عموماً حرارت کی حدِ اعتدال سے بڑھ جانے سے لاحق ہوتی ہیں۔

شربت جادُو اثر

سکرین عمدہ 5 رتی، روح کیوڑہ 2 اونس میں شامل کر کے محفوظ رکھیں۔۔۔۔بوقتِ ضرورت 8/10 قطرے پانی میں ڈال کر خوش ذائقہ کیوڑے کا شربت پی سکتے ہیں۔سفر میں چھوٹی سی شیشی جیب میں ڈالیں۔نہایت کارآمد چیز ہے۔

ھوالشافی	شربت روح افزاء خاص	ھوالکافی

1	تربوز کارس	250 گرام	3	روح کیوڑہ+روح گلاب	10/10 گرام
2	گڑھل کے پھولوں کارس	500 گرام	4	چینی	750 گرام

ترکیب: بطریق معروف شربت تیار کر کے روح کیوڑہ اور روح گلاب شامل کر دیں۔رنگت کے لیے رنگ سُرخ خورنی حسبِ ضرورت ملا لیں۔شربت تیار ہے۔

ھوالشافی	شربت روح افزاء (موسمِ گرما کا خاص تحفہ)	ھوالکافی

1	برادہ صندل دفید	25 گرام	7	عرق گاؤزبان	500 گرام
2	ابریشم خام مقرض	25 گرام	8	عرق بید مشک	500 گرام
3	گل بنفشہ	25 گرام	9	چینی	1 کلو
4	گل گاؤزبان	25 گرام	10	ورق چاندی	25عدد
5	دانہ الائچی خورد	15 گرام	11	روح گلاب	3 گرام
6	عرق گلاب عمدہ	500 گرام			

ترکیب: تمام ادویہ کورات کو عرقیات میں بھگو دیں۔صبح نرم آگ پر جوش دیں۔جب نصف عرق باقی رہ جائے تو اُتار کر مل کر صاف کر لیں۔بعد میں چینی شامل کر کے قوام تیار کر لیں۔آخر قوام میں ورق چاندی اور روح گلاب شام کر کے محفوظ کر لیں۔

نوٹ: دورانِ تیاری شربت قوام سے میل وغیرہ اتارتے جائیں۔نہایت شفاف،خوش رنگ اور خوبصورت شربت تیار ہوگا۔

خوراک: 30 گرام ہمراہ آب سرد،علی الصباح اور شام۔**فوائد**:نہایت عمدہ شے ہے۔گرمیوں کا لا جواب تحفہ ہے۔دل و دماغ کو فرحت بخشتا ہے،پیاس کو تسکین دیتا ہے۔خفقان حار،مالیخولیا وغیرہ کو زائل کرتا ہے۔

ھوالشافی	شربتِ صندل مُرکب	ھوالکافی

1	صندل سفید	1 تولہ	5	گاؤزبان	5 تولہ
2	گل سرخ تازہ	1 کلو	6	چینی	5 کلو
3	لاچی خورد	5 تولہ	7	پانی	5 کلو
4	خس	5 تولہ			

ترکیب: صندل سفید کو کسی کپڑے کی پوٹلی میں بند کر کے دیگر اجزاء کے ساتھ پانی میں رات کو بھگو دیں۔صبح مناسب ہلکی آگ پر پکائیں۔جب پانی نصف رہ جائے تو صندل کی پوٹلی کو نکال کر آئندہ دوبارہ استعمال کے لیے سنبھال لیں۔باقی کو پن چھان لیں۔پھر اس میں چینی ڈال کر پکائیں۔جب شربت کا قوام تیار ہو جائے تو اُتارنے سے تھوڑی دیر پہلے مناسب مقدار میں رنگ تھوڑے سے پانی میں حل کر کے ملا دیں اور تھوڑا پکانے کے بعد اُتار لیں **احتیاط**:اگر برادہ صندل کو زیادہ دیر تک جوش دیا جائے یا برادہ صندل کو مل چھان کر شربت تیار کیا جائے تو شربت کا ذائقہ کڑوا ہو جاتا ہے۔**فوائد**:دل کی گھبراہٹ وجگر و معدے کی گرمی کو زائل کرتا ہے۔گرمی کے دردِ سر کو آرام دیتا ہے

ھوالکافی	بے مثال گرم مصالہ	ھوالشافی

1	زیرہ سفید	1 کلو	8	دارچینی	250 گرام
2	کشنیز	1 کلو	9	فلفل دراز	50 گرام
3	سیندھا نمک	500 گرام	10	ہینگ	50 گرام
4	فلفل سیاہ	250 گرام	11	ہلدی	125 گرام
5	امچور	250 گرام	12	زنجبیل	125 گرام
6	الائچی کلاں	250 گرام	13	اجوائن	250 گرام
7	تیز پات	250 گرام			

ترکیب :ہلدی کو گھی میں بھون لیں۔ پھر ہینگ، زیرہ اور کشنیز کو بھی اسی طرح بھون لیں۔ اس کے بعد تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ پیس کر باہم ملا کر چھان لیں۔ دال کا مشہور مصالہ تیار ہے۔

ھوالکافی	آیورویدک دیسی چائے	ھوالشافی

1	برگ تلسی	24 گرام	7	زنجبیل	12 گرام
2	برہمی بوٹی	24 گرام	8	دارچینی	24 گرام
3	دانہ الائچی خورد	48 گرام	9	سونف	48 گرام
4	جائفل	12 گرام	10	بادیان خطائی	24 گرام
5	جلوتری	12 گرام	11	گورکھیان	100 گرام
6	خشخاش	12 گرام			

ترکیب : سب کو کوٹ کر ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال : ایک کلو پانی میں 12 گرام سفوف ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ اُبال آنے کے بعد چھان لیں۔ حسبِ ضرورت چینی اور دودھ ملا کر استعمال کریں.

فوائد : بھوک لگانے والی اور تھکاوٹ دور کرنے والی آیورویدک چائے نہایت ہی لاجواب ہے۔ جو ایک دفعہ پی لے گا ہمیشہ کے لیے اس کا شیدا ہو جائے گا۔ اس چائے کو بچہ، جوان، بوڑھا سبھی پی سکتے ہیں۔ اس کے پینے سے تھکاوٹ، سستی دور ہو کر طبیعت ہشاش بشاش ہو جاتی ہے۔ کام کرنے کی اُمنگ پیدا ہوتی ہے۔ نزلہ، زکام، کھانسی وغیرہ کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ بھوک خوب لگتی ہے۔ دل و دماغ کو فرحت دیتی ہے۔ امراضِ معدہ کو مفید ہے۔ جگر کے افعال کو درست کرتی ہے۔

ھوالشافی	کلونجی مصالہ	ھوالکافی

1	کلونجی	50 گرام	8	دارچینی	25 گرام
2	کشنیز	50 گرام	9	تیزپات	25 گرام
3	میتھی	50 گرام	10	زنجبیل	25 گرام
4	زیرہ سفید	50 گرام	11	امچور	25 گرام
5	زیرہ سیاہ	50 گرام	12	ہینگ (بریاں)	12 گرام
6	سیندھانمک	50 گرام	13	ہلدی	12 گرام
7	فلفل سیاہ	25 گرام			

ترکیب تیاری: ان سب کوایک ساتھ کوٹ کرسفوف بناکررکھ لیں۔

استعمال: اس میں سے تھوڑا سا مصالہ دال، سبزی، ساگ میں ملا دینے سے وہ خوش ذائقہ ہوجاتے ہیں۔

فوائد: ھانے کودل نہ کرنا، بدہضمی، پیٹ درد ہچکی، زیادہ ڈکار آنے اور چھوٹے بڑے پیٹ کے کیڑوں کے لیے بھی نافع ہے۔

ھوالشافی	لاجواب گرم مصالہ	ھوالکافی

1	کشنیز	1250 گرام	8	فلفل سیاہ	50 گرام
2	زنجبیل	100 گرام	9	تخم پالک	150 گرام
3	ہلدی	750 گرام	10	فلفل احمر	200 گرام
4	دارچینی	650 گرام	11	سردچینی	100 گرام
5	زیرہ سفید	350 گرام	12	فلفل دراز	50 گرام
6	جائفل	50 گرام	13	تیزپات	50 گرام
7	قرنفل	50 گرام			

ترکیب : تمام چیزوں کوکوٹ چھان کرسفوف بنالیں۔ تیار ہے۔

استعمال : سبزیوں اور گوشت کولذیذ بنانے کے لیے پکاتے وقت تھوڑی مقدار میں یہ مصالہ ڈالے سے نہایت ہی لذیذ سالن تیار ہوگا۔ جوشخص ایک دفعہ اس مصالہ کواستعمال کرے گاوہ بار بار اس کواستعمال کرے گا۔

ھوالشافی — لا جواب گرم مصالہ 2 — ھوالکافی

1	کشنیز	500 گرام	6	جائفل	50 گرام
2	فلفل سیاہ	250 گرام	7	ہلدی	25 گرام
3	الائچی کلاں	250 گرام	8	زیرہ سفید	50 گرام
4	سوئے	125 گرام	9	جلوتری	50 گرام
5	دارچینی	50 گرام	10	لونگ	50 گرام

ترکیب: تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ تیار ہے۔

استعمال: دال، سبزیوں اور گوشت کو لذیذ بنانے کے لیے پکاتے وقت تھوڑی مقدار میں یہ مصالہ ڈالے سے نہایت ہی لذیذ سالن تیار ہو گا۔ جو شخص ایک دفعہ اس مصالہ کو استعمال کرے گا وہ بار بار اس کو استعمال کرے گا۔

ھوالشافی — لذیذ چٹنی / گرم مصالہ — ھوالکافی

1	زنجبیل	100 گرام	6	ہیرا ہینگ (بریاں گھی میں)	10 گرام
2	کشنیز	100 گرام	7	کالا نمک (گھی میں بریاں)	10 گرام
3	کپور کچری (نرکچور)	250 گرام	8	سینندھا نمک	50 گرام
4	امچور	150 گرام	9	تخم الائچی کلاں	10 گرام
5	زیرہ سفید	100 گرام	10	فلفل سیاہ	50 گرام

ترکیب: تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر 50 گرام گھی میں بھون لیں۔ تیار ہے۔

استعمال و فوائد: 1۔ بدہضمی ومعدہ کی جملہ خرابیوں کے لیے بطور چورن استعمال کریں۔ 2۔ دال سبزی یا ترکاری میں ملانے سے لذیذ مصالہ بن جائے گا۔ 3۔ چینی، پانی اور یہ چورن ملا کر بطور چٹنی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ھوالشافی — رائی کا مصالہ — ھوالکافی

1	رائی	350 گرام	4	نمک	75 گرام
2	بیسن	350 گرام	5	ہلدی	حسب ضرورت
3	لال مرچ	100 گرام			

ترکیب: تمام چیزوں کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنا لیں۔

استعمال: گوشت، انڈے، سبزیوں وغیرہ کو لذیذ بنانے کے لیے استعمال کریں۔

ھوالشافی — انتہائی خوش ذائقہ چائے کا مصالحہ — ھوالکافی

1	الائچی خورد	12 گرام	5	لونگ	6 گرام
2	فلفل سیاہ	6 گرام	6	دار چینی	12 گرام
3	سونف	12 گرام	7	زنجبیل پاوڈر	12 گرام
4	جائفل	1عدد	8	دانہ الائچی کلاں	6 گرام

ترکیب: تمام اجزاء کو بالکل ہلکی آنچ پر ہلکا سا بھون لیں۔(رنگ تبدیل نہیں کرنا)۔پھر سب کو پیس لیں تیار ہے۔

استعمال: بطریق 4 کپ چائے بنائیں۔آخری اُبال سے پہلے آدھی چمچی مصالحہ ڈال کر چائے کو ابال لیں۔

فائدہ: انتہائی خوش ذائقہ،دل ودماغ کو راحت محسوس ہو،مختلف دردوں میں فائدہ مند ہے۔اصلاح معدہ میں بھی مفید ہے۔سردی کے موسم میں بہت اعلیٰ ہے۔سردی سے بچاتی ہے

ھوالشافی — چٹنی صبح نو — ھوالکافی

1	دھنیا سبز	250 گرام	3	پودینہ تازہ	ایک گٹھی
2	پوکاں دیسی لہسن	250 گرام	4	زیرہ سفید	2بڑے چمچ

تیاری: سب کو پیس کر چٹنی بنالیں۔

استعمال: ایک چمچ صبح وشام

فوائد: دل کی کمزوری،بند نالیوں کو کھولنے کے لیے، ہائی بلڈ پریشر،کولیسٹرول لیول کو پورا ٹھیک کرتا ہے۔آزمودہ ہے

ھوالشافی — لہسن کی چٹنی — ھوالکافی

1	لہسن	50 گرام	4	امچور	4 گرام
2	خشک کٹا ہوا دھنیا	12 گرام	5	نمک مرچ	حسب ذائقہ
3	سرکہ	تھوڑا سا			

تیاری: لہسن کو چھیل کر اس میں کٹا ہوا دھنیا اور امچور نمک مرچ کے ساتھ ڈال کر اچھی طرح رگڑیں تھوڑا سا سرکہ بھی ڈال لیں اور مکس کر کے چٹنی تیار کریں۔

استعمال: ایک چمچ ہر کھانے کے ساتھ

فوائد: یہ چٹنی دل کی خرابی کے لیے نہایت مفید ہے۔

ھوالشافی — آم کا اچار (بحساب 1 کلو آم) — ھوالکافی

1	سونف	120 گرام	4	کلونجی	50 گرام
2	میتھرے	72 گرام	5	نمک مرچ	بقدر ذائقہ
3	تیل سرسوں	حسب ضرورت	6	ہلدی	

تیاری: نمک اور مرچ کو کوٹ لیں اور باقی اشیاء کے ساتھ ملادیں۔اس مصالحہ کو آموں میں بھر دیں اور 3/4 دن دھوپ میں رکھیں۔ پھران کوایک برتن میں ڈال دیں۔اباس میں خالص سرسوں کا تیل اس قدر ڈالیں کہ آم ڈوب جائیں۔پھر بحساب فی کلو آم 250 گرام نمک چھڑک دیں۔ہلدی بھی ڈال دیں اور ایک ہفتہ بعد استعمال کریں۔

ھوالشافی	ادرک کا اچار	ھوالکافی

1	ادرک	250 گرام	4	زیرہ سیاہ وسفید	12/12 گرام
2	اجوائن	12 گرام	5	رس لیموں	12 گرام
3	نمک	12 گرام	6	مرچ	12 گرام

ترکیب :ادرک کو چھیل کر کدوکش سے لچھے دار کر کے باقی تمام اشیاء ملادیں۔بلوری جار میں ڈال کر 15 دن تک بند رکھیں۔اس دوران ہر روز ایک بار ہلا دیا کریں۔

ھوالشافی	لیموں کا اچار	ھوالکافی

1	لیموں	2 کلو	3	مرچ سرخ	300 گرام
2	نمک	300 گرام	4		

ترکیب :2 کلو لیموں میں سے 1 کلو کا رس نکال لیں۔باقی 1 کلو میں لکڑی کے سوئے سے سوراخ کر کے برتن میں ڈال دیں برتن شیشے یا چینی کا ہو۔اسی میں رس بھی ڈال دیں ہر روز صبح کو ہلا دیا کریں اگر لیموں کے مزید رس کی ضرورت ہو تو مزید لیموں کاٹ کر نچوڑ لیں۔لکڑی کے چمچے سے نیچے کے لیموں اوپر لاتے رہیں تاکہ رس ہر لیموں پر اثر کر سکے 15 دن تک ایسے ہی کرتے رہیں۔لیموں جب کھانے کے قابل ہو جائیں۔تو نمک اور مرچ لیموں کے اوپر ڈال دیں۔

ھوالشافی	آم کا بے حد لذیز مربہ	ھوالکافی

1	آم	1 کلو	4	عرق لیموں	25 گرام
2	چینی	2 کلو	5	پھٹکڑی	3 گرام
3	زعفران	1 گرام	6	کیوڑہ	60 گرام

ترکیب :پہلے آم کو چھیل کر صاف کر لیں۔پھر چاقو کی نوک سے چھوٹے چھوٹے سوراخ کر لیں۔پھ قتلیاں کر لیں۔پھر چونے کے پانی میں بھگو دیں۔پھر پانی نتھار کر خالص پانی میں پھٹکڑی ڈال کر جوش دیں۔جب گل جائیں تو نکال کر تختہ پر ڈال دیں۔تاکہ خشک ہو جائیں۔پھر چینی کا شیرہ تیار کر کے اس میں قتلیاں،زعفران وغیرہ ڈال کر جوش دیں۔پھر ٹھنڈا کر کے استعمال میں لائیں بے حد لذیز ہو گا

ھوالشافی	مربہ گاجر (1)	ھوالکافی

1	گاجر	1 کلو	4	زعفران	1 گرام
2	چینی	2 کلو	5	کیوڑہ	60 گرام
3	عرق لیموں	60 گرام			

گاجر کو چھیل کر قتلیاں کرلیں۔ پھر چونا کے پانی میں بھگو کر نکال لیں اس کے بعد پھٹکڑی کے پانی میں جوش دیں۔ پھر صاف کر کے چینی کے شیرہ میں ڈال دیں۔ آخر میں زعفران، کیوڑہ اور عرق لیموں ڈال کر ایک جوش دیں اور اتار لیں۔

فوائد: یہ مربہ جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور دل کو قوی کرتا ہے۔

ھوالشافی	مربہ گاجر (2)	ھوالکافی

ترکیب : گاجروں کو چھیل کر 2 ٹکڑے کر کے اندر سے ہڈی نکال دیں۔ اب ان کو دودھ میں جوش دیں تا کہ نیم پختہ ہو جائیں اب دودھ سے نکال کر گھی میں بھون کر کپڑے سے صاف کرلیں تا کہ چکناہٹ دور ہو جائے۔ پھر چینی کی چاشنی تیار کر کے گاجروں کو اس میں ڈال دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر استعمال کریں۔

ھوالشافی	آملہ کا مربہ	ھوالکافی

1	آملہ بنارسی	5 کلو		3	ٹارٹری	1/2- 7 گرام
2	چینی	1/2 -7 کلو				

آملوں کو کانٹے سے گود لیں۔ پھر 2 دن تک چونہ کے پانی میں بھگو دیں۔ اس کے بعد اچھی طرح دھو کر دھیمی آگ پر معمولی سا اُبال لیں تا کہ آملے کچھ نرم ہو جائیں۔ اب چاشنی تیار کر کے اس میں آملے ڈال دیں۔ تھوڑی دیر میں آملے پانی چھوڑیں گے تب انہیں آگ پر ہی رہنے دیں پھر اُتار کر ٹھنڈا کرلیں اور شیشہ کے مرتبان میں ڈال دیں۔

ھوالشافی	آملہ کا مربہ	ھوالکافی

1	کشمیری سیب	5 کلو		2	چینی	1/2 -7 کلو

سیب چھیل کر گود لیں پھر آملوں کے طریقہ سے مربہ تیار کریں۔

(2)

ثابت اور موٹے بے داغ سیب لے کر اندر سے بیج نکالیں۔ پھر چاقو سے چھیل کر پانی میں جوش دیں۔ جب نیم پختہ ہو جائیں تو چاشنی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب پک کر درست ہو جائیں تو اُتار کر سرد کر کے استعمال میں لائیں۔

ھوالشافی	مربہ حنظل (تمہ)	ھوالکافی

1	حنظل	1500 گرام		3	چینی	3 کلو
2	چونہ آب نارسیدہ	1500 گرام				

ترکیب : چونا آب نارسیدہ کو 3 کلو پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو پانی نتھار کر اس پانی میں حنظل ڈال دیں۔ حنظل (تمہ) کو دو ٹکڑے کر کے اس کے بیج نکا دیں۔ 24 گھنٹے کے بعد پانی نکال دیں اور ایسا ہی دوسرا پانی ڈال دیں۔ چار پانی کے بعد کڑواہٹ دور ہو جائے گی۔ اب چینی کا گاڑھا قوام کر کے اس میں حنظل چھوڑ دیں۔ ایک جوش دیں اور اُتار کر سرد کر کے استعمال کریں۔

خوراک : 12 گرام ہمراہ عرق سونف

فوائد: حنظل کی کڑواہٹ ضرب المثل ہے۔ لیکن اس کے مربہ میں کسی قسم کی کڑواہٹ نہیں پائی جاتی اور فوائد برقرار رہتے ہیں۔ (جاری ہے)

نقرس، جوڑوں کا درد، قولنج، بواسیر بادی کے لیے اکسیر ہے۔ سردیوں میں کھائیں تو مندرجہ بالا فوائد کے علاوہ گرمیوں میں پھوڑے پھنسی اور خارش وغیرہ نہیں ہوتی۔

ھوالشافی	نو بہار چٹنی				ھوالکافی
1	کشمش	2-1/2 کلو	7	نمک	120 گرام
2	پیاز کترا	2-1/2 کلو	8	چینی	120 گرام
3	کترا گوبھی	2-1/2 کلو	9	پودینہ سبز پسا ہوا	50 گرام
4	انار دانہ	2-1/4 کلو	10	لونگ سفوف	20عدد
5	سفوف فلفل سیاہ	120 گرام	11	گرم مصالحہ پسا ہوا	120 گرام
6	کترا آم	250 گرام	12	سرکہ	2بوتل

ترکیب: تمام کو تام چینی کے برتن میں ڈال کر گرم کریں اور جب سرکہ اور تمام اجزاء یک جان ہو جائیں تو سرد کر کے بوتلوں میں بھر لیں

ھوالشافی	ٹماٹر کی چٹنی				ھوالکافی
1	گودہ ٹماٹر	4-1/2 کلو	7	دار چینی	18 گرام
2	پیاز کاکترا	350 گرام	8	سرکہ عمدہ	1250 گرام
3	لہسن کی تریاں	30 گرام	9	چینی	12 گرام
4	لونگ	12 گرام	10	نمک	275 گرام
5	گرم مصالحہ	12 گرام	11	سرخ مرچ	12 گرام
6	جلوتری	3 گرام			

ترکیب: ٹماٹر لے کر سب سے پہلے انہیں اچھی طرح دھو کر مل کر کپڑے یا گلٹ کی چھلنی کے ذریعہ سے چھان لیں۔ تام چینی کے برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھا دیں یا گرم پانی کے برتن میں رکھ کر اُبالیں۔ اس میں لہسن، پیاز اور گرم مصالحے کی پوٹلی بنا کر ڈال دیں۔ اب گودے کو سرکہ میں ڈال کر پکائیں پھر اس میں نمک ملا دیں۔ اور مصالحہ کی پوٹلی نکال لیں۔ اگر ٹماٹر کا گودہ اُبلنے پر تیسرا حصہ رہ جائے تو بہترین قسم کی چٹنی تیار ہوگی۔

ھوالشافی	آم کی چٹنی				ھوالکافی
1	آم کی پھانکیں	1 کلو	4	گرم مصالحہ	25 گرام
2	چینی	1 کلو	5	سرخ مرچ	3 گرام
3	نمک	60 گرام	6	سرکہ	250 گرام

ترکیب: صاف اور بے داغ آم لے کر چھوٹی چھوٹی پھانکیں کاٹ لیں۔ اب ان میں چینی اور نمک ڈال دیں اچھی طرح ہلا جلا کر آدھ گھنٹہ تک اسی حالت میں رہنے دیں۔ اس عرصہ میں پھانکیں اتنا پانی چھوڑ دیں گی کہ جس سے نمک اور چینی حل ہو جائیں۔ بعدہ اس مرکب کو آگ پر چڑھا کر مصالحہ کی تھیلی اسمیں لٹکا دیں۔ پانی خشک ہونے تک پکائیں۔ پھر پوٹلی نکال کر سرد ہونے پر استعمال میں لائیں۔

ھوالشافی	مختلف اجزاء کو شدھ کرنا (1)	ھوالکافی

گندھک : جتنی گندھک صاف کرنی ہو، لے کر باریک پیس لیں اور اس کو ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر گندھک کے برابر گھی ملا کر کڑاہی کو آگ پر رکھیں اور لوہے کی سلاخ چلاتے رہیں۔ جب گندھک بالکل گل کر گھی کی مانند ہو جائے تو فوراً دودھ ڈال دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر گندھک نکال کر گرم پانی سے خوب صاف کریں تا کہ گھی کی چکنائی دور ہو جائے۔ بس گندھک شدھ یعنی صاف ہو گئی ہے۔ اب اس کو ہر کام میں لا سکتے ہیں۔ مزید صفائی کے لیے یہی عمل تین یا سات مرتبہ بھی کر سکتے ہیں۔ مگر عام طور پر ایک ہی مرتبہ ایسا کرنے سے گندھک صاف ہو جاتی ہے۔

شنگرف: جس قدر شنگرف کو صاف کرنا مقصود ہو اس قدر لے کر اسی قدر آب لیموں لے کر کھرل کریں۔ تین چار گھنٹہ کھرل کرنے سے شنگرف صاف ہو جاتا ہے۔ بعد ازاں شنگرف کو پانی میں گھول دیں تا کہ لیموں کی ترشی دور ہو جائے جب شنگرف تہہ نشین ہو جائے تو پانی کو نتھار کر پھینک دیں۔

سہاگہ: آگ پر رکھ کر کھیل کرنے سے ہی سہاگہ صاف ہو جاتا ہے۔

بھلانوہ :پانی میں ڈوب جانے والے عمدہ بھلانوہ لے کر پختہ اینٹ کے چورہ کے ہمراہ خوب کوٹ لیں اور بعد ازاں گرم پانی سے صاف کر لیں۔ بھلانوہ صاف ہو جائے گا۔ واضح رہے کہ اینٹ کا سفوف بھلانوہ سے دوگنا وزن لینا چاہیے۔

تخم دھتورہ : خشک تخم دھتورہ کو چھل کر بارہ گھنٹے تک گائے کے بول میں بھگو رکھیں۔ اس طرح تخم دھتورہ صاف ہو جائے گا۔

کچلہ : عمدہ کچلہ کو گھی میں بھون لینے سے صاف ہو جاتا ہے۔

ھینگ : کسی لوہے کی کڑاہی میں قدرے گھی ڈال کر گرم کریں۔ اس میں ہینگ ڈال کر کسی چیز سے ہلاتے رہو۔ جب ہینگ سرخ ہو جائے تو اس کو نکال لیں۔ ہینگ صاف ہو گئی ہے اسی کو ہینگ بریاں کہتے ہیں۔

افیم :افیم خالص کو آب ادرک میں بارہ گھنٹہ یا چوبیس گھنٹہ کھرل کر کے خشک کر لیں۔ افیون صاف ہو جائے گی۔

نوشادر : جس قدر نوشادر صاف کرنا ہو باریک کر کے ایک ہانڈی میں ڈالیں۔ دوسری ہانڈی کے لب ملا کے ڈمرو جنتر کے طریق پر جوہر اڑا لیں بس نوشادر صاف ہو گیا ہے

کھپریا : جس قدر کھپریا صاف کرنا ہو اس کو لے کر ایک پوٹلی میں باندھیں اور ایک ہانڈی میں گائے کا بول بھر کر اس میں کھپریا کی پوٹلی لٹکا دیں۔ اور تین روز تک برابر آگ پر رکھیں۔ اس کو ڈولا جنتر کہتے ہیں۔ اس طرح سے کھپریا شدھ ہو جاتا ہے۔ کئی لوگ ایک ہی دن میں صاف کر لیتے ہیں۔

گیرو : گائے کے دودھ میں گھس لینے یا گائے کے گھی میں بھون لینے سے گیرو مٹی شدھ ہو جاتی ہے۔

ھڑتال ورقیہ :ہڑتال ورقیہ کو چھل کر ورقوں کو علیحدہ علیحدہ کر لیں اور کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کر اول تیل میں ایک روز دوسرے روز چونے کے پانی میں اور تیسرے روز پیٹھہ کے پانی میں بطور ڈولا جنتر جوش دینے سے ورقیہ ہڑتال صاف ہو جاتی ہے۔

گئودنتی : گئودنتی ہڑتال کو 6 گھنٹہ تک گائے کے بول میں جوش دیں اس طرح سے گئودنتی صاف ہو جائے گی۔

پھٹکڑی :پھٹکڑی کو آگ پر رکھ کر کھیل کرنا ہی اس کو صاف کرنا ہے۔

نیلا تھوتھا :نیلا تھوتھا کو لیموں کے پانی میں تین گھنٹہ تک کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں۔ اس ٹکیہ کو اوپلوں کی آگ پر رکھ کر سفید کر لیں۔ بس نیلا تھوتھا صاف ہو گیا ہے

ھوالشافی | **مختلف اجزاء کو شدھ کرنا (2)** | ھوالکافی

جمال گوٹا : جمال گوٹا کا مغز نکال کر گائے کے بول و گوبر میں پوٹلی باندھ کر 6 گھنٹہ تک جوش دیں۔ پھر نکال کر پتہ علیحدہ کر دیں۔ پھر گائے کے دودھ میں 3 گھنٹہ تک جوش دیں۔ پھر لیموں کا رس ڈال کر برابر ایک دن کھرل کریں۔ اور کسی مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر لیپ کر دیں۔ دسورے روز اتار لیں۔ بس جمال گوٹا صاف ہو گیا ہے۔

مٹھا تیلیہ : مٹھا تیلیہ کو کچل کر کسی کپڑے کی پوٹلی میں بند کر لیں۔ ہانڈی میں گائے کا بول ڈال کر اس میں چھوڑ دیں۔ اگلے روز گائے کا بول نکال دیں اور تازہ ڈالیں۔ اسی طرح تین روز عمل کرنے سے مٹھا تیلیہ صاف ہو جاتا ہے۔ اب اس کو دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔

کوڑی، سنکھ، سیپ: ان تینوں چیزوں کو کانجی یا سرکہ میں ایک روز کے لیے بھگو دیں۔ پھر دو تین گھنٹہ تک جوش دیں اور تازہ پانی سے دھو کر کام میں لائیں۔

منسل: منسل کو کھرل میں ڈال کر آب ادرک ڈال کر 12 گھنٹے تک کھرل کریں۔ منسل صاف ہو جائے گا سونا، چاندی، تانبہ، جست، سیسہ، قلعی وغیرہ اشیاء کو صاف کرنا ہو تو ان کو تپا تپا کر یا گلا گلا کر اول تیل سرسوں میں 3 مرتبہ ڈبوئیں۔ بعد ازاں دہی کی چھاچھ میں اور اس کے بعد گائے کے بول میں 3 مرتبہ ڈبوئیں۔ ہر ایک دھات اس طریقہ سے شدھ ہو جاتی ہے۔

گج پٹ: ہوا سے محفوظ جگہ پر ایک گز یعنی ایک ہاتھ لمبا چوڑا اور ڈیڑھ ہاتھ گہرا گڑھا کھودیں۔ اس کا نصف حصہ اوپلوں سے بھر کر اپنی دوائی کا سمپٹ رکھ کر اوپر اوپلے بھر کر آگ دے دیں۔ بس یہی گج پٹ ہے۔

بابچی: بابچی لے کر ادرک کے پانی میں ایک ہفتہ تک بھگوئے رکھیں۔ اس کے بعد خشک کر لیں۔

چند معدنی دوائوں کی ماهیت

نام دوا	ماهیت	نام دوا	ماهیت
دار چکنا	سیماب اور سم الفار کا مرکب ہے	مردار سنگ	سیسہ کو گرم کر کے بنایا جاتا ہے
رسکپور	سیماب، گل ارمنی، پھٹکڑی، نمک لاہوری، کبریت سے مرکب ہے	اسرب (سیسہ)	گندھک کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے حرارت کے ذریعے گندھک سے الگ کر لیا جاتا ہے۔
سیماب	شنگرف سے حاصل کیا جاتا ہے۔	جست	گندھک اور کوئلے سے حاصل کیا جاتا ہے۔
سم الفار	فولاد، کبریت سے دستیاب ہوتا ہے۔	پیتل	تانبا سرخ (10kg)، جست (1kg) کی آمیزش سے بنتا ہے۔
شنگرف	سیماب، کبریت، ہڑتال ورقی کا مرکب ہے۔	نقرہ	سیماب 10 حصہ، گندھک 1 حصہ سے مرکب ہے
کبریت	اسرب، جست، فولاد، تانبا سے حاصل ہوتا ہے۔	قلعی	سیماب اور گندھک کا مرکب ہے
توتیا	گندھک اور تانبا کا / تانبا اور پھٹکڑی / تیزاب گندھک اور تانبا کا مرکب۔	کشتہ مثلث	جست، قلعی، سیسہ، پوست خشخاش، روغن گاؤ، ترش دہی کا مرکب ہے۔
سنگ بصری	اسرب اور تانبا کو جدا کرتے وقت بھٹی کے دھوئیں کے جم جانے سے بنتا ہے	کشتہ مرگانگ	قلعی، سیماب، گندھک، نوشادر کا مرکب ہے

دھات کو مصفی کرنے کا طریقہ

نقرہ/قلعی	گرم کر کے 21 مرتبہ آب گندنا میں عمل اطفاء سے مصفی ہو جاتا ہے۔
تانبا	گرم کر کے 7 مرتبہ روغن کتاں / ترش دہی / بول گاؤ میں عمل اطفاء سے مصفی ہوتا ہے۔
جست	گرم کر کے 21 مرتبہ عرق کیلا / عرق پیاز سفید میں عمل اطفاء سے مصفی ہوتا ہے۔
اسرب / سیسہ	گرم کر کے 21 مرتبہ شیرہ کھجور / شیرہ برگ تمر ہندی میں عمل اطفاء سے مصفی ہوتا ہے۔

درج ذیل اصطلاحات بھی یاد رکھنے کے قابل ہیں

کجلی	پارہ کو گندھک میں ملا کر جب کھرل کیا جاتا ہے تو اس کو کجلی یا کاجل کہتے ہیں۔
کپڑوٹی / کپڑمٹی	جن سکوروں یا ہانڈیوں میں کشتہ جات تیار کیے جاتے ہیں۔ ان کو پھوٹنے سے بچانے کے لیے گارے میں سان کر جو کپڑا چڑھایا جاتا ہے اس کو کپڑوٹی، کپڑمٹی یا گل حکمت کہتے ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ عمدہ چکنی مٹی یا ملتانی مٹی لے کر اسے گاڑھا سا گھول کر اس میں کپڑا تر کر کے شیشی، ہانڈی یا سکورے پر چڑھا دیں اور خشک ہونے پر دوسری تہہ چڑھائیں۔ اسی طرح تین، پانچ یا زیادہ سے زیادہ سات تہہ چڑھاتے ہیں۔
بھاونا	تازہ رس یا جوشاندے سے کسی دوائی کو کھرل کرنا یا تر کرنا بھاونا کہلاتا ہے۔
سوانگ سیتل	آگ یعنی پٹ کا خود بخود ٹھنڈا ہونا۔

طبّی معلومات

تشخیصی معلومات

طبی درجہ حرارت

37 ڈگری سینٹی گریڈ	برابر ہے	98.4 فارن ہائٹ

☆ طبعی رفتار نبض ☆

نومولود بچہ	:	130-140 فی منٹ
عمر کے پہلے سال میں	:	115-130 فی منٹ
عمر کے دوسرے سال میں	:	100-115 فی منٹ
عمر کے تیسرے سال میں	:	95-100 فی منٹ

8 تا 14 سال میں	:	اوسطاً 84 فی منٹ
بالغ آدمی میں	:	اوسطاً 72 فی منٹ
عمر رسیدہ میں	:	اوسطاً 76 فی منٹ

☆ درجہ حرارت (فارن ہائٹ) و نبض رفتار ☆

نبض کی رفتار	حرارت
60	98
70	99
80	100
90	101
100	102

نبض کی رفتار	حرارت
110	103
120	104
130	105
140	106

﴿نبض کی ہر اکائی کے ساتھ نبض کی رفتار میں تقریباً 10 ٹھوکروں/ضربوں کا اضافہ ہوتا ہے﴾

☆ طبعی رفتار تنفس ☆

عمر کے پہلے سال میں	:	تقریباً 35 فی منٹ
عمر کے دوسرے سال میں	:	تقریباً 25 فی منٹ
تندرست اور بالغ آدمی میں	:	تقریباً 18 فی منٹ

امتحان دموی (بلڈ ٹیسٹ) سے متعلق نہایت مختصر ضروری معلومت

☆ 1۔حمرۃ الدم (ہیموگلوبین) 12 تا 16 گرام فی 100 ملی لیٹر

☆ 2۔کریات حمرۃ (آر۔بی۔سی)

مردوں میں	:	48لاکھ تا 58لاکھ فی کیوبک ملی میٹر
عورتوں میں	:	44لاکھ تا 54لاکھ فی کیوبک ملی میٹر
بچوں میں	:	عورتوں سے تھوڑا کم

☆ 3۔کریات بیضا = (ڈبلیو۔بی۔سی) 5000 تا 10000 فی کیوبک ملی لیٹر

☆ 4۔ای۔ایس۔آر = (پہلے گھنٹے میں) 15 ایم،ایم / (دوسرے گھنٹے میں) 115 ایم،ایم

☆ 5۔شکر دموی = (بہ حالت فاقہ) 65 تا 100 ملی گرام

☆ 6۔شحم مصلی = 40 تا 120 ملی گرام/فی 100 ملی لیٹر

☆ 7۔بلڈ یوریا = 15 تا 45 ملی گرام/فی 100 ملی لیٹر

☆ 8۔یورک ایسڈ = مردوں میں 2 تا 7 ملی گرام/فی 100 ملی لیٹر : عورتوں میں 1.5 تا 6 ملی گرام/فی 100 ملی لیٹر

☆ تجزیہ مادہ منویہ ☆

ایک مرتبہ کی مقدار	:	2 ملی لیٹر تا، ملی لیٹر
تعداد حونیات منویہ فی ملی لیٹر	:	15 کروڑ تا 20 کروڑ
محرک حونیات	:	75 فی صد

☆ کچھ عام امراض کی انفیکشن کے بعد امراض کے ظاہر ہونے کی مدت ☆

پیچش	Dysentery	:	1 تا 6 دن		کنور (ورم غدد تحت الاذن)	Mumps	:	14 تا 28 دن
چکن پاکس	Chicken pox	:	7 تا 21 دن		پولیو	Polio	:	3 تا 35 دن
ہیضہ	Cholera	:	1 تا 5 دن		کتے کاٹے کا جنون	Rabies	:	10 دن تا 2 سال
خناق	Diphtheria	:	2 تا 7 دن		ٹیٹنس	Tetanus	:	2 تا 25 دن
نملہ	Herpes Zoster	:	7 تا 21 دن		میعادی بخار	Typhoid fever	:	7 تا 14 دن
انفلوئنزہ	Influenza	:	1 تا 4 دن		کالی کھانسی	Whooping Cough	:	7 تا 14 دن
خسرہ	Measles	:	7 تا 14 دن		سرسام	Meningitis	:	2 تا 10 دن
طاعون	Plague	:	2 تا 6 دن					

☆کچھ مزید معلومات☆

☆ 1۔انسانی قلب ہر منٹ میں 5لیٹر خون شریانوں میں دھکیلتا ہے۔

☆ 2۔انسان کے جسم میں 206ہڈیاں ہوتی ہیں۔

☆ 32 ہڈیاں دونوں بازوؤں(Arms)میں

☆ 29 ہڈیاں کھوپڑی (Skull)میں

☆26 ہڈیاں شوکہ(Spine) میں

☆ 25ہڈیاں چھاتی(Chest)میں

☆ 4 ہڈیاں دونوں ٹانگوں(Legs) میں

☆ 3۔انسان کے جسم میں 600 سے زائد عضلات ہوتے ہیں۔

☆طبعی ضغط الدّم (بلڈ پریشر) ☆

عمر	انبساطی ضغط الدّم		انقباضی ضغط الدّم	
سالوں میں	کم سے کم	زیادہ سے زیادہ	کم سے کم	یادہ سے زیادہ
19-15	105	120	73	81
24-20	108	132	75	83
29-25	109	133	76	84
34-30	110	134	77	85
39-35	111	135	78	86
44-40	112	137	79	87
49-45	115	139	80	88
54-50	116	142	81	89
59-55	118	144	82	90
64-60	121	147	83	91

عمومی امراض کا مختصر پرہیز و ہدایات

☆ ضعفِ دماغ ☆

☆ زیادہ سوچنا، غم وغصہ، دماغی کام کی کثرت اور دھوپ میں دیر تک رہنے، چلنے پھرنے سے پرہیز کریں۔

مفید غذائیں : مکھن، بالائی، بکری کا دودھ، بکری کا بھیجا، بادام، خشخاش، ناریل اور دوسرے تمام مغزیات، دھنیا، سونف، سیب، انڈا مرغی، ٹماٹر، جو، چاول، امرود، انگور وغیرہ

مضر غذائیں: ثقیل وبادی ورش اشیاء

☆امراض چشم ☆

☆ تیز روشنی سے پرہیز کروائیں۔آگ کے پاس نہ بیٹھنے دیں۔ہاتھ سے آنکھ کو بار بار ملنے سے پرہیز کرائیں۔

مفید غذائیں : پیاز، سونف، شلجم، گاجر، بادام، اخروٹ، کھچڑی، چپاتی، بکری کا شوربا، دودھ، مکھن، بالائی ہتوری، کدو، مونگ کی دال، انار وغیرہ۔

مضر غذائیں: تمام ترش، قابض اور گرم اشیاء، چائے، دودھ، دہی، تیل کی پکی ہوئی چیزیں لہسن، مچھلی، مسور کی دال سے پرہیز کرائیں۔

☆امراضِ قلب ☆

☆ زیادہ محنت، غم وفکر سے بچنا، ہروقت خوش رہنے کی کوشش کرنا

مفید غذائیں : جو، چھوٹی الائچی، بادام، پستہ، منقیٰ کشمش، آم، انگور، سنگترہ، گاجر، مالٹا، سیب، شہتوت، پالک، شلجم، خرفہ کا ساگ، دودھ، بالائی، مرغ اور بکری کے گوشت کا شوربا، چپاتی، مونگ اور ارہر کی دال۔

مضر غذائیں: گرم، بادی، ثقیل، تیز مرچ اور مرغن اشیاء، چائے، تمباکو نوشی اور شراب کی کثرت سے پرہیز کرائیں۔

☆امراضِ معدہ و امعاء ☆

☆ کھانا آہستہ آہستہ چبا کر کھائیں۔

مفید غذائیں : باجرہ، مسور، پالک، پیٹھا، خرفہ کا ساگ، ٹماٹر، شلجم، دہی میٹھا، گنا، انار شیریں، امرود، سونف، بڑی الائچی، کالی مرچ اور آدھا اُبلا انڈا۔

مضر غذائیں : ثقیل، بادی، گرم وتیز مصالہ کی چیزیں۔ترش وسخت سیب، کیلا، سخت ناشپاتی، برف، شراب کی کثرت اور چائے نوشی

☆امراضِ کبد ، مرارہ و طحال ☆

☆ زیادہ محنت مشقت، زیادہ دیر دھوپ میں رہنے اور مباشرت سے پرہیز کرائیں۔

مفید غذائیں : انجیر، پیٹھا، شلجم، مولی، دال مسور، جامن، ناشپاتی اور دوسرے پھل، بکری کا شوربا اور معمولی ترکاریاں، کدو، خرفہ، پالک، ٹینڈا، مونگ اور ارہر کی دال چپاتی کے ساتھ اور گیہوں کا دلیہ۔

مضر غذائیں: شراب، گرم اور مرغن غذائیں، گوشت، لال مرچ لہسن، انڈا اور چائے۔

☆سینہ و پھیپھڑوں کے امراض☆

☆ سردی تیز گرمی، دھواں، گرد و غبار سے بچنا چاہیے۔

مفید غذائیں: پالک، پیٹھا، جو، گائے اور بکری کا دودھ۔

مضر غذائیں: آلو بخارا، برف، ترش چھاچھ، لیموں، ثقیل، بادی اور ٹھنڈی غذائیں۔

☆امراض فسادِ خون☆

مفید غذائیں: انگور، بیر (تھوڑی مقدار میں)، شہتوت، شلجم، مولی، گھی، بیسنی روٹی بلا نمک گھی یا شہد سے، چاول اور عناب۔

مضر غذائیں: سُرخ مرچ اور تمام ترش اشیاء۔

☆ذیابیطس☆

☆ ہر قسم کی مٹھاس سے (سوائے سکرین کے) پرہیز کرائیں۔ غذائیں جو شکر اور نشاستہ دار اجزاء سے خالی ہوں مثلاً گوشت، پنیر، مکھن، روغن، گھی، بالائی اور انڈا، مغز بادام، مغز پستہ، مغز اخروٹ اور مغز کدو۔ ترکاریون میں کدو، کھیرا، ککڑی، گوبھی، کرم کلہ، ٹینڈا۔ پالک خرفہ، لال ساگ، سرسوں کا ساگ، میتھی، سویا، پیاز استعمال کرا سکتے ہیں۔

مضر غذائیں: آم، انگور، کشمش، منقی، سیب، امرود، ناشپاتی، آلوچہ، خوبانی، انجیر، شہتوت، کھجور۔

☆ہائی بلڈ پریشر☆

☆ نمک، گرم مصالہ، مرغن غذائیں، زیادہ غصہ و غم، تیز روشی اور شور و غل سے بچانا چاہیے۔ غذا کے ساتھ تھوڑی سی لہسن کی چٹنی کا استعمال کرائیں۔ کیونکہ لہسن خون کی چربی (کولسٹرول) کو گھلاتا ہے۔

☆بواسیر☆

☆ کسی سخت جگہ پر دیر تک بیٹھنا اور قبض کی شکایت نقصان دہ ہے۔ گرم، ثقیل، بادام، زیادہ مرچ مصالہ والی غذاؤں اور شراب نوشی، دھوپ میں چلنے پھرنے اور بوجھ اُٹھانے سے پرہیز کرائیں۔ مونگ کی دال چپاتی کے ساتھ، کھچڑی، خرفہ، ککڑی، کدو وغیرہ کھلائیں۔

☆پیچش☆

☆ زیادہ چائے، لال مرچ، گرم مصالہ، شراب اور ثقیل غذاؤں سے پرہیز کرائیں۔

☆جوڑوں کا درد☆

☆ خاص طور پر چاول، سرد، ترش اور ثقیل غذاؤں سے پرہیز کرائیں۔ مقام، ماؤف کو سردی سے بچانے کی ہدایت دیں۔

☆ضعفِ باہ☆

☆ خیالاتِ فاسدہ سے دماغ کو پاک صاف رکھنا بے حد مفید ہے۔ٹھنڈی چیزوں،شراب، چائے کے زیادہ استعمال ثقیل وترش اشیاء سے پرہیز کروائیں۔خشک میواجات ودودھ،گھی اور انڈوں کا استعمال زیادہ کرائیں۔

☆جریان، ذکاوتِ حِس و سرعتِ انزال☆

☆ خیالاتِ فاسدہ سے دماغ کو پاک صاف رکھنا بے حد مفید ہے۔قبض نہ ہونے دیں محرقات اور گرم اشیاء سے پرہیز کرائیں۔عادتِ قبیحہ کو ترک کرائیں۔

☆احتلام☆

☆ ذہن کو صاف ستھرا رکھنے، گندی سوسائٹی اور گندے لٹریچر سے بچنے کی ہدایت کریں۔رات کا کھانا بھوک سے کم اور سونے سے کم از کم دو گھنٹہ قبل کھانا مفید رہتا ہے۔ثقیل،بادی اور گرم اشیاء کا استعمال مضر ہے۔

☆پتھری☆

☆ کافی پانی پینے کی ہدایت دیں۔

مفید غذائیں : ناریل، جو یا کلتھی کا پانی، پھلوں کا رس اور کھیرا

مضر غذائیں : دودھ، دہی، کیلشیم والی غذائیں، مچھلی، بیل وبھینس کا گوشت، کلیجی، گردہ، سری پائے، لہسن، پیاز، ساگ، ٹماٹو، سٹرابیری، آلو بخارا، انڈہ، کاجو، چیکو، تیز چائے ثقیل اور بادی اشیاء۔

☆بے خوابی☆

مفید غذائیں : ہلکی اور زود ہضم غذا دیں اور سونے سے 4 گھنٹے پہلے کھلائیں۔دودھ، دہی، مکھن، ساکودانہ، شوربہ، یخنی، کدو، کھیرا، پالک خرفہ، ترئی، انگور، ناشپاتی، سنگترہ، تربوز، انار دانہ، سیب وغیرہ دیں۔

مضر غذائیں : ترش اور گرم چیزوں جیسے چائے، کافی، لال مرچ، گرم مصالہ، بینگن ہرکہ، اچار وغیرہ سے سخت پرہیز کروائیں۔ مچھلی، آلو، گوبھی جیسی بادی چیزیں بھی نہ کھلائیں۔جو کچھ کھلائیں بھوک سے کم کھلائیں۔

☆پرہیزی غذاءوں کی تفصیلی وضاحت☆

گرم اشیاء : مچھلی، انڈا، مرغی، گرم مصالہ لہسن، پیاز، شراب، تیز مرچ، خشک میوے۔

ثقیل و بادی اشیاء : آلو، اروی بینگن، گوبھی، بھنڈی، چنے، ماش کی دال، مٹر، بیل وبھینس کا گوشت، سری پائے، نہاری اور چاول۔

ترش اشیاء : لیموں، اچار، کھٹائی، زیادہ ترش پھل، زیادہ شیریں دہی۔

سرد اشیاء : دہی، ٹھنڈے مشروبات، ٹینڈا، توری، ہرا گھیا، پالک۔

بُو دار اشیاء : عطریات اور دیگر خوشبوئیں، اسپرٹ، تارپین کا تیل وغیرہ۔

چکنائی والی اشیاء : گھی، مکھن وغیرہ، (کارن آئل، گرانٹ آئل اس میں شامل نہیں)

چند معدنی دوائوں کی ماہیت

نام دوا	ماہیت	نام دوا	ماہیت
دار چکنا	سیماب اور سم الفار کا مرکب ہے	مردار سنگ	سیسہ کو گرم کر کے بنایا جاتا ہے
رسکپور	سیماب، گل ارمنی، پھٹکڑی، نمک لاہوری، کبریت سے مرکب ہے	اسرب (سیسہ)	گندھک کے ساتھ ملا ہوا ہوتا ہے حرارت کے ذریعے گندھک سے الگ کرلیا جاتا ہے۔
سیماب	شنگرف سے حاصل کیا جاتا ہے۔	جست	گندھک اور کوئلے سے حاصل کیا جاتا ہے۔
سم الفار	فولاد، کبریت سے دستیاب ہوتا ہے۔	پیتل	تانبا سرخ (10kg)، جست (1kg) کی آمیزش سے بنتا ہے۔
شنگرف	سیماب، کبریت، ہڑتال ورقی کا مرکب ہے۔	نقرہ	سیماب 10 حصہ، گندھک 1 حصہ سے مرکب ہے
کبریت	اسرب، جست، فولاد، تانبا سے حاصل ہوتا ہے۔	قلعی	سیماب اور گندھک کا مرکب ہے
توتیا	گندھک اور تانبا کا / تانبا اور پھٹکڑی/ تیزاب گندھک اور تانبا کا مرکب۔	کشتہ مثلث	جست، قلعی، سیسہ، پوست خشخاش، روغن گاؤ، ترش دہی کا مرکب ہے۔
سنگ بصری	اسرب اور تانبا کو جدا کرتے وقت بھٹی کے دھوئیں کے جم جانے سے بنتا ہے	کشتہ مرگانگ	قلعی، سیماب، گندھک، نوشادر کا مرکب ہے

دھات کو مصفی کرنے کا طریقہ

نقرہ/قلعی	گرم کر کے 21 مرتبہ آب گندنا میں عمل اطفاء سے مصفی ہوجاتا ہے۔
تانبا	گرم کر کے 7 مرتبہ روغنِ کتاں/ترش دہی/بول گاؤ میں عمل اطفاء سے مصفی ہوتا ہے۔
جست	گرم کر کے 21 مرتبہ عرق کیلا/عرق پیاز سفید میں عمل اطفاء سے مصفی ہوتا ہے۔
اسرب/سیسہ	گرم کر کے 21 مرتبہ شیرہ کھجور/شیرہ برگ تمر ہندی میں عمل اطفاء سے مصفی ہوتا ہے۔

درج ذیل اصطلاحات بھی یاد رکھنے کے قابل ہیں

کجلی	پارہ کو گندھک میں ملا کر جب کھرل کیا جاتا ہے تو اس کو کجلی یا کاجل کہتے ہیں۔
کپڑوٹی / کپڑ مٹی	جن سکوروں یا ہانڈیوں میں کشتہ جات تیار کیے جاتے ہیں۔ ان کو پھوٹنے سے بچانے کے لیے گارے میں سان کر جو کپڑا چڑھایا جاتا ہے اس کو کپڑوٹی، کپڑ مٹی یا گل حکمت کہتے ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ عمدہ چکنی مٹی یا ملتانی مٹی لے کر اسے گاڑھا سا گھول کر اس میں کپڑا تر کر کے شیشی، ہانڈی یا سکورے پر چڑھا دیں اور خشک ہونے پر دوسری تہہ چڑھائیں۔ اسی طرح تین، پانچ یا زیادہ سے زیادہ سات تہہ چڑھاتے ہیں۔
بھاونا	تازہ رس یا جوشاندے سے کسی دوائی کو کھرل کرنا یا تر کرنا بھاونا کہلاتا ہے۔
سوانگ سیتل	آگ یعنی پٹ کا خود بخود ٹھنڈا ہونا۔

هوالشافی | # سکرین کا گھولنا | هوالکافی

سکرین سادہ پانی میں مشکل سے گھلتی ہے۔لہذا اسے گھولنے کے لیے پانی میں کھار ملالیا جاتا ہے۔

مثال کے طور پر!!!

سکرین (550) 2 اونس،سوڈابائی کارب ایک اونس،ڈسٹلڈ واٹر (Distilled Water) 10 اونس

سوڈابائی کارب کوپانی میں ملا کرایک کونڈی میں رکھیں اوراس میں تھوڑی تھوڑی کر کے سکرین گھول لیں۔جب سب سکرین گھل جائے تو باریک کپڑے میں چھان کرا تناپانی ملادیں کہ کل ایک پونڈ گھول ہو جائے۔

امونیا کے فوائد

امونیا ایک بہت ہی سستی اور بے ضرر دوا ہے۔اگر پنڈلیاں اور پاؤں تھکان سے چور چور ہو رہے ہوں یاان میں خارش اور جلن پیدا ہوگئی ہوتو دوتین چمچ امونیا اور دوتین چمچ نمک گرم پانی میں ملا کر پاؤں دھونے سے فوراً آرام آجاتا ہے۔اگر 2 چمچ امونیا اور 2 چمچ بورک پاؤڈر گرم پانی میں ملا کرسر کے بال دھوئے جائیں توان کی میل کچیل اور خشکی دوراور نہایت نرم اور چمکدار ہو جائیں گے۔ گنٹھیا کے مریض اگر نہانے کے پانی میں امونیا ملا کرنہایا کریں تو بے حدفائدہ ہوتا ہے۔

اوزان اور پیمانے

دوا سازی ہو یا نسخہ بندی ہر حالت میں اوزان و پیمانے سمجھنا ضروری ہیں۔ قدیم و جدید اوزان پیمانے مختلف ہیں اوران توازن کو قائم رکھنے کے لیے متبادل اوزان و پیمانے کا تقابلی جائزہ ضروری ہے۔ درہم و دینار پھر من، سیر، چھٹانک اور گرین و گرام کا تقابلی جائزہ ذیل میں دیا جا رہا ہے۔ تاکہ اوزان کی تفریق نہ ہو سکے۔ مترادف رائج الوقت اوزان اور زمانہ قدیم کے اوزان کی معلومات ایک دوا ساز کے لیے ضروری امر ہے۔ اعشاری نظام اوزان نے علمی دنیا میں ایک نئے باب کا اضافہ کیا ہے۔ ذیل میں تقابلی گوشوارہ پیش ہے۔

قدیم طبی اوزان

اوقیہ یا اوکیہ	چالیس درم یا چار تولہ تین ماشہ دو رتی
ابریق	طبی وزن دو من
برنج	رائی کے چار دانے
بہلول	چھ ماشہ
حبہ	چار مثقال
جو	چار دانے رائی
دستار	ساڑھے چار ماشہ
سرمہ	دو اوقیہ
پیسہ	عالمگیری پیسہ بارہ مثقال
خردل	نصف چاول
درم	ایک تولہ یا پانچ ماشہ
دمڑی	ڈھائی ماشہ
سیر	بیس تولہ چار ماشہ
تمسوح	دو حبہ
کیلچہ	دو من
دامن	پونے چار رتی
رطل	بارہ اوقیہ
قسط	بیس اوقیہ
ماشہ	آٹھ رتی
قیراط	دو رتی

رطل	نصف سیر
قمچہ	نصف رتی
باقلا	نصف درم
ٹانک	چار ماشہ
خمصہ	تین درم
خرفہ	ڈیڑھ دانگ
خریق	بیس اوقیہ
بندقہ	ایک درم
خمسہ	سوا چار جو
خرنوب	ایک قیراط
دانگ	پونے چار رتی
روپیہ	گیارہ ماشہ چار رتی
شیرہ	چار چاول یا نصف رتی
قیراط	سوا چار چاول
مثقال	تین ماشہ دو رتی
دام	ساڑھے تین ماشہ
سرخ	ایک رتی یا تین جو
کف	چھ ماشہ
حبہ	ایک رتی

اوزان متروکہ

8 چاول	1 رتی	8 رتی	1 ماشہ
12 ماشہ	1 تولہ	5 تولہ	1 چھٹانک
2 چھٹانک	1/2 پاؤ	4 چھٹانک	1 پاؤ
8 چھٹانک	1/2 سیر	16 چھٹانک	1 سیر

طبی اوزان اور اعشاری اوزان

1 چاول	5.58 ملی گرام	1 رتی	1134.620 ملی گرام
1 ماشہ	1 گرام تقریباً	5 تولہ	58.319 گرام

گھریلو پیمانے

پیمانہ گھریلو	متوازن متروکہ پیمانے	مروجہ پیمانے
چائے کا چمچہ	1 فلوئڈ ڈرام	5 ملی لیٹر
کھانے کا چمچہ	2 فلوئڈ ڈرام	15 ملی لیٹر
شراب کا گلاس	4 فلوئڈ ڈرام	60 ملی لیٹر
چائے کی پیالی	8 فلوئڈ ڈرام	125 ملی لیٹر
ناشتہ کا پیالہ	10 فلوئڈ اونس	220 ملی لیٹر
پانی پینے کا گلاس	8 فلوئڈ اونس	280 ملی لیٹر

انگریزی اور اعشاری اوزان

1/600 گرین	501 ملی گرام	1/50 گرین	1.2 ملی گرام
1/550 گرین	5012 ملی گرام	1/30 گرین	1.3 ملی گرام
1/640 گرین	5015 ملی گرام	1/24 گرین	1.05 ملی گرام
1/200 گرین	0.5 ملی گرام	1/20 گرین	1.05 ملی گرام
1/160 گرین	0.5 ملی گرام	1/10 گرین	6 ملی گرام
1/220 گرین	0.6 ملی گرام	1/8 گرین	8 ملی گرام
1/100 گرین	0.8 ملی گرام	1/5 گرین	12 ملی گرام
1/80 گرین	0.7 ملی گرام	1/4 گرین	16 ملی گرام
1/60 گرین	0.2 ملی گرام	1/2 گرین	16 ملی گرام
1 اونس	325 گرین	16 اونس	1 پاؤنڈ
28 پاؤنڈ	1 کواٹر	4 کواٹر	1 ہنڈور

20 **ھنڈور** = 1 **من** 1 **سیر** = 532.154 **گرین** 1 **گیلن** 8 **پائنٹ**

معدنی ادویات کا تعارف

نمبر شمار	طبی/مشہور نام معہ مترادفات	انگریزی نام/معدنی نام	کیمیائی ترکیب	اُردو میں
1	آہک چونا	Lime Lime Stone	Calcium Carbonate	کیلشیم کاربونیٹ
2	ابرک (سفید/ سیاہ)	Mica Black White Biotite	Silicate of Alumina With Magnesia	سلیکیٹ آف الومینا ود میگنیشیا
3	عقیق	Agate	Silica Silicon Dioxide	سلیکا سلیکون ڈائی اوکسائیڈ
4	عقیق سُرخ	Red Agate	Silica	سلیکا
5	قلیمیا ذہبی/فضی (سونا مکھی/ روپا مکھی)	An Ore-Scum or Dross of Gold & Silver	Iron Sulphide	آئرن سلفائیڈ
	☆ اس کو مرمیکیا (ذہبی معہ ماکھی فضی، روپا مکھی) کہتے ہیں۔ اسکی دوسری شناخت چالکوپائرائیٹ مارکاسائٹس اور آئرن پائیرٹس ہے			
6	اسفیداج	A Compound of Zinc Oxide, Tin & Lead	اسکی شناخت سفیدا کی صورت میں ہوتی ہے یہ وائٹ لیڈ۔ لیڈ کاربونیٹ	------
7	بورہ ارمنی (گِل ارمنی)	American Bole Bole Armeniac Red Sole	Aluminium Silicate Silicate of Alumina	ایلومینیم سلیکیٹ سلیکیٹ الومینا
8	دارچکنہ	--------	Magnesia & Iron Oxide Per Chloride of Merecury	میگنیشیا اینڈ آئرن آکسائیڈ پر کلورائیڈ آف مرکری
9	دہنج	------	-------	-------
10	دخان منجمد	Soot	Carbon	کاربن
11	فولاد	Iron	-------	------
12	فیروزہ	Turquoise	Aluminium Phosphate (Anhydrous)	ایلومینیم فاسفیٹ
13	گئودنتی	Gypsum	Hydrated Calcium Sulphate	ہائیڈریٹ کیلشیم سلفیٹ
14	گیرو (طین رومی)	Red Ochre, Red Earth,Ruddele Bole Rubra	Silicate of Alomina and Orin Oxide	سلیکیٹ آف الومینا اینڈ آئرن
15	گِل اِرمنی	Clay Rom Daghistan (A Mountain Rigion)	-------	------
16	گِل مختوم (گِل ملتانی مٹی)	Marl Sealing Clay	Silicate of Alomina Orin Oxide	سلیکیٹ آف الومینا آئرن آکسائیڈ
17	حجرالیہود (سنگ یہود)	Fossil Encrinite Lapis Judaicus	Silicate of lime	سلیکیٹ آف لائم
18	ہڑتال طبقی (زرنیخ ترسیش) لال ہڑتال	Realgar Red Orpiment Red Arsenic	Arsenic (Mono Disulphide)	آرسینک (مونو ڈی سلفائیڈ)
19	ہڑتال ورقی (زرنیخ زرد)	Orpiment Yellow Orpiment	Arsenic Trisulphide	آرسینک ٹرائی سلفائیڈ
20	ہیراکسیس (زاج اصفر) (توتیا سبز)	Green Vitriol	Sulphates of Iron (Iron Sulphate)Ferrous Sulphate	سلفیٹ آف آئرن (آئرن سلفیٹ) فیرس سلفیٹ

نمبر شمار	طبی/مشہور نام معہ مترادفات	انگریزی نام/معدنی نام	کیمیائی ترکیب	اُردو میں
21	جست	Zink		
22	جوا کھار	Salt of Tarter Parl Ash Potash	Pottasium Carbonate (Impure)	پوٹاشیم کاربونیٹ (امپیور)
23	خبث الحدید (زنگ آہن)	Iron Rust Impurre Oxide of Iron Magnetite Magnetic Iron Oxide (Ferric/ Ferrous)	Iron Oxide (Ferric/ Ferrous Oxide)	آئرن آکسائڈ (فیرک/فیرس آکسائڈ)
24	گندھک (کبریت)	Sulphur		
25	لاجورد	Lazurite Lapis Laxuli		
26	ماميسا			
27	مرقشیشا	See the Indentification		
28	مومیائی	For Aqleemia Mineral Pitch Asphaltum Bitumen		
29	مردار سنگ	Messicot Liotharge	Monoxide Of Lead	مونوکسائڈ آف لیڈ
30	نمک ہندی (نمک طعام)	Indian Salt	Sodium Cloride	سوڈیم کلورائڈ
31	نمک سانبھر	Salt from Sambhar Lake		
32	نمک سنگ نمک لاہوری، نمک سفید	Rock Salt	Sodium Cloride	سوڈیم کلورائڈ
33	نمک شور (شورہ، قلمی شورہ)	Salt Petre Salt Marsh	Pottassium Nitrate (Pure)	پوٹاشیم نائٹریٹ پیور
345	نمک سیاہ	Black Salt Sanchal Salt	Sodium Sulphate Mixd with Sodium Cloride	سوڈیم سلفیٹ مکسڈ ود سوڈیم کلورائڈ
35	نمک طعام	Commen Salt Table Salt	Sodium Cloride	سوڈیم کلورائڈ
36	نحاس محرق	Copper (Burnt)		
37	نقرہ (چاندی، فضہ)	Silver Argentum		
38	نوشادر	Salt Ammoniac	Ammonium Chloride	امونیم کلورائڈ
39	پھٹکری (شب یمانی)	Alum		
40	قلعی	Tin Stanum		
41	رسکپور	Calomel	Subi Chloride Mercury	سوبی کلورائڈ مرکری
42	سفیدہ ارزیز		Tin Oxide	ٹن آکسائڈ
43	سفیدہ کاشغری	Flower of Zinc	Zinc Oxide	زنک آکسائڈ
44	سجی (سجی کھار)	Washing Soda Sal Soda Dhobi,s Earth	Sodium Carbonate (impure)	سوڈیم کاربونیٹ (امپیور)

نمبر شمار	طبی/مشہور نام معہ مترادفات	انگریزی نام/معدنی نام	کیمیائی ترکیب	اُردو میں
45	سم الفار (موگ موشا سنکھیا)	Arsenic	White Oxide Of ArSenic	وائیٹ آکسائڈ آف آرسینک
46	سنگ بصری	Calamine	Zinc Carbonate	زنک کاربونیٹ
47	سنگ جراحت	Soap Stone Talc Steatites	Hydrated Magnesium Silicate	ہائیڈریٹ میگنیشیم سیلیکیٹ
48	سیماب (پارہ)	Mercury		
49	سیندور	Minium Red Lead Vermilion	1-Red Oxide of Lead 2-Red Oxide of Mercury (Mercuric Oxide)	1۔ریڈ آکسائڈ آف لیڈ 2۔ریڈ آکسائڈ آف مرکری (مرکرک آکسائڈ)
50	شاذنج	Lentil Shaped Stone Nummulite		
51	شنگرف (ہنگولا)	Cinnabar	Compound of Mercury and Aulphur	کمپاؤنڈ آف مرکری اینڈ سلفر
52	سفال چینی	China Clay		
53	سیسہ (اسراب)	Lead Plumbum		
54	سرمہ سیاہ (کحل، کحل اصفہانی)	1 -Black Antimony Kermus Mineral 2- Lead (Galena) Led Ore	1- Antimony Sulphide 2- Led Sulphide	1۔اینٹی منی سلفائڈ 2۔لیڈ سلفائڈ
55	سہاگہ (تنکار)	Borax	Sodium Borate (Decahydrate)	سوڈیم ڈیکا ہائیڈریٹ
56	طلاعہ (ذہب، سونا)	Gold		
57	مس (توبال نحاس)	Blue Dust Copper	Copper Sulphate	کاپر سلفیٹ
58	توتیا سبز (کبود)	Fillings or Chips Blue Vitriol	Copper Sulphate	کاپر سلفیٹ
59	یاقوت (زرد)	Topaz	Silicate of Alumina	سلیکیٹ آف ایلومینا
60	یاقوت سرخ (لال)	Ruby Red Ruby Red Carborandum		
61	یشب سبز (کبود)	green Jasper		
62	زہر مہرہ (حجر السم، فساد زہر معدنی)	Bezoar Stone Mineral Stone Serpentine		
63	زنگار	Rust		
64	کف دریا، سمندر جھاگ (زبد البحر)	Foam of the Sea		
65	زمرد	Emerald		

ادرک	فلفل سیاہ
اسگندھ	کٹھ شیریں
افیون	اجوائن خراسانی
انار شیریں	انار ترش
چترہ	چرچٹہ کا کھار
تگر	کٹھ تلخ
انبرا	مان قند
مولسری	نیلا یا لال کنول
گل چنبیلی	لونگ
پوکھر مول	کٹھ تلخ
بابچی	تخم پنواڑ
رسونت	دار ہلدی
تالیس پتر	سورن تالیس
اسپغول	بہیدانہ
اناس	سیب
اسپہ ہلدی	بابچی
ارہر	مسور
اکھ (گنا)	نرسل
چاندی	روپا مکھی
روہی	باراہی قند
شہد	پرانا گڑ
کشتہ فولاد	معمولی کشتہ فولاد
اکاش بیل	شاہترہ یا تربد
اخروٹ	چرونجی یا چلغوزہ
روہی	باراہی قند
چرائتہ	افسنتین
دھانسہ	جوانسہ
موروا	مروڑ پھلی
لکھنا	کنڈیاری خورد
نیلے کنول	کمودنی
شیر مدار	برگ مدار کا رس
چوبہ	پیپلا مول
دار ہلدی	ہلدی
سورٹھ مٹی	پھٹکری

بھارنگی	بیخ کنڈیاری
نمک سیاہ	سیندھا نمک
امل بید	چوک ترش
واکھ	کمبھاری
کستوری	کنکول
صندل سفید	کافور یا صندل سرخ
اتیس	ناگرموتھا
ناگ کیسر	کنول کیسر
جیوک	بداری قند
مصری	عمدہ کھانڈ سفید
موتی	صدف مروارید
ہیرا	مونگا یا ویکرانت
اگر	دارچینی یا لونگ
انجیر	منقی یا چلغوزہ
اجوائن	کلونجی یا کالا زیرہ
کنڈیاری کلاں	کنڈیاری خورد
انگور	کشمش
گھی	ملائی یا مکھن
اجمود	اجوائن/اجوائن خراسانی
تج	دارچینی
ستیاناسی	کٹھ
مٹھا	دہی
دودھ	مونگ/مسور کا جوس
شیر بکری	شیر گائے
چوب چینی	عشبہ
تل	تخم السی
اونٹنی کا دودھ	گائے کا دودھ
ملٹھی	گل دھاوا
بادام روغن	روغنِ گاؤ/روغن کدو/روغن خشخاش
لیموں	انار ترش/چوک ترش
نکھ	لونگ کا پھول
کنکول	گل چنبیلی
لوبان	مصطگی رومی

ھوالشافی	مساوی اوزان کی ترکیب	ھوالکافی

☆حصہ اوّل☆

15 ملی گرام	=	ایک چاول	1 گرام	=	1 ماشہ یا 8 رتی
125 ملی گرام	=	1 رتی	12 گرام	=	1 تولہ
250 ملی گرام	=	2 رتی	25 گرام	=	2 تولہ

☆حصہ دوم☆

12 ملی لیٹر	=	1 تولہ (2 چائے کے چمچے)	250 ملی لیٹر	=	20 تولہ (چائے کے 2 کپ)
25 ملی لیٹر	=	2 تولہ (2 بڑے چائے کے چمچ)	550 ملی لیٹر	=	40 تولہ (چائے کے 4 کپ)
60 ملی لیٹر	=	5 تولہ (چائے کا آدھا کپ)	1000 ملی لیٹر	=	80 تولہ (چائے کے 8 کپ)
180 ملی لیٹر	=	15 تولہ (چائے کا 1-1/2 کپ)			

☆حصہ سوم☆

☆ بڑے (15 سال سے بڑے) مکمل ایک خوراک لیں۔

☆ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق دوا کی خوراک دیں۔

1 سال تک بڑوں کی خوراک کا	=	1/8 حصہ	6 سال تک بڑوں کی خوراک کا	=	1/3 حصہ
2 سال تک بڑوں کی خوراک کا	=	1/6 حصہ	9 سال تک بڑوں کی خوراک کا	=	1/2 حصہ
4 سال تک بڑوں کی خوراک کا	=	1/4 حصہ	12 سال تک بڑوں کی خوراک کا	=	3/4 حصہ

ھوالشافی | اکسیر ناسور | ھوالکافی

1	سنگ جراح	24 گرام	3	سیندھور	3 گرام
2	پھٹکڑی	24 گرام			

ترکیب : ہرسہ ادویہ کونہ گھسنے والے کھرل میں خوب کھرل کریں۔ جب اچھی طرح باریک ہوجائے تو اس کے بعد ایک آہنی توے پر ڈال کر آگ پر رکھیں۔ آگ کسی لکڑی کی ہونی چاہیئے۔ تھوڑی دیر بعد پھٹکڑی جل جائے گی۔ دس منٹ تک آگ بدستور دیں پھر اس مرکب کو الٹ دیں اور دس منٹ اور رہنے دیں۔ پھر توا اتار لیں۔ مرکب کو ٹھنڈا کر کے خوب باریک پیس لیں۔ یہ گہرا گلابی رنگ کا مرکب ہوگا

استعمال: ایک رتی نہار مونہہ ہمراہ مکھن 1 تولہ دیں۔

فائدہ : ناسور، پھوڑے، پھنسی، خنازیر کے لیے بیحد مفید ہے۔ خون کی خرابی خواہ کسی وجہ سے ہو رک جاتی ہے۔ سوزاک جیسی امراض دو ہفتہ میں ختم ہوجاتی ہے

منفعت خاص: ناسور میں یہ دوا بطور مرہم بھی استعمال ہوتی ہے۔ ایک تولہ یہ سفوف 2 تولہ مکھن 100 بار دھویا ہوا اس میں ملائیں۔ مرہم بن جائے گی۔ بطور مرہم استعمال کرائیں۔ اور 1 رتی صبح کھلائیں۔ خدا کے فضل و کرم سے ناسور والے مریض کو اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔

ھوالشافی | حب کینسر | ھوالکافی

1	رسکپور	6 گرام	5	گندھک آملہ سار	75 گرام
2	دارچکنا	6 گرام	6	باپچی	250 گرام
3	ہڑتال ورقیہ	12 گرام	7	اجوائن دیسی	250 گرام
4	پارہ	12 گرام	8	رائی سرخ	120 گرام

ترکیب :پہلے پارے کو مصفی کرلیں۔ پھر پارے اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پھر رسکپور، دارچکنا، ہڑتال ورقیہ باری باری ڈال کر خوب کھرل کریں۔ بہت زیادہ کھرل کریں۔ پھر باپچی اور اجوائن کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ آخر میں رائی ڈال کر کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال:ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی۔ کھانے کے بعد

فائدہ :خون کی تیزابیت، سوداء کی کثرت کی وجہ سے پھوڑے پھنسیوں، داد، چنبل، دھدر، اورام خبیثہ، کینسر وغیرہ خوفناک علامات کے لیے فوری اثر اور بے ضرر دوا ہے۔ اس نسخہ کا سفوف 1 تولہ کو 5 تولہ روغن زرد (گھی گائے) میں ملا کر مقام، ماؤف پر لیپ کرنا مفید ہے۔

ھوالشافی	جادو کی مرہم (پھنسی پھوڑے)	ھوالکافی

1	کڑو	12 گرام		4	مردہ سنگ	12 گرام
2	کمیلہ	12 گرام		5	نیلا تھوتھا	1 گرام
3	کالی زیری	12 گرام				

ترکیب: تمام کو میدہ کی طرح باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا سرسوں کا تیل ڈال کر کھرل کرتے جائیں اور شامل کرتے جائیں۔مرہم کی طرح ہو جائے تو سنبھال رکھیں۔**استعمال**:بوقتِ ضرورت صبورات پر لگائیں۔

فوائد:اس کی جادو اثری پر آپ بعد از تجربہ ہی قائل ہونگے۔یہ مرہم ان پھنسیوں کے لیے جادو کا اثر رکھتی ہے۔جو چھوت دار ہوں جو چھوٹی پھنسیاں ہاتھوں پر یا بچوں کے سر پر نکلا کرتی ہیں جن پھنسیوں سے پانی لگ لگ کر آگے بڑھتی رہتی ہیں اُن کے لیے یہ تیر بے خطا ہے

ھوالشافی	جادو کی مرہم (پھنسی پھوڑے)	ھوالکافی

1	تبت کریم	1 ڈبی		3	انجیکشن پینسلین (10لاکھ)	1عدد
2	سپیٹران گولیاں	1 پتہ				

ترکیب: سب کو کھرل میں ڈال کر اچھی طرح گھوٹ لیں۔بہترین جراثیم کش مرہم بن جائے گی۔بگڑے سے بگڑے زخموں اور جلدی امراض میں انتہائی مفید ہے۔**استعمال**:بوقتِ ضرورت صبورات پر لگائیں۔

فوائد: چہرے کے کیل مہاسے،سیاہی کے داغ،پھوڑا پھنسی ہر قسم اور زخموں کے لیے لاجواب ہے۔چہرے کی رنگت نکھارتی ہے

ھوالشافی	جراثیم کش پیسٹ (مالش کی دوا)	ھوالکافی

1	نیم کی کونپلیں	5 تولہ		3	تیل سرسوں	7 تولہ
2	لنگ کیکر	ڈھائی تولہ				

ترکیب: نمبر 1 اور 2 کو کوٹ کر ٹکی بنا لیں پھر تیل میں ڈال کر ہلکی آنچ پر جلا لیں۔اس کے بعد سب کو کھرل میں ڈال کر ٹکی کو اچھی طرح گھوٹ لیں۔مرہم بن جائے گی۔

استعمال:زخموں اور دیگر حصہء جسم پر مالش کریں۔

ھوالشافی	کالی مرہم	ھوالکافی

1	روغن سرشف	120 گرام		3	نیلا تھوتھا	1 گرام
2	سنیدھور	50 گرام		4	برگ مدار کا سفوف	12 گرام

ترکیب: تیل میں سیندھور اور برگ مدار کا سفوف ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔جب قدرے گاڑھا ہو جائے تو نیلا تھوتھا پیس کر ملائیں اور نیچے اتار لیں۔

استعمال و فوائد:ز کپڑے پر حسبِ ضرورت لگا کر پھوڑے پر لگائیں۔ہر قسم کے پھوڑے،گندے زخموں،خنازیر اور ناسور کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	لاجواب مرہم	ھوالکافی

1	کتھ سفید	4 تولہ	3	سندھور	1 تولہ
2	کافور	2 تولہ			

ترکیب: تینوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر مکس کر لیں۔

استعمال و فائدہ: خشک زخموں پر مکھن میں ملا کر لگائیں۔ جبکہ ہرے زخم یا پھوڑے پھنسی پر خشک مرہم لگائیں۔ انتہائی زود اثر اور کارگر دوا ہے۔

ھوالشافی	مرہم پھوڑا پھنسی	ھوالکافی

1	سیندھور	50 گرام	3	ایلوا	10 گرام
2	نیلا تھوتھا	3 گرام	4	روغن سرشف	250 گرام

ترکیب: لوہے کی کڑاہی میں تیل کو گرم کریں۔ پھر باقی تینوں اجزاء پیس کر ملا دیں۔ پھر لوہے کی چھری سے ہلاتے رہیں۔ جب مرکب کا رنگ سیاہ ہو جائے تو اتار لیں۔

استعمال: ضرورت کے مطابق کپڑے پر لگا کر گرم کر کے مقام ماوف پر لگائیں۔

فائدہ: پرانے زخم، پھوڑے پھنسیوں کو فوراً آرام آجاتا ہے اس مرہم کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ زخم پر پلستر کی طرح چمٹ جاتا ہے

ھوالشافی	مرہم جست	ھوالکافی

1	زنک اوکسائیڈ	25 گرام	2	ویزلین سفید یا زرد	حسب ضرورت

ترکیب: دونوں کو ملا کر مرہم تیار کر لیں۔

استعمال و فوئد: جس زخم کو خشک کرنا ہو وہاں لگا دیں۔ زخم جلد مندمل ہو جائے گا۔ زخم و پیپ کو خشک کر کے جلد مندمل کر دیتا ہے۔ تازہ زخم کا خون بند ہو جاتا ہے۔ جلن اور درد دور ہو جاتی ہے۔ کٹی ہوئی انگلی کی ہڈی جڑ جاتی ہے۔ نازک جگہ کے زخم بلا تکلیف اچھے ہو جاتے ہیں۔ آشوب چشم میں سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ پھوڑوں اور پھنسیوں میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	مرہم گندھک	ھوالکافی

1	سبلائمنڈ سلفر (گندھک کے پھول)	50 گرین	2	ویزلین	1 اونس

ترکیب: دونوں کو خوب ملا لیں۔

فوئد: یہ مرہم قاتل جراثیم ہے اور تر خارش وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی — سینے پر مالش کا مرہم — ھوالکافی

نمبر	اجزاء	مقدار	نمبر	اجزاء	مقدار
1	کافور	6 اونس	5	یوکلپٹس آئل	8اونس
2	منتھول	8 اونس	6	روغن تارپین عمدہ	10 اونس
3	میتھل سلی سلیٹ	6 اونس	7	ویزلین سفید	16پونڈ
4	کچوپٹ آئل	10 اونس	8	پیرافین ہارڈ	ڈیڑھ پونڈ

ترکیب /استعمال و فوائد : ویزلین وپیرافین ہارڈ کو پگھلا کراور اتار کر باقی اشیاء ملادیں۔چوڑے مونہہ کی شیشیوں میں بھرلیں۔فوائد :یہ مرہم سردیوں میں دردسینہ اورنمونیہ وغیرہ میں مَل کراور سینک کرگرم روئی باندھ دی جاتی ہے۔روئی نہ بھی باندھیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔دیگر پھوڑے پھنسیوں میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی — آگ سے جلے ہوئے کی بہترین مرہم — ھوالکافی

نمبر	اجزاء	مقدار	نمبر	اجزاء	مقدار
1	ویزلین سفید	1پونڈ	4	پیپر منٹ آئل	3ماشہ
2	ہارڈ پیرافین	1اونس	5	کیمفر آئل	9ماشہ
3	بورک ایسڈ سفوف	4اونس			

ترکیب /استعمال و فوائد : موم اورویزلین کو نرم آگ پر پگھلا کر بورک ایسڈ شامل کرلیں۔آخر میں دونوں آئل ملا کر چوڑے مونہہ والی شیشیوں میں بھرلیں۔(نمبر 4 اور 5 دستیاب نہ ہوں تو چھوڑ دیں۔) فوائد :جلے ہوئے مقام پر لگانے کے تھوڑی دیر بعد ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔زخم جلدی بھر جاتا ہے۔زیادہ جگہ ہوتو ململ کے کپڑے پر لگا کر چپکا دیں۔بارہا کا آزمودہ ہے۔یہ مرہم عام پھوڑے پھنسیوں کے لیے بھی مفید ہے۔

مرہم کا ایک اور فارمولا

نمبر	اجزاء	مقدار	نمبر	اجزاء	مقدار
1	ویزلین سفید	4حصہ	3	سفوف بورک ایسڈ	1حصہ
2	ہارڈ پیرافین	آدھا حصہ	4	کیمفر (کافور)	بارھواں حصہ

ترکیب : پیرافین اور ویزلین کو نرم آگ پر پگھلائیں اور کافور بھی ڈال دیں۔اب برتن آگ سے اتار کر بورک ایسڈ ڈالیں اور جمنے تک ہلاتے رہیں۔بعدازاں چوڑے مونہہ کی شیشیوں میں بھرلیں۔

فوائد : جلے ہوئے مقام کے لیے بہترین مرہم ہے۔جلے ہوئے مقام پر ململ کے کپڑے پر لیپ کرکے چند بار لگانے سے آرام آجاتا ہے۔زخم ہوتو بھر آتا ہے اور پھوڑے پھنسیوں کے لیے بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	زِنک اوکسائیڈ مرہم	ھوالکافی

1	زنک اوکسائیڈ (باریک کپڑے سے چھنا ہوا)	150 گرام	2	پیرافین آئنٹمنٹ یا صرف ویزلین سفید	850 گرام

ترکیب : تھوڑی سی ویزلین سفید/پیرافین آئنٹمنٹ میں زنک اوکسائیڈ ملا کر خوب رگڑیں۔پھر باقی ویزلین سفید/پیرافین آئنٹمنٹ آہستہ آہستہ ملاتے اور رگڑتے جائیں۔

پیرافین آئنٹمنٹ :ہارڈ پیرافین (سخت موم) 30 حصہ،وائیٹ بیز ویکس (موم چھتہ) 20 حصہ۔مرہموں کا جزوِ اعظم ہے۔اسی بنیاد کے ذریعہ مرہم بنانے سے مرہم کی خوبیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ویسے عام طور پر ویزلین سے مرہم بنا لیتے ہیں۔موم میں یہ صفت ہے کہ وہ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔بیرونی آب و ہوا سے زخم کو محفوظ رکھتا ہے۔ویزلین کو نرم کرتا ہے۔

فائدہ: جلن دار پھنسیوں وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	بورک ایسڈ آئنٹمنٹ	ھوالکافی

1	بورک ایسڈ (باریک کپڑے سے چھنا ہوا)	5 حصے	2	پیرافین آئنٹمنٹ یا صرف ویزلین سفید	95 حصے

ترکیب : تھوڑی سی ویزلین/سفید پیرافین آئنٹمنٹ میں بورک ایسڈ ملا کر خوب رگڑیں۔پھر باقی ویزلین سفید/پیرافین آئنٹمنٹ آہستہ آہستہ ملاتے اور رگڑتے جائیں۔

فائدہ:زخم یا جلے ہوئے مقام کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	ایسڈ سلی سلیک آئنٹمنٹ	ھوالکافی

1	ایسڈ سلی سلاس (باریک کپڑے سے چھنا ہوا)	1 حصہ	2	پیرافین آئنٹمنٹ	49 حصے

ترکیب: دونوں کو باہم ملا لیں۔

فائدہ:مانع عفونت ہے۔جلدی امراض میں مفید ہے

ھوالشافی	روغنِ اسراری	ھوالکافی

1	روغن تارپین	12 گرام	5	گلیسرین	1 اونس
2	کافور	6 گرام	6	سپرٹ میتھیلیٹڈ	1 اونس
3	فینائل	12 گرام	7	مصبر	6 گرام
4	کاربالک ایسڈ	3 گرام			

ترکیب : سب کو باہم ملا کر رکھ لیں۔حل ہو جانے پر استعمال کریں۔ **استعمال**: روئی سے زخم پر لگائیں۔**فائدہ**:ہر قسم کے زخم کے لیے مجرب چیز ہے۔ناسور کے مونہہ پر رکھنے سے ہی چند یوم میں زخم درست ہونا شروع ہو جاتا ہے۔اعلیٰ درجہ کی چیز ہے۔

هوالشافی	حب کینسر	هوالکافی

1	رسکپور	6 گرام	5	گندھک آملہ سار	75 گرام
2	دارچکنا	6 گرام	6	باپچی	250 گرام
3	ہڑتال ورقیہ	12 گرام	7	اجوائن دیسی	250 گرام
4	پارہ	12 گرام	8	رائی سرخ	120 گرام

ترکیب: پہلے پارے کو مصفی کرلیں۔ پھر پارے اور گندھک کی کجلی بنائیں۔ پھر رسکپور، دارچکنا، ہڑتال ورقیہ باری باری ڈال کر خوب کھرل کریں۔ بہت زیادہ کھرل کریں۔ پھر باپچی اور اجوائن کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ آخر میں رائی ڈال کر کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی۔ کھانے کے بعد

فائدہ: خون کی تیزابیت، سوداء کی کثرت کی وجہ سے پھوڑے پھنسیوں، داد، چنبل، دھدر، اورام خبیثہ، کینسر وغیرہ خوفناک علامات کے لیے فوری اثر اور بے ضرر دوا ہے۔ اس نسخہ کا سفوف 1 تولہ کو 5 تولہ روغن زرد (گھی گائے) میں ملا کر مقام، ماؤف پر لیپ کرنا مفید ہے۔

هوالشافی	اکسیر ناسور	هوالکافی

1	سنگ جراح	24 گرام	3	سیندھور	3 گرام
2	پھٹکری	24 گرام	4		

ترکیب: ہر سہ ادویہ کو نہ گھسنے والے کھرل میں خوب کھرل کریں۔ جب اچھی طرح باریک ہو جائے تو اس کے بعد ایک آہنی توے پر ڈال کر آگ پر رکھیں۔ آگ کسی لکڑی کی ہونی چاہیئے۔ تھوڑی دیر بعد پھٹکری جل جائے گی۔ دس منٹ تک آگ بدستور دیں پھر اس مرکب کو الٹ دیں اور دس منٹ اور رہنے دیں۔ پھر توا اتار لیں۔ مرکب کو ٹھنڈا کر کے خوب باریک پیس لیں۔ یہ گہرا گلابی رنگ کا مرکب ہوگا۔

استعمال: ایک رتی نہار منہ ہمراہ مکھن 1 تولہ دیں۔

فائدہ: ناسور، پھوڑے، پھنسی، خنازیر کے لیے بیحد مفید ہے۔ خون کی خرابی خواہ کسی وجہ سے ہو رک جاتی ہے۔ سوزاک جیسی امراض دو ہفتہ میں ختم ہو جاتی ہے۔

منفعت خاص: ناسور میں یہ دوا بطور مرہم بھی استعمال ہوتی ہے۔ ایک تولہ یہ سفوف 2 تولہ مکھن 100 بار دھویا ہوا اس میں ملائیں۔ مرہم بن جائے گی۔ بطور مرہم استعمال کرائیں۔ اور 1 رتی صبح کھلائیں۔ خدا کے فضل و کرم سے ناسور والے مریض کو اس موذی مرض سے نجات ہوگی۔

ھوالشافی	جادو کی مرہم (پھنسی پھوڑے)	ھوالکافی

1	کوڈو	10 گرام		4	مردہ سنگ	10 گرام
2	کمیلہ	10 گرام		5	نیلا تھوتھا	10 گرام
3	کالی زیری	10 گرام				

ترکیب :تمام کو میدہ کی طرح باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا سرسوں کا تیل ڈال کر کھرل کرتے جائیں اور شامل کرتے جائیں۔مرہم کی طرح ہو جائے تو سنبھال رکھیں۔

استعمال و :فوائد بوقتِ ضرورت صبورات پر لگائیں۔اس کی جادو اثری پر آپ بعد از تجربہ ہی قائل ہونگے۔یہ مرہم اُن پھنسیوں کے لیے جادو کا اثر رکھتی ہے جو چھوت دار ہوں۔جو چھوٹی پھنسیاں ہاتھوں پر یا بچوں کے سر پر نکلا کرتی ہیں اور جن پھنسیوں سے پانی لگ لگ کر آگے بڑھتی رہتی ہیں اُن کے لیے یہ تیر بے خطا ہے۔

ھوالشافی	جراثیم کُش کریم	ھوالکافی

1	تبت کریم	1 ڈبی		3	انجکشن پینسلین (10 لاکھ)	2 عدد
2	سیپٹران گولیاں	1 پتہ				

ترکیب :سب کو کھرل میں ڈال کر اچھی طرح گھوٹ لیں۔بہترین جراثیم کش مرہم بن جائے گی۔بگڑے سے بگڑے زخموں اور جلدی امراض میں انتہائی مفید ہے۔

ھوالشافی	جراثیم کُش پیسٹ (مالش کی دوا)	ھوالکافی

1	نیم کی کونپلیں	5 تولہ		3	تیل سرسوں	7 تولہ
2	لنگ کیکر	ڈھائی تولہ				

ترکیب و استعمال : نمبر 1 اور 2 کو کوٹ کر ٹکی بنالیں پھر تیل میں ڈال کر ہلکی آنچ پر جلالیں۔اس کے بعد سب کو کھرل میں ڈال کر ٹکی کو اچھی طرح گھوٹ لیں۔مرہم بن جائے گی۔زخموں اور دیگر حصہ جسم پر مالش کریں۔

ھوالشافی	کالی مرہم	ھوالکافی

1	روغن سرشف	120 گرام		3	نیلا تھوتھا	1 گرام
2	سیندھور	50 گرام		4	برگ مدار کا سفوف	12 گرام

ترکیب و استعمال : تیل میں سیندھور اور برگ مدار کا سفوف ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔جب قدرے گاڑھا ہو جائے تو نیلا تھوتھا پیس کر ملائیں اور نیچے اتار لیں۔کپڑے پر حسبِ ضرورت لگا کر پھوڑے پر لگائیں۔

فوائد: ہر قسم کے پھوڑے، گندے زخموں، خنازیر اور ناسور کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	لاجواب مرہم	ھوالکافی

1	کتھ سفید	4 تولہ		3	سندھور	1 تولہ
2	کافور	2 تولہ				

ترکیب: تینوں کو علیحدہ علیحدہ پیس کر مکس کر لیں۔

استعمال: خشک زخموں پر مکھن میں ملا کر لگائیں۔جبکہ ہرے زخم یا پھوڑے پھنسی پر خشک مرہم لگائیں۔

فائدہ: نہائی زود اثر اور کارگر دوا ہے

ھوالشافی	مرہم پھوڑا پھنسی	ھوالکافی

1	سیندھور	50 گرام		3	ایلوا	10 گرام
2	نیلا تھوتھا	3 گرام			روغنِ سرشف	250 گرام

ترکیب: لوہے کی کڑاہی میں تیل کو گرم کریں۔پھر باقی تینوں اجزاء پیس کر ملا دیں۔پھر لوہے کی چھری سے ہلاتے رہیں۔جب مرکب کا رنگ سیاہ ہو جائے تو اتار لیں۔

استعمال: ضرورت کے مطابق کپڑے پر لگا کر گرم کر کے مقام ماوف پر لگائیں۔

فائدہ: پرانے زخم،پھوڑے پھنسیوں کو فوراً آرام آجاتا ہے اس مرہم کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ زخم پر پلستر کی طرح چمٹ جاتا ہے۔

ھوالشافی	مرہم جست	ھوالکافی

1	زنک اوکسائیڈ	25 گرام		2	ویزلین سفید یا زرد	حسبِ ضرورت

ترکیب: دونوں کو ملا کر مرہم تیار کر لیں۔

استعمال و فائدہ: جس زخم کو خشک کرنا ہو وہاں لگا دیں۔زخم جلد مندمل ہو جائے گا۔زخم و پیپ کو خشک کر کے جلد مندمل کر دیتا ہے۔تازہ زخم کا خون بند ہو جاتا ہے۔جلن اور درد دور ہو جاتی ہے۔کٹی ہوئی انگلی کی ہڈی جڑ جاتی ہے۔نازک جگہ کے زخم بلا تکلیف اچھے ہو جاتے ہیں۔آشوبِ چشم میں سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔پھوڑوں اور پھنسیوں میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	زنک اوکسائیڈ مرہم	ھوالکافی

1	زنک اوکسائیڈ (باریک کپڑے سے چھنا ہوا)	150 گرام		2	پیرافین آئنٹمنٹ یا ویزلین سفید	850 گرام

ترکیب: تھوڑی سی ویزلین سفید/ پیرافین آئنٹمنٹ میں زنک اوکسائیڈ ملا کر خوب رگڑیں۔پھر باقی ویزلین سفید/ پیرافین آئنٹمنٹ آہستہ آہستہ ملاتے اور رگڑتے جائیں۔

فائدہ: جلن دار پھنسیوں وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

پیرافین آئنٹمنٹ: ہارڈ پیرافین (سخت موم) 30 حصہ،وائیٹ بینز ویکس (موم چھتہ) 20 حصہ۔مرہموں کا جزوِ اعظم ہے۔اسی بنیاد کے ذریعے ہم بنانے سے مرہم کی خوبیوں میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ویسے عام طور پر ویزلین سے مرہم بنا لیتے ہیں۔موم میں یہ صفت ہے کہ وہ زخموں کو مندمل کرتا ہے۔بیرونی آب وہوا سے زخم کو محفوظ رکھتا ہے۔ویزلین کو نرم کرتا ہے۔

ھوالشافی	بورک ایسڈ آئنٹمنٹ	ھوالکافی

1	بورک ایسڈ (باریک کپڑے سے چھنا ہوا)	5 حصے		2	پیرافین آئنٹمنٹ یا صرف ویزلین سفید	95 حصے

ترکیب تھوڑی سی ویزلین/سفید پیرافین آئنٹمنٹ میں بورک ایسڈ ملا کر خوب رگڑیں۔پھر باقی ویزلین سفید/ پیرافین آئنٹمنٹ آہستہ آہستہ ملاتے اور رگڑتے جائیں۔ **فوائد:** زخم یا جلے ہوئے مقام کے لیے مفید ہے۔

ھوالشافی	ایسڈ سلی سلیک آئنٹمنٹ	ھوالکافی

1	ایسڈ سلی سلاس (باریک کپڑے سے چھنا ہوا)	1 حصہ		2	پیرافین آئنٹمنٹ	49 حصے

ترکیب :دونوں کو باہم ملا لیں۔ **فوائد:** مانع عفونت ہے۔جلدی امراض میں مفید ہے

ھوالشافی	مرھم گندھک	ھوالکافی

1	سبلائمنڈ سلفر (گندھک کے پھول)	50 گرین		2	ویزلین	1 اونس

ترکیب :دونوں کو باہم ملا لیں۔ **فوائد:** یہ مرہم قاتل جراثیم ہے اور تر خارش وغیرہ کے لیے بے حد مفید ہے۔

ھوالشافی	سینے پر مالش کا مرھم	ھوالکافی

1	کافور	6 اونس		5	یوکلپٹس آئل	8اونس
2	منتھول	8 اونس		6	روغن تارپین عمدہ	10 اونس
3	میتھل سلی سلیٹ	6 اونس		7	ویزلین سفید	16پونڈ
4	کجوپٹ آئل	10 اونس		8	پیرافین ہارڈ	ڈیڑھ پونڈ

ترکیب و فوائد : ویزلین و پیرافین ہارڈ کو پگھلا کر اور اتار کر باقی اشیاء ملا دیں۔چوڑے مونہہ کی شیشیوں میں بھر لیں۔یہ مرہم سردیوں میں درد سینہ اور نمونیہ وغیرہ میں مَل کر اور سینک کر گرم روئی باندھ دی جاتی ہے۔روئی نہ بھی باندھیں تو کوئی مضائقہ نہیں۔دیگر پھوڑے پھنسیوں میں بھی مفید ہے۔

ھوالشافی	بورک ایسڈ آئنٹمنٹ	ھوالکافی

1	ویزلین سفید	1پونڈ		4	پیپرمنٹ آئل	3ماشہ
2	ہارڈ پیرافین	1اونس		5	کیمفر آئل	9ماشہ
3	بورک ایسڈ سفوف	4اونس				

ترکیب و فوائد :موم اور ویزلین کو نرم آگ پر پگھلا کر بورک ایسڈ شامل کر لیں۔آخر میں دونوں آئل ملا کر چوڑے مونہہ والی شیشیوں میں بھر لیں۔(نمبر 4 اور 5 دستیاب نہ ہوں تو چھوڑ دیں۔) جلے ہوئے مقام پر لگانے کے تھوڑی دیر بعد ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔زخم جلدی بھر جاتا ہے۔زیادہ جگہ ہو تو ململ کے کپڑے پر لگا کر چپکا دیں۔بارہا کا آزمودہ ہے۔یہ مرہم عام پھوڑے پھنسیوں کے لیے بھی مفید ہے۔

ھوالکافی	مرہم کا ایک اور فارمولا	ھوالشافی

1	ویزلین سفید	4 حصہ	3	سفوف بورک ایسڈ	1 حصہ
2	ہارڈ پیرافین	آدھا حصہ	4	کیمفر (کافور)	بارہواں حصہ

ترکیب: پیرافین اور ویزلین کو نرم آگ پر پگھلائیں اور کافور بھی ڈال دیں۔اب برتن آگ سے اتار کر بورک ایسڈ ڈالیں اور جمنے تک ہلاتے رہیں۔بعدازاں چوڑے مونہہ کی شیشیوں میں بھرلیں۔

فائدہ: جلے ہوئے مقام کے لیے بہترین مرہم ہے۔جلے ہوئے مقام پر ململ کے کپڑے پر لیپ کر کے چند بار لگانے سے آرام آ جاتا ہے۔زخم ہو تو بھر آتا ہے اور پھوڑے پھنسیوں کے لیے بھی مفید ہے۔

ھوالکافی	ایک اور بہترین مرہم	ھوالشافی

1	روغن تارپین	12 گرام	5	گلیسرین	1 اونس
2	کافور	6 گرام	6	سپرٹ میتھیلیٹڈ	1 اونس
3	فینائل	12 گرام	7	مصبر	گرام
4	کاربالک ایسڈ	3 گرام			

ترکیب: سب کو باہم ملا کر رکھ لیں۔حل ہو جانے پر استعمال کریں **استعمال** : روئی سے زخم پر لگائیں۔

فائدہ: ہر قسم کے زخم کے لیے مجرب چیز ہے۔ ناسور کے مونہہ پر رکھنے سے ہی چند یوم میں زخم درست ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

ھوالکافی	آپریشن مرہم	ھوالشافی

1	مغز جمال گوٹا	50 گرام	3	کاربالک ایسڈ	30 گرام
2	سیندھور	50 گرام	4	روغنِ کنجد	100 گرام
			5	سنلائیٹ صابن	1 ٹکیہ

ترکیب: مغز جمال گوٹا کو باریک پیس کر لیٹی سی بنالیں۔پھر صابن کو باریک کتر کر خوب کوٹیں۔بعد میں دوسری ادویات ملا کر مرہم تیار کریں۔اسے کپڑے پر یا پلستر بیلا ڈونا پر لگا کر متاثرہ مقام پر لگائیں۔

فوائد: کینسر، پھوڑے، بریسٹ کینسر یعنی عورتوں میں چھاتی کا کینسر، پھوڑے پھنسیاں، گلٹیاں وغیرہ بن جاتی ہیں۔اس کے لیے اکسیر ہے۔دھدر، چنبل۔بگڑی ہوئی خارش جو کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتی ہو، ناسور، بھگندر وغیرہ اس کے استعمال سے مدتوں تک نہ پکنے والا پھوڑا بہت جلد پک جاتا ہے اور مرہم متواتر لگانے سے زخم مندمل ہو کر داغ بھی ختم ہو جاتا ہے۔

اس مرہم کو مردانہ کمزوری کے لیے بطور طلاء استعمال کیا جا سکتا ہے ۔بہترین رزلٹ دے گا